خاص نمبر
عمران سیریز
لاسٹ موومنٹ
مظہر کلیم ایم اے

چند باتیں

محترم قارئین۔ سلام مسنون۔ وادی مشکبار پر لکھا گیا ناول "لاسٹ موومنٹ" آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ وادی مشکبار کی تحریک آزادی کے لئے سرگرم سرفروش مجاہد تنظیمیں جس طرح وادی میں اپنے لہو کے چراغ جلا کر وادی کی آزادی کے لئے تحریک کو آگے بڑھا رہی ہیں اور جس طرح انہیں اپنے اس عظیم مقصد میں نئی سے نئی کامیابیاں حاصل ہو رہی ہیں اس نے کافرستانی حکومت اور اس کی غاصب فوجوں کی نیندیں حرام کر دی ہیں۔ مجاہد تنظیمیں جس انداز میں ایک دوسرے کے ساتھ رابطے قائم کر کے تحریک آزادی میں کامیابیاں حاصل کر رہی ہیں وہ ایک مخصوص نیٹ ورک کا نتیجہ ہے اور اس نیٹ ورک کا مرکز ایک ایسی مشین ہے جس میں تمام تنظیموں کے بارے میں تمام تر مواد موجود ہے اور جس کی مدد سے تمام تنظیموں کے درمیان خصوصی رابطے قائم ہیں لیکن یہ مخصوص مشین کافرستانی فوج کے ہاتھ لگ جاتی ہے اور یہ بات طے ہے کہ اگر اس مشین میں موجود مواد کافرستانی حکومت کے ہاتھ لگ جائے تو وادی مشکبار میں سرگرم تمام مجاہد تنظیمیں، ان کے سرکردہ افراد، ان کے مخصوص خفیہ اڈے، ان کے پلان سب کچھ کافرستان کے سامنے آ جائے گا اور اس کا نتیجہ لامحالہ یہی نکل سکتا ہے کہ تمام تنظیموں کو

انتہائی بے دردی سے کچل کر ختم کر دیا جائے اور آزادی کی تحریک طویل عرصے کے لئے دم توڑ جائے۔ اس لحاظ سے دیکھا جائے تو یہ مشین تحریک آزادی اور مجاہد تنظیموں کی بقاء کی حیثیت اختیار کر جاتی ہے جسے فوری طور پر حاصل کرنا زندگی اور موت کا مسئلہ بن جاتا ہے۔ ان حالات میں پاکیشیا سیکرٹ سروس اس مشین کی فوری واپسی کا بیڑہ اٹھاتی ہے اور پھر ایک ایسی جان لیوا، تیز رفتار اور جانکاہ جدوجہد کا آغاز ہو جاتا ہے جس کا ہر لمحہ محاورتاً نہیں بلکہ حقیقتاً قیامت کا لمحہ بن جاتا ہے۔ یہ ناول اس جدوجہد پر مبنی ہے اس لئے مجھے یقین ہے کہ یہ ناول ہر لحاظ سے آپ کے اعلیٰ معیار پر پورا اترے گا۔ البتہ ناول پڑھنے سے پہلے حسب دستور اپنے چند خطوط اور ان کے جواب بھی ملاحظہ کر لیجئے کیونکہ دلچسپی کے لحاظ سے یہ بھی کسی طرح کم نہیں ہیں۔

ملتان سے روبینہ پروین صاحبہ لکھتی ہیں۔ "مجھے آپ کے ناول بے حد پسند ہیں کیونکہ آپ اچھا سوچتے ہیں اور بہت اچھا لکھتے ہیں۔ میرے پسندیدہ کردار علی عمران اور صفدر ہیں۔ علی عمران کی تعلیم کا تو سب کو علم ہے لیکن صفدر کی تعلیم کے بارے میں آپ نے کبھی کچھ نہیں لکھا۔ اس بارے میں ضرور وضاحت کریں"۔

محترمہ روبینہ پروین صاحبہ۔ خط لکھنے اور ناول پسند کرنے کا بے حد شکریہ۔ جہاں تک صفدر کی تعلیم کا تعلق ہے تو اصل بات یہ ہے کہ عمران اپنی ڈگریوں کی گردان مسلسل اس لئے کرتا رہتا ہے تاکہ کسی دوسرے کے لئے اپنی ڈگریاں بتانے کی نوبت ہی نہ آئے۔ اس لئے صفدر تو کیا سیکرٹ سروس کے تمام ممبران مع بلیک زیرو کے کسی کو اپنی ڈگریاں بتانے کا موقع ہی نہیں ملتا۔ بہرحال یہ بات تو طے ہے کہ سیکرٹ سروس میں شمولیت کی بنیادی شرط ہی اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونا ہے۔ اس لئے آپ بے فکر رہیں صفدر بھی تعلیمی لحاظ سے کسی طرح کم نہیں ہوگا۔ امید ہے آپ آئندہ بھی خط لکھتی رہیں گی۔

جھول ضلع سانگھڑ سے محمد اختر صاحب لکھتے ہیں۔ "گذشتہ دس سالوں سے آپ کے ناول پڑھ رہا ہوں۔ اس سے آپ میری پسندیدگی کا اندازہ کر سکتے ہیں۔ سفلی دنیا میں زیالا کے کارندے عمران کا ذہن کنٹرول کر کے اس سے پاکیشیا کی اہم فائل حاصل کر لیتے ہیں تو کیا یہ لوگ سیکرٹ سروس کے ممبران کو یہ راز نہیں بتا سکتے کہ اصل ایکسٹو عمران ہے۔ امید ہے آپ ضرور اس کی وضاحت کریں گے۔

محترم محمد اختر صاحب۔ خط لکھنے اور ناول پسند کرنے کا بے حد شکریہ۔ جہاں تک ایکسٹو کا راز سیکرٹ سروس کے ممبران پر اوپن ہونے کی بات ہے تو عمران کے ذہن کو کنٹرول کر کے اس سے کوئی چیز حاصل کرنا اور بات ہے اور ذہن سے مخصوص راز حاصل کرنا دوسری بات ہوتی ہے۔ جو یقیناً اتنا آسان کام نہیں ہوتا اور اگر فرض کر لیں کہ ایسا ہو بھی جائے تو کیا سیکرٹ سروس کے ممبران کو اس بات پر یقین آ جائے گا جبکہ عمران ان کے سامنے چیف سے جھاڑیں بھی کھاتا رہتا ہے اور اس نے ایسا سیٹ اپ بنا رکھا ہے کہ سیکرٹ سروس کے اس قدر ذہین ممبرز بھی اصل راز تک نہیں پہنچ سکے۔ امید

ہے آپ آئندہ بھی خط لکھتے رہیں گے۔

رحیم یار خان سے عادل گلزار انصاری صاحب لکھتے ہیں۔ "آپ کے ناول بے حد پسند ہیں۔آپ کو معلوم ہے کہ نئی صدی میں کمپیوٹر نظام کو شدید خطرات لاحق ہیں اور تمام دنیا کے سائنسدان اس بارے میں تشویش میں مبتلا ہیں کیا عمران نے بھی اس خطرے سے نمٹنے کے لئے کوئی منصوبہ بنایا ہے یا نہیں۔امید ہے آپ ضرور جواب دیں گے"۔

محترم عادل گلزار انصاری صاحب۔خط لکھنے اور ناول پسند کرنے کا بے حد شکریہ۔ کمپیوٹر کی دنیا میں Y2K کے سلسلے میں خاصی پریشانی کا اظہار کیا جاتا رہا ہے۔اصل میں جب معاملات اندازوں پر قائم کر لئے جائیں تو پھر رائی کو بھی پہاڑ بنا کر پیش کیا جاتا ہے۔ایسا ہی خطرہ یہ بھی تھا جو دراصل رائی جتنا تھا لیکن اسے پہاڑ بنا کر پیش کر دیا گیا۔جہاں تک عمران کا تعلق ہے تو آپ جانتے ہیں کہ وہ تو پہاڑ کو بھی رائی بنانے کا گر جانتا ہے۔اس لئے یقیناً اس نے اس "پہاڑ" کو بھی "رائی" بنا لیا ہوگا۔امید ہے آپ آئندہ بھی خط لکھتے رہیں گے۔

اب اجازت دیجئے

والسلام

مظہر کلیم ایم اے

کافرستان کے دارالحکومت کے بین الاقوامی ایئرپورٹ پر تقریباً ہر وقت ہی بے پناہ گہما گہمی نظر آتی تھی کیونکہ اس بین الاقوامی ایئرپورٹ پر تقریباً دنیا کی تمام ایئر کمپنیوں کی پروازیں مسلسل آتی جاتی رہتی تھیں اور کم ہی کوئی ایسا وقت ہوتا تھا جب دو یا تین فلائٹس بیک وقت پرواز نہ کر رہی ہوں یا لینڈ نہ کر رہی ہوں۔ پبلک لاؤنج میں خاصا رش تھا اور مقامی افراد کے علاوہ غیر ملکیوں کی تعداد بھی خاصی تھی۔ ایک سائیڈ پر دیوار سے پشت لگائے ایک مقامی نوجوان کھڑا ہوا تھا۔اس کی تیز نظریں ایئرپورٹ کی اندرونی طرف سے باہر پبلک لاؤنج میں آنے والے مسافروں پر جمی ہوئی تھیں۔ اسے یہاں کھڑے تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ ہو گیا تھا لیکن اس کے چہرے پر کسی قسم کی تھکاوٹ کا کوئی احساس تک موجود نہ تھا۔

اچانک وہ ایئرپورٹ سے پبلک لاؤنج میں داخل ہونے والی ایک خوبصورت مقامی لڑکی کو دیکھ کر چونک پڑا۔ اس کی تیز نظریں لڑکی پر جمی ہوئی تھیں۔ اس کا انداز ایسا تھا جیسے وہ اسے پوری طرح پہچاننے کی کوشش کر رہا ہو۔ لڑکی اطمینان سے چلتی ہوئی آگے بڑھتی چلی گئی تو وہ نوجوان تیزی سے آگے بڑھا۔

"پلیز مس"...... نوجوان نے لڑکی کے قریب پہنچ کر کہا تو لڑکی بے اختیار ٹھٹھک کر رک گئی۔

"یس۔ کیا بات ہے"...... لڑکی نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"میرا نام آنند ہے اور مجھے ورما صاحب نے بھیجا ہے۔ آپ مس فوزیہ ہیں ناں"...... نوجوان نے کہا تو لڑکی کے ستے ہوئے چہرے پر یکلخت اطمینان کے تاثرات نمودار ہو گئے۔

"ہاں میرا نام فوزیہ ہے لیکن تم نے مجھے کیسے پہچان لیا اور تمہیں یہ کیسے معلوم ہوا کہ میں اس فلائٹ سے آ رہی ہوں"...... لڑکی نے کہا۔

"مجھے یہاں آئے ہوئے ڈیڑھ گھنٹہ ہو گیا ہے۔ خیال یہی تھا کہ آپ تقریباً اس دوران کافرستان پہنچیں گی اور آپ کا حلیہ مجھے بتا دیا گیا تھا"...... آنند نے جواب دیا تو لڑکی نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

"ٹھیک ہے۔ اب کہاں چلنا ہے"...... لڑکی نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"آیئے میرے ساتھ"...... آنند نے کہا اور تیزی سے اس طرف کو

بڑھنے لگا جدھر پرائیویٹ کاریں پارک کی جاتی تھیں۔ تھوڑی دیر بعد وہ ایک سیاہ رنگ کی بڑی سی کار کے قریب پہنچ گئے۔ آنند نے جیب سے چابیاں نکال کر سائیڈ دروازہ کھولا اور لڑکی کو اندر بیٹھنے کا اشارہ کیا۔ لڑکی سائیڈ سیٹ پر بیٹھ گئی تو آنند نے دروازہ بند کیا اور پھر گھوم کر دوسری طرف ڈرائیونگ سیٹ کی طرف آیا۔ یہ دروازہ بھی اس نے چابی کی مدد سے کھولا اور پھر خود ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ گیا۔ چند لمحوں بعد کار خاصی تیز رفتاری سے دارالحکومت کی سڑکوں پر دوڑنے لگی۔

"کیا تم بھی انٹیلی جنس سے متعلق ہو"...... فوزیہ نے آنند سے مخاطب ہو کر کہا۔

"یس مس"...... آنند نے مختصر سا جواب دیا۔ وہ شاید زیادہ بولنے کا عادی نہیں تھا اور فوزیہ نے بھی اسے دوبارہ مخاطب نہ کیا بلکہ باہر کے نظارے میں مصروف ہو گئی۔ تقریباً ایک گھنٹے کی ڈرائیونگ کے بعد کار ایک رہائشی کالونی میں داخل ہوئی اور پھر ایک بڑی سی کوٹھی کے جہازی سائز کے پھاٹک کے سامنے جا کر رک گئی۔ آنند نے ہاتھ بڑھا کر ڈیش بورڈ کھولا اور اندر سے ایک چھوٹا سا مائیک نکال لیا جس کی لچھے دار تار ڈیش بورڈ کے اندر جا رہی تھی۔ مائیک کے ساتھ لگا ہوا بٹن اس نے پریس کر دیا۔

"آنند بول رہا ہوں۔ مس فوزیہ ساتھ ہیں"...... آنند نے کہا اور بٹن آف کر کے اس نے مائیک واپس ڈیش بورڈ کے اندر رکھا اور پھر

ڈیش بورڈ بند کر دیا۔ چند لمحوں بعد جہازی سائز کا پھاٹک میکانکی اندا میں خود بخود کھلنے لگا۔ آنند نے کار آگے بڑھا دی اور پھر وسیع و عریض پورچ میں لے جا کر روک دی۔

"آئیے مس"...... آنند نے کار سے نیچے اترتے ہوئے کہا تو فوز بھی دوسری طرف کا دروازہ کھول کر نیچے اتر آئی۔ باہر برآمدے میں مشین گنوں سے مسلح چار افراد موجود تھے لیکن وہ اپنی جگہوں ساکت و صامت کھڑے تھے۔ آنند کے پیچھے چلتی ہوئی فوزیہ ایک راہداری سے گزر کر سیڑھیاں اترتی ہوئی نیچے تہہ خانے کے ایک بڑے سے آفس کے انداز میں سجے ہوئے کمرے میں پہنچ گئی۔

"آپ تشریف رکھیں۔ باس ابھی تشریف لا رہے ہیں"۔ آنند کہا اور فوزیہ سر ہلاتی ہوئی ایک کرسی پر بیٹھ گئی۔ وہ بڑے غور اس آفس کا جائزہ لے رہی تھی۔ آنند واپس چلا گیا تھا اور اس عقب میں دروازہ بند کر دیا تھا۔ تھوڑی دیر بعد اندرونی دروازہ کھ اور ایک ادھیڑ عمر، لمبے قد اور بھاری جسم کا آدمی اندر داخل ہوا فوزیہ مسکراتی ہوئی اٹھ کھڑی ہوئی۔

"خوش آمدید مس فوزیہ۔ تمہارا سفر تو بخیریت گزرا ہے"۔ آ والے نے جو ورما تھا، مسکراتے ہوئے کہا۔

"بالکل بخیریت سے گزرا ہے انکل"...... فوزیہ نے مسکرا ہوئے کہا اور پھر ورما جو کافرستان انٹیلی جنس کا چیف تھا میز دوسری طرف ریوالونگ چیئر پر بیٹھ گیا جبکہ فوزیہ دوسری جان

کرسی پر بیٹھ گئی۔

"فوزیہ ہمیں تمہاری ضرورت پیش آ گئی ہے اس لئے میں نے تمہیں کال کیا تھا اور مجھے خوشی ہے کہ تم میری کال پر سب کام چھوڑ کر گریٹ لینڈ سے یہاں پہنچ گئی ہو"...... ورما نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"آپ نے جس انداز میں ہدایات دی تھیں کہ میں طے شدہ فلائٹ نہ پکڑوں اور یہاں آنے کے بارے میں کسی کو کوئی اطلاع نہ دوں اس بات سے مجھے یقین ہو گیا تھا کہ کوئی انتہائی اہم معاملہ ہے اور جب وطن کا کوئی اہم معاملہ ہو انکل تو پھر دوسرے کاموں کی تو کوئی حیثیت ہی نہیں رہتی"...... فوزیہ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔ اسی لمحے بیرونی دروازہ کھلا اور آنند ہاتھ میں ٹرے اٹھائے اندر داخل ہوا۔ ٹرے میں مشروبات کے دو گلاس موجود تھے۔ اس نے بڑے مؤدبانہ انداز میں ایک گلاس فوزیہ کے سامنے اور دوسرا اس نے ورما کے سامنے رکھا اور پھر خاموشی سے واپس چلا گیا۔

"لو مشروب پیو"...... ورما نے کہا تو فوزیہ نے اثبات میں سر ہلاتے ہوئے گلاس اٹھا لیا۔ مشروب واقعی بے حد لذیذ تھا اس لئے اس نے گھونٹ گھونٹ لے کر خوب لطف لے کر اسے پیا اور پھر گلاس خالی کر کے ہی واپس میز پر رکھ دیا۔

"فوزیہ۔ تمہیں یاد ہے کہ تم نے ایک بار مجھے بتایا تھا کہ پاکیشیا سیکرٹ سروس کی ایک ممبر صالحہ تمہاری دوست ہے"...... ورما نے

آگے کی طرف جھکتے ہوئے کہا تو فوزیہ بے اختیار چونک پڑی۔ اس کے چہرے پر حیرت کے تاثرات ابھر آئے تھے۔

"یس انکل۔ مجھے یاد ہے لیکن"...... فوزیہ نے حیران ہو کر کہا۔

"میں تمہیں تفصیل بتاتا ہوں۔ پھر میری بات تمہاری سمجھ میں آئے گی"...... ورمانے مسکراتے ہوئے کہا۔

"یس انکل"...... فوزیہ نے کہا۔

"اصل بات یہ ہے کہ کافرستان سیکرٹ سروس اور پاکیشیا سیکرٹ سروس کے درمیان ٹکراؤ ہوتا رہتا ہے اس لئے پاکیشیا سیکرٹ سروس کا لیڈر علی عمران کافرستان سیکرٹ سروس کے چیف شاگل کو بہت اچھی طرح جانتا ہے اور یہاں پاکیشیا سیکرٹ سرو کے فارن ایجنٹ بھی موجود ہیں جو یقیناً شاگل اور اس کے ا ساتھیوں کے نگرانی کرتے رہتے ہوں گے اس لئے ان کے بار میں رپورٹیں پاکیشیا سیکرٹ سروس تک پہنچتی رہتی ہوں گی جب سنٹرل انٹیلی جنس صرف کافرستان میں ہی کام کرتی ہے اور اس ٹکراؤ پاکیشیا سیکرٹ سروس سے نہیں ہوتا اور نہ وہ کیسز بھی انٹ جنس کے دائرہ کار میں آتے ہیں جن کا تعلق سیکرٹ سروس سے ہو ہے اس لئے اس کا کسی طرح بھی شک ہم پر نہیں پڑ سکتا۔ ان سار باتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کافرستان نے ایک اہم ذمہ داری انٹ جنس کے سپرد کی ہے"...... ورمانے جواب دیا اور پھر رک گیا۔

"کون سی ذمہ داری انکل"...... فوزیہ نے چونک کر پوچھا۔

وادی مشکبار کا وہ حصہ جو کافرستان کے قبضے میں ہے اور جہاں مجاہدین نے تحریک آزادی برپا کر رکھی ہے اور کافرستان کی فوج اس یک آزادی کو کچلنے کے لئے ان پر پوری قوت سے اور طویل عرصے کام کر رہی ہے لیکن آج تک اسے کوئی نمایاں کامیابی حاصل نہیں ہو سکی بلکہ الٹا مجاہدین کامیابیاں حاصل کرتے جا رہے ہیں۔ ب حکومت کافرستان نے اس ساری صورت حال کا تجزیہ کیا تو یہ ات سامنے آئی کہ مجاہدین کی مختلف تنظیموں کے درمیان ایک صوصی نیٹ ورک قائم ہے اور جب تک یہ نیٹ ورک نہیں توڑا ائے گا مجاہدین کو آسانی سے پکڑا نہیں جا سکتا۔ اس نیٹ ورک پر ب خصوصی طور پر کام کیا گیا تو یہ اطلاعات سامنے آئیں کہ اس یٹ ورک کے دو مین مراکز ہیں۔ ایک مرکز پاکیشیائی مشکبار میں ے اور دوسرا کافرستانی مشکبار میں، لیکن باوجود بے پناہ کوشش کے افرستانی علاقے میں قائم اس نیٹ ورک کا مرکز ٹریس نہیں کیا جا کا۔ البتہ اتنا معلوم ہوا ہے کہ یہ مرکز خفیہ طور پر کافرستانی علاقے یں پاکیشیائی ملٹری انٹیلی جنس نے قائم کیا تھا اور اس کی حفاظت کے لئے خصوصی انتظامات کئے گئے تھے۔ ایسے انتظامات جنہیں کسی صورت ٹریس نہیں کیا جا سکتا اور یہ کام پاکیشیا سیکرٹ سروس کے لئے کام کرنے والے ایک شخص علی عمران نے کیا تھا۔ علی عمران ے ظاہر ہے کہ براہ راست تو کوئی معلومات حاصل نہیں کی جا سکتیں البتہ یہ ہو سکتا ہے کہ تمہارے ذریعے صالحہ اور صالحہ کے

ذریعے اس علی عمران سے معلومات حاصل کی جا سکیں"۔ ورما نے کہا۔

"کیا یہ مرکز کوئی ٹرانسمیٹر روم ہے یا کوئی باقاعدہ اڈا ہے"۔ فوزیہ نے حیران ہو کر کہا۔

"یہ نیٹ ورک انتہائی جدید ترین مشینری کے ذریعے قائم کیا گیا ہے اور یہ جدید مشینری کسی خفیہ اڈے میں موجود ہو گی اور اس اڈے کو ہم نے ٹریس کرنا ہے"...... ورما نے کہا۔

"لیکن کیا کسی کال کے ذریعے یا کسی دوسری مشینری کے ذریعے یا سیٹلائٹ کے ذریعے اسے ٹریس نہیں کیا جا سکتا"...... فوزیہ نے کہا۔

"یہ سب کوششیں کر کے دیکھ لی گئی ہیں۔ حتیٰ کہ ایکریمیا اور روسیاہ کے جدید ترین مواصلاتی سیاروں نے بھی وادی کا ایک ایک چپہ چھان مارا ہے لیکن وہ بھی اسے ٹریس نہیں کر سکے"...... ورما نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"لیکن انکل۔ صالحہ کیسے اس عمران سے اس قدر اہم ترین بات معلوم کرے گی اور وہ بھی میرے کہنے پر۔ نہیں انکل ایسا تو ممکن ہی نہیں ہے"...... فوزیہ نے جواب دیتے ہوئے کہا تو ورما بے اختیار مسکرا دیا۔

"میں نے تم سے یہ تو نہیں کہا تم جا کر صالحہ سے کہو کہ وہ جا کر عمران سے یہ معلومات حاصل کرے۔ اس طرح تو ظاہر ہے

معلومات نہیں مل سکتیں بلکہ اس طرح تو تم بھی سامنے آ جاؤ گی اس لئے اس سلسلے میں ایک انتہائی ماہرانہ پلان بنایا گیا ہے۔ تمہارا بظاہر کوئی رابطہ کافرستان سے نہیں ہے۔ تمہارا تعلق گریٹ لینڈ سے ہے۔ تم صالحہ سے ملو گی تو صالحہ کو کسی طرح بھی یہ شک نہ ہو سکے گا کہ تم اس سے کسی خاص مقصد کے لئے مل رہی ہو۔ تمہیں ایک چھوٹی سی مشین دی جائے گی۔ تم نے اس مشین کے ذریعے صالحہ کے لاشعور سے رابطہ کرنا ہے۔ اس جدید ترین مشین کے ذریعے صالحہ کے لاشعور میں یہ بات فیڈ کر دی جائے گی کہ وہ اپنا ذہنی رابطہ علی عمران سے کرے۔ علی عمران چونکہ پاکیشیا سیکرٹ سروس کے لئے کام کرتا ہے اور صالحہ بھی پاکیشیا سیکرٹ سروس کے لئے کام کرتی ہے اس لئے عمران کو صالحہ پر کسی طرح بھی شک نہ ہو گا اور صالحہ کے لاشعور میں چونکہ تمام پلاننگ فیڈ کر دی گئی ہو گی اس لئے وہ بھی اس مشین کے ذریعے اس کے لاشعور سے رابطہ کرے گی اور یوں ہمارا کام ہو جائے گا اور علی عمران کے لاشعور میں موجود اس نیٹ ورک کے بارے میں تمام معلومات صالحہ کے ذہن میں منتقل ہو جائیں گی اور صالحہ کے ذہن سے تمہارے ذہن میں اور تمہارے ذہن سے ہماری مشین میں۔ اس طرح ہم یہاں کافرستان میں بیٹھے بیٹھے ساری معلومات حاصل کر لیں گے اس کے بعد تم واپس گریٹ لینڈ چلی جانا۔ ہم ان معلومات کو خاموشی سے استعمال کر کے اس نیٹ ورک کو ٹریس کر کے ختم کر دیں گے اور کسی کو کانوں کان

اس کی خبر ہی نہ ہو گی"...... ورما نے کہا۔

"اوہ۔بہت پیچیدہ اور جدید انداز ہے۔کیا واقعی ایسا ممکن ہو سکتا ہے"...... فوزیہ نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"ہاں۔ایکریمیا نے یہ مشین ابھی حال ہی میں ایجاد کی ہے اور اس کو تیار کرنے والا ایک کافرستانی ڈاکٹر شکلا ہے جو طویل عرصے سے ایکریمیا میں رہتا ہے اس لئے اس نیٹ ورک کو ٹریس کرنے کے لئے ڈاکٹر شکلا سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے ساری تفصیل بتا کر طویل مذاکرات کے بعد یہ پلان پیش کیا اور پھر اس پلان کو باقاعدہ عملی طور پر چیک کیا گیا اور یہ سو فیصد درست ثابت ہوا۔عمران کے بارے میں جو رپورٹیں یہاں حکومت کافرستان کے پاس موجود تھیں ان کے مطابق عمران نہ صرف ذہنی طور پر انتہائی طاقتور ہے بلکہ وہ پہناٹزم کا بھی ماہر ہے۔ان رپورٹوں کے سامنے آنے کے بعد ڈاکٹر شکلا نے یہ پلان بنایا کہ عمران سے ذہنی طور پر رابطہ کسی ایسی شخصیت کا ہو سکتا ہے جس پر عمران کو پوائنٹ ایک فیصد بھی کسی قسم کا شک نہ ہو اور ایسی شخصیت ظاہر ہے پاکیشیا سیکرٹ سروس کی کسی رکن ہی کی ہو سکتی ہے۔اس پر مجھے تمہاری بات یاد آ گئی تو میں نے انہیں بتایا تو انہوں نے اس کی حمایت کی اس لئے میں نے تمہیں کال کیا ہے"...... ورما نے کہا۔

"لیکن انکل یہ مشین کس طرح کام کرتی ہے اور کتنی بڑی ہے"۔فوزیہ نے چونک کر پوچھا۔

"یہ ایک چھوٹی سی مشین ہے جسے لیڈیز کلپ کی شکل دی گئی ہے۔تم نے یہ کلپ اپنے بالوں میں لگانا ہے اور جب تم ہاتھ سے اس کا بٹن دباؤ گی اور اپنے ذہن کو ایک خاص نقطے پر مرکوز کرو گی تو اس مشین سے نکلنے والی ریز مخالف آدمی کے ذہن سے ٹکرائیں گی اور چند لمحے بعد اس کا شعور سو جائے گا اور لاشعور سامنے آ جائے گا اور لاشعور سے رابطہ مکمل ہو جائے گا اور مشین میں موجود کمپیوٹر خود بخود تمہارے ذہن سے اس کے ذہن میں فیڈنگ کر دے گا اور تمہیں کچھ لینے کی ضرورت ہی نہ پڑے گی۔جب صالحہ عمران کے سامنے پہنچ کر لاشعوری طور پر اپنے بالوں میں موجود اس کلپ کو آن کرے گی اور لاشعوری طور پر عمران کے ذہن سے رابطہ کرے گی تو ایک لمحے کے ہزارویں حصے میں عمران کا شعور سو جائے گا اور لاشعور سے اس مشین کا رابطہ ہو جائے گا اور پھر اس مشین میں موجود کمپیوٹر خود بخود عمران کے لاشعور سے وہ تمام معلومات حاصل کر لے گا جس کی اسے ضرورت ہو گی اور یہ معلومات صالحہ کے لاشعور میں خود بخود فیڈ ہو جائیں گی اور اسی لمحے تمہارے ذہن میں خود بخود یہ معلومات منتقل ہو جائیں گی۔چاہے تم دونوں کے درمیان کتنا ہی فاصلہ کیوں نہ ہو اور تمہارے ذہن سے یہ معلومات تمہارے بالوں میں موجود مشین کے کمپیوٹر میں پہنچ جائیں گی اور وہاں سے خود بخود ہمارے پاس پہنچ جائیں گی۔مطلب یہ ہے کہ جیسے ہی تمہارا صالحہ سے اور صالحہ کا رابطہ عمران سے ہو گا عمران کے ذہن سے مخصوص معلومات پلک جھپکنے

میں ہمارے پاس ریکارڈ ہو جائیں گی اور نہ ہی عمران کو اس کا علم ہو گا نہ صالحہ کو اور نہ تمہیں اور بس کام مکمل ہو جائے گا"۔ ورما نے کہا تو فوزیہ کے چہرے پر انتہائی حیرت کے تاثرات پھیلتے چلے گئے۔

"حیرت ہے کہ اس قدر جدید مشینری بھی تیار ہو گئی ہے۔ اگر ایسا ہے انکل پھر تو عمران کے ذہن سے پاکیشیا سیکرٹ سروس کے بارے میں بھی تمام معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔ وہ بہرحال چونکہ لیڈر ہے اس لئے وہ باقی ممبران سے زیادہ جانتا ہو گا"۔ فوزیہ نے کہا۔

"میں نے یہ بات ڈاکٹر شکلا سے کی تھی کیونکہ پاکیشیا سیکرٹ سروس کا چیف اور اس کا تمام سیٹ اپ خفیہ ہے ہمارا خیال تھا کہ ہو سکتا ہے کہ عمران اس بارے میں جانتا ہو لیکن ڈاکٹر شکلا نے کہا کہ ایسی معلومات جن کو خصوصی طور پر چھپایا جاتا ہو وہ ذہن کے ایسے مخصوص خانے میں جمع ہوتی ہیں کہ جسے چھیڑنے سے سارا معاملہ گڑبڑ ہو سکتا ہے جبکہ ٹیم ورک کے بارے میں معلومات عام معلومات کے طور پر اس کے ذہن میں موجود ہوں گی اور چونکہ اسے یہ احساس ہی نہ ہو گا کہ کوئی غیر شخص انہیں حاصل کرنے کے درپے ہے اس لئے یہ آسانی سے مل جائیں گی ورنہ دوسری صورت میں معاملات گڑبڑ ہونے کا بھی خدشہ ہے کہ اگر عمران کے لاشعور پر ذرا بھی دباؤ پڑا تو پھر وہ خود بخود ہوشیار ہو جائے گا اس لئے ہم نے یہ آئیڈیا ڈراپ کر دیا ہے"۔ ...... ورما نے کہا۔

"ٹھیک ہے انکل۔ لیکن اس مشین کے لئے تو مجھے باقاعدہ ٹریننگ لینا پڑے گی"۔ ...... فوزیہ نے کہا۔

"وہ تو ظاہر ہے ہم تمہیں دیں گے اور پوری تسلی کرنے کے بعد ہی تمہیں بھیجیں گے لیکن پہلے تم یہ بتاؤ کہ کیا تم اس مشن پر کام کرنے کے لئے ذہنی طور پر تیار بھی ہو یا نہیں"۔ ...... ورما نے کہا۔

"کیوں نہیں انکل۔ کافرستان کے لئے کسی مشن پر کام کرنا میرے لئے اعزاز ہے اور پھر یہ تو انتہائی اہم مشن ہے۔ میں دل و جان سے اس پر کام کروں گی"۔ ...... فوزیہ نے کہا۔

"شکریہ۔ مجھے تم سے ایسی ہی امید تھی۔ بہرحال تمہیں ٹریننگ دے کر خاموشی سے واپس بھجوا دیا جائے گا اور تم گریٹ لینڈ سے براہ راست پاکیشیا پہنچو گی تاکہ تم پر کسی کو کسی قسم کا شک نہ ہو سکے"۔ ورما نے کہا۔

"یہ بہتر رہے گا"۔ ...... فوزیہ نے جواب دیا۔

"اوکے۔ آؤ میرے ساتھ تاکہ میں تمہیں ڈاکٹر شکلا سے ملوا دوں۔ وہ اب تم پر کام کریں گے"۔ ...... ورما نے اٹھتے ہوئے کہا تو فوزیہ چونک پڑی۔

"کیا ڈاکٹر شکلا یہاں کافرستان آئے ہوئے ہیں"۔ ...... فوزیہ نے چونک کر کہا اور اس کے ساتھ ہی وہ اٹھ کھڑی ہوئی تھی۔

"ہاں۔ وہ طویل عرصے بعد اپنے آبائی وطن میں چند دن رہنے کے لئے چھٹی لے کر آئے ہیں اور بظاہر ہم نے اس بات کا خیال رکھا ہے

کہ ان کا کسی بھی حکومتی رکن سے کوئی رابطہ نہ ہو"...... ورما نے دروازے کی طرف بڑھتے ہوئے کہا۔

"تو پھر آپ کیسے ملیں گے ان سے"...... فوزیہ نے اس کے پیچھے چلتے ہوئے کہا۔

"تم فکر مت کرو۔ اس بارے میں پہلے ہی ساری تفصیلات طے کر لی گئی ہیں"...... ورما نے کہا اور فوزیہ نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

عمران اپنے فلیٹ میں بیٹھا کسی سائنسی رسالے کے مطالعہ میں مصروف تھا کیونکہ ان دنوں سیکرٹ سروس کے پاس کوئی کیس نہ تھا اس لئے عمران کا زیادہ تر وقت ان دنوں مطالعہ میں گزرتا تھا اور یہ مطالعہ گذشتہ دو روز سے جاری تھا۔ سامنے رسالوں اور کتابوں کے ڈھیر موجود تھے اور عمران بڑے مطمئن انداز میں بیٹھا رسالہ پڑھنے میں مصروف تھا۔ مطالعہ کے لئے اس کے بیٹھنے کا ایک مخصوص انداز تھا۔ وہ دونوں ٹانگیں دراز کر لیتا تھا اور سر کرسی کی پشت سے لگا کر رسالہ پڑھتا رہتا تھا۔ اس دوران چونکہ وہ کسی قسم کی ڈسٹربنس پسند نہیں کرتا تھا اس لئے فون بھی کمرے سے اٹھوا دیتا تھا۔ اس وقت وہ اپنے مخصوص انداز میں کرسی پر بیٹھا سائنسی رسالہ پڑھنے میں مصروف تھا کہ اس کے کانوں میں دور سے فون کی گھنٹی بجنے کی آواز سنائی دی لیکن اسے معلوم تھا کہ سلیمان خود ہی فون

کرنے والے کو ٹال دے گا لیکن چند لمحوں بعد جب سلیمان فون سمیت کمرے میں داخل ہوا تو عمران بے اختیار چونک پڑا۔

" کیا مطلب۔ میں نے تمہیں کتنی بار کہا ہے کہ جب میں مطالعہ کر رہا ہوں تو فون کرنے والے کو ٹال دیا کرو۔ کس کا فون ہے اور کیوں لے آئے ہو یہ فون پیس یہاں "...... عمران نے انتہائی سخت لہجے میں کہا۔

" سر سلطان کا فون ہے جناب۔ میں نے انہیں کہا ہے کہ آپ مطالعہ میں مصروف ہیں لیکن انہوں نے حکم دیا کہ فوراً رابطہ کراؤ اس لئے مجبوری ہے جناب۔ سر سلطان کی حکم عدولی کم از کم میں تو کرنے کی جرأت نہیں کر سکتا "...... سلیمان نے منہ بناتے ہوئے کہا۔

" تم نے کہہ دینا تھا کہ عمران موجود نہیں ہے "...... عمران نے غصے سے آنکھیں نکالتے ہوئے کہا۔

" میں آپ کی خاطر جھوٹ بول کر جہنم کا عذاب کیوں خریدوں۔ یہ کام آپ خود کر لیجئے "...... سلیمان نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے فون پیس اور رسیور میز پر رکھا اور خود تیزی سے واپس مڑ گیا۔

" تمہیں یہاں اس دنیا میں ہی جہنم کا عذاب بھگتنا پڑے گا "۔ عمران نے بڑبڑاتے ہوئے کہا اور پھر رسیور اٹھا لیا۔

" میں علی عمران مجبوراً بول رہا ہوں حالانکہ اس وقت میں ایک اہم سائنسی مضمون کے مطالعہ میں مصروف ہوں اور مطالعہ کے

درمیان بولنا مطالعہ کے لئے زہر قاتل سمجھا جاتا ہے "...... عمران کی زبان رواں ہو گئی۔

" کافرستان کے قبضے میں وادی مشکبار کا جو حصہ ہے وہاں تحریک آزادی کے مجاہدین کے لئے جو خفیہ مواصلاتی نیٹ ورک قائم کیا گیا تھا جس کا کوڈ نام ریڈ مارک ہے وہ تم نے پلان کیا تھا اور اس کی ساری تفصیلات کا علم بھی صرف تمہاری ذات تک ہی محدود تھا "۔ سر سلطان نے انتہائی گھمبیر لہجے میں کہا تو عمران بے اختیار اچھل پڑا۔

" ہاں۔ وہاں کیا ہوا ہے "۔ عمران نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

" اسے باقاعدہ ٹریس کر کے تمام حفاظتی انتظامات ختم کر دیئے گئے ہیں اور نیٹ ورک کی خاص مواصلاتی مشین جو سرداور کی خصوصی ایجاد تھی وہ کافرستان نے درست حالت میں حاصل کر لی ہے اور وہاں موجود تمام افراد کو شہید کر دیا گیا ہے اور یہ سب کچھ اس انداز میں ہوا ہے کہ جیسے انہیں اس بارے میں مکمل معلومات حاصل تھیں اور تم سمجھ سکتے ہو کہ اس مشین کی میموری میں موجود تمام معلومات وہ حاصل کر لیں گے۔ اس کا مطلب ہوا کہ وادی مشکبار میں لڑنے والی تحریک کی آزادی کی تمام تنظیمیں، ان کے اڈے، ان کے سربراہ، ان کے کارکن سب یقینی اور واضح خطرے میں آ گئے ہیں اور اب کافرستان پوری وادی مشکبار میں آسانی سے تحریک آزادی کو کچل کر رکھ دے گا "...... سر سلطان نے انتہائی گھمبیر لہجے میں تفصیل سے بات کرتے ہوئے کہا۔

"یہ۔ یہ سب کیسے ہو سکتا ہے۔ نہیں۔ ایسا تو ممکن ہی نہیں ہے"...... عمران کی زبان شاید زندگی میں پہلی بار لڑکھڑائی تھی۔

"ایسا ہو چکا ہے عمران اور تمہیں معلوم ہے کہ جب سے یہ خبر ملی ہے حکومت پاکیشیا پر قیامت ٹوٹ پڑی ہے۔ اب تک کی تمام قربانیاں نہ صرف ضائع چلی جائیں گی بلکہ شاید اب آزاد وادی مشکبار بھی خطرے کی زد میں آجائے۔ کاش ایسا نہ ہوتا"...... سر سلطان نے انتہائی افسردہ لہجے میں کہا۔

"آپ کو کس نے یہ اطلاع دی ہے"...... عمران نے ہونٹ چباتے ہوئے پوچھا۔

"صدر مملکت نے خصوصی میٹنگ کال کی ہے۔ انہیں براہ راست اطلاع ملی ہے۔ پھر اسے باقاعدہ کنفرم کیا گیا ہے اور پھر صدر مملکت نے اس مختصر سی میٹنگ میں یہ بات طے کی ہے کہ میں پاکیشیا سیکرٹ سروس کے چیف سے رابطہ کروں اور انہیں کہوں کہ پاکیشیا اور مشکبار کے مستقبل کے لئے وہ فوری حرکت میں آئیں اور اس سے پہلے کہ اس مشین سے وہ لوگ معلومات حاصل کریں اسے تباہ کر دیا جائے۔ مقبوضہ وادی مشکبار میں ملٹری انٹیلی جنس کے خصوصی نمائندوں نے اطلاع دی ہے کہ اس مشین کو کافرستان نہیں لے جایا گیا بلکہ ایم وی تھری ہیلی کاپٹر کے ذریعے وادی مشکبار کی سب سے بلند چوٹی جسے پلاسن کہا جاتا ہے، پر خفیہ اڈے میں لے جایا گیا ہے۔ پلاسن چوٹی انتہائی بلند ترین چوٹی ہے اور یہ کافرستان

اور وادی مشکبار کی سرحد پر ہے اس لئے اول تو وہاں تک پہنچنے کے لئے پوری مقبوضہ وادی مشکبار کو کراس کرنا پڑتا ہے یا پھر کافرستان کی طرف سے اس تک پہنچا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ تیسرا کوئی راستہ نہیں ہے اور اس پہاڑی کی چوٹی پر صرف ایم وی تھری ہیلی کاپٹر ہی پہنچ سکتا ہے اور وہ صرف کافرستان کے پاس ہے۔ پاکیشیا کے پاس نہیں ہے اور پلاسن کے قریب باقاعدہ ایئر فورس کا میزائل اڈا موجود ہے جو ہر قسم کے طیارے اور ہیلی کاپٹر کو فضا میں ہی تباہ کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ اس خصوصی اڈے کو ہر لحاظ سے ناقابل تسخیر بنا دیا گیا ہے"...... سر سلطان نے تفصیل بتاتے ہوئے کہا۔

"کیا یہ بات حتمی اور یقینی ہے کہ اس مشین کو پلاسن کے اڈے میں ہی لے جایا گیا ہے"...... عمران نے کہا۔

"ہاں۔ یہ بات حتمی ہے"...... سر سلطان نے جواب دیا۔

"مجھے معلوم ہے کہ اس مشین کو سرداور نے اس انداز میں ڈیزائن کیا ہے کہ غلط طور پر اس کی میموری سے معلومات حاصل نہیں جا سکتیں۔ اگر ایسا کیا گیا تو میموری خود بخود واش ہو جائے گی لیکن پھر بھی جس قدر جلد ممکن ہو سکے اسے ان کے قبضے میں ہی تباہ کرنا ہو گا کیونکہ وہاں بڑے بڑے سائنس دان موجود ہیں۔ آپ فوراً یہ معلوم کر کے مجھے اطلاع دیں کہ یہ ایم وی تھری ہیلی کاپٹر کافرستان کے کس فوجی اڈے پر موجود ہوتے ہیں۔ فوراً۔ اور جلدی"۔ عمران نے تیز لہجے میں کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے خود

ہی کریڈل دبایا اور پھر ٹون آنے پر اس نے تیزی سے نمبر پریس کرنے شروع کر دیئے۔

"ایکسٹو"...... رابطہ قائم ہوتے ہی دوسری طرف سے مخصوص آواز سنائی دی۔

"طاہر میں عمران بول رہا ہوں"...... عمران نے تیز لہجے میں کہا اور پھر اس نے سرسلطان سے ملنے والی تمام معلومات اسے بتا دیں۔

"اوہ۔ یہ تو بہت برا ہوا عمران صاحب"...... طاہر نے انتہائی چونکے ہوئے لہجے میں کہا۔

"ہمیں اس معاملے میں فوری اور ڈائریکٹ ایکشن لینا ہو گا۔ تم ایسا کرو کہ تنویر، صفدر، کیپٹن شکیل اور جولیا کو تیار رہنے کا حکم دو۔ میں ان سے خود ہی رابطہ کر لوں گا"...... عمران نے کہا۔

"ٹھیک ہے۔ میں کہہ دیتا ہوں"...... دوسری طرف سے کہا گیا تو عمران نے رسیور رکھ دیا۔ اس کے ذہن میں مسلسل دھماکے ہو رہے تھے کیونکہ ریڈ مارک کے بارے میں تمام پلاننگ اس نے ذاتی طور پر کی تھی اور اس کی تفصیلات بھی اس نے صرف اپنے تک ہی محدود رکھی تھیں حتیٰ کہ اس بارے میں بلیک زیرو کو بھی علم نہیں تھا اور نہ ہی اس نے اس کی کوئی فائل بنائی تھی۔ یہ سنٹر انتہائی کامیابی سے اپنا کام کر رہا تھا اور آج تک کافرستان کی سر توڑ کوششوں کے باوجود اسے ٹریس نہیں کیا جا سکا تھا اور اب اچانک نہ صرف اسے ٹریس کر لیا گیا تھا بلکہ اس کے تمام حفاظتی انتظامات ختم

ا کے انہوں نے نہ صرف مشین حاصل کر لی تھی بلکہ وہ اسے لے جانے میں بھی کامیاب رہے تھے۔ وہ بیٹھا یہ بات سوچ رہا تھا کہ آخر یہ اس طرح ہو گیا۔ مسلسل سوچنے کے باوجود اس کے ذہن میں یہ بات نہ آ رہی تھی کہ آخر ریڈ مارک کے بارے میں معلومات کافرستان حکومت کو کیسے مل گئیں کیونکہ اس پوری دنیا میں صرف وہی اس کے بارے میں جانتا تھا یا وہ پانچ افراد جو اس سنٹر میں مستقل طور پر کام کرتے تھے لیکن ان کے اندر پہنچنے اور باہر جانے کے لئے علیحدہ خفیہ راستہ تھا جو قدرتی تھا اور اڈے سے اس قدر دور جا کر نکلتا تھا کہ اس اڈے سے اس خفیہ راستے سے باہر جانے والا کسی صورت بھی اس اڈے کو ٹریس نہ کر سکتا تھا اور یہ بات بھی عمران اچھی طرح جانتا تھا کہ وہاں کام کرنے والے سب افراد انتہائی نظریاتی لوگ تھے۔ وہ مر تو سکتے تھے لیکن کسی کو اس خفیہ راستے کے بارے میں نہیں بتا سکتے تھے اور پھر سرسلطان نے باقاعدہ حفاظتی انتظامات تباہ کرنے اور مشین لے جانے کے بارے میں بات کی تھی۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ کافرستانی ریڈ مارک میں خفیہ راستے سے نہیں بلکہ اصل اڈے پر اس کے خفیہ انتظامات ختم کر کے داخل ہوئے ہیں۔ عمران بیٹھا یہی سوچ رہا تھا کہ کافرستانیوں کو آخر کس طرح یہ معلومات ملی ہوں گی لیکن ظاہر ہے کہ بات اس کی سمجھ میں نہ آ رہی تھی۔ پھر اس نے کاندھے جھٹک کر یہ فیصلہ کیا کہ پہلے وہ اس اڈے کو تباہ کر لے جس میں مشین موجود ہے اس کے بعد یہ

معلوم کرے گا کہ کافرستانیوں کو ریڈ مارک کے بارے میں
معلومات کیسے مل گئیں۔اسی لمحے سلیمان چائے کی پیالی اٹھائے اند
داخل ہوا جس میں سے گرم گرم بھاپ نکل رہی تھی۔

"یہ لیجئے۔اس وقت واقعی آپ کو اس کی ضرورت ہے"۔ سلیمان نے انتہائی سنجیدہ لہجے میں کہا اور پیالی عمران کے سامنے رکھ دی حالانکہ گذشتہ دو گھنٹوں سے عمران اسے چائے کے لئے کہہ رہا تھا لیکن سلیمان مسلسل صاف جواب دے رہا تھا کہ اب وہ مزید چائے نہیں دے سکتا لیکن اب وہ بغیر کہے خود ہی چائے بنا کر لے آیا تھا۔

"شکریہ"..... عمران نے سنجیدہ لہجے میں کہا اور پیالی اٹھا لی۔

"کیا کوئی خاص بات ہو گئی ہے صاحب جو آپ اس قدر پریشان ہو رہے ہیں"...... سلیمان نے مؤدبانہ لہجے میں کہا۔

"ہاں۔خاص کیا خاص الخاص کہو"...... عمران نے کہا اور پھر اس نے سر سلطان سے ہونے والی تمام گفتگو دوہرا دی۔

"اوہ۔یہ تو واقعی انتہائی اہم مسئلہ ہے۔اللہ تعالیٰ آپ کو کامیاب کرے"...... سلیمان نے کہا اور پھر واپس مڑ گیا۔اسی لمحے میز پر پڑے ہوئے فون کی گھنٹی بج اٹھی اور عمران نے ہاتھ بڑھا کر رسیور اٹھا لیا۔

"علی عمران بول رہا ہوں"۔ عمران نے انتہائی سنجیدہ لہجے میں کہا۔

"سلطان بول رہا ہوں عمران بیٹے۔ایم ڈی تھری ہیلی کاپٹروں کا ایک دستہ کافرستان فوج کے پاس ہے جو کافرستان کے معروف ای

رابندر نو پر موجود ہے اور میں نے یہ معلوم کر لیا ہے کہ جس ان تھری سے اس مشین کو پلاسن کی چوٹی پر لے جایا گیا ہے وہ رابندر نو سے ہی اڑا تھا اور پھر واپس اسی ایئر بیس پر چلا گیا تھا اور ی معلوم ہوا ہے کہ ان ہیلی کاپٹروں کی انتہائی سخت حفاظت کی ی ہے اور اب تو ظاہر ہے کہ رابندر نو میں ریڈ الرٹ کر دیا گیا ہو انہیں بھی معلوم ہو گا کہ ایم ڈی تھری ہیلی کاپٹر کے بغیر ن کی چوٹی پر موجود اس اڈے تک پہنچا ہی نہیں جا سکتا"۔ سلطان نے انتہائی سنجیدہ لہجے میں جواب دیتے ہوئے کہا۔

"یہ معلومات آپ نے کس سے حاصل کی ہیں"...... عمران نے ہ لہجے میں پوچھا۔

"سیکرٹری دفاع کے ذریعے ایئر وائس مارشل عبدالرحیم سے"۔

ں"...... سر سلطان نے چونک کر پوچھا۔

"عبدالرحیم صاحب کا فون نمبر معلوم کر کے مجھے بتائیں اور میرا ف بھی انہیں کرا دیں۔ہم نے فوری کارروائی کرنی ہے اور ن کارروائی کے لئے ان کی فعال معاونت کی مجھے بے حد ضرورت ...... عمران نے کہا۔

"ٹھیک ہے"...... دوسری طرف سے کہا گیا اور اس کے ساتھ عمران نے ایک طویل سانس لیتے ہوئے رسیور رکھ دیا۔

کافرستان کے پریذیڈنٹ کے خصوصی میٹنگ روم میں اس وقت شاگل، ملٹری انٹیلی جنس کے کرنل ٹھاکر اور سنٹرل انٹیلی جنس کے چیف ورما بیٹھے ہوئے تھے۔ ورما اور کرنل ٹھاکر دونوں اکٹھے بیٹھے ہوئے تھے اس لئے وہ آہستہ آہستہ آپس میں بات چیت کر رہے تھے جبکہ شاگل اس طرح اکڑا ہوا اور خاموش بیٹھا تھا جیسے کسی نے اس کے پورے جسم کو کلف لگا دیا ہو اور منہ پر ٹیپ چڑھا دی ہو۔ وہ سامنے موجود خالی کرسیوں کو تکے جا رہا تھا۔

"جناب شاگل"...... اچانک ورما نے شاگل سے مخاطب ہو کر کہا۔

"یس"...... شاگل نے بس گردن تھوڑی سی موڑ کر ورما کی طرف دیکھتے ہوئے سرد لہجے میں کہا۔ اس کا انداز ایسے تھا جیسے یہ لفظ کہہ کر بھی اس نے ورما کی سات پچھلی اور سات آئندہ آنے والی نسلوں پر

احسان عظیم کر دیا ہو۔

"یہ آپ اس طرح اکڑے ہوئے کیوں بیٹھے ہیں۔ کیا آپ کی یونیفارم کے ساتھ ساتھ آپ کے جسم کو بھی کلف لگ گیا ہے"۔ ورما نے مسکراتے ہوئے بات کر دی۔

"سوری۔ میں فضول باتیں کرنے اور سننے کا عادی نہیں ہوں"...... شاگل نے غراتے ہوئے لہجے میں کہا اور پھر اس سے پہلے کہ مزید کوئی بات ہوتی کمرے کا دروازہ کھلا اور پہلے کافرستان کے صدر اور پھر ان کے پیچھے پرائم منسٹر اندر داخل ہوئے تو وہ تینوں اٹھ کر کھڑے ہو گئے۔ پھر کرنل ٹھاکر نے باقاعدہ فوجی سلیوٹ کیا جبکہ شاگل اور ورما نے سلام کیا۔

"تشریف رکھیں"...... صدر نے مسکراتے ہوئے کہا اور پھر خود بھی ایک کرسی پر بیٹھ گئے جبکہ ساتھ والی کرسی پر وزیراعظم بیٹھ گئے اور ان دونوں کے بیٹھنے کے بعد شاگل، ورما اور کرنل ٹھاکر بھی بیٹھ گئے۔ صدر اور وزیراعظم کے چہروں پر موجود مسکراہٹ، شگفتگی اور آنکھوں میں موجود مسرت کی تیز چمک بتا رہی تھی کہ وہ دونوں کسی بات پر بے حد خوش اور مطمئن ہیں اور سوائے شاگل کے ورما اور کرنل ٹھاکر جانتے تھے کہ ایسا کیوں ہے۔

"کیا سیکرٹ سروس کے سربراہ مسٹر شاگل کو اس معاملے کے بارے میں بتا دیا گیا ہے"...... صدر نے وزیراعظم کی طرف دیکھتے ہوئے کہا تو شاگل بے اختیار چونک پڑا۔ اس کے چہرے پر حیرت کے

تاثرات ابھر آئے۔

"نہیں جناب۔ البتہ اب انہیں بتایا جانا ضروری ہے کیونکہ یہ اطلاع آ چکی ہے کہ پاکیشیا سیکرٹ سروس کے انتظامی انچارج سیکرٹری وزارت خارجہ سر سلطان نے پاکیشیا کے سیکرٹری دفاع کے ذریعے ایئر وائس مارشل سے یہ معلومات حاصل کی ہیں کہ کافرستان کے ایم وی تھری ہیلی کاپٹر کہاں موجود ہیں۔ اس سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ انہیں اس بات کی اطلاع مل چکی ہے کہ ریڈ مارک مشینیں ایم وی تھری ہیلی کاپٹر کے ذریعے ہی پلاسن اڈے پر پہنچائی گئی ہے اور سر سلطان کی طرف سے ان معلومات کے حاصل کرنے سے واضح ہے کہ اس کے خلاف پاکیشیا سیکرٹ سروس کو حرکت میں لا رہے ہیں۔ ویسے مجھے پہلے سے یہی امید تھی لیکن اس بار یہ سروس لازماً منہ کی کھائے گی اور شکست اور ناکامی اس کا مقدر بن کر رہے گی"۔ وزیراعظم نے مسلسل بولتے ہوئے کہا تو شاگل کے چہرے پر حیرت کے تاثرات مزید گہرے ہوتے چلے گئے کیونکہ اسے کسی بات کا بھی علم نہ تھا۔ وہ تو اپنے معمول کے کاموں میں مصروف تھا کہ اسے اطلاع ملی کہ پریذیڈنٹ ہاؤس میں خصوصی میٹنگ ہے جس میں اسے شامل ہونا ہے اور جب وہ یہاں پہنچا تو اس سے پہلے ورما اور کرنل ٹھاکر یہاں موجود تھے۔

"کیا ہوا ہے سر"۔۔۔۔ شاگل سے نہ رہا گیا تو وہ بول پڑا۔

"کافرستان نے ایک عظیم کامیابی حاصل کی ہے۔ یہ دیکھو

فائل۔ اس میں تفصیل موجود ہے"۔۔۔۔ صدر نے خوش ہوتے ہوئے کہا اور اس کے ساتھ ہی انہوں نے سامنے میز کی دراز کھولی اور اس میں موجود ایک فائل نکال کر شاگل کی طرف بڑھا دی۔ شاگل اٹھا۔ اس نے باقاعدہ سلام کر کے وہ فائل لی اور پھر واپس کرسی پر بیٹھ گیا۔ اس نے فائل کھولی اور اسے پڑھنے لگا۔ جیسے جیسے وہ فائل پڑھتا جا رہا تھا اس کی آنکھیں حیرت کی شدت سے پھیلتی چلی جا رہی تھیں۔ ورما اور کرنل ٹھاکر مسکرانے کے سے انداز میں اسے دیکھ رہے تھے جبکہ صدر اور وزیراعظم خاموش بیٹھے ہوئے تھے۔ فائل میں صرف دو کاغذ تھے۔ شاگل نے انہیں تیزی سے پڑھا اور پھر فائل بند کر کے وہ اٹھا، اس نے فائل واپس صدر کے سامنے والی میز پر رکھی اور سلام کر کے دوبارہ اپنی کرسی پر بیٹھ گیا۔

"آپ نے پڑھ لیا مسٹر شاگل کہ کافرستان نے کس قدر عظیم کامیابی حاصل کی ہے"۔۔۔۔ صدر نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"یس سر۔ یہ واقعی انتہائی عظیم کامیابی ہے۔ اب وادی مشکبار کی تحریک کو مکمل طور پر اور آسانی سے کچلا جا سکے گا۔ لیکن سر اس مشین کو پلاسن اڈے میں پہنچانے کی کیا کوئی خاص وجہ ہے"۔۔۔۔ شاگل نے کہا۔

"ہاں۔ کیونکہ اس اڈے پر ایسی مشینری اور ماہرین موجود ہیں جو ایسی مواصلاتی مشینری پر ہی کام کرتے ہیں پھر یہ اڈا ہر لحاظ سے ناقابل تسخیر ہے۔ ورنہ یہ خطرہ بہرحال رہ جاتا کہ پاکیشیا سیکرٹ

سروس یا ملٹری انٹیلی جنس اس مشین کو تباہ کر دے "...... صدر نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

" جناب یہ مشن تو مکمل ہو گیا ہو گا اس مشین کی میموری سے اب تک تمام معلومات حاصل کر لی گئی ہوں گی "...... شاگل نے کہا۔

" اب تک جو رپورٹ ملی ہے اس کے مطابق اس مشین کو اس انداز میں ڈیزائن کیا گیا ہے کہ اس کی میموری سے فوری طور پر معلومات حاصل نہیں کی جا سکتیں۔ اس پر محنت کرنی ہو گی اور ماہرین کے مطابق بہرحال اس پر وہ قادر ہو جائیں گے لیکن ان کے کہنے کے مطابق ایک ہفتہ لگ سکتا ہے اور یہ خصوصی میٹنگ اس لئے کال کی گئی ہے کہ اس مشین کو واپس حاصل کرنے یا دوسری صورت میں اسے تباہ کرنے کے لئے پاکیشیا سیکرٹ سروس بہرحال کام کرے گی اور میں جانتا ہوں کہ یہ لوگ کس قدر تیز رفتاری سے کام کرتے ہیں اس لئے میں نے خصوصی احکامات کے ذریعے اس مشین کو پلاسن کے اڈے پر پہنچانے کے احکامات دیئے تھے کیونکہ اس اڈے تک سوائے ایم وی تھری ہیلی کاپٹر کے اور کوئی طیارہ یا ہیلی کاپٹر جا ہی نہیں سکتا۔ پیدل انسان تو کسی صورت بھی وہاں تک نہیں پہنچ سکتا اور ایم وی تھری ہیلی کاپٹر پاکیشیا اور شوگران کے پاس بھی نہیں ہیں۔ یہ صرف کافرستان کے پاس ہیں جو اس نے روسیاہ سے لئے تھے کیونکہ یہ خصوصی ہیلی کاپٹر اس قدر بلندی پر بے

اہ اور ناقابل یقین سردی اور برف کے طوفانوں کا مقابلہ کر سکتے ہیں ورنہ دوسرے طیاروں اور ہیلی کاپٹروں کے تو فیول اور مشینری جام ہو جاتی ہے۔ اس طرح یہ مشین بہرحال محفوظ رہے گی"۔ نے تفصیل سے بات کرتے ہوئے کہا۔

"سر۔ پاکیشیا سیکرٹ سروس کو پلاسن تک پہنچنے کے لئے بہرحال ایم وی تھری ہیلی کاپٹر حاصل کرتا ہو گا اس لئے ہمیں پوری توجہ ان ہیلی کاپٹروں کی حفاظت پر دینی چاہئے "۔ ورما نے کہا۔

"میرا بھی یہی خیال ہے کہ پاکیشیا سیکرٹ سروس اس رابندر نو یں سے بہرحال ایم وی تھری ہیلی کاپٹر حاصل کر کے پلاسن اڈے پر پہنچنے کی کوشش کرے گی اس لئے میں نے خصوصی آرڈر دیئے ہیں کہ رابندر نو میں ریڈ الرٹ کر دیا جائے اور خصوصاً ایم وی تھری ہیلی کاپٹروں کو ہینگرز میں پہنچا کر کیمو فلاج کر دیا جائے اور ان کی خصوصی حفاظت کی جائے اور اس کے ساتھ ساتھ پلاسن پہاڑی کے قریب موجود ایئر فورس کے اڈے پر خصوصی ایکس وی میزائل بھی پہنچا دیئے گئے ہیں اور انہیں حکم دے دیا گیا ہے کہ اگر وہ ایم وی تھری ہیلی کاپٹر کو ریڈ رینج میں دیکھیں تو بغیر کسی سے پوچھے فوراً اسے ہٹ کر دیں۔ اس طرح ہم نے ان کا ہر راستہ بند کر دیا ہے بلکہ اس میٹنگ کال کرنے کی وجہ یہی ہے کہ ہم چاہتے ہیں کہ افرستان کی سیکرٹ سروس الرٹ ہو جائے اور کافرستان میں اگر کسی طرف سے بھی یہ لوگ داخل ہوں تو انہیں ایک لمحہ ضائع کئے بغیر

ہلاک کر دیا جائے اور اگر یہ لوگ مقبوضہ وادی مشکبار میں داخل ہو کر پلاسن پہنچنے کی کوشش کریں تو پھر ملٹری انٹیلی جنس ان کا خاتمہ کرے گا جبکہ سنٹرل انٹیلی جنس کی ڈیوٹی پلاسن وادی کے سب سے بڑے شہر پلاسن میں ہو گی۔ یہ وہاں اپنا جال پھیلا دیں گے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ یہ لوگ دو گروپوں میں کام کریں۔ بہرحال ہمیں ہر طرف سے محتاط رہنا چاہئے اور یہ سارا کام زیادہ سے زیادہ ایک ہفتے ہے کیونکہ ماہرین نے رپورٹ دی ہے کہ وہ اس مشین سے ایک ہفتے کے اندر اندر معلومات حاصل کر لیں گے"۔ صدر نے پوری تفصیل سے بات کرتے ہوئے کہا۔

"سر۔ میرا خیال ہے کہ یہ لوگ سر پٹختے ہی رہ جائیں گے۔ ان سے کچھ بھی نہ ہو سکے گا"...... کرنل ٹھاکر نے کہا۔

"ہمیں دشمن کو کمزور نہیں سمجھنا چاہئے"...... صدر نے کہا اور پھر اس سے پہلے کہ مزید کوئی بات ہوتی اچانک صدر کے سامنے پڑے ہوئے خصوصی فون کی مترنم گھنٹی بج اٹھی تو صدر نے ہاتھ بڑھا کر رسیور اٹھا لیا۔

"یس"...... صدر نے تحکمانہ لہجے میں کہا۔

"اوہ اچھا۔ ٹھیک ہے"...... دوسری طرف سے کافی دیر تک ہونے والی بات سننے کے بعد انہوں نے کہا اور اس کے ساتھ ہی رسیور رکھ دیا۔

"اطلاع مل چکی ہے کہ پاکیشیا سیکرٹ سروس کی ٹیم جس میں

ان سمیت ایک عورت اور تین مرد شامل ہیں ایک خصوصی طیارے کے ذریعے ناگ ہم روانہ ہوئی ہے"...... صدر نے کہا۔

"ناگ ہم تو پاکیشیائی اور کافرستانی وادی مشکبار کی سرحد پر ہے"...... وزیراعظم نے کہا۔

"ہاں۔ اس کا مطلب ہے کہ یہ لوگ ناگ ہم سے ہماری طرف وادی مشکبار میں داخل ہوں گے اور پھر وہاں سے یہ دونوں طرف جا سکتے ہیں۔ رابندر ٹو ایئر بیس کی طرف بھی اور پلاسن کی طرف بھی"...... صدر نے کہا۔

"اب تو یہ بات واضح ہو گئی ہے اس لئے ہمیں اب ملٹری کو دونوں راستوں پر الرٹ کر دینا چاہئے۔ یہ لوگ اب کسی صورت نہ بچ سکیں گے"...... وزیراعظم نے مطمئن لہجے میں کہا۔

"سر۔ میں عرض کروں"...... اچانک خاموش بیٹھے ہوئے شاگل نے کہا۔

"ہاں۔ جو کچھ تمہارے ذہن میں ہے وہ بتاؤ"...... صدر نے چونک کر کہا۔

"سر۔ ناگ ہم سے قریب ہی ہمارا ایئرفورس کا ایک اڈا کارگانہ ہے۔ یہ ناگ ہم سے کارگانہ جائیں گے اور وہاں سے طیارہ لے کر یہ سیدھے رابندر ٹو پہنچیں گے اور وہاں سے ایم ڈی تھری ہیلی کاپٹر اڑا کر یہ پلاسن پہنچنے کی کوشش کریں گے اس لئے ہمیں کارگانہ اور رابندر ٹو دونوں اڈوں کی حفاظت کرنی چاہئے"۔ شاگل نے کہا۔

"اوہ ہاں۔ یہ زیادہ آسان طریقہ ہے۔ بہرحال رابندر ٹو کی حفاظت کے احکامات تو دیئے جا چکے ہیں۔ وہاں ان کے جانے کا مطلب تو ان کی یقینی موت ہوگا البتہ میں کارگانہ میں بھی ریڈ الرٹ کا حکم دے دوں گا"...... صدر نے کہا۔

"اگر آپ اجازت دیں تو میں پلاسن کے ایئر فورس بیس پر اپنی ٹیم لے کر پہنچ جاؤں کیونکہ مجھے یقین ہے کہ یہ ایم دی تھری ہیلی کاپٹر حاصل کر کے سیدھے پلاسن اڈے پر نہیں جائیں گے بلکہ پہلے اس ایئر فورس بیس پر پہنچ کر اس پر کنٹرول کریں گے تاکہ اپنا عقب محفوظ کر سکیں۔ پھر یہ پلاسن کے اڈے پر ریڈ کریں گے"۔ شاگل نے کہا۔

"ویسے تو جو پہلے میں نے بتایا ہے کہ وہاں ایم دی تھری ہیلی کاپٹر کو دیکھتے ہی ہٹ کرنے کا حکم دے دیا گیا ہے لیکن اس کے باوجود وہاں آپ کی اور آپ کی ٹیم کی موجودگی بہتر رہے گی کیونکہ اڈے میں کام کرنے والے فوجی پروفیشنل ہیں جبکہ آپ فیلڈ کے لوگ ہیں"...... صدر نے شاگل کی بات کی توثیق کرتے ہوئے کہا۔

"تھینک یو سر۔ اب میں انہیں سنبھال لوں گا"...... شاگل نے مسرت بھرے لہجے میں کہا۔

"کرنل ٹھاکر آپ اپنا عارضی مرکز وادی مشکبار میں اس جگہ بنائیں جہاں سے آپ چاروں طرف سے ان ایجنٹوں کے بارے میں اطلاعات اکٹھی کر سکیں"...... صدر نے کرنل ٹھاکر سے کہا۔

"یس سر۔ میں یہ مرکز چتالی میں بنا لیتا ہوں"...... کرنل ٹھاکر نے کہا۔

"اوکے۔ اور مسٹر ورما آپ پلاسن شہر میں ڈیوٹی دیں گے اور آپ دونوں کا آپس میں رابطہ رہے گا اور آپ تینوں خصوصی فریکونسیاں استعمال کریں گے اور ان ایجنٹوں کے بارے میں ایک دوسرے کو اطلاعات دینے کے پابند رہیں گے"...... صدر نے کہا۔

"یس سر"...... ورما نے جواب دیا۔

"مسٹر پرائم منسٹر۔ آپ اس وقت تک جب تک یہ ایجنٹ ختم نہیں ہو جاتے اس وقت تک چمبہ چھاؤنی میں رہیں گے اور اس سارے آپریشن کو بھی کنٹرول کریں گے۔ پوری وادی مشکبار کی ایئر فورس اور فوج آپ نے اپنے کنٹرول میں رکھنی ہے اور یہ تینوں ان ایجنٹوں کے بارے میں تازہ ترین رپورٹس آپ کو دینے کے پابند ہوں گے اور آپ کے احکامات کی تعمیل کے بھی پابند ہوں گے البتہ پلاسن ایئر بیس سے صرف میرا براہ راست رابطہ ہوگا۔ آپ میں سے کسی کا نہیں"...... صدر نے کہا۔

"ٹھیک ہے۔ میں بھی یہی سوچ رہا تھا کہ اس بار اس آپریشن کو میں خود کنٹرول کروں اور اب میں پوری ایئر فورس اور فوج کو ان ایجنٹوں کے خلاف اس انداز میں حرکت میں لے آؤں گا کہ یہ دوسرا سانس بھی نہ لے سکیں گے"...... وزیراعظم نے بڑے بااعتماد لہجے میں کہا اور اس کے ساتھ ہی صدر اٹھ کر کھڑے ہو گئے۔ ان کے

اٹھتے ہی وزیراعظم، شاگل، کرنل ٹھاکر اور ورما بھی اٹھ کھڑے ہوئے۔ پھر کرنل ٹھاکر نے سیلوٹ کیا اور جبکہ شاگل اور ورما نے سلام اور پھر صدر اور وزیراعظم مسکراتے ہوئے واپس اسی دروازے کی طرف مڑ گئے جدھر سے وہ اس کمرے میں داخل ہوئے تھے۔

میز پر نقشہ پھیلا ہوا تھا اور عمران سرخ پنسل ہاتھ میں پکڑے اس نقشے پر جھکا ہوا تھا جبکہ باقی ساتھی جن میں جولیا، صفدر، کیپٹن شکیل اور تنویر شامل تھے سب خاموش بیٹھے ہوئے تھے۔ ان سب کے جسموں پر کافرستانی فوج کے سپیشل کمانڈوز کی مخصوص یونیفارم موجود تھیں اور ان کی جیبوں میں ایسے خصوصی کاغذات موجود تھے جن کے مطابق ان کا تعلق سپیشل کمانڈوز کے بھی ٹاپ سیکشن سے تھا۔ یہ کاغذات اور یونیفارمز اصل تھے اور ان سب نے اپنے چہروں پر خصوصی ساخت کے میک اپ کئے ہوئے تھے۔ عمران اپنے ساتھیوں سمیت پاکیشیائی دارالحکومت سے فوج کے ایک خصوصی ہیلی کاپٹر کے ذریعے ناگ ہٹم پہنچا تھا۔ ناگ ہٹم پاکیشیائی اور کافرستانی مقبوضہ وادی مشکبار کی سرحد پر ایک خاصا بڑا اور اہم شہر تھا۔ یہاں پاکیشیائی فوج کی ایک چھوٹی سی چھاؤنی بھی تھی اور عمران

اور اس کے ساتھی اس وقت اس چھاؤنی کے ایک کمرے میں موجود تھے۔ عمران نے وہاں سے روانگی سے قبل ان سارے معاملات کا انتظام کر لیا تھا اور یہی وجہ تھی کہ جب وہ یہاں پہنچے تھے تو یہاں کے انچارج کرنل احسن نے انہیں یہ خصوصی کاغذات بھی دیئے اور یونیفارمز بھی اور پھر عمران نے سب سے پہلے ان کاغذات کے مطابق اپنا اور اپنے ساتھیوں کے چہروں پر خصوصی میک اپ کیا۔ اس کے بعد انہوں نے یونیفارمز پہنیں اور اب عمران کرنل احسن سے حاصل ہونے والے اس نقشے کو میز پر پھیلائے اس پر جھکا ہوا تھا۔

"عمران صاحب ریڈ مارک مشین کو اگر انہوں نے پلاسن اڈے سے نکال کر کسی اور جگہ پہنچا دیا تو پھر"...... اچانک صفدر نے کہا۔

"پلاسن اڈے تک صرف ایم وی تھری ہیلی کاپٹر پہنچ سکتے ہیں اور ایم وی تھری ہیلی کاپٹر رابندر نو ایئر بیس پر موجود ہیں۔ میں نے ایسے انتظامات کر لئے ہیں کہ اگر ایم وی تھری ہیلی کاپٹر وہاں سے کسی اور اڈے پر گئے تو مجھے اطلاع مل جائے گی لیکن اب تک جو اطلاعات ملی ہیں ان کے مطابق ان ہیلی کاپٹروں کو ہینگرز میں کیموفلاج کر کے ان کی خصوصی حفاظت کی جا رہی ہے اور دوسری بات یہ کہ پلاسن اڈا واقعی اس وقت ناقابل تسخیر ہے۔ مشین جس قدر وہاں محفوظ رہے گی اس قدر اور کہیں بھی نہیں رہ سکتی۔ یہ اڈا خصوصی طور پر مواصلاتی مشینری کی ریسرچ کے لئے مخصوص ہے اور وہاں مواصلاتی ماہرین ہی کام کرتے ہیں۔ میں نے سرداور سے اس بارے میں تفصیلی بات

چیت کر لی ہے۔ گو سرداور کا تو دعویٰ ہے کہ چاہے لاکھ کوششیں کر لیں وہ ریڈ مارک مشین سے معلومات حاصل نہیں کر سکیں گے لیکن ہم امکانات پر رسک نہیں لے سکتے۔ ہمیں ہر صورت میں اس مشین کو تباہ کرنا ہے اس کے لئے ہمیں چاہے اس پورے پہاڑی علاقے کو کیوں نہ تباہ کرنا پڑے"...... عمران نے انتہائی سنجیدہ لہجے میں کہا اور صفدر نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

"تو پھر اس میں اتنا سوچنے کی کیا بات ہے۔ یہاں سے اس رابندر نو ایئر بیس پر پہنچتے ہیں۔ وہاں سے یہ ہیلی کاپٹر حاصل کر کے سیدھے اس اڈے پر پہنچ جاتے ہیں"...... تنویر نے منہ بناتے ہوئے کہا۔

"رابندر نو ایئر بیس کو ریڈ الرٹ کر دیا گیا ہے۔ اس طرح پلاسن کے ایئر فورس میزائل اڈے کو بھی احکامات دے دیئے گئے ہیں اس لئے اس انداز میں وہاں جانے کا مطلب سوائے خودکشی کے اور کچھ نہیں نکلے گا"...... عمران نے جواب دیا۔

"تم بیٹھے سوچتے ہی رہ جاؤ گے۔ یہ مشن سوچنے کا نہیں ہے یہاں تو معاملہ فوری نوعیت کا ہے"...... تنویر نے کہا۔

"ہاں۔ ایسا ہی ہے لیکن بہرحال کوئی درست لائن آف ایکشن ہمیں ضرور طے کر لینی چاہئے"...... عمران نے کہا اور پھر اس سے پہلے کہ مزید کوئی بات ہوتی کمرے کا دروازہ کھلا اور کرنل احسن اندر داخل ہوئے۔ ان کے ہاتھ میں ایک کارڈلیس فون پیس تھا۔

"آپ کے چیف کی کال ہے جناب"...... کرنل احسن نے

مؤدبانہ لہجے میں کہا تو عمران سمیت سب چونک پڑے۔

" اوہ اچھا۔ یہ مجھے دیجئے اور آپ جا سکتے ہیں"...... عمران نے کہا تو کرنل احسن نے فون پیس عمران کو دیا اور پھر خود مڑ کر تیزی سے کمرے سے باہر نکل گیا۔ اس کے باہر جانے کے بعد عمران نے پہلے لاؤڈر کا بٹن پریس کیا اور پھر فون آن کر دیا۔

" یس سر۔ علی عمران بول رہا ہوں"...... عمران کا لہجہ مؤدبانہ تھا۔

" عمران۔ کافرستان کے فارن ایجنٹوں نے میرے حکم پر وہاں کام کیا اور انہوں نے ابھی چند لمحے پہلے رپورٹ بھجوائی ہے۔ اس کے مطابق پریذیڈنٹ ہاؤس میں ایک خصوصی میٹنگ ہوئی ہے جس میں صدر کے ساتھ وزیراعظم اور کافرستان سیکرٹ سروس کے چیف شاگل، ملٹری انٹیلی جنس کے چیف کرنل ٹھاکر اور سنٹرل انٹیلی جنس کے چیف ورما نے شرکت کی ہے۔ اس کی ٹیپ حاصل کر لی گئی ہے جو میں تمہیں سنواتا ہوں۔ اس کے بعد کافرستانی صدر کی آواز کے ساتھ ہی وہاں ہونے والی تمام بات چیت کی تفصیل عمران سمیت سب کے کانوں میں پہنچنے لگی اور وہ سب ہونٹ بھینچے خاموش بیٹھے یہ سب سنتے رہے۔ تم نے ٹیپ سن لی ہے۔ ایئر وائس مارشل عبدالرحیم کے سیکرٹری کو گرفتار کر لیا گیا ہے جس نے تمہارے بارے میں اطلاعات کافرستان پہنچائی تھیں"۔ ٹیپ کے اختتام پر چیف نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

" یہ واقعی انتہائی اہم ٹیپ ہے۔ شاگل نے درست اندازہ لگایا ہے۔ میں کارگانہ اڈے سے طیارہ اڑا کر رابندر تو پہنچنے کا پروگرام بنا رہا تھا لیکن اب ایسا ممکن نہیں ہے۔ بہرحال جو کچھ ہمارے بارے میں سوچا گیا ہے وہ سب واضح طور پر سامنے آگیا ہے"...... عمران نے جواب دیا۔

" تم اس ٹیپ کو سننے کے بعد اپنی لائن آف ایکشن کو دوبارہ ترتیب دو اور دوسری بات یہ کہ تمہیں فوری حرکت میں آنا چاہئے۔ اس مشن میں زیادہ سوچ بچار کی گنجائش نہیں ہے"...... دوسری طرف سے کہا گیا اور اس کے ساتھ ہی رابطہ ختم ہو گیا تو عمران نے فون آف کر دیا۔

" دیکھا تم نے۔ چیف نے بھی میری بات کی حمایت کی ہے"...... تنویر نے مسرت بھرے لہجے میں کہا۔

" یہ معاملہ اس قدر آسان نہیں ہے جس قدر تم نے سمجھ لیا ہے اور اب اس ٹیپ کو سننے کے بعد تو معاملہ اور بھی زیادہ گھمبیر ہو گیا ہے۔ تم نے خود سنا ہے کہ ہمارے خلاف کیا انتظامات کئے گئے ہیں اور سب سے بڑا مسئلہ یہ کہ پلاسن کے اڈے تک پہنچنے کے لئے ہمیں ہر صورت میں ایم وی تھری ہیلی کاپٹر کی ضرورت ہے جبکہ دوسری طرف پلاسن کے ایئرفورس میزائل اڈے کو جہاں شاگل اپنی ٹیم سمیت موجود ہے، یہ آرڈر دے دیئے گئے ہیں کہ وہاں ہیلی کاپٹر کو بغیر کسی نوٹس کے تباہ کر دیا جائے۔ یہ ہیلی کاپٹر دنیا کا سب سے مہنگا

ہیلی کاپٹر ہے اور کافرستان اگر اسے اس انداز میں تباہ کرنے کا آرڈر دے رہا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ انہیں بھی معلوم ہے کہ اس مشین سے ملنے والی معلومات کی کیا اہمیت ہے۔ اب اگر فرض کیا کہ ہم رابندر نو سے ہیلی کاپٹر اڑا بھی لیتے ہیں تو رابندر نو اور پلاسن کے درمیان کافی طویل فاصلہ ہے۔ فوری طور پر جنگی جہازوں کا اسکوارڈ بھی ہمارے ہیلی کاپٹر کا خاتمہ کر سکتا ہے اور پلاسن ایئر میزائل اڈے کو بھی احکامات دیئے جا سکتے ہیں اس لئے میں سوچ رہا ہوں کہ کسی طرح اس میزائل اڈے تک پہنچا جا سکے"...... عمران نے انتہائی سنجیدہ لہجے میں کہا۔

"میرا خیال ہے کہ اس پوائنٹ پر کرنل احسن کی مدد حاصل کی جائے۔ ہو سکتا ہے کہ وہ اس بارے میں کوئی اہم بات بتا سکے"۔ صفدر نے کہا۔

"ہاں۔ تم اسے بلا لاؤ"...... عمران نے کہا تو صفدر اٹھا اور تیزی سے کمرے سے باہر چلا گیا۔

"معاملات واقعی بے حد گھمبیر ہیں۔ ہمیں بہت سوچ سمجھ کر اقدام کرنا ہو گا"...... جولیا نے جو اب تک خاموش بیٹھی ہوئی تھی پہلی بار بولتے ہوئے کہا اور پھر اس سے پہلے کہ مزید کوئی بات ہوتی دروازہ کھلا اور صفدر اور اس کے پیچھے کرنل احسن اندر داخل ہوا۔

"بیٹھیں کرنل احسن"...... عمران نے کہا تو کرنل احسن خاموشی سے اس کے سامنے کرسی پر بیٹھ گیا۔

"کرنل احسن۔ پلاسن پہاڑی کی چوٹی پر موجود اڈے کے بارے میں آپ بہر حال جانتے ہوں گے"...... عمران نے کہا۔

"جی ہاں۔ جانتا ہوں۔ یہ دنیا کا سب سے بلند ترین اڈا ہے اور اسے ناقابل تسخیر سمجھا جاتا ہے"...... کرنل احسن نے جواب دیا۔

"وہاں تک پہنچنے کے لئے عام طور پر یہی بتایا گیا ہے کہ سوائے ایم ڈی تھری ہیلی کاپٹر کے اور کوئی نہیں پہنچ سکتا"...... عمران نے کہا۔

"جی ہاں۔ یہ بات بھی درست ہے۔ یہ ہیلی کاپٹر خصوصی ساخت کا ہے اس لئے اتنی بلندی پر جہاں انتہائی خوفناک سردی ہوتی ہے نہ صرف پہنچ جاتا ہے بلکہ وہاں اترا اور فلائی بھی کر سکتا ہے"...... کرنل احسن نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"اس ہیلی کاپٹر کے علاوہ اور کوئی ذریعہ"...... عمران نے کہا۔

"میرا خیال ہے کہ اور تو کوئی ذریعہ نہیں ہے۔ یہ پہاڑیاں فصیل کی طرح سیدھی ہیں اور دیگر پہاڑیوں سے تقریباً اٹھارہ ہزار فٹ سے زیادہ بلند ہیں اور وہاں ہر وقت برف کے خوفناک طوفان اور سرد ہواؤں کے جھکڑ چلتے رہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ جتنی سردی ان پہاڑیوں کی چوٹیوں پر پڑتی ہے اتنی دنیا کی سب سے بلند چوٹی ماؤنٹ ایورسٹ پر بھی نہیں پڑتی اس لئے اور کسی ذریعے سے نیچے سے اوپر جا ہی نہیں جا سکتا"...... کرنل احسن نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"کارگانہ کے علاوہ یہاں سے قریب کوئی کافرستانی ایئر فورس کا اڈا

ہے جہاں سے کوئی ہیلی کاپٹر یا چھوٹا طیارہ حاصل کیا جا سکے"۔ عمران نے کہا۔

"حاصل۔ اوہ اچھا۔ میں سمجھ گیا۔ جی ہاں۔ کارگانہ یہاں سے پچاس کلو میٹر کے فاصلے پر ہے جبکہ نوگاشی اڈا یہاں سے شمال مغرب کی طرف تقریباً ستر کلو میٹر کے فاصلے پر ہے۔ ویسے وہ کارگانہ سے چھوٹا اڈا ہے لیکن پھر بھی وہاں ہیلی کاپٹر یا چھوٹا جہاز لازماً ہر وقت موجود رہتا ہو گا"...... کرنل احسن نے کہا تو عمران بے اختیار چونک پڑا۔ اس کی آنکھوں میں چمک سی ابھر آئی تھی۔

"کیا آپ کو نوگاشی ایئر فورس کے انچارج کے بارے میں کچھ معلوم ہے"...... عمران نے کہا۔

"جی نہیں۔ میرا ایئر فورس سے کبھی تعلق نہیں رہا"...... کرنل احسن نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"کیا آپ کے پاس یہاں کوئی ایسا آدمی ہے جو ہمیں یہاں سے نوگاشی پہنچا سکے"...... عمران نے کہا۔

"جی ہاں۔ میرا ڈرائیور ہے۔ اس کا نام سالار ہاشم ہے۔ وہ نوگاشی کا ہی رہنے والا ہے۔ نوگاشی میں کافرستانی فوجیوں نے جب اس کے خاندان کو شہید کر دیا تو وہاں سے فرار ہو کر یہاں آ گیا اور میں نے اسے اپنے پاس رکھ لیا۔ انتہائی دلیر اور بے خوف نوجوان ہے" کرنل احسن نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"گڈ۔ آپ سالار ہاشم کو بطور ڈرائیور ہمارے ساتھ بھیج دیں او

ہمارے لئے ٹرباکو جیپ اور اسلحے کا بندوبست کر دیں تاکہ ہم اپنے مشن کا آغاز کر سکیں"...... عمران نے ایک طویل سانس لیتے ہوئے کہا۔

"آپ اسلحے کی لسٹ دے دیں۔ میں تمام بندوبست کر دوں گا اور میری دعائیں بھی آپ کے ساتھ ہوں گی"...... کرنل احسن نے اٹھتے ہوئے کہا۔

"اس پہاڑی علاقے میں آپ کی دعاؤں کی آخری رفتار کیا ہو گی"۔ عمران نے کہا تو کرنل احسن بے اختیار چونک پڑا۔

"دعاؤں کی آخری رفتار۔ کیا مطلب"...... کرنل احسن نے انتہائی حیرت بھرے لہجے میں کہا اور عمران کے سارے ساتھی جو اب تک خاموش بیٹھے ہوئے تھے بے اختیار مسکرا دیئے۔

"یہ ایک لطیفہ ہے کرنل احسن۔ آپ کو اس لئے بتا دیتا ہوں کہ کافی دیر سے سنجیدہ رہ رہ کر میرے دماغ کے چودہ ہزار طبق میں سے اب تک کم از کم پونے چودہ ہزار طبق پر سنجیدگی کی تہہ چڑھ کر انہیں تاریک کر چکی ہو گی اس لئے بہتر ہے کہ گھسا پٹا لطیفہ ہی سنا دوں تاکہ کم از کم باقی ماندہ طبق تو تاریک ہونے سے بچ جائیں۔ بہرحال لطیفہ یہ ہے کہ ایک نوجوان نے باپ سے کار کی چابی مانگی تو باپ نے کار کی چابی دیتے ہوئے کہا بیٹے میری دعاؤں کی آخری حد رفتار چالیس میل فی گھنٹہ ہے اس سے زیادہ رفتار پر گاڑی چلائی تو میری دعا ساتھ نہ دے سکے گی۔ اس لئے میں نے آپ سے پوچھا تھا کہ اس

پہاڑی علاقے میں آپ کی دعاؤں کی آخری حد رفتار کیا ہو گی"۔ عمران نے مسلسل بولتے ہوئے کہا تو انتہائی سنجیدہ کرنل احسن بے اختیار ہنس پڑا۔

"یہاں اس علاقے میں رفتار نام کی کوئی چیز ہوتی ہی نہیں اس لئے حد رفتار بتائی ہی نہیں جا سکتی"...... کرنل احسن نے اٹھتے ہوئے کہا اور پھر واپس مڑ گئے تو عمران بے اختیار مسکرا دیا۔

کرنل ٹھاکر نے چنالی کی پہاڑی وادی میں خیمہ لگا کر اس کے اندر باقاعدہ ملٹری انٹیلی جنس کا مرکز قائم کر رکھا تھا۔ اس خیمے کے اندر میز پر وسیع رینج کا انتہائی جدید ترین ٹرانسمیٹر موجود تھا اور ساتھ کرسی پر کرنل ٹھاکر بیٹھا ہوا تھا جبکہ اس کا نائب کیپٹن کرشن راؤ بھی ساتھ والی کرسی پر اکڑا ہوا بیٹھا تھا۔

"سر۔ کاش مجھے کسی طرح اطلاع مل جائے کہ پاکیشیائی سیکرٹ سروس کہاں سے وادی مشکبار میں داخل ہو رہی ہے۔ میرا دل چاہتا ہے کہ میں خود ان کا شکار کروں"...... کیپٹن کرشن راؤ نے بڑے حسرت بھرے لہجے میں کہا۔

"چیف آف سیکرٹ سروس اور چیف آف سنٹرل انٹیلی جنس دونوں تو کیا خود صدر اور وزیراعظم تک بھی ان پاکیشیائی ایجنٹوں سے اس قدر خوفزدہ نظر آرہے تھے کہ مجھے حقیقتاً حیرت ہو رہی تھی

لیکن ظاہر ہے میں اس معاملے میں کچھ کہہ نہیں سکتا تھا حالانکہ میں جانتا ہوں کہ میں تو کیا تم اکیلے ان لوگوں کے خاتمے کے لئے کافی ہو"...... کرنل ٹھاکر نے منہ بناتے ہوئے کہا۔

"سر۔ آپ اور میں دونوں ماؤنٹ رجمنٹ سے انٹیلی جنس میں شفٹ ہوئے ہیں جبکہ کیپٹن گنگا طویل عرصے سے انٹیلی جنس میں ہے۔ وہ تو ان لوگوں کے ایسے ایسے قصے سناتا ہے کہ جیسے یہ لوگ سرے سے انسان ہی نہ ہوں۔ سر اصل میں جب لوگ اپنی کوتاہیوں کی وجہ سے شکست کھا جاتے ہیں تو پھر وہ دوسروں کو متاثر کرنے کے لئے ایسے قصے گھڑ لیتے ہیں"...... کیپٹن کرشن راؤ نے کہا۔

"ہاں۔ تمہاری بات درست ہے"...... کرنل ٹھاکر نے کہا اور پھر اس سے پہلے کہ ان کے درمیان مزید کوئی بات ہوتی ٹرانسمیٹر سے کال آنے کا اشارہ ملنے لگا اور اس کے ساتھ ہی ہلکی سی سیٹی کی آواز بھی سنائی دی تو کرنل ٹھاکر اور کیپٹن کرشن راؤ دونوں بے اختیار چونک کر سیدھے ہو گئے اور کرنل ٹھاکر نے ہاتھ بڑھا کر ٹرانسمیٹر آن کر دیا۔

"ہیلو ہیلو۔ ایم آئی فارٹی کرشا کالنگ۔ اوور"۔ رابطہ قائم ہوتے ہی ایک مردانہ آواز سنائی دی۔

"یس۔ ایم آئی ون اٹنڈنگ یو۔ اوور"...... کرنل ٹھاکر نے جواب دیا۔

"سر۔ ایک ٹرباکو جیپ جس میں کافرستانی کمانڈوز سوار ہیں

نوگاشی کی طرف جا رہی ہے۔ اسے چیک پوسٹ پر روکا گیا پھر اسے کلیر کر دیا گیا۔ میں نے چیک پوسٹ کے انچارج سے پوچھا تو اس نے بتایا کہ اس جیپ میں سپیشل کمانڈوز سوار ہیں اور وہ نوگاشی جا رہے ہیں۔ ان کے پاس کاغذات بھی درست ہیں۔ جب میں نے اس سے سواروں کی تعداد وغیرہ معلوم کی تو اس نے بتایا کہ ایک عورت اور پانچ مرد سوار تھے جس پر میں چونک پڑا کیونکہ پاکیشیائی ایجنٹوں کے بارے میں جو اطلاعات ملی ہیں ان کے مطابق ان کی تعداد ایک عورت اور چار مرد ہیں اور پھر جب میں نے ارد گرد کی چوکیوں پر موجود اپنے آدمیوں سے اس جیپ کے بارے میں معلومات اکٹھی کیں تو پتہ چلا کہ یہ جیپ ناگ ہٹم کی طرف بھی دیکھی گئی ہے اور آپ نے خود ہی بتایا تھا کہ پاکیشیائی ایجنٹ ناگ ہٹم پہنچے تھے۔ اوور"...... کرشا نے تفصیل سے رپورٹ دیتے ہوئے کہا۔

"اس وقت یہ جیپ کہاں موجود ہے۔ اوور"...... کرنل ٹھاکر نے تیز لہجے میں کہا۔

"جہاں تک میرا خیال ہے اس وقت یہ جیپ راگوڑی کے قریب موجود ہوگی۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"ٹھیک ہے میں چیک کرتا ہوں۔ اوور اینڈ آل"...... کرنل ٹھاکر نے تیز لہجے میں کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے ٹرانسمیٹر آف کیا اور پھر تیزی سے اس پر ایک اور فریکونسی ایڈجسٹ کر کے اسے آن کر دیا۔

"ہیلو۔ ایم آئی ون کالنگ۔ اوور"...... کرنل ٹھاکر نے بار بار کال دیتے ہوئے کہا۔

"یس سر۔ ایم آئی ففٹی ون اٹنڈنگ یو۔ اوور"...... چند لمحوں بعد دوسری طرف سے کہا گیا۔

"ایک جیپ ناگ سمبھ کی طرف سے نوگاشی کی طرف جا رہی ہے جس میں ایک عورت اور پانچ مرد سوار ہیں اور بظاہر وہ سپیشل کافرستانی کمانڈوز ہیں۔ کیا یہ جیپ تمہارے علاقے سے گزری ہے یا نہیں۔ اوور"...... کرنل ٹھاکر نے کہا۔

"نو سر۔ ابھی تک تو سامنے نہیں آئی۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"تمہارے قریب ترین کون سی چیک پوسٹ ہے۔ اوور"۔ کرنل ٹھاکر نے کہا۔

"راسولی چیک پوسٹ سر۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"وہاں کا انچارج کون ہے۔ اوور"...... کرنل ٹھاکر نے پوچھا۔

"کیپٹن مہیش سر۔ اوور"...... دوسری طرف سے جواب دیا گیا۔

"اس کی سپیشل فریکونسی کیا ہے۔ اوور"...... کرنل ٹھاکر نے پوچھا تو دوسری طرف سے فریکونسی بتا دی گئی۔

"اوکے۔ اوور اینڈ آل"...... کرنل ٹھاکر نے کہا اور ٹرانسمیٹر آف کر کے اس نے ایک بار پھر اس پر فریکونسی ایڈجسٹ کرنا شروع کر دی۔ یہ وہ فریکونسی تھی جو ابھی اسے بتائی گئی تھی۔ فریکونسی

ایڈجسٹ کر کے اس نے ٹرانسمیٹر آن کر دیا۔

"ہیلو ہیلو۔ چیف آف ایم آئی کرنل ٹھاکر کالنگ۔ اوور"۔ کرنل ٹھاکر نے کہا۔

"یس سر۔ یس سر۔ کیپٹن مہیش اٹنڈنگ یو فرام چیک پوسٹ راسولی سر۔ اوور"...... چند لمحوں بعد ہی دوسری طرف سے ایک مؤدبانہ آواز سنائی دی۔

"کیپٹن مہیش۔ ایک ٹرباکو جیپ جس میں ایک عورت اور پانچ مرد سوار ہیں نوگاشی جاتے ہوئے تمہاری چیک پوسٹ سے گزریں گے تم نے انہیں وہیں روکنا ہے۔ میرا اسسٹنٹ کیپٹن ارشن راؤ ہیلی کاپٹر پر تمہارے پاس پہنچ رہا ہے۔ جب تک کیپٹن ارشن راؤ انہیں کلیئر نہ کرے تم نے انہیں کلیئر نہیں کرنا اور یہ سن لو کہ تم نے اور تمہارے ساتھیوں نے انتہائی چوکنا رہنا ہے کیونکہ بظاہر یہ کافرستانی سپیشل کمانڈوز ہیں لیکن مجھے شبہ ہے کہ ہو سکتا ہے کہ یہ لوگ پاکیشیائی سیکرٹ ایجنٹ ہوں لیکن ابھی یہ صرف اندازہ ہے اس لئے تم نے انہیں بس روکنا ہے۔ اوور"...... کرنل ٹھاکر نے کہا۔

"حکم کی تعمیل ہو گی سر۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"اوور اینڈ آل"...... کرنل ٹھاکر نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے ٹرانسمیٹر آف کر دیا۔

"تم جاؤ اور جا کر انہیں اچھی طرح چیک کرو۔ زیرو سکس

ٹرانسمیٹر ساتھ لے جاؤ اور مجھے اس پر ساتھ ساتھ رپورٹ دیتے رہنا اور ہر لحاظ سے محتاط رہنا"...... کرنل ٹھاکر نے کیپٹن کرشن راؤ سے کہا۔

"آپ بے فکر رہیں سر۔ کاش یہ وہی لوگ ہوں پھر آپ دیکھیں گے کہ میں ان کا کیا حشر کرتا ہوں"...... کیپٹن کرشن راؤ نے کہا اور مڑ کر تیزی سے خیمے کی باہر کی طرف دوڑ پڑا جہاں ایک طرف ملٹری انٹیلی جنس کا خصوصی تیز رفتار ہیلی کاپٹر موجود تھا اور کرنل ٹھاکر نے اس انداز میں سر ہلا دیا جیسے اسے بھی یہ یقین ہو کہ کیپٹن کرشن راؤ بہرحال انہیں سنبھال لے گا۔

ثریا کو جیپ خصوصی طور پر پہاڑی علاقوں میں سفر کرنے کے لئے بنائی گئی تھی۔ اس کا سسٹم ایسا تھا کہ یہ ہر حالت میں قابل استعمال رہتی تھی۔ یہی وجہ تھی کہ انتہائی تنگ اور پیچ دار موڑوں پر بھی یہ انتہائی آسانی سے گھوم کر آگے بڑھ جاتی تھی۔ اس وقت ثریا کو جیپ تنگ پہاڑی راستوں پر خاصی تیز رفتاری سے آگے بڑھی چلی جا رہی تھی۔ ڈرائیونگ سیٹ پر سالار ہاشم تھا۔ یہ ایک مقامی نوجوان تھا جبکہ اس کی سائیڈ سیٹ پر عمران بیٹھا ہوا تھا۔ اس کے کاندھے پر سپیشل کمانڈوز کے کرنل کا خصوصی بیج تھا۔ عقبی سیٹوں میں سے ڈرائیور والی سائیڈ پر جولیا بیٹھی ہوئی تھی۔ اس کے کاندھے پر کیپٹن کا بیج تھا جبکہ عمران کے پیچھے صفدر بیٹھا ہوا تھا۔ اس کے کاندھے پر بھی کیپٹن کا بیج تھا جبکہ سب سے آخر میں تنویر اور کیپٹن شکیل بیٹھے ہوئے تھے۔ ان دونوں کے کاندھوں پر کوئی مخصوص بیج نہ تھا۔ ان

سب کی جیبوں میں مخصوص مشین پسٹل موجود تھے اور تنویر اور کیپٹن شکیل کے کاندھوں سے مشین گنیں بھی لٹکی ہوئی تھیں۔

"سالار ہاشم۔ ہم کتنی دیر میں نوگاشی پہنچ جائیں گے"...... عمران نے کہا۔

"سر۔ آگے ایک اور چیک پوسٹ ہے راسولی۔ اس کے بعد نوگاشی کا علاقہ شروع ہو جائے گا"...... سالار ہاشم نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"تم نے ایئر فورس کا اڈا دیکھا ہوا ہے"...... عمران نے پوچھا۔

"یس سر"...... سالار ہاشم نے جواب دیا۔

"ہم نے اس اڈے سے کوئی تیز رفتار ہیلی کاپٹر اڑانا ہے اس لئے جیسے ہی اڈا قریب آئے تم نے ہمیں بتا دینا ہے کیونکہ وہاں ہمیں انتہائی تیز رفتار ایکشن کرنا پڑے گا"...... عمران نے کہا۔

"یس سر۔ لیکن یہ اڈا ایک انتہائی تنگ درے سے موڑ کاٹنے کے بعد آتا ہے اور اس تنگ درے کے اوپر دونوں طرف چیک پوسٹیں بنی ہوئی ہیں جن میں بھاری مشین گنیں بھی نصب ہیں اور ایئر کرافٹ گنیں بھی"...... سالار ہاشم نے کہا۔

"ان کی فکر مت کرو۔ اصل مسئلہ انسانوں کا ہوتا ہے ورنہ گنیں بے چاری اب خود بخود تو حرکت میں آنے سے رہیں"...... عمران نے مسکراتے ہوئے جواب دیا اور سالار ہاشم نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

پھر تقریباً آدھے گھنٹے کے سفر کے بعد جیپ نے ایک موڑ کاٹا وہ اب

...ں کی طرف ایک چھوٹی سی وادی میں اترتی چلی جا رہی تھی اور نیچے ...ں میں باقاعدہ ایک چیک پوسٹ بنی ہوئی تھی جس میں دو کمرے ...تھے اور وہاں خاصے مسلح فوجی موجود تھے۔ ان سب کی نظریں اوپر ...تھیں۔ ظاہر ہے جیپ انہیں خاصی بلندی سے نظر آنے لگ گئی ...اس لئے وہ جیپ کو دیکھ رہے تھے۔ سڑک کے درمیان لوہے کا ...موجود تھا۔

"یہ راسولی چیک پوسٹ ہے سر"...... سالار ہاشم نے کہا۔

"ٹھیک ہے"...... عمران نے اسی طرح مطمئن لہجے میں کہا اور ...تھوڑی دیر بعد جیپ ایک چیک پوسٹ پر جا کر رک گئی تو ایک ...قد اور بھاری جسم کا کیپٹن جیپ کی طرف بڑھا جبکہ باقی مسلح ...وں نے باقاعدہ جیپ کو گھیرے میں لے لیا۔

"سپیشل کمانڈوز سپیشل مشن"...... عمران نے اس کیپٹن کے ...ب آتے ہی بھاری اور تحکمانہ لہجے میں کہا۔

"یس سر۔ آپ سب نیچے آ جائیں"...... کیپٹن نے باقاعدہ ...وٹ مارتے ہوئے انتہائی مؤدبانہ لہجے میں کہا۔

"کیوں۔ تم کاغذات چیک کر سکتے ہو"...... عمران نے چونک کر ...کہا۔

"سر۔ جیپ کی تلاشی لینی ہے۔ اٹ از سٹینڈنگ آرڈرز سر"۔ ...ٹن نے جواب دیا۔

"اوکے"...... عمران نے کہا اور پھر اس نے مڑ کر سب ساتھیوں

کو نیچے آنے کا اشارہ کیا اور خود بھی نیچے اتر آیا۔ اس کے سارے سا
سالار ہاشم سمیت نیچے اتر آئے۔ جولیا بھی مقامی میک اپ میں
تھی۔

"آئیے سر۔ ادھر کمرے میں تشریف لے آئیں وہاں کاغذات چ
کر لیتے ہیں سر"...... کیپٹن نے کہا۔

"آؤ"...... عمران نے کہا اور کمرے کی طرف بڑھ گیا۔ کیپٹن
اپنے سپاہیوں کو جیپ کی تلاشی لینے کا اشارہ کیا اور پھر وہ تیز تیز
اٹھاتا عمران کے پیچھے کمرے کی طرف بڑھ گیا۔

"تشریف رکھیں سر"...... کیپٹن نے ایک کرسی کی طرف ا
کرتے ہوئے کہا اور عمران سر ہلاتا ہوا کرسی پر بیٹھ گیا۔ اس
جیب سے کاغذات نکال کر کیپٹن کے ہاتھ میں دے دیئے اور کی
اپنی کرسی پر بیٹھ کر انہیں چیک کرنے لگا۔

"کیا بات ہے۔ تم انتہائی سست رفتاری سے کام کر رہے
کیا کوئی خاص بات ہے"...... اچانک عمران نے حیرت بھرے ا
میں کہا کیونکہ اس نے محسوس کیا تھا کہ کیپٹن کا رویہ نارمل
ہے بلکہ وہ ایک ایک کاغذ کو اس انداز میں چیک کر رہا تھا جیسے
اس کے اندر چھپی ہوئیں مافوق الفطرت طاقتوں کو تلاش کر رہا

"اوہ۔ نو سر۔ دراصل ان دنوں انتہائی سخت چیکنگ کے آ
ہیں سر"...... کیپٹن نے پھیکی ہنسی ہنستے ہوئے کہا۔

"جلدی کرو۔ ہمارا مشن انتہائی اہم ہے۔ ہم یہاں دیر تک

...... عمران نے کہا۔

"یس سر۔ یس سر"...... کیپٹن نے جواب دیا لیکن اس کا
چیک کرنے کا انداز وہی رہا تھا۔ عمران ہونٹ بھینچے خاموش
رہا۔ تھوڑی دیر بعد اس نے کاغذات چیک کر لئے اور پھر ایک
سانس لیا۔

"آپ کے کاغذات تو درست ہیں لیکن"...... کیپٹن نے کہا تو
بے اختیار چونک پڑا۔

"لیکن کیا مطلب"...... عمران نے چونک کر کہا۔

"جناب آپ کو کچھ دیر انتظار کرنا پڑے گا کیونکہ ملٹری انٹیلی جنس
کی کال آئی تھی جس میں بتایا گیا تھا کہ اب جو بھی جیپ
پوسٹ سے گزرے اسے اس وقت تک روکا جائے جب تک
کے سیکنڈ چیف کیپٹن کرشن راؤ انہیں چیک کر کے کلیئر نہ
وہ ہیلی کاپٹر پر یہاں پہنچنے والے ہیں۔ میں اس لئے انتہائی
کام کر رہا تھا کہ اس دوران وہ آ جائیں لیکن ابھی تک وہ نہیں
اور آپ بڑے افسر ہیں اس لئے میں نے آپ کو سچ بتا دیا
کیپٹن نے کھوکھلی ہنسی ہنستے ہوئے کہا اور اس کی بات
عمران کی آنکھوں میں بے اختیار چمک ابھر آئی کیونکہ وہ ایئر
کے اڈے پر جا ہی وہاں سے ہیلی کاپٹر اڑانے کے لئے رہا تھا اور
جبکہ ہیلی کاپٹر وہاں پہنچ رہا تھا اور وہ بھی ملٹری انٹیلی جنس کا ہیلی
راستے میں زیادہ چیک بھی نہ کیا جائے گا تو عمران نے فوراً

ہی فیصلہ کر لیا کہ اس ہیلی کاپٹر کو حاصل کیا جائے۔

"اوہ۔ پھر تو کوئی مسئلہ نہیں ہے کیپٹن"...... عمران مسکراتے ہوئے کہا اور جان بوجھ کر کیپٹن کے لفظ کے بعد خاموش ہو گیا تاکہ وہ اپنا نام بتا سکے۔

"کیپٹن مہیش سر"...... کیپٹن نے جواب دیا۔

"ہم ہر طرح کی چیکنگ کے لئے تیار ہیں۔ آیئے باہر ہیں"...... عمران نے مسکراتے ہوئے کہا اور اٹھ کھڑا ہوا۔ کاغذ اس نے اٹھا کر واپس جیب میں ڈال لئے تھے۔ اس کے اٹھتے ہی کیپٹن مہیش بھی اٹھ کھڑا ہوا۔

"یہاں آپ کے کتنے آدمی ڈیوٹی دیتے ہیں"...... عمران نے چلتے ہوئے پوچھا۔

"مجھ سمیت آٹھ سر"...... کیپٹن مہیش نے عقب میں آتے ہوئے جواب دیا۔

"ہونہہ۔ ٹھیک ہے آپ اپنے آدمیوں کو یہاں بلائیں تاکہ میں انہیں بتا سکوں کہ آپ کتنے فرض شناس اور کتنے بااخلاق ہیں۔ آپ جیسے فرض شناس اور بااخلاق آفیسر کافرستان کے لئے سرمایہ حیثیت رکھتے ہیں"...... عمران نے مسکراتے ہوئے کہا تو کیپٹن مہیش کا چہرہ یکلخت چمک اٹھا۔

"یس سر۔ یس سر۔ تھینک یو سر"...... کیپٹن مہیش نے تعریف پر بے حد خوش ہوتے ہوئے کہا کیونکہ عمران ظاہر ہے کہ

اہم شعبے کا کرنل تھا اس کی طرف سے تعریفی الفاظ کیپٹن مہیش عام کیپٹن کے لئے انتہائی قابل قدر تھے اور پھر اس نے عمران کے کہنے پر اپنے تمام ساتھیوں کو وہاں اکٹھے ہونے کا حکم دیا تو اس کے سارے ساتھی تیزی سے اس کمرے کی طرف بڑھنے لگے۔

"کرنل صاحب تم سے بات کرنا چاہتے ہیں۔ سامنے قطار بنا لو"...... کیپٹن مہیش نے کہا تو سات افراد جو کہ عام فوجی تھے ایک قطار کی صورت میں سامنے کھڑے ہو گئے۔ عمران کے ساتھی جیپ کے ساتھ کھڑے حیرت بھری نظروں سے یہ سب کچھ دیکھ رہے تھے۔

"تمہارا کیا نام ہے"...... عمران نے ایک سپاہی سے مخاطب ہو کر کہا۔

"سروج سر"...... سپاہی نے باقاعدہ سیلوٹ مار کر جواب دیتے ہوئے کہا۔

"اپنے کاندھے سے لٹکی ہوئی مشین گن مجھے دکھاؤ۔ میں دیکھنا چاہتا ہوں کہ تم نے اسے کس انداز میں رکھا ہوا ہے"...... عمران نے تحکمانہ لہجے میں کہا۔

"یس سر"...... سروج نامی سپاہی نے کہا اور کاندھے سے لٹکی ہوئی مشین گن اتار کر وہ آگے بڑھا اور اس نے مؤدبانہ انداز میں مشین گن عمران کے ہاتھوں میں دے دی اور خود پیچھے ہٹ کر واپس قطار میں کھڑا ہو گیا۔

"گڈ۔ میگزین پورا ہے اور لوڈ بھی ہے۔ ویری گڈ"۔ عمران

نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے مشین گن اس طرح سیدھی کی جیسے اسے چیک کرنا چاہتا ہو لیکن دوسرے لمحے تڑتڑاہٹ کی تیز آوازوں کے ساتھ ہی سامنے کھڑے ہوئے ساتوں کے ساتوں سپاہی یکلخت چیختے ہوئے اچھلے اور پشت کے بل نیچے گر کر تڑپنے لگے۔

"سر۔ سر"...... کیپٹن مہیش نے یہ سب کچھ دیکھ کر حیرت کی شدت سے چیختے ہوئے کہا لیکن دوسرے لمحے عمران کا ہاتھ گھوما اور کیپٹن مہیش بھی چیختا ہوا نیچے گرا اور تڑپنے لگا۔

"ان سب کی لاشیں اٹھا کر چٹانوں کے پیچھے چھپا دو اور یہاں موجود خون پر مٹی ڈال دو۔ جلدی کرو۔ ملٹری انٹیلی جنس کا سیکنڈ چیف کیپٹن کرشن راؤ کسی بھی لمحے یہاں پہنچنے والا ہے۔ وہ خصوصی طور پر ہماری جیپ چیک کرنے آ رہا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ انہیں کہیں سے بھی ہمارے متعلق اطلاع مل چکی ہے۔ جلدی کرو۔ ہم نے اس ہیلی کاپٹر پر قبضہ کرنا ہے اور اس کیپٹن پر بھی"۔ عمران نے چیخ کر کہا تو جیپ کے ساتھ حیرت سے بت بنے کھڑے اس کے ساتھی واقعی بجلی سے چلنے والے انتہائی تیز رفتار کھلونوں کی طرح حرکت میں آئے اور پھر چند ہی لمحوں بعد نہ صرف یہ لاشیں غائب ہو چکی تھیں بلکہ خون کے دھبے بھی چھپا دیئے گئے تھے۔

"ادھر ادھر پھیل جاؤ۔ میں کمرے میں رہوں گا کیونکہ ہو سکتا ہے کہ آنے والا پہلے ٹرانسمیٹر کال کرے"...... عمران نے کہا۔

"تو اب نوکاشی پر ریڈ نہیں کرنا"...... صفدر نے کہا۔

"نہیں۔ ملٹری انٹیلی جنس کا خصوصی ہیلی کاپٹر ہمیں یہیں مل رہا ہے اور ہمیں کیا چاہئے"...... عمران نے کہا تو سب ساتھیوں نے اثبات میں سر ہلا دیئے اور پھر وہ سب تیزی سے ادھر ادھر اس انداز میں بکھر گئے کہ ہیلی کاپٹر پر آنے والا بھی انہیں اوپر سے چیک نہ کر سکے۔ پہلے انہوں نے لاشیں بھی اسی انداز میں چھپائی تھیں اور اب وہ خود بھی اسی انداز میں چھپے ہوئے تھے۔ عمران کمرے کے دروازے کے اندرونی طرف اوٹ لے کر کھڑا ہو گیا کیونکہ اسے معلوم نہ تھا کہ ہیلی کاپٹر کس رخ سے برآمد ہو گا۔ چند لمحوں بعد اچانک میز پر پڑے ہوئے ٹرانسمیٹر سے کال آنا شروع ہو گئی تو عمران تیزی سے آگے بڑھا اور اس نے ٹرانسمیٹر آن کر دیا۔

"ہیلو ہیلو کیپٹن کرشن راؤ سیکنڈ چیف آف ایم آئی کالنگ۔ اوور"...... ایک تیز اور تحکمانہ آواز سنائی دی اور عمران اس کا لہجہ اور انداز سن کر سمجھ گیا کہ کیپٹن کرشن راؤ احساس برتری میں مبتلا ہے۔

"یس سر۔ یس سر۔ میں کیپٹن مہیش بول رہا ہوں سر۔ چیک پوسٹ سے سر۔ اوور"...... عمران نے نہ صرف جواب میں سر کی گردان کر دی تھی بلکہ اس کا لہجہ بھی انتہائی مؤدبانہ ہو گیا تھا۔

"کیا پوزیشن ہے۔ کیا وہ جیپ پہنچی ہے جس میں کمانڈوز سوار تھے۔ اوور"...... دوسری طرف سے تحکمانہ لہجے میں کہا گیا۔ اس بار بولنے والے کا انداز ایسا تھا کہ صاف ظاہر ہوتا تھا کہ اسے جس لہجے

اور انداز میں جواب ملا ہے اس سے اس کی انا کو انتہائی تسکین پہنچی ہے۔

"یس سر۔ وہ یہاں موجود ہیں سر۔ اوور"...... عمران نے کیپٹن مہیش کے لہجے میں کہا۔

"لیکن مجھے تو صرف جیپ نظر آرہی ہے۔ نہ ہی تمہارا کوئی آدمی نظر آرہا ہے اور نہ ہی وہ کمانڈوز نظر آرہے ہیں۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"وہ سب کیپٹن اور کرنل کے عہدے کے آفیسرز ہیں جناب اس لئے وہ سب اس کمرے میں موجود ہیں اور میرے آدمی بھی موجود ہیں سر۔ وہ اپنے مخصوص پوائنٹس پر ڈیوٹی دے رہے ہیں اور آپ کو سلامی دینے کے لئے انتہائی بے چین ہیں سر۔ اوور"...... عمران نے کہا۔

"اوہ اچھا۔ ٹھیک ہے۔ میں آرہا ہوں۔ اوور"...... دوسری طرف سے انتہائی مسرت بھرے لہجے میں کہا گیا۔ ظاہر ہے عمران نے سلامی دینے کی بات کی ہی اس لئے تھی کہ اس کا شک دور ہو جائے اور وہ اکڑتا ہوا فوراً نیچے اتر آئے۔

"سر۔ یہاں صرف میں عہدیدار ہوں اس لئے آپ کا استقبال میں کروں گا۔ جب آپ یہاں پہنچیں گے تو پھر میرے سپاہی آپ کو باقاعدہ سلامی دیں گے۔ اوور"...... عمران نے اسے مزید چڑھاتے ہوئے کہا۔

"اوہ۔ ویری گڈ۔ تم اچھے کیپٹن ہو۔ اوکے میں آرہا ہوں۔ اوور اینڈ آل"...... کیپٹن کرشن راؤ عمران کی بات سن کر سب کچھ بھول گیا تھا اور عمران نے ایک طویل سانس لیتے ہوئے ٹرانسمیٹر آف کر دیا اور پھر وہ دروازے کے قریب آکر رک گیا۔ اچانک اسے خیال آیا کہ اس نے تو کمانڈوز کی یونیفارم پہنی ہوئی ہے۔ اس وقت تو اس نے اس خیال میں اسے کہہ دیا تھا کہ وہ خود اس کا استقبال کرے گا لیکن اب ظاہر ہے وہ ایسا نہیں کر سکتا تھا اور دروازے پر اسے دیکھتے ہی کیپٹن ہیلی کاپٹر نیچے ہی نہ اتارے گا۔ بہرحال اب فوری طور پر تو سوائے انتظار کے اور کچھ نہیں ہو سکتا تھا اس لئے وہ دروازے کی اوٹ میں کھڑا ہو گیا اور پھر چند لمحوں بعد اس کے کانوں میں ہیلی کاپٹر کی آواز پڑی۔ ہیلی کاپٹر اس کمرے کے عقب میں اترا تھا جب عمران نے محسوس کر لیا کہ ہیلی کاپٹر لینڈ کر چکا ہے تو وہ تیزی سے دروازے سے نکلا اور سائیڈ سے ہو کر دیوار کے ساتھ ساتھ لگا ہوا آگے بڑھنے لگا اور ابھی وہ دیوار کے کونے کے قریب ہی پہنچا تھا کہ اچانک سائیڈ سے ایک لمبے قد کا نوجوان نمودار ہوا اور پھر اس سے پہلے کہ وہ سنبھلتا عمران کسی عقاب کی طرح اس پر جھپٹا اور دوسرے لمحے وہ نوجوان کوئی آواز نکالے بغیر اس کے بازوؤں میں جھول رہا تھا۔ عمران نے اسے معمولی سا سنبھلنے کا موقع بھی نہ دیا تھا۔ اسی وقت عمران کے ساتھی بھی ادھر ادھر سے اوٹ سے نکل کر اس کی طرف بڑھنے لگے۔ عمران نے اس نوجوان کو کاندھے پر ڈالا اور تیزی

سے کمرے کے دروازے کی طرف مڑ گیا۔ پھر اس نے اسے اندر کمرے میں زمین پر لٹا دیا اور خود باہر آ گیا۔ عمران کے ساتھیوں کے ساتھ سالار ہاشم بھی موجود تھا۔

" سالار ہاشم۔ کیا تم جیپ لے کر واپس ناگ ہٹ کرنل احسن تک پہنچ جاؤ گے "....... عمران نے سالار ہاشم سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا۔

" یس سر۔ آسانی سے "....... سالار ہاشم نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

" راستے میں چیک پوسٹیں ہیں جہاں سے ہم گزر کر آئے ہیں۔ انہیں کیا جواب دو گے "....... عمران نے پوچھا۔

" سر۔ مجھے ایسے راستے آتے ہیں جو چیک پوسٹوں سے ہٹ کر ہیں اور چونکہ طویل اور دشوار گزار ہیں اس لئے میں آتے ہوئے ادھر سے نہیں گزرا تھا اب میں ان راستوں سے ہو کر چلا جاؤں گا اور مجھے یقین ہے کہ اگر خصوصی طور پر چیکنگ نہ کی گئی تو میں جیپ لے کر اپنے اڈے پر پہنچ جاؤں گا "....... سالار ہاشم نے بااعتماد لہجے میں جواب دیتے ہوئے کہا۔

" اوکے۔ پھر تم جاؤ۔ خدا حافظ "....... عمران نے کہا تو سالار ہاشم انہیں سلام کر کے جیپ کی طرف مڑ گیا۔

" صفدر تم ہیلی کاپٹر کو چیک کرو۔ اس میں فیول وغیرہ کی کیا پوزیشن ہے۔ تم لوگوں کے اس طرح سامنے آ جانے کا مطلب ہے کہ

کیپٹن اکیلا ہی آیا ہے "....... عمران نے کہا۔

" ہاں۔ اکیلا تھا۔ ہم نے چیک کر لیا تھا "....... صفدر نے کہا اور تیزی سے واپس مڑ گیا۔

" بظاہر تو اسے یہاں ان حالات میں لینڈ نہیں کرنا چاہئے تھا۔ کیا یہ احمق تھا "....... جولیا نے منہ بناتے ہوئے کہا۔

" اس کی ٹرانسمیٹر کال آئی تھی۔ اس نے یہ بات کی تھی لیکن میں نے اسے بانس پر چڑھا دیکھ کر کہا کہ ہم مخصوص پوائنٹ پر موجود ہیں اور تمہیں سلامی دیں گے۔ بس اتنی سی بات پر یہ سب کچھ بھول کر نیچے اتر آیا "....... عمران نے مسکراتے ہوئے کہا اور جولیا بے اختیار ہنس پڑی۔

" عمران صاحب یہاں سے قریب ہی نوگاشی کا اڈا ہے اس لئے ہمیں جلد از جلد یہاں سے روانہ ہونا چاہئے "....... خاموش کھڑے کیپٹن شکیل نے کہا۔

" ہاں۔ میں اسے ہوش میں لا کر اس سے چند ضروری سوالات کا جواب حاصل کر لوں پھر روانگی کا طبل بجا دیں گے "....... عمران نے اثبات میں سر ہلاتے ہوئے کہا اور مڑ کر فرش پر بے ہوش پڑے ہوئے کیپٹن کرشن راؤ کی طرف بڑھ گیا۔

شاگل نے جان بوجھ کر اپنے لئے پلاسن کا انتخاب کیا تھا کیونکہ اب تک کے تجربہ کے بعد اسے یقین تھا کہ درمیان میں عمران اور اس کے ساتھیوں کو روکنے کے تمام حربے ناکام رہیں گے اور عمران پلاسن کے اڈے کو تباہ کرنے کے لئے بہرحال کسی نہ کسی طرح پلاسن پہنچ جائے گا اس لئے اس نے یہاں پہنچ کر اپنا ایک باقاعدہ آفس قائم کر لیا تھا اور اپنے ساتھ آنے والے دس افراد کو اس نے شہر اور اس کے گرد مختلف راستوں پر اس انداز میں تعینات کر دیا کہ عمران اور اس کے ساتھی چاہے کسی بھی انداز میں یہاں پہنچیں اس تک ان کی آمد کی اطلاع پہنچ جائے۔ ویسے تو یہ بات حقیقت تھی کہ ایم دی تھری ہیلی کاپٹر کے بغیر پلاسن کی چوٹی پر اور پھر خفیہ اڈے تک کسی طرح بھی نہ پہنچا جا سکتا تھا اور ایم دی تھری ہیلی کاپٹر راہندر تو ایئر بیس میں نہ صرف انڈر گراؤنڈ کر دیئے گئے تھے بلکہ

انہیں اس انداز میں کیموفلاج کیا گیا تھا کہ وہ فوری طور پر فلائی بھی نہ کر سکیں۔ اس کے ساتھ ساتھ پورے اڈے کی سیکورٹی کو ریڈ الرٹ کر دیا گیا تھا اس لئے اسے یقین تھا کہ وہاں سے یہ ہیلی کاپٹر حاصل کرنا بے حد مشکل ہے لیکن اس کے باوجود عمران اور اس کے ساتھیوں کے بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا تھا کہ وہ ہیلی کاپٹر کس انداز میں لے اڑیں لیکن یہاں پلاسن سے ذرا ہٹ کر ایئر فورس کا خصوصی میزائل اڈا موجود تھا جسے حکومت کی طرف سے حکم دے دیا گیا تھا کہ اگر ایم دی تھری ہیلی کاپٹر اس کی رینج میں داخل ہو تو وہ بغیر کسی نوٹس کے اسے تباہ کر دے اس لئے اسے یقین تھا کہ عمران ایم دی تھری ہیلی کاپٹر میں آنے کے بعد یہاں زندہ نہ پہنچ سکے گا لیکن اس کے باوجود اس نے اپنا ایک خاص آدمی وہاں بھجوا دیا تھا تاکہ کسی بھی اچانک اور ہنگامی صورت حال کے بارے میں وہ اسے براہ راست اطلاع کر سکے کیونکہ شاگل کو خطرہ تھا کہ کہیں عمران صدر، وزیراعظم، وزیر دفاع یا ایئر مارشل یا کسی بھی ایسے عہدیدار کے لہجے اور آواز میں اڈے والوں کو کوئی ایسا حکم دے کر اپنے خلاف کارروائی رکوا دے۔ ایسی صورت میں اس کا آدمی اسے اطلاع دیتا تو وہ فوری طور پر اس صورت حال کو سنبھال لیتا۔ اڈے کے انچارج ایئر کمانڈر سورن سنگھ سے اس نے اس سلسلے میں پہلے ہی بات چیت مکمل کر لی تھی۔ اس کے علاوہ اس کے ذہن میں ایک اور بات بھی موجود تھی۔ اسے عمران کی عادت کا علم تھا کہ وہ ایسے طریقے اور

راستے اختیار کرنے کا عادی ہے جو عام نہ ہوں۔ اس لئے ہو سکتا ہے کہ وہ ایم وی تھری ہیلی کاپٹر کی بجائے کسی اور ذریعے یا کسی اور طریقے سے اڈے تک پہنچنے کی کوشش کرے اس لئے وہ ہر طرف سے انتہائی محتاط تھا۔ اس وقت وہ پلاسن میں اپنے آفس میں کرسی پر بیٹھا ہوا تھا۔ سامنے میز پر ٹرانسمیٹر موجود تھا کہ اچانک ٹرانسمیٹر سے کال آنا شروع ہو گئی تو شاگل نے ہاتھ بڑھا کر ٹرانسمیٹر آن کر دیا۔

"ہیلو ہیلو۔ کرنل ٹھاکر چیف آف ایم آئی کالنگ۔ اوور"۔ ٹرانسمیٹر سے ملٹری انٹیلی جنس کے چیف کرنل ٹھاکر کی آواز سنائی دی تو شاگل بے اختیار اچھل پڑا۔ اس کے ذہن کے کسی گوشے میں بھی یہ بات نہ تھی کہ کرنل ٹھاکر بھی اسے یہاں کال کر سکتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ کوئی خاص بات ہو گئی ہے۔

"یس شاگل اٹنڈنگ یو۔ چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس۔ اوور"...... شاگل نے بھی باقاعدہ اپنا پورا تعارف کراتے ہوئے کہا۔

"مسٹر شاگل مجھے اطلاع ملی ہے کہ ایک جیپ جس میں کافرستان کے سپیشل کمانڈوز سوار ہیں ناگ سپٹ کے علاقے سے نوگاشی کی طرف جا رہے ہیں۔ میں نے راسولی چیک پوسٹ کے انچارج کیپٹن مہیش کو حکم دیا کہ وہ اس جیپ کو اس وقت تک روکے جب تک میرا نائب کیپٹن کرشن راؤ انہیں خود چیک کر کے کلیئر نہ کر دے۔ پھر میں نے کیپٹن کرشن راؤ کو ہیلی کاپٹر پر وہاں بھجوا دیا۔ جب کافی دیر کے باوجود کیپٹن کرشن راؤ کی طرف سے کوئی کال نہ آئی تو میں

نے چیک پوسٹ راسولی کے انچارج کو کال کرنے کی کوشش کی لیکن وہاں بھی کال اٹنڈ نہ کی جا رہی تھی۔ میں نے ہیلی کاپٹر میں موجود ٹرانسمیٹر پر کال کی تو کال کیپٹن کرشن راؤ نے اٹنڈ کی۔ اس نے بتایا کہ وہ جب وہاں پہنچا تو چیک پوسٹ کا تمام عملہ ہلاک ہو چکا تھا۔ جیپ بھی غائب تھی۔ وہ اب انہیں تلاش کر رہا ہے۔ میں مطمئن ہو گیا۔ پھر کافی دیر بعد اچانک مجھے میرے آدمیوں کی طرف سے اطلاع ملی کہ ایم آئی کا ہیلی کاپٹر پلاسن کی طرف جاتا ہوا دیکھا گیا ہے۔ یہ وہی ہیلی کاپٹر ہے جسے کیپٹن کرشن راؤ اڑا رہا تھا۔ میں یہ سن کر بے حد حیران ہوا۔ میں نے اسے دوبارہ کال کیا اور اس سے پوچھا کہ وہ پلاسن کی طرف کیوں جا رہا ہے تو اس نے بتایا کہ اسے اطلاع ملی ہے کہ وہ کمانڈوز نوگاشی اڈے سے ایک ہیلی کاپٹر اڑا کر پلاسن جا رہے ہیں۔ وہ ان کے پیچھے جا رہا ہے۔ میں نے جب اسے واپس آنے کا کہا تو اس نے انکار کر دیا جس پر مجھے شک پڑ گیا۔ میں نے جب اسے سختی سے ڈانٹ کر کہا تو اس نے ٹرانسمیٹر آف کر دیا اور اب وہ کال کا جواب نہیں دے رہا۔ مجھے معلوم ہے کہ پلاسن میں آپ موجود ہیں اس لئے میں آپ کو کال کر رہا ہوں کہ جیسے ہی کیپٹن کرشن راؤ وہاں پہنچے آپ کو میری طرف سے اختیار ہے کہ اسے گرفتار کر لیں۔ میں اس کا کورٹ مارشل کراؤں گا آپ اس کو گرفتار کر کے مجھے اطلاع دیں۔ اوور"...... دوسری طرف سے کرنل ٹھاکر نے تفصیل سے بات کرتے ہوئے کہا تو شاگل بے اختیار اچھل پڑا۔

"آپ کے ہیلی کاپٹر کا نمبر اور نشانی کیا ہے۔ اوور"...... شاگل نے تیز لہجے میں پوچھا کیونکہ اس کے ذہن میں فوراً یہ بات سٹرائیک ہوئی تھی کہ لامحالہ ہیلی کاپٹر پر عمران اور اس کے ساتھی ہی قابض ہوں گے۔ اس کیپٹن کو انہوں نے ہلاک کر دیا ہو گا اور اب اس ہیلی کاپٹر پر وہ پلاسن آ رہے ہوں گے اور لازماً کرنل ٹھاکر سے بات کرنے والا اس کا ماتحت نہیں ہو گا بلکہ عمران خود ہو گا۔

"اس پر ایم آئی کے بڑے بڑے الفاظ لکھے ہوئے ہیں۔ نمبر کا مجھے علم نہیں ہے۔ اوور"...... دوسری طرف سے جواب دیا گیا۔

"ہیلی کاپٹر ٹرانسمیٹر کی فریکونسی کیا ہے۔ اوور"...... شاگل نے پوچھا تو دوسری طرف سے فریکونسی بتا دی گئی۔

"آپ بے فکر ہو جائیں میں سب ٹھیک کر لوں گا۔ اوور اینڈ آل"۔ شاگل نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے تیزی سے ٹرانسمیٹر پر ایک فریکونسی ایڈجسٹ کرنی شروع کر دی۔

"ہیلو ہیلو۔ شاگل کالنگ۔ اوور"...... شاگل نے تیز لہجے میں کہا

"یس۔ ایئر کمانڈر سورن سنگھ اٹنڈنگ یو سر۔ اوور"...... اڈے کے انچارج ایئر کمانڈر سورن سنگھ کی طرف سے جواب دیا گیا۔

"کمانڈر سورن سنگھ۔ ابھی ابھی مجھے اطلاع ملی ہے کہ ملٹری انٹیلی جنس کا ایک ہیلی کاپٹر جس پر ملٹری انٹیلی جنس کے بڑے بڑے الفاظ لکھے ہوئے ہیں پلاسن کی طرف آ رہا ہے جسے کیپٹن کرشن راؤ چلا رہا ہے لیکن مجھے خدشہ ہے کہ اس میں پاکیشیا کے سیکرٹ

ایجنٹ ہیں اس لئے کیا تم فضا میں ہی چیک کر کے مجھے بتا سکتے ہو کہ اس میں کتنے افراد سوار ہیں۔ شاگل نے کہا۔

"یس سر۔ اگر وہ ہماری رینج میں پہنچا تو ہمارے پاس ایسی مشینری موجود ہے جس سے اسے فضا میں ہی چیک کیا جا سکے گا۔ اوور"...... سورن سنگھ نے جواب دیا۔

"اوکے۔ پھر بطور چیف آف سیکرٹ سروس میرا آرڈر سنو۔ اگر تو اس میں ایک آدمی سوار ہو تو پھر اس ہیلی کاپٹر کو پلاسن شہر سے باہر اتار لینا اور مجھے رپورٹ دینا اور اگر اس میں ایک سے زائد افراد سوار ہوں تو پھر بغیر کسی نوٹس کے اسے فضا میں ہی میزائل مار کر تباہ کر دینا۔ اوور"...... شاگل نے تیز لہجے میں کہا۔

"لیکن سر۔ یہ ملٹری انٹیلی جنس کا ہیلی کاپٹر ہے۔ اوور"...... ایئر کمانڈر سورن سنگھ نے ڈرتے ڈرتے کہا۔

"اوہ۔ یو نانسنس۔ جب میں بطور چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس تمہیں احکامات دے رہا ہوں تو پھر۔ اور دوسری بات یہ کہ کیا تمہیں حکومت کی طرف سے یہ حکم نہیں ملا کہ ایم ڈی تھری ہیلی کاپٹر کو تم نے بغیر کسی نوٹس کے تباہ کرنا ہے۔ کیا وہ کم مالیت کا ہیلی کاپٹر ہے یا وہ حکومت کا نہیں ہے۔ نانسنس۔ ان پاکیشیائی ایجنٹوں کی موت کی خاطر حکومت کافرستان ایک تو کیا ایک ہزار ہیلی کاپٹر تباہ کرانے کے لئے بھی تیار ہو جائے گی۔ اوور"...... شاگل نے انتہائی غصیلے لہجے میں چیختے ہوئے کہا۔

"یس سر۔ یس سر۔ حکم کی تعمیل ہو گی سر۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"جیسے ہی یہ ہیلی کاپٹر چیک ہو مجھے تم نے فوری رپورٹ دینی ہے۔ اوور" شاگل نے کہا۔

"یس سر۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا تو شاگل نے اوور اینڈ آل کہہ کر ٹرانسمیٹر آف کیا اور پھر اس پر ایک اور فریکوئنسی ایڈجسٹ کرنی شروع کر دی۔

"ہیلو ہیلو۔ شاگل کالنگ۔ اوور"...... اس نے فریکوئنسی ایڈجسٹ کرنے کے بعد ٹرانسمیٹر آن کرتے ہوئے کہا۔

"یس سر۔ موتی رام اٹنڈنگ یو سر۔ اوور"...... دوسری طرف سے اس کے نئے اسسٹنٹ موتی رام کی مؤدبانہ آواز سنائی دی۔

"موتی رام۔ مجھے اطلاع ملی ہے کہ عمران اور اس کے ساتھیوں نے ملٹری انٹیلی جنس کے ایک ہیلی کاپٹر پر قبضہ کر لیا ہے اور وہ اس پلاسن کی طرف آ رہے ہیں۔ میں نے میزائل اڈے کے ایئر کمانڈر سورن سنگھ کو حکم دے دیا ہے کہ وہ اس ہیلی کاپٹر کو فضا میں چیک کرے۔ اگر اس میں عمران اور اس کے ساتھی موجود ہوں اس ہیلی کاپٹر کو فضا میں ہی تباہ کر دیا جائے۔ تم ایسا کرو کہ تمام ساتھیوں کو الرٹ کر دو۔ جہاں بھی اس ہیلی کاپٹر کے خلاف بھی کارروائی ہو مجھے فوراً رپورٹ دی جائے۔ اوور"...... شاگل نے کہا۔

"یس باس۔ حکم کی تعمیل ہو گی باس۔ اوور"...... موتی رام نے ائی مؤدبانہ لہجے میں جواب دیتے ہوئے کہا۔

"اوکے۔ اوور اینڈ آل"...... شاگل نے اس بار اطمینان بھرے ہجے میں کہا اور ٹرانسمیٹر آف کر دیا۔

ملٹری انٹیلی جنس کا تیز رفتار ہیلی کاپٹر پہاڑیوں کے درمیان اڑتا ہوا آگے بڑھا چلا جا رہا تھا۔ پائلٹ سیٹ پر خود عمران تھا جبکہ سائیڈ سیٹ پر جولیا اور عقبی سیٹوں پر باقی ساتھی موجود تھے۔ ان کے چیک پوسٹ سے اڑنے کے کچھ دیر بعد ہی ملٹری انٹیلی جنس کے چیف کرنل ٹھاکر کی کال آ گئی تھی۔ عمران نے اسے کیپٹن کرشن راؤ کے لہجے اور آواز میں مطمئن کرنے کی کوشش کی تھی لیکن وہ جب بضد ہو گیا کہ ہیلی کاپٹر واپس ہیڈ کوارٹر چنالی لایا جائے تو عمران نے نہ صرف ٹرانسمیٹر آف کر دیا تھا بلکہ اسے لاک بھی کر دیا تھا۔

"عمران صاحب اس کرنل ٹھاکر کو یقیناً ہم پر شک گزرے گا ہو سکتا ہے کہ وہ ہم پر حملہ کروا دے"...... صفدر نے کہا۔

"ہاں۔ اس ہیلی کاپٹر میں ایمرجنسی پیراشوٹ موجود ہیں۔ سب لوگ یہ پیراشوٹ باندھ لیں۔ اسلحہ وغیرہ بھی ایڈجسٹ کر لیں

کیونکہ کسی بھی وقت کچھ بھی ہو سکتا ہے"...... عمران نے سنجیدہ لہجے میں کہا تو سب نے اثبات میں سر ہلا دیئے۔ ہیلی کاپٹر کے آخر میں بنے ہوئے ایک مخصوص خانے میں واقعی سات آٹھ جدید ساخت کے پیراشوٹ موجود تھے۔ ان سب نے جب پیراشوٹ باندھ لئے تو عمران نے ہیلی کاپٹر کو فضا میں معلق کیا اور پھر خود بھی اس نے پیراشوٹ باندھ لیا۔ اس کے بعد اس نے ایک بار پھر ہیلی کاپٹر کو آگے بڑھانا شروع کر دیا۔

"کیا آپ واقعی رابندر ٹو ایئر بیس کی بجائے پلاسن جا رہے ہیں"۔ کچھ دیر بعد صفدر نے کہا۔

"ہاں"...... عمران نے مختصر سا جواب دیا۔

"بغیر ایم وی تھری ہیلی کاپٹر کے ہم وہاں جا کر کیا کریں گے"۔ صفدر نے حیران ہو کر کہا۔

"مومن ہو تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی"...... عمران نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔

"تو آپ اس بار بغیر اس خصوصی ہیلی کاپٹر کے پلاسن اڈا تباہ کرنا چاہتے ہیں لیکن کیسے"...... صفدر نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"وہاں شاگل موجود ہے اور وہ کم از کم مجھ سے زیادہ عقلمند ہے اس لئے اس سے مشورہ لوں گا"...... عمران نے جواب دیا تو سب بے اختیار ہنس پڑے۔

"بہرحال آپ کے ذہن میں لازماً کوئی پلان تو ہو گا وہ بتائیں"۔

صفدر نے کہا۔

"راہندر ٹو ایئر بیس پر جانا خودکشی کرنے کے مترادف ہے۔ وہ ایک وسیع و عریض اڈا ہے اور وہاں نہ صرف ریڈ الرٹ کر دیا گیا ہے بلکہ ان ہیلی کاپٹروں کو گراؤنڈ کر کے کیموفلاج بھی کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ پلاسن میں موجود میزائلوں کے اڈے کے انچارج کو بھی حکم دے دیا گیا ہے کہ جیسے ہی اس کی رینج میں کوئی ایم وی تھری ہیلی کاپٹر پہنچے وہ بغیر کسی نوٹس کے اسے فضا میں ہی تباہ کر دیں۔ اس کے بعد سوائے اس کے اور کوئی چارہ کار نہیں رہ گیا کہ مومن اب بغیر تیغ کے ہی لڑے"...... عمران نے وضاحت کرتے ہوئے کہا۔

"لیکن پھر اس اڈے کو تباہ کیسے کیا جائے گا۔ جب وہاں تک پہنچا ہی نہیں جا سکتا"...... جولیا نے جھلائے ہوئے لہجے میں کہا۔

"وہاں پہنچ کر اس بارے میں کچھ سوچیں گے۔ پہلے سوچنا شروع کر دیا تو تنویر ناراض ہو جائے گا"...... عمران نے جواب دیا تو ایک بار پھر سب مسکرا دیئے۔

"سوچنے کی کیا ضرورت ہے۔ وہاں سے کوہ پیمائی کا سامان مل جائے گا۔ آخر ماؤنٹ ایورسٹ پر تو اس سے بھی زیادہ سردی ہوتی ہو گی۔ وہاں پر بھی تو ٹیمیں جاتی رہتی ہیں"...... تنویر نے جواب دیا تو عمران سمیت سب بے اختیار چونک پڑے۔

"اوہ۔ واقعی تنویر نے بڑی اچھی بات کی ہے۔ ویری گڈ"۔ عمران

نے کہا تو تنویر کا چہرہ یکلخت چمک اٹھا۔

"لیکن اگر کوہ پیما وہاں تک جا سکتا تو پھر کافرستان کو اس قدر مہنگے ایم وی تھری ہیلی کاپٹر لینے کی کیا ضرورت تھی"...... صفدر نے کہا۔

"تو تمہارا خیال ہے کہ اب اس اڈے تک جانے کے لئے وہ ہر بار کوہ پیمائی کرتے رہیں۔ یہ بات تو ہمیں سوٹ کرتی ہے انہیں نہیں"...... تنویر کی بجائے عمران نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"اب واقعی تنویر کی بات سمجھ میں آ رہی ہے لیکن کیا پلاسن جیسے قصبے میں کوہ پیمائی کا جدید ترین اور مکمل سامان مل جائے گا"۔ صفدر نے کہا۔

"نہیں۔ وہاں نہیں ملے گا۔ ہمیں راج نگر جانا ہو گا۔ ٹھیک ہے۔ اب پہلے راج نگر جائیں گے اور وہاں سے سامان خرید کر پھر پلاسن کا رخ کریں گے"...... عمران نے فیصلہ کن لہجے میں کہا لیکن پھر اس سے پہلے کہ مزید کوئی بات ہوتی ٹرانسمیٹر کا بلب سپارک کرنے لگ گیا کیونکہ عمران نے کال لاک کر رکھی تھی اس لئے ٹرانسمیٹر سے سیٹی کی آواز سنائی نہ دے رہی تھی۔ صرف بلب سپارک کر رہا تھا۔ عمران نے ہاتھ بڑھا کر لاک آف کیا تو ٹرانسمیٹر سے سیٹی کی آواز سنائی دینے لگی اور عمران نے ہاتھ بڑھا کر ٹرانسمیٹر آن کر دیا۔

"ہیلو ہیلو۔ پلاسن ایئر فورس بیس سے ایئر کمانڈر سورن سنگھ کالنگ۔ اوور"...... ایک تیز آواز سنائی دینے لگی تو عمران اور اس کے

ساتھی بے اختیار چونک پڑے۔

"یس۔ کیپٹن کرشن راؤ فرام ایم آئی اٹنڈنگ یو۔ اوور"۔ عمران نے کرشن راؤ کے لہجے اور آواز میں جواب دیتے ہوئے کہا۔

"کیپٹن کیا آپ کا ہیلی کاپٹر پلاسن پہنچ رہا ہے۔ اوور"۔ دوسری طرف سے کہا گیا۔

"نہیں۔ میں سوگالی جا رہا ہوں۔ ایم آئی کے ایک انتہائی اہم کام سے۔ اوور"...... عمران نے سورن سنگھ کا لہجہ سنتے ہی بات کرتے ہوئے کہا۔

"کیا آپ ہیلی کاپٹر میں اکیلے ہیں یا آپ کے اور ساتھی بھی ہیں۔ اوور"...... سورن سنگھ نے ایک بار پھر پراسرار سے لہجے میں بات کرتے ہوئے کہا۔

"میں اکیلا ہوں۔ کیوں۔ اوور"...... عمران نے جواب دیا۔

"کیا آپ درست کہہ رہے ہیں۔ اوور"...... سورن سنگھ نے کہا۔

"تو کیا تمہارا خیال ہے کہ میں جھوٹ بول رہا ہوں۔ اوور"۔ عمران نے اس بار انتہائی غصیلے لہجے میں کہا۔

"آپ ناراض نہ ہوں جناب۔ اگر آپ پلاسن رینج میں آ جاتے تو ہم خود چیک کر لیتے لیکن مجھے کافرستان سیکرٹ سروس کے چیف شاگل نے خصوصی ہدایات دی ہیں کہ آپ کے ہیلی کاپٹر کو چیک کیا جائے لیکن ابھی آپ رینج سے بہت دور ہیں اس لئے میں نے سوچا کہ آپ سے خود ہی پوچھ لوں۔ آخر آپ ذمہ دار آفیسر ہیں۔ اوور"۔

سورن سنگھ نے معذرت بھرے لہجے میں کہا تو عمران کی پیشانی پر شکنیں سی ابھر آئیں۔

"انہیں میرے بارے میں پوچھنے کی کیا ضرورت پڑ گئی۔ بہرحال میں سوگالی جا رہا ہوں پلاسن میں میرا کوئی کام نہیں ہے۔ اوور"۔ عمران نے کہا۔

"یہ تو انہیں ہی معلوم ہو گا کہ وہ کیوں پوچھ رہے ہیں۔ ویسے انہوں نے تو حکم دیا تھا کہ جب آپ پلاسن رینج میں پہنچیں تو مشینری کے ذریعے آپ کو چیک کیا جائے۔ اگر آپ اکیلے ہیں تو آپ کے ہیلی کاپٹر کو زبردستی اتار لیا جائے اور اگر آپ اکیلے نہیں ہیں تو پھر آپ کے ہیلی کاپٹر کو فضا میں کریش کر دیا جائے۔ گو میں نے اس پر احتجاج کیا تھا لیکن وہ اپنے حکم پر بضد تھے اور چونکہ وہ سیکرٹ سروس کے چیف ہیں اس لئے ان کے حکم کی تعمیل بھی ہم پر فرض ہے۔ بہرحال یہ اچھا ہے کہ آپ پلاسن نہیں آ رہے۔ اوور اینڈ آل"...... دوسری طرف سے کہا گیا اور اس کے ساتھ ہی رابطہ ختم ہو گیا تو عمران نے ٹرانسمیٹر آف کر دیا۔

"اس کا مطلب ہے کہ ہمارے اس ہیلی کاپٹر کے بارے میں اطلاع وہاں پہنچ چکی ہے"...... جولیا نے کہا۔

"ہاں۔ میرا خیال ہے کہ کرنل ٹھاکر نے شاگل کو اس بارے میں بتایا ہو گا اور شاگل ظاہر ہے ہمارے بارے میں بہت کچھ جانتا ہے"...... عمران نے جواب دیا اور سب نے اثبات میں سر ہلا دیئے۔

"تو پھر اب آپ کا کیا پلان ہے"....... صفدر نے کہا۔

"اب ہمیں پلاسن کے ایئر فورس کے میزائل اڈے پر قبضہ کرنا ہو گا"....... عمران نے جواب دیا تو سب بے اختیار چونک پڑے۔

"کیا مطلب۔ آپ تو راج نگر جا رہے ہیں تاکہ وہاں سے کوہ پیمائی کا سامان خرید کر پھر واپس پلاسن آیا جائے"....... صفدر نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"اس کال سے پہلے میرا ارادہ یہی تھا لیکن اب میں اس لئے ارادہ بدل دیا ہے کہ راج نگر پلاسن سے کافی فاصلے پر ہے اور اس دوران لامحالہ اس چیک پوسٹ پر موجود لاشیں سامنے آجائیں گی اور ان میں کرشن راؤ کی لاش بھی شامل ہو گی۔ اس طرح ہو سکتا ہے کہ ہمیں راج نگر تک بھی نہ پہنچنے دیا جائے اور کسی بھی نزدیکی ایئر فورس سنٹر سے ہمیں فضا میں ہی ختم کر دیا جائے"....... عمران نے جواب دیا۔

"لیکن بغیر ایم ڈی تھری ہیلی کاپٹر کے ہم یہاں کیا کریں گے"۔ جولیا نے کہا۔

"میرا خیال ہے کہ اس اڈے پر قبضہ کر لیا جائے تو ہم بہتر پوزیشن میں ہوں گے۔ ہو سکتا ہے کہ پلاسن کے اس اڈے کی تباہی کے لئے وہاں کوئی طاقتور میزائل موجود ہو اور اب جبکہ وہ مطمئن ہوں گے کہ ہم سوگالی جا رہے ہیں تو اب نگرانی اتنی سخت نہ ہو گی"....... عمران نے جواب دیا۔

"لیکن جیسے ہی ہم پلاسن کی مخصوص رینج میں داخل ہوں گے وہ

ہم پر میزائل فائر کر دیں گے اور اگر نہ بھی کریں تب بھی ہم ان کی نظروں میں رہیں گے"....... صفدر نے کہا۔

"ہم پلاسن سے پہلے کسی مناسب جگہ پر لینڈ کر جائیں گے"۔ عمران نے کہا اور اس بار سب نے اثبات میں سر ہلا دیئے۔ عمران ہیلی کاپٹر کو مسلسل اڑائے لئے چلا جا رہا تھا کہ اچانک ایک بار پھر ٹرانسمیٹر سے کال آنا شروع ہو گئی تو عمران نے ہیلی کاپٹر کی رفتار آہستہ کی اور اسے غوطہ دے کر نیچے ایک کھلی جگہ پر اتارنا شروع کر دیا اور تھوڑی دیر بعد اس نے ایک بڑی سی مسطح چٹان پر ہیلی کاپٹر اتار دیا۔ کال مسلسل آ رہی تھی۔ عمران نے ہاتھ بڑھا کر ٹرانسمیٹر آن کر دیا۔

"ہیلو ہیلو۔ ایئر کمانڈر سورن سنگھ کالنگ۔ اوور"....... ٹرانسمیٹر آن ہوتے ہی سورن سنگھ کی چیختی ہوئی آواز سنائی دی۔ اس کا انداز ایسا ہو رہا تھا جیسے وہ دشمنوں سے بات کر رہا ہو۔

"یس۔ کیپٹن کرشن راؤ اٹنڈنگ یو۔ اوور"....... عمران نے ایک بار پھر کرشن راؤ کی آواز اور لہجے میں جواب دیتے ہوئے کہا۔

"تم کرشن راؤ نہیں ہو۔ تم پاکیشیائی ایجنٹ ہو۔ میں نے چیک کر لیا ہے تمہارے ہیلی کاپٹر میں ایک عورت اور چار مرد سوار ہیں اور اب تم لینڈ کر گئے ہو۔ میں تمہیں حکم دیتا ہوں کہ تم اپنے آپ کو ہمارے حوالے کر دو ورنہ ہم تمہارا ہیلی کاپٹر تباہ کر دیں گے اور اس وقت تم جس جگہ لینڈ کر چکے ہو یہ جگہ بھی ہمارے ٹارگٹ میں ہے۔

فوری طور پر اپنے آپ کو ہمارے حوالے کر دو۔ اوور"۔ دوسری طرف سے چیختے ہوئے لہجے میں کہا گیا۔

"اگر ہم اپنے آپ کو تمہارے حوالے کر دیں تو تم ہمارے ساتھ کیا سلوک کرو گے۔ اوور"...... عمران نے اس بار بدلے ہوئے لہجے میں کہا۔

"جو قانونی سلوک ہے وہی کیا جائے گا کیونکہ اس طرح تمہیں کچھ عرصہ زندہ رہنے کا موقع بھی مل جائے گا ورنہ اس وقت اگر ہم چاہیں تو ایک بٹن دبا کر تم سب کو ہلاک کر دیں۔ بولو۔ اوور"۔ سورن سنگھ نے اسی طرح چیختے ہوئے بلکہ کسی حد تک فاتحانہ لہجے میں کہا۔

"اوکے۔ ہم اپنے آپ کو تمہارے حوالے کرنے کے لئے تیار ہیں لیکن ایک شرط پر کہ تم سیکرٹ سروس کے چیف کو اطلاع دینے کی بجائے ہمیں حکومت کے حوالے کر دو کیونکہ اس سے ہماری ذاتی دشمنی ہے۔ وہ ہمیں ویسے ہی ہلاک کرا دے گا۔ اوور"...... عمران نے کہا۔

"ٹھیک ہے۔ میں وعدہ کرتا ہوں کہ تمہارے خلاف قانونی کارروائی ہو گی۔ اوور"...... سورن سنگھ نے مسرت بھرے لہجے میں کہا۔ ظاہر ہے اسے پاکیشیائی ایجنٹوں کی گرفتاری کا کریڈٹ بھی مل رہا تھا۔

"ہم براہ راست تمہارے اڈے میں ہیلی کاپٹر اتار کر اپنے آپ کو تمہارے حوالے کرنے کے لئے تیار ہیں۔ ہماری رہنمائی کرو۔

اوور"...... عمران نے کہا۔

"نہیں۔ تمہیں اڈے سے باہر ہیلی کاپٹر اتارنا ہو گا۔ اڈے میں ہیلی کاپٹر نہیں اتارا جا سکتا۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"پھر ہم یہیں سے اتر کر غائب ہو جائیں گے اور تم کیا کر لو گے۔ اب انسانوں پر تو تم میزائل فائر کرنے سے رہے۔ ہم صرف اس لئے اڈے میں اترنا چاہتے ہیں کہ شاگل کے آدمیوں سے بچ جائیں۔ اوور"...... عمران نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"لیکن اس طرح اڈے کو خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔ اوور"۔ سورن سنگھ نے متذبذب سے لہجے میں کہا۔

"ہمارے پاس کسی قسم کا کوئی اسلحہ نہیں ہے۔ پھر وہاں تمہارے اڈے کی سیکورٹی ہو گی۔ اسلحہ ہو گا ہم نے وہاں کچھ کر کے خودکشی تو نہیں کرنی۔ اوور"...... عمران نے اس کی ہچکچاہٹ کا فائدہ اٹھاتے ہوئے کہا۔

"اوکے۔ آ جاؤ۔ اوور"...... سورن سنگھ نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے باقاعدہ اپنے اڈے کے بارے میں تفصیلات بتا کر اوور کہتے ہوئے بات ختم کر دی۔

"دیکھ لو۔ میں تمہارے وعدے پر اعتبار کر رہا ہوں۔ اوور"۔ عمران نے کہا۔

"تم فکر مت کرو۔ تمہارے ساتھ قطعاً قانونی سلوک ہو گا۔ اوور"...... سورن سنگھ نے کہا۔

"اوکے۔ اوور اینڈ آل"...... عمران نے کہا اور ٹرانسمیٹر آف کر دیا۔

"اپنا اسلحہ سنبھال لو اور پیراشوٹ اتار دو۔ اس سے پہلے کہ شاگل تک ہمارے بارے میں اطلاع پہنچے ہم نے اس اڈے پر قبضہ کرنا ہے"...... عمران نے کہا اور سب نے اثبات میں سر ہلا دیئے۔

شاگل اپنے آفس میں موجود تھا کہ سامنے موجود ٹرانسمیٹر پر کال آنا ن ہو گئی تو شاگل نے تیزی سے ہاتھ بڑھا کر ٹرانسمیٹر آن کر دیا۔

ہیلو ہیلو رام لال کالنگ باس۔ اوور"...... دوسری طرف سے ایک مردانہ آواز سنائی دی۔

یس۔ شاگل اٹنڈنگ یو۔ کیا بات ہے۔ اوور"...... شاگل نے نک کر کہا۔

باس۔ ایئر کمانڈر سورن سنگھ نے پاکیشیائی ایجنٹوں کو میزائل اے پر اترنے کی اجازت دے دی ہے۔ اوور"...... دوسری طرف ے کہا گیا تو شاگل بے اختیار اچھل پڑا۔

کیا۔ کیا کہہ رہے ہو۔ کیا مطلب۔ پاکیشیائی ایجنٹوں کو اڈے ں اترنے کی اجازت کا کیا مطلب۔ کیا کہہ رہے ہو۔ اوور"۔ شاگل نے حلق کے بل چیختے ہوئے کہا۔

بہتری کے لئے کروں گا اور انہیں گرفتار کر کے حکومت کے حوا۔
کرنا چاہتا ہوں۔ وہ جو کچھ بھی ہیں یہاں اڈے میں وہ کچھ بھی نہیں
سکتے کیونکہ یہاں انتہائی سخت حفاظتی انتظامات موجود ہیں اور
انہیں آسانی سے گرفتار کر لیں گے۔ آپ بے فکر رہیں۔ اوور
سورن سنگھ نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"اوہ۔ یو نانسنس۔ تمہارا کیا خیال ہے کہ وہ وہاں سے بھاگے ہ
آئیں گے۔ تمہارے حفاظتی انتظامات ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔
ہیلی کاپٹر کو فضا میں ہی کریش کرا دو فوراً جلدی ورنہ میں تمہا
کورٹ مارشل کرا دوں گا۔ اوور"...... شاگل نے اور زیادہ غصیلے لہ
میں کہا۔

"سوری سر۔ ہیلی کاپٹر لینڈ کر رہا ہے اور میں نے اپنا کام کر
ہے۔ اوور اینڈ آل"...... دوسری طرف سے کہا گیا اور اس کے سات
ہی رابطہ ختم ہو گیا تو شاگل کا دل چاہا کہ وہ ٹرانسمیٹر اٹھا کر اپنے سر
مار لے۔ اسے سو فیصد یقین تھا کہ عمران اور اس کے ساتھی سورن
سنگھ جیسے احمق اور اس کے آدمیوں کے بس کا روگ نہیں ہیں۔ چن
لمحے وہ ہونٹ بھینچے بیٹھا رہا۔ پھر یکلخت اس نے جلدی سے ایک با
پھر ٹرانسمیٹر پر فریکونسی ایڈجسٹ کرنا شروع کر دی۔

"ہیلو ہیلو شاگل کالنگ۔ اوور"...... شاگل نے تیز لہجے میں با
بار کال دیتے ہوئے کہا۔

"یس سر۔ موتی رام اٹنڈنگ یو۔ اوور"...... چند لمحوں بع

طرف سے اس کے نئے اسسٹنٹ موتی رام کی مؤدبانہ آواز
ی۔

تی رام۔ پلاسن میں تمہارے جتنے بھی آدمی ہیں ان سب کو
کے ایئر فورس میزائل اڈے کے گرد پھیلا دو۔ پاکیشیائی
ایجنٹ کمانڈر سورن سنگھ کو چکر دے کر اڈے پر اتر گئے ہیں اور
نے اس اڈے پر قابض ہو جانا ہے۔ وہ احمق سورن سنگھ کو
نہیں ہے کہ یہ لوگ کس قدر خطرناک ہیں۔ اوور"۔ شاگل
ا۔

یس سر۔ لیکن کیا ہم نے اڈے پر ریڈ کرنا ہے۔ اوور"۔ موتی
نے مؤدبانہ لہجے میں پوچھا۔

"اوہ نہیں۔ اس طرح نہیں۔ وہ بہتر پوزیشن میں ہوں گے اور
انتہائی خطرناک میزائل اڈے پر قابض ہوں گے۔ ہمیں فوج
حاصل کرنا پڑے گی۔ بہرحال تم فوراً سب کو اکٹھا کر کے
پھیلا دو البتہ اگر وہ اڈے سے نیچے آئیں تو تم نے فائر کھول دینا
نہیں۔ اوور"...... شاگل نے کہا۔

"یس سر۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"اوور اینڈ آل"...... شاگل نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے
آف کر دیا۔ اب وہ ذہنی طور پر اس تذبذب کا شکار ہو رہا تھا
کرے اور کیا نہ کرے۔ ایک خیال تو اسے آتا تھا کہ وہ صدر
کو کال کر کے ساری صورت حال انہیں بتا دے لیکن پھر

اسے خیال آجاتا کہ اس طرح کریڈٹ سیکرٹ سروس کو نہیں ملے
لیکن میزائل اڈے پر ریڈ کرنے سے بھی وہ ہچکچا رہا تھا کیونکہ وہ
بات اچھی طرح سمجھتا تھا کہ عمران اور اس کے ساتھیوں نے ایک
لمحے میں اسے اور اس کے آدمیوں کو بھون دینا ہے۔ وہ کافی دیر تک
سوچتا رہا۔ اچانک اسے خیال آیا کہ عمران اور اس کے ساتھی اس
میزائل اڈے پر قبضہ کر کے کیا کریں گے کیونکہ [illegible]سن مواصلاتی
جہاں وہ مشین تھی وہاں تک تو صرف ایم وی تھری ہیلی کاپٹر ہی
سکتا ہے اور اس خیال کے ساتھ ہی وہ بے اختیار اچھل پڑا کیونکہ اسے
فوراً یہ خیال آیا تھا کہ یقیناً سیکرٹ سروس کے دو گروپ کام کر رہے
ہوں گے۔ چونکہ ایم وی تھری ہیلی کاپٹر کے بارے میں اس اڈے
حکم دیا گیا تھا کہ اسے فضا میں ہی کریش کر دیا جائے اس
سیکرٹ سروس کے ایک گروپ نے اس اڈے پر قبضہ کر لینا ہے
دوسرے گروپ نے رابندر ٹو ایئر بیس سے ایم وی تھری ہیلی
حاصل کر کے یہاں پہنچ جانا ہے اور چونکہ میزائل اڈے سے اسے
نہیں کیا جائے گا اس لئے وہ آسانی سے اصل اڈے کو تباہ کر کے
جائیں گے اور اس خیال کے آتے ہی شاگل بے اختیار اچھل پڑا۔
نے ٹرانسمیٹر کی طرف ہاتھ بڑھا کر تیزی سے ایک بار پھر فریکو
ایڈجسٹ کرنا شروع کر دی۔

"ہیلو ہیلو۔ چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس شاگل کالنگ
اوور"...... ٹرانسمیٹر آن کر کے شاگل نے بار بار کال دیتے ہوئے

"یس۔ رابندر ٹو ایئر بیس کنٹرول ٹاور۔ اوور"...... چند لمحوں بعد
ایک آواز سنائی دی۔

"ایئر بیس کمانڈر سے بات کراؤ۔ فوراً۔ کون ہے ایئر بیس
کمانڈر۔ اوور"...... شاگل نے بارعب لہجے میں کہا۔

"ایئر بیس کمانڈر ڈپٹی ایئر مارشل شرما ہیں۔ اوور"...... دوسری
طرف سے کہا گیا۔

"ان سے بات کراؤ۔ جلدی۔ اوور"...... شاگل نے کہا۔

"ہیلو ڈپٹی ایئر مارشل شرما کمانڈر رابندر ٹو ایئر بیس بول رہا
ہوں۔ اوور"...... چند لمحوں کی خاموشی کے بعد ایک بھاری سی آواز
سنائی دی۔

"چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس شاگل بول رہا ہوں۔
اوور"۔ جواب میں شاگل نے بھی اس سے زیادہ بھاری لہجے میں کہا۔

"یس سر۔ فرمائیے کیسے کال کی ہے۔ اوور"...... اس بار شرما کا
لہجہ قدرے نرم اور مؤدبانہ ہو گیا تھا اور شاگل کے چہرے پر مسرت
کی فاتحانہ چمک ابھر آئی تھی۔

"مسٹر شرما۔ رابندر ٹو ایئر بیس پر پاکیشیائی ایجنٹوں کے حملے کا
خطرہ تھا۔ کوئی مشکوک بات تو نہیں ہوئی۔ اوور"...... شاگل نے
کہا۔

"نہیں جناب۔ یہاں تو فل ریڈ الرٹ ہے۔ اوور"...... شرما نے
جواب دیتے ہوئے کہا۔

"ایم دی تھری ہیلی کاپٹروں کی کیا پوزیشن ہے۔ انہوں نے ہ ہیلی کاپٹر حاصل کرنا ہے۔ اوور"...... شاگل نے کہا۔

"وہ مکمل طور پر محفوظ ہیں۔ انہیں نہ صرف گراؤنڈ کر دیا گیا ہے بلکہ انہیں کیموفلاج بھی کر دیا گیا ہے اور اس کے باوجود بھی ان کی انتہائی سخت حفاظت کی جا رہی ہے۔ اوور"...... شربانے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"حکومت نے یہاں پلاسن میں واقع میزائل اڈے کو حکم دے رکھا ہے کہ اگر ایم دی تھری ہیلی کاپٹر اس رینج میں نظر آئے تو اسے فضا میں ہی میزائلوں سے اڑا دیا جائے۔ مجھے اچانک خیال آگیا کہ کہیں یہ ایجنٹ ہیلی کاپٹر حاصل نہ کر چکے ہوں اس لئے میں نے کال کی ہے۔ اوور"...... شاگل نے گول مول سی بات کرتے ہوئے کہا۔

"ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ یہاں سب اوکے ہے اور یہاں سے وہ کسی صورت بھی کچھ حاصل نہیں کر سکتے۔ اوور"...... دوسری طرف سے انتہائی بااعتماد لہجے میں کہا گیا۔

"اوکے۔ اوور اینڈ آل"...... شاگل نے کہا اور ٹرانسمیٹر آف کر دیا لیکن پھر اس نے چونک کر ایک بار پھر ٹرانسمیٹر پر فریکونسی ایڈجسٹ کرنی شروع کر دی۔ وہ اب موجودہ حالات معلوم کرنے کے لئے را لال سے بات کرنا چاہتا تھا۔

"ہیلو ہیلو شاگل کالنگ۔ اوور"...... شاگل نے بٹن آن کر کے بار بار کال دیتے ہوئے کہا لیکن کافی دیر تک جب دوسری طرف سے

کال اٹنڈ نہ کی گئی تو اس نے بے اختیار ہونٹ بھینچ لئے اور پھر ٹرانسمیٹر آف کر کے اس نے ایک بار پھر فریکونسی ایڈجسٹ کرنا شروع کر دی۔

"یس۔ ایئر کمانڈر سورن سنگھ اٹنڈنگ۔ اوور"...... تھوڑی دیر بعد ٹرانسمیٹر سے سورن سنگھ کی آواز سنائی دی۔

"سورن سنگھ کیا پوزیشن ہے۔ ہیلی کاپٹر تمہارے اڈے میں لینڈ ہو گیا تھا۔ پھر کیا ہوا۔ اوور"...... شاگل نے ہونٹ چباتے ہوئے کہا۔

"پاکیشیائی ایجنٹوں نے اپنے آپ کو ہمارے حوالے کر دیا ہے اور ہم نے انہیں گرفتار کر کے سپیشل روم میں بند کر دیا ہے اور میں اب حکومت کو کال کرنے ہی والا تھا کہ آپ کی کال آ گئی۔ اوور"۔ سورن سنگھ نے جواب دیا۔

"کتنی تعداد ہے ان کی۔ اوور"...... شاگل نے پوچھا۔

"ایک عورت اور چار مرد۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"تم انہیں میرے حوالے کر دو۔ میں انہیں حکومت تک پہنچا دوں گا۔ اوور"...... شاگل نے ایک خیال کے تحت چونک کر کہا۔

"ٹھیک ہے۔ مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔ آپ آ کر انہیں لے جائیں۔ آپ بھی بہرحال حکومت کے اعلیٰ ترین آفیسر ہیں۔ اوور"۔ دوسری طرف سے کہا گیا۔

"میں اپنے آدمی بھیج دیتا ہوں۔ وہ انہیں اپنے ساتھ لے جائیں گے۔ اوور"...... شاگل نے کہا۔

"نہیں۔ میں انہیں براہ راست آپ کے حوالے تو کر سکتا ہوں لیکن آپ کے آدمیوں کے حوالے نہیں کر سکتا۔ اوور"...... سورن سنگھ نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"تو تم سورن سنگھ کی بجائے عمران بول رہے ہو۔ لیکن سن لو کہ اس اڈے کو مکمل طور پر گھیرے میں لیا جا چکا ہے اور ابھی چند لمحوں بعد یہاں ہر طرف فوج پھیل جائے گی اور پھر تم سب کتوں کی موت مارے جاؤ گے۔ اوور"...... شاگل نے یکلخت غصے کی شدت سے چیختے ہوئے کہا۔

"یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں۔ یہ اچانک آپ کو کیا ہو جاتا ہے۔ ٹھیک ہے میں نے تو آپ سے نہیں کہا کہ آپ آکر انہیں لے جائیں۔ آپ نے خود ہی اس کی خواہش ظاہر کی تھی۔ میں اب انہیں آپ کے حوالے کروں گا بھی نہیں۔ اب میں خود براہ راست انہیں حکومت کے حوالے کروں گا۔ اوور اینڈ آل"...... دوسری طرف سے کہا گیا اور اس کے ساتھ ہی رابطہ ختم ہو گیا تو شاگل نے ہاتھ بڑھا کر ٹرانسمیٹر آف کر دیا لیکن اسی لمحے کال آنا شروع ہو گئی اور شاگل نے جلدی سے ٹرانسمیٹر آن کر دیا۔

"ہیلو ہیلو موتی رام کالنگ۔ اوور"...... دوسری طرف سے اس کے اسسٹنٹ موتی رام کی آواز سنائی دی۔

"یس۔ شاگل اٹنڈنگ یو۔ اوور"...... شاگل نے غصیلے لہجے میں کہا۔

"باس میں نے اس اڈے کو گھیر لیا ہے۔ آپ کے حکم کی تعمیل ہیں سر۔ اوور"...... موتی رام نے مؤدبانہ لہجے میں کہا۔

"اس وقت کتنے آدمی ہیں تمہارے پاس۔ اوور"...... شاگل نے اس بار نرم لہجے میں کہا۔

"سر۔ دس آدمی ہیں مجھ سمیت۔ اوور"...... موتی رام نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"تم نے خیال رکھنا ہے کوئی آدمی اگر اڈے سے باہر آئے تو اسے بغیر کسی نوٹس کے اڑا دینا ہے اور پھر مجھے کال کرنا۔ اوور اینڈ آل"...... شاگل نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے ٹرانسمیٹر آف کر دیا۔ اسے سو فیصد یقین تھا کہ سورن سنگھ کی بجائے عمران سورن سنگھ کی آواز اور لہجے میں بول رہا تھا کیونکہ اڈے میں اس کا خصوصی آدمی رام لال بھی کال کا کوئی جواب نہ دے رہا تھا اور سورن سنگھ نے اسے اڈے میں آنے کی دعوت دے کر یہ ثابت کر دیا تھا کہ یہ اصل سورن سنگھ نہیں ہے لیکن اب وہ انتہائی پریشانی کے عالم میں یہ سوچ رہا تھا کہ اب اسے کیا اقدام کرنا چاہئے۔ کافی دیر تک سوچنے کے بعد آخرکار اس نے صدر مملکت کو رپورٹ دینے کا فیصلہ کر لیا۔ اس کے ساتھ ہی اس نے ٹرانسمیٹر پر پریذیڈنٹ ہاؤس کی مخصوص فریکونسی ایڈجسٹ کرنا شروع کر دی۔

میزائل اڈا زیادہ بڑا نہ تھا۔ اس میں دس کے قریب مسلح افراد تھے جن کا تعلق سیکورٹی سے تھا۔ باقی سب افراد ٹیکنیشن تھے اس لئے عمران اور اس کے ساتھیوں نے اس اڈے پر بڑی آسانی سے قبضہ کر لیا تھا اور سورن سنگھ سمیت وہاں موجود تمام افراد کا انہوں نے خاتمہ کر دیا تھا۔ اس دوران جب سورن سنگھ کے آفس میں ٹرانسمیٹر کال آئی تو عمران نے اسے اٹنڈ کیا اور دوسری طرف سے جب شاگل کی آواز سنائی دی تو عمران کے لبوں پر بے اختیار مسکراہٹ رینگ گئی۔ شاگل کو شاید سورن سنگھ پہلے ہی بتا چکا تھا کہ اس نے پاکیشیائی ایجنٹوں کو گرفتار کر لیا ہے اس لئے جب شاگل نے پاکیشیائی ایجنٹوں کی گرفتاری کی بات کی تو عمران نے سورن سنگھ کی آواز میں اسے یہی بتایا کہ پاکیشیائی ایجنٹوں کو گرفتار کر لیا گیا ہے اور جب شاگل نے انہیں اپنے تصرف میں لینے کی خواہش ظاہر کی تو عمران نے

اسے اڈے میں آنے کی دعوت دے دی لیکن شاگل نے ظاہر ہے کچی گولیاں نہیں کھیلی تھیں۔ اس نے فوراً ہی اعلان کر دیا کہ سورن سنگھ کی جگہ عمران بات کر رہا ہے لیکن عمران نے جان بوجھ کر پھر بھی اسے اپنی شناخت نہ بتائی اور کال آف کر دی۔

"عمران صاحب میں نے مکمل چیکنگ کر لی ہے۔ یہاں ایسا کوئی میزائل موجود نہیں ہے جو اس قدر اونچائی پر کام کر سکے۔ یہاں طیاروں اور ہیلی کاپٹروں کو تباہ کرنے والے زمین سے فضا میں مار کرنے والے خصوصی میزائل موجود ہیں اور بس"....... کیپٹن شکیل نے آفس میں داخل ہوتے ہوئے کہا۔ کیپٹن شکیل چونکہ ایسے میزائلوں کے بارے میں کافی جانتا تھا اس لئے عمران نے اس کی ڈیوٹی لگائی تھی کہ وہ ان میزائلوں کو چیک کرے جبکہ باقی ساتھی اڈے کے بیرونی گیٹ پر پہرہ دے رہے تھے کیونکہ عمران کو خطرہ تھا کہ اچانک شاگل کے آدمی یا فوجی اڈے پر ریڈ نہ کر دیں۔

"پھر تو اس اڈے پر قبضہ کرنے کا کوئی فائدہ نہ ہوا۔ ہم نے خواہ مخواہ دردسری مول لی"....... عمران نے ہونٹ چباتے ہوئے کہا۔

"تو کیا ہوا۔ ہیلی کاپٹر موجود ہے۔ اس اڈے کی مشینری کو ہم ناکارہ کر دیتے ہیں اور یہاں سے روانہ ہو جاتے ہیں۔ ہیلی کاپٹر کو خطرہ تو بہرحال اس اڈے سے ہی تھا۔ وہ تو نہیں رہے گا"۔ کیپٹن شکیل نے کہا۔

"لیکن کہاں جائیں۔ اصل بات تو یہ ہے کہ ادھر شاگل کی کال

بھی آئی تھی۔ اس نے اندازہ لگا لیا ہے کہ ہم نے اڈے پر قبضہ کر رکھا ہے اور مجھے یقین ہے کہ باہر اس کے آدمی موجود ہوں گے اور کسی بھی لمحے ایئر فورس اور فوج نے یہاں ریڈ کر دینا ہے اور ہمارا حال یہ ہے کہ ہمارے پاس کوئی لائحہ عمل ہی نہیں ہے"۔ عمران نے کہا۔

" عمران صاحب اس کے سوا اور کوئی راستہ نہیں ہے کہ ہم رابندر ٹو پر ریڈ کریں اور وہاں سے ایم ڈی تھرٹی ہیلی کاپٹر حاصل کریں۔ اس کے علاوہ واقعی اٹھارہ ہزار فٹ کی بلندی تک ہم نہیں پہنچ سکتے اور اگر پہنچ بھی جائیں تو وہاں کی سردی ہمیں ایک لمحے میں ہلاک کر دے گی"...... کیپٹن شکیل نے کہا۔

" اب جب تک کافرستان حکومت کو اس بات کا یقین نہ ہو جائے گا کہ ہم ہلاک ہو چکے ہیں تب تک وہ رابندر ٹو ایئر بیس کو کسی صورت بھی اوپن نہیں کرے گی اور جب تک اوپن نہ ہو وہاں حملہ کرنا صریحاً خودکشی ہے"...... عمران نے کہا۔

" اور اگر ہم نے کچھ نہ کیا تو وہ اس مشین کی میموری سے معلومات حاصل کر لیں گے اور پھر نہ صرف ہمارا مشن ہی ختم ہو جائے گا بلکہ وادی مشکبار کی پوری تحریک آزادی بھی کچل دی جائے گی"...... کیپٹن شکیل نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

" ارے ہاں ۔یہاں بھی تو تحریک آزادی کا کوئی نہ کوئی خفیہ اڈا ہو گا۔ ہمیں ان سے رابطہ کرنا چاہئے ۔ہو سکتا ہے وہ کوئی قابل عمل

حل بتا سکیں۔ وہ یقینی طور پر یہاں کے رہنے والے ہوں گے"۔ عمران نے چونک کر کہا۔

" لیکن ان سے آپ رابطہ کیسے کریں گے اور اپنی شناخت کیسے کرائیں گے"...... کیپٹن شکیل نے کہا۔

" یہ کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ اس کے انتظامات میں نے وہاں سے روانگی سے پہلے کر لئے تھے"...... عمران نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے سامنے پڑے ہوئے ٹرانسمیٹر پر تیزی سے فریکونسی ایڈجسٹ کرنا شروع کر دی۔

" کیا یہ کوئی جنرل فریکونسی ہے"...... کیپٹن شکیل نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

" نہیں۔ یہ پلاسن اور اس کے ارد گرد کی خصوصی فریکونسی ہے۔ چونکہ ہم نے مین آپریشن یہیں کرنا تھا اس لئے میں نے اسے خصوصی طور پر حاصل کر لیا تھا"...... عمران نے جواب دیا اور کیپٹن شکیل نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

" ہیلو ہیلو ریڈ مارک کالنگ۔ اوور"...... عمران نے بدلے ہوئے لہجے میں بار بار کال دیتے ہوئے کہا۔

" یس۔ بی ون اٹنڈنگ یو۔ سپیشل کوڈ پلیز۔ اوور"...... چند لمحوں بعد ایک آواز سنائی دی۔

" سپیشل کوڈ ریڈ لائٹ۔ اوور"...... عمران نے کہا۔

" اوکے۔ آپ کہاں سے کال کر رہے ہیں۔ اوور"...... دوسری

طرف سے بولنے والے کا لہجہ بے حد مؤدبانہ ہو گیا۔

"ہم نے پلاسن کے میزائل اڈے پر قبضہ کر لیا ہے لیکن یہاں ہمارے مطلب کا ایسا کوئی ہتھیار نہیں ہے جس کے لئے ہم نے یہ کارروائی کی تھی اور کسی بھی لمحے یہاں ملٹری کے ریڈ کا خطرہ ہے۔ ہمارے پاس ہیلی کاپٹر ہے۔ ہم آپ لوگوں سے فوری طور پر ملنا چاہتے ہیں۔ آپ رہنمائی کریں لیکن جلدی۔ اوور"...... عمران نے تیز لہجے میں کہا۔

"اوہ۔ آپ ہیلی کاپٹر پر شمال کی طرف تقریباً بیس کلو میٹر کے فاصلے پر آئیں۔ آپ کے ہیلی کاپٹر کو ٹارگٹ لائٹ مل جائے گی لیکن ہیلی کاپٹر کی نشانی کیا ہو گی۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"ہیلی کاپٹر پر ایم آئی کے الفاظ لکھے ہوئے ہیں۔ اوور"...... عمران نے کہا۔

"ٹھیک ہے۔ آپ آ جائیں ہم آپ کے منتظر ہیں۔ اوور اینڈ آل"...... دوسری طرف سے کہا گیا تو عمران نے ٹرانسمیٹر آف کیا اور پھر وہ اٹھ کھڑا ہوا۔

"کیپٹن شکیل یہاں بم لگا دو اور ڈی چارجر ساتھ لے لو۔ جلدی کرو"...... عمران نے دروازے کی طرف بڑھتے ہوئے کہا اور کیپٹن شکیل نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ پھر تقریباً دس منٹ بعد ان کا ہیلی کاپٹر فضا میں اٹھا اور عمران اسے براہ راست کافی بلندی پر لے گیا اور پھر اس نے اس کا رخ شمال کی طرف موڑ دیا۔

"کیپٹن شکیل ڈی چارجر تمہارے پاس ہے"...... عمران نے مڑ کر عقب میں بیٹھے ہوئے کیپٹن شکیل سے کہا۔

"جی ہاں"...... کیپٹن شکیل نے جواب دیا۔

"تو اڑا دو۔ کم از کم اتنی آتش بازی تو ہمارے استقبال کے لئے ہونی ہی چاہئے"...... عمران نے مسکراتے ہوئے کہا تو کیپٹن شکیل نے جیب سے ڈی چارجر نکالا اور اس کا بٹن آن کر دیا۔ ڈی چارجر پر زرد رنگ کا بلب تیزی سے جلنے بجھنے لگا۔ اس کے ساتھ ہی کیپٹن شکیل نے دوسرا بٹن دبایا تو زرد رنگ کا بلب یکلخت سرخ رنگ میں تبدیل ہوا اور اس کے ساتھ ہی جھماکے سے بجھ گیا اور پھر چند لمحوں بعد دور پہاڑیوں میں جیسے کوئی سویا ہوا آتش فشاں پھٹ پڑا ہو اور گڑگڑاہٹ کی آوازوں کے ساتھ ہی آسمان پر واقعی آتش بازی کی بارش ہوتی دکھائی دینے لگی۔

"یہ تو غلط کام ہوا ہے۔ قریب ہی آبادی ہے"...... جولیا نے ہونٹ بھینچتے ہوئے کہا۔

"فکر مت کرو مس جولیا یہ وہاں موجود روایتی اسلحہ کا سٹور پھٹا ہے۔ خوفناک میزائلوں کو میں نے پہلے ہی آف کر دیا تھا"۔ کیپٹن شکیل نے کہا تو جولیا نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ ہیلی کاپٹر انتہائی تیز رفتاری سے شمال کی طرف بڑھا چلا جا رہا تھا کہ اچانک نیچے سے مخصوص لائٹ چمکی اور پھر بار بار چمکنے لگی۔ عمران نے ہیلی کاپٹر نیچے اتارنا شروع کر دیا اور چند لمحوں بعد ایک مسطح چٹان پر اسے اتار لینے

میں کامیاب ہو گیا اور پھر وہ جیسے ہی نیچے اترے چار مسلح نقاب پوش ادھر ادھر کی چٹانوں سے باہر آگئے۔ ان کے ہاتھوں میں مشین گنیں تھیں۔ عمران اور اس کے ساتھی اس سے پہلے ہی نیچے اتر چکے تھے۔

"سپیشل کوڈ"...... ان میں سے ایک نے انتہائی سخت لہجے میں کہا۔

"ریڈ لائٹ"...... عمران نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔

"گڈ۔ آئیں ہمارے ساتھ۔ میرا نام کامران ہے"...... اس نقاب پوش نے کہا اور تیزی سے واپس مڑ گیا۔

"اس ہیلی کاپٹر کا کیا کرنا ہے"...... عمران نے پوچھا۔

"میرے آدمی اسے یہاں سے اڑا کر لے جائیں گے اور کہیں دور کر تباہ کر دیں گے۔ آئیں آپ"...... کامران نے کہا تو عمران اور اس کے ساتھی اس نقاب پوش کے پیچھے چلتے ہوئے چٹانوں کو پھلانگتے ہوئے پہاڑی ڈھلوان پر نیچے اترتے چلے گئے۔

شاگل کی حالت اس وقت دیکھنے والی تھی۔ وہ کسی زخمی بھیڑیئے
طرح پلاسن میں اپنے آفس میں ٹہل رہا تھا اور بار بار گھڑی دیکھ
تھا۔ اس نے صدر مملکت کو ٹرانسمیٹر پر کال کیا تھا لیکن جواب میں
بتایا گیا کہ صدر مملکت اور پرائم منسٹر دونوں ایک اہم میٹنگ
مصروف ہیں اور دو گھنٹے سے پہلے انہیں ڈسٹرب نہیں کیا جا سکتا
شاگل کے لئے یہ دو گھنٹے گزارنے ایک عذاب سے کم نہ تھے
ملہ اس کے نقطہ نظر سے میزائل اڈے پر عمران اور اس کے ساتھی
ں تھے لیکن اس کے بعد کیا ہوتا ہے اس کا کوئی لائحہ عمل اس
ہن میں نہ تھا اس لئے وہ صدر مملکت کو کال کر کے ایئر فورس
د لے کر اس اڈے پر ریڈ کرنا چاہتا تھا۔ ایک بار تو اسے خیال
بحیثیت سیکرٹ سروس چیف وہ ایئر مارشل کو کال کر کے اسے
ا دے لیکن پھر اس نے اس لئے ارادہ بدل دیا تھا کہ میزائل اڈا

کافرستان کا انتہائی اہم اڈا ہے اور کسی نے اس کی بات پر یقین نہ
کرنا تھا کہ وہاں سے کال کا جواب دینے والا ایئر کمانڈر سورن سنگھ
نہیں بلکہ عمران ہے جبکہ صدر چونکہ عمران کی ان غیر معمولی
خصوصیات سے واقف تھے اس لئے وہ شاگل کی بات پر فوراً یقین
لیتے لیکن ظاہر ہے اب وہ اتنا تو بااختیار نہیں تھا کہ صدر
وزیراعظم کی اہم میٹنگ میں بھی مداخلت کر سکتا اس لئے وہ ا
وقت تک کسی زخمی بھیڑیئے کی طرح کمرے میں ٹہل رہا تھا۔ و
نجانے کیا بات تھی کہ اسے بار باریوں محسوس ہو رہا تھا جیسے عم
اور اس کے ساتھیوں نے میزائل اڈے پر قبضہ کر کے کوئی ایسا
کیا ہے جو ان کے لئے انتہائی فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہو لیکن ا
ذہن اس فائدے کا ادارک نہ کر پا رہا تھا اس لئے وہ مسلسل بڑبڑ
تھا، مٹھیاں بھینچ رہا تھا اور ٹہل رہا تھا کہ اچانک ٹرانسمیٹر سے کال
شروع ہو گئی تو وہ تیزی سے پلٹا اور اس نے ٹرانسمیٹر آن کر دیا۔

"ہیلو ہیلو۔ موتی رام کالنگ۔ اوور"...... دوسری طرف
موتی رام کی آواز سنائی دی۔

"یس شاگل اٹنڈنگ یو۔ اوور"...... شاگل نے تیز لہجے میں

"باس۔ ملٹری انٹیلی جنس کا ہیلی کاپٹر اندر سے اڑ کر سیدھ
بلندی پر جا رہا ہے اور باس اب اس کا رخ مڑ گیا ہے اور وہ شما
طرف بڑھ رہا ہے۔ اوور"...... دوسری طرف سے موتی رام کی
سنائی دی۔

اوہ۔ اوہ۔ تو وہ نکل کر فرار ہو رہے ہیں۔ اوہ۔ اوہ۔ لیکن اب
ایا جائے۔ سنو تم فوراً اپنے آدمیوں کو لے کر اڈے میں داخل ہو
اور وہاں کی صورت حال سے مجھے آگاہ کرو۔ جلدی۔ فوراً۔
...... شاگل نے بوکھلائے ہوئے لہجے میں کہا۔

یس باس۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

فوراً رپورٹ دینا۔ اوور اینڈ آل"...... شاگل نے کہا اور
یٹر آف کر دیا۔

ہونہہ۔ تو یہ نکل کر جا رہے ہیں لیکن یہ کہاں جا سکتے ہیں"۔
ل نے ایک بار پھر بڑبڑاتے ہوئے کہا اور پھر وہ مسلسل ٹہلنے لگا۔
اسے ٹہلتے ہوئے کچھ دیر ہی ہوئی تھی کہ اچانک خوفناک
لوں اور گڑگڑاہٹ کی تیز آوازیں سنائی دینے لگیں۔ اسے ایک
کے لئے یوں محسوس ہوا تھا کہ اچانک جیسے کوئی خوفناک آتش
ں پھٹ پڑا ہو اور آفس کا کمرہ کسی پنڈولم کی طرح جھولنے لگا ہو
یہ لرزش صرف چند لمحوں تک رہی البتہ دھماکے مسلسل ہو
تھے۔ وہ بھاگتا ہوا آفس سے باہر نکل کر کھلے صحن میں آیا تو اس
ھیں حیرت اور خوف سے پھٹی کی پھٹی رہ گئیں۔ دور پہاڑیوں
رمیان آگ کے شعلے آسمان کی طرف بلند ہو رہے تھے اور یوں
ں ہو رہا تھا جیسے آتش بازی کا مظاہرہ ہو رہا ہو۔

یہ۔ یہ کیا ہوا۔ اوہ۔ اوہ۔ یہ تو یقیناً میزائلوں کا اڈا تباہ کیا گیا
اوہ۔ یہ کیا ہو گیا ہے"...... شاگل نے محاورتاً نہیں بلکہ حقیقتاً

دونوں ہاتھوں سے اپنا سر پیٹتے ہوئے کہا۔ اس کے ساتھ ہی وہ تی
سے مڑ کر دوڑتا ہوا واپس کمرے میں داخل ہوا تو اسی لمحے ٹرانسمیٹر
کال آنی شروع ہو گئی تو اس نے جلدی سے ٹرانسمیٹر آن کر دیا۔

"ہیلو ہیلو۔ موتی رام کالنگ۔ اوور"...... دوسری طرف ۔
موتی رام کی دہشت بھری آواز سنائی دی۔

"یہ کیا ہوا ہے۔ جلدی بولو۔ کیا ہوا ہے۔ اوور"...... شاگل ۔
حلق کے بل چیختے ہوئے کہا۔

"باس۔ میزائلوں کے اڈے کو تباہ کر دیا گیا ہے اور ہمار
ساتھی بھی ہلاک ہو گئے ہیں۔ میں اڈے سے باہر تھا اور ایک پہا
چٹان کی اوٹ کی وجہ سے بچ گیا ہوں باس۔ سارے ساتھی ہلاک
گئے ہیں۔ وہ اندر تھے باس۔ اوور"...... موتی رام کی کانپتی ہوئی آ
سنائی دی۔

"اوہ۔ اوہ۔ ویری بیڈ۔ ویری بیڈ۔ تو ان کمینوں نے اڈے کو
تباہ کر دیا۔ بہرحال میں صدر صاحب سے بات کرتا ہوں۔ تم واپ
جاؤ۔ اوور اینڈ آل"...... شاگل نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس
ٹرانسمیٹر آف کیا اور پھر تیزی سے فریکونسی ایڈجسٹ کرنی شروع
دی۔

"ہیلو ہیلو چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس شاگل کالنگ
اوور"...... شاگل نے بار بار کال دیتے ہوئے کہا۔

"یس۔ ملٹری سیکرٹری ٹو پریذیڈنٹ فرام دس اینڈ۔ اوو

ی طرف سے جواب دیا گیا۔

صدر صاحب سے بات کرائیں۔ اٹ از موسٹ ایمرجنسی۔
"...... شاگل نے تیز لہجے میں کہا۔

"اوکے۔ ویٹس فار کال۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"ہیلو۔ اوور"...... چند لمحوں بعد صدر صاحب کی بھاری اور باوقار
نائی دی۔

"شاگل بول رہا ہوں جناب۔ آپ کو زحمت دینے کی معافی چاہتا
ں۔ میں پلاسن سے بول رہا ہوں۔ اوور"...... شاگل نے مؤدبانہ
یں کہنا شروع کیا اور پھر کرنل ٹھاکر کی کال آنے سے لے کر
ے کی تباہی کے اور اپنے آدمیوں کے مارے جانے تک اس نے
تفصیل بتا کر اوور کہا اور بات ختم کر دی۔

"ویری سیڈ۔ لیکن انہیں اس سے کیا فائدہ ہو گا۔ بغیر ایم دی
ن ہیلی کاپٹر کے وہ پلاسن اڈے تک تو کسی صورت پہنچ ہی نہیں
۔ پھر وہ یہ سب کچھ کیوں کرتے پھر رہے ہیں۔ اوور"...... صدر
ب نے کہا۔

"میں کیا کہہ سکتا ہوں جناب۔ میرا خیال ہے کہ ناکامی کی
ھلاہٹ میں وہ اب اس قسم کی اوچھی حرکتوں پر اتر آئے ہیں۔
"...... شاگل نے کہا۔

"ان کا ہیلی کاپٹر اب کہاں ہے۔ اوور"...... صدر نے کہا۔

"وہ تو شمال کی طرف گیا ہے اور شمال کی طرف تو کافرستان ہے

جناب۔ اوور"...... شاگل نے کہا۔

"ٹھیک ہے۔ آپ بہر حال وہاں رہیں اور اپنے دوسرے آدمی کال کر لیں۔ میں ایئر فورس کو حکم دیتا ہوں کہ وہ اس ہیلی کاپٹر کو ٹریک کر کے اسے فضا میں ہی تباہ کر دے۔ اوور اینڈ آل"...... دوسری طرف سے کہا گیا اور اس کے ساتھ ہی رابطہ ختم ہو گیا تو شاگل نے ایک طویل سانس لیتے ہوئے ٹرانسمیٹر آف کر دیا اور پھر وہ کرسی پر نڈھال سا ہو کر گر گیا۔

"میں کیا کروں۔ کاش یہ لوگ سامنے آ جائیں"...... شاگل نے مٹھیاں بھینچتے ہوئے کہا۔ پھر نجانے کتنی دیر بعد آفس کا دروازہ کھلا اور موتی رام سر جھکائے اندر داخل ہوا۔

"ساتھیوں کا کیا ہوا"...... شاگل نے اسے دیکھ کر پوچھا۔

"وہ سب ہلاک ہو گئے ہیں باس۔ اندر ہر چیز مکمل طور پر تباہ ہو گئی ہے"...... موتی رام نے جواب دیا۔

"ہونہہ۔ وہ ہیلی کاپٹر کہاں گیا ہو گا۔ کیا تم بتا سکتے ہو"۔ شاگل نے پوچھا۔

"یس باس"...... موتی رام نے جواب دیا تو شاگل بے اختیار اچھل پڑا۔

"کیا مطلب۔ کیا تمہیں معلوم ہے"...... شاگل نے انتہائی حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"یس باس۔ یہ ہیلی کاپٹر پہلے یہاں سے تقریباً بیس پچیس م

اور ساگن نامی پہاڑیوں کے درمیان اترا تھا لیکن پھر فوراً ہی وہاں سے وہ فضا میں بلند ہوا اور پھر مغرب کی طرف ٹاگوسی نامی پہاڑیوں میں گر کر تباہ ہو گیا"...... موتی رام نے جواب دیا تو شاگل حیرت سے اسے دیکھتا رہ گیا۔

"کیا مطلب۔ گر کر تباہ ہو گیا۔ کیا وہ لوگ ہلاک ہو گئے"۔ شاگل نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"یہ تو مجھے معلوم نہیں ہے لیکن میرا خیال ہے کہ یہ لوگ پہلے ہی اتر گئے ہوں گے"...... موتی رام نے کہا۔

"تمہیں کیسے یہ سب کچھ اتنی جلدی معلوم ہو گیا"...... شاگل نے ایسے لہجے میں کہا جیسے اسے موتی رام کی اس بات پر یقین نہ آ رہا ہو۔

"باس۔ جس وقت اڈا تباہ ہوا اس وقت ہیلی کاپٹر فضا میں موجود تھا۔ میں نے اسے دور بین سے دیکھا تھا۔ پھر وہ نیچے اترا گیا اور میرا اندازہ ہے کہ یہ ساگن پہاڑیوں میں اترا تھا۔ ابھی میں اسے چیک کر ہی رہا تھا کہ وہ دوبارہ فضا میں بلند ہوا اور پھر مغرب کی طرف بڑھتا چلا گیا۔ اس کے بعد میں نے اسے ایک پہاڑی سے ٹکرا کر تباہ ہوتے خود دیکھا ہے"...... موتی رام نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"اوہ۔ اوہ۔ پھر تو ہمیں فوراً اس علاقے میں جانا ہو گا"۔ شاگل نے اٹھتے ہوئے کہا۔

"باس۔ ہمارے ساتھی تو ہلاک ہو گئے ہیں اور دوسری بات یہ

کہ وہاں پہنچتے پہنچتے تو ہمیں کافی وقت لگ جائے گا۔ ویسے میرا خیا
ہے کہ یہ لوگ ساگن پہاڑیوں میں اترے ہیں اور ساگن پہاڑیو
سے کچھ فاصلے پر چھوٹا سا قصبہ ساگن ہے۔ ہمیں وہاں جا کر معلوما
حاصل کرنی چاہئیں۔ مجھے یقین ہے کہ یہ لوگ ساگن قصبے میں ا
گئے ہوں گے"...... موتی رام نے جواب دیا۔

"لیکن کیوں۔ وہاں کیا بات ہے"...... شاگل نے جھنجھلا
ہوئے لہجے میں کہا۔

"باس۔ میں نے سنا ہے کہ ساگن قصبہ تحریک آزادی مشکبا
کے لوگوں کا گڑھ ہے"...... موتی رام نے کہا تو شاگل ایک بار ب
اچھل پڑا۔

"اوہ۔ اوہ۔ کس سے سنا ہے تم نے۔ کیا تم وہاں گئے ہو"
شاگل نے انتہائی بے چین سے لہجے میں کہا۔

"نہیں باس۔ لیکن وہاں ایک ہوٹل ہے۔ ساگن ہوٹل۔ اس ک
مالک چھوٹو لال میرا دوست ہے۔ وہ دارالحکومت آتا جاتا رہتا ہے۔
اس نے مجھے ایک بار بتایا تھا"...... موتی رام نے جواب دیا۔

"ویری گڈ۔ چلو جیپ نکالو۔ ہم نے ابھی اور اسی وقت ساگن جا
ہے۔ اب مجھے ساری بات سمجھ میں آ گئی ہے۔ انہوں نے یقیناً اس
تحریک آزادی کے کسی خفیہ ٹھکانے پر پناہ لی ہے کیونکہ انہیں
معلوم تھا کہ اڈے کی تباہی کے بعد ان کا ہیلی کاپٹر کسی بھی لمحے ای
فورس تباہ کر سکتی ہے"...... شاگل نے انتہائی بے چین سے لہجے میں

کہا۔

"یس باس"...... موتی رام نے کہا۔

"چلو چلو۔ جلدی کرو۔ ہمیں جلد از جلد وہاں پہنچنا ہے"۔ شاگل
نے کہا اور تیزی سے دروازے کی طرف بڑھ گیا۔ اس کا انداز ایسا تھا
کہ جیسے اسے عمران اور اس کے ساتھیوں کا حتمی کلیو مل گیا ہو اور
اب صرف اس نے ان کو گردنوں سے پکڑ کر باہر کھینچ نکالنا ہے۔

عمران اپنے ساتھیوں سمیت ایک کھلے غار میں فرش پر بچھی ہوئی دری پر بیٹھا ہوا تھا۔ کامران انہیں یہاں پہنچا کر واپس چلا گیا تھا اور ابھی تک اس کی واپسی نہیں ہوئی تھی۔

" عمران صاحب۔ مشن کی طرف تو ہم ابھی تک ایک انچ بھی نہیں بڑھ سکے۔ بس ویسے ہی ادھر ادھر گھومتے پھر رہے ہیں"۔ صفدر نے انتہائی سنجیدہ لہجے میں کہا۔

" کافرستان کا انتہائی اہم اڈا تباہ کیا ہے۔ یہ کیا کم ہے"۔ عمران نے مسکراتے ہوئے کہا۔

" وہ نیا اڈا بنالیں گے۔ اس میں انہیں کتنا عرصہ لگ سکتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ چند روز"...... جولیا نے منہ بناتے ہوئے جواب دیا۔

" تمہاری بات درست ہے لیکن اب جو صورت حال ہے وہ تم سب کے سامنے ہے۔ پلاسن کے اصل اڈے تک پہنچنا بظاہر تو

ناممکن بن چکا ہے یا بنا دیا گیا ہے"...... عمران نے کہا۔

" ہمیں یہاں آنے کی بجائے رابندر ٹو پر حملہ کرنا چاہئے تھا۔ وہاں سے ہم اگر وہ مخصوص ہیلی کاپٹر حاصل کر لیتے تو بات بن جاتی"۔ تنویر نے کہا۔

" پھر کیا ہوتا۔ یہاں کی رینج میں داخل ہوتے ہی اسے فضا میں ہی میزائل سے تباہ کر دیا جاتا اور ہم پر فاتحہ پڑھنے والا بھی کوئی نہ ہوتا"...... عمران نے جواب دیا اور پھر اس سے پہلے کہ مزید کوئی بات ہوتی کامران اندر داخل ہوا۔ اس کے پیچھے ایک اور مقامی آدمی تھا جس نے ٹرے اٹھایا ہوا تھا جس میں ہاٹ کافی کے مگ رکھے ہوئے تھے۔ سلام دعا کے بعد کامران ان کے سامنے بیٹھ گیا اور دوسرے آدمی نے کافی کے مگ باری باری ان سب کے سامنے رکھنے شروع کر دیئے۔

" عمران صاحب۔ آپ سے مل کر مجھے زندگی کی سب سے بڑی مسرت حاصل ہوئی ہے۔ آپ تو نہ صرف مشکبار، پاکیشیا بلکہ پوری دنیا کے مسلمانوں کے ہیرو ہیں"...... کامران نے انتہائی عقیدت بھرے لہجے میں کہا۔

" کاش ایسا ہوتا مسٹر کامران۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ لوگ جس طرح طویل عرصے سے وادی مشکبار کی آزادی کے لئے جہاد کر رہے ہیں اور اپنی جانوں کو آپ نے اس بڑے مقصد کے لئے وقف کر رکھا ہے اس لحاظ سے آپ سب لوگ مجھ سے بڑے ہیرو ہیں"۔

عمران نے جواب دیا تو کامران کی آنکھوں میں یکلخت مسرت کے چراغ سے جل اٹھے۔

"آپ واقعی عظیم ظرف کے مالک ہیں عمران صاحب۔ ورنہ ہم تو آپ لوگوں کے پاسنگ بھی نہیں ہیں۔ ہم تو اپنی سرزمین کے لئے لڑ رہے ہیں جبکہ آپ ہماری مدد کے لئے اپنی جانوں کو خطرے میں ڈالے ہوئے ہیں"...... کامران نے کہا۔

"یہ باتیں بعد میں ہوتی رہیں گی۔ پہلے مشن کے بارے میں سوچو"...... اچانک تنویر نے منہ بناتے ہوئے کہا تو کامران چونک کر اسے دیکھنے لگا جبکہ عمران اور باقی ساتھیوں کے چہروں پر بے اختیار مسکراہٹ رینگ گئی کیونکہ وہ سمجھ گئے تھے کہ تنویر کو عمران کی تعریف پسند نہیں آئی۔

"ہاں کامران صاحب۔ اصل مسئلہ یہ ہے کہ پلاسن پہاڑی کی چوٹی پر کافرستان کا خصوصی اڈا ہے اور اس اڈے میں ریڈ مارک کی وہ مشین موجود ہے جس میں تحریک آزادی کی تنظیموں، ان کے کارکنوں، ان کے اڈے اور ان کے نیٹ ورک کے بارے میں تمام تفصیلات موجود ہیں۔ گو اس مشین کو خصوصی طور پر اس انداز میں تیار کیا گیا ہے کہ اگر اسے غلط طور پر استعمال کیا جائے تو مشین میں موجود تمام معلومات واش ہو جائیں گی لیکن مجھے معلوم ہے کہ پلاسن کے اس خصوصی اڈے میں ایسی ہی مشینوں کی تیاری کا کام ہوتا ہے اور یہاں اس شعبے کے بڑے بڑے ماہر موجود ہیں۔ اس لئے

حالہ وہ کسی نہ کسی انداز میں یہ معلومات حاصل کر لیں گے اور یہ معلومات ان کے ہاتھ لگ گئیں تو آپ خود سمجھ سکتے ہیں کہ بار تحریک آزادی کا کافرستان کیا حشر کرے گا"...... عمران نے تو کامران کے چہرے پر انتہائی سنجیدگی کے تاثرات پھیلتے چلے گئے۔

"اوہ۔ واقعی بہت سنگین مسئلہ ہے لیکن عمران صاحب ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ آپ پلیز بتائیں ہم اپنی جانیں دے کر بھی کام ل کریں گے"...... کامران نے کہا۔

"کہا جاتا ہے کہ اس اڈے تک صرف ایم وی تھری مخصوص ہیلی جا سکتا ہے اور یہ ہیلی کاپٹر صرف کافرستان کے پاس ہیں اور ہوں نے ہمارے خوف کی وجہ سے انہیں گراؤنڈ کر دیا ہے اور اس ساتھ ساتھ یہاں موجود میزائل اڈے کو بھی حکم دے رکھا تھا کہ یہاں کوئی ایسا ہیلی کاپٹر نظر آئے تو اسے بغیر کسی نوٹس کے فضا ہی تباہ کر دیا جائے۔ ہم نے وہ میزائل اڈا تو تباہ کر دیا ہے لیکن اصل مسئلہ ہمارا پلاسن کی چوٹی پر پہنچنے کا ہے۔ تم لوگ یہاں کے نے والے ہو۔ کیا کوئی دوسرا طریقہ ہے"...... عمران نے کہا تو مران کچھ دیر بیٹھا سوچتا رہا۔

"میں ابھی آتا ہوں"...... اس نے چونک کر کہا اور اٹھ کر باہر کی رف چلا گیا۔ پھر تقریباً دس منٹ بعد وہ واپس آیا تو اس کے ساتھ لیے ورزشی جسم کا نوجوان تھا۔

"اس کا نام دشنوری ہے جناب۔ میرا خیال ہے کہ یہ آپ کی مدد

کر سکتا ہے"...... کامران نے کہا۔

"کیا تم نے اسے تفصیل بتا دی ہے"...... عمران نے پوچھا۔

"جی نہیں۔ میں تو بس اسے ساتھ لے آیا ہوں"...... کامران نے کہا تو عمران نے اسے مختصر طور پر مسئلہ بتا دیا۔

"جناب ایک نہیں کئی راستے ہیں لیکن یہ راستے انتہائی دشوا گزار ہیں۔ دوسری بات یہ کہ وہاں اوپر مسلسل برف کے طوفا آتے رہتے ہیں اور بے پناہ سردی ہوتی ہے۔ اس قدر سردی کہ شا آپ اس کا تصور بھی نہ کر سکیں اس لئے چوٹی تک جانا تو تقر ناممکن ہے"...... دشنوری نے مؤدبانہ لہجے میں کہا۔

"کس قسم کے راستے ہیں یہ۔ ہمیں تو یہ بتایا گیا ہے کہ پہاڑیاں پنسل کی طرح سیدھی ہیں اور ان کی بلندی تقریباً اٹھارہ ہزا فٹ ہے اور آدھی پہاڑی کے بعد برف ہی برف ہے اور یہ اڈا چوٹی کے قریب بنایا گیا ہے"...... عمران نے کہا۔

"جناب۔ آدھی پہاڑی پر برف تو سارا سال رہتی ہے۔ اس پہاڑی کے اس حصے تک جہاں تک برف ہے وہاں تک مقامی لوگ جاتے ہیں کیونکہ اس جگہ ایک نایاب جڑی بوٹی ملتی ہے۔ یہ جڑی بوٹی ایک ایسی دوا میں استعمال ہوتی ہے جو بے حد قیمتی ہوتی ہے اس لئے اس کی تلاش میں مقامی لوگ جاتے رہتے ہیں لیکن بوٹی کبھی کبھار ہی ملتی ہے۔ اسے مقامی زبان میں کنار کہتے ہیں۔ سنا ہے کہ جسے یہ بوٹی مل جائے وہ دیکھتے ہی دیکھتے دولت مند ہو جاتا ہے۔ کچھ لوگ بتاتے

اس بوٹی کے رس کے ایک ایک قطرے سے منوں سونا بنایا ا ہے۔ بہرحال یہ ساری باتیں سنی سنائی ہیں البتہ میں ایک بار الد کے ساتھ اس بوٹی کی تلاش میں گیا تھا لیکن ہمیں بوٹی نہ ملی تھی۔ وہاں تک جانے کے دو راستے ہیں اور یہ دونوں قدرتی البتہ ہم مقامی انداز میں رسیاں باندھ کر اوپر جاتے ہیں۔ اوپر انوں سے رسی کا سرا باندھ دیا جاتا ہے اور پھر اس رسی کی مدد سے چڑھا جاتا ہے۔ خاصا مشکل کام ہے لیکن مقامی لوگ اس کے ماہر ...... دشنوری نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"اس کے بعد مزید اوپر جانے کے لئے کیا طریقہ ہو سکتا ہے"۔ ان نے کہا۔

"اوپر تو ہر طرف برف ہی برف ہے اور انتہائی سردی ہے اس لئے ہر ہے اوپر جانے کے لئے تو یہ طریقہ استعمال ہی نہیں ہو سکتا"۔ وری نے جواب دیا۔

"یہ اڈا جب بنایا گیا تھا تو تم یہیں رہتے تھے"...... عمران نے چھا۔

"جی ہاں۔ لیکن یہ کئی سال پہلے بنایا گیا تھا۔ ہم تو بس بڑے ے سرخ رنگ کے ہیلی کاپٹروں کو اس پہاڑی کی طرف جاتے ھتے تھے۔ پھر یہ ہیلی کاپٹر بلندی پر جاتے اور ہماری نظروں سے ب ہو جاتے تھے"...... دشنوری نے جواب دیا۔

"لیکن اب جو لوگ وہاں رہتے ہوں گے ان کے لئے سپلائی تو

کسی طرح جاتی ہی ہو گی"...... عمران نے کہا۔

" نیچے سے تو نہیں جا سکتی۔ لازماً ہیلی کاپٹر سے ہی سپلائی جاتی گی"...... دشنوری نے جواب دیا تو عمران نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

" یہ اڈا اس برف والے حصے سے تقریباً کتنا بلند ہو گا"...... عمران نے کہا۔

" جناب۔ پوری طرح تو معلوم نہیں البتہ کہا جاتا ہے کہ آدھی پہاڑی پر برف ہوتی ہے"...... دشنوری نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

" کیا ایسے کسی آدمی کی خدمات حاصل ہو سکتی ہیں جو اس اندا میں اوپر چڑھنے میں ماہر ہو"...... عمران نے کہا۔

" ایک نہیں جناب دس آدمی ایسے مل سکتے ہیں"...... دشنوری نے کہا۔

" ٹھیک ہے۔ آپ جا سکتے ہیں"...... عمران نے کہا تو دشنوری اٹھا۔ اس نے سلام کیا اور باہر نکل گیا۔

" کامران تم ایسے لوگوں کا بندوبست کرو لیکن یہ آدمی انتہائی بااعتماد ہونے چاہئیں۔ ہم کل یہ مرحلہ سر کریں گے"...... عمران نے کہا۔

" تمام انتظامات ہو جائیں گے جناب۔ آپ اب آرام کریں"۔ کامران نے کہا۔

" یہ جگہ محفوظ تو ہے کیونکہ شاگل اور اس کے آدمی یہاں موجود ہیں"...... عمران نے کہا۔

سر۔ آپ قطعاً بے فکر رہیں۔ یہاں تک چیونٹی بھی ہماری ...کے بغیر داخل نہیں ہو سکتی"...... کامران نے جواب دیتے ...ہا۔

...نٹی کو واقعی اجازت لینے کی ضرورت ہوتی ہو گی لیکن شاگل ...ت لینے کی ضرورت نہیں ہوا کرتی"...... عمران نے مسکراتے ...ہا۔

...اب آپ قطعی بے فکر رہیں۔ آپ کی حفاظت ہم اپنی جانوں ... زیادہ کریں گے"...... کامران نے کہا تو عمران نے اثبات ...ہلا دیا اور پھر کامران بھی باہر چلا گیا۔

...س مشن میں عجیب صورت حال سامنے آ رہی ہے۔ مشن سامنے ...ہم مشن کے قریب بھی پہنچ چکے ہیں لیکن مشن تک پہنچنا ...نظر آ رہا ہے"...... عمران نے ایک طویل سانس لیتے ہوئے

...ران صاحب جس انداز میں آپ اس اڈے تک پہنچنے کا سوچ ...یں ایسے اول تو وہاں تک پہنچنا ہی ناممکن ہے اور اگر پہنچ بھی ...و نیچے سے ہمیں مار گرانا شاگل اور فوجیوں کے لئے زیادہ ...گا اور دوسری بات یہ کہ یہ اڈا ظاہر ہے گتے کا بنا ہوا تو نہیں ... ہم جاتے ہی اس میں سوراخ کر کے اندر چلے جائیں ...اچانک خاموش بیٹھے ہوئے کیپٹن شکیل نے کہا تو عمران ...تھ ساتھ باقی ساتھی بھی چونک پڑے۔

"تمہاری بات درست ہے۔ مجھے یہ صورت حال پسند نہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ مجھے خود بھی سمجھ نہیں آرہی کہ ہمیں ا چاہئے۔ پہلی بار میرے دماغ کی بیٹریاں مکمل طور پر فیل ہیں"...... عمران نے انتہائی سنجیدہ لہجے میں کہا۔

"میرا خیال ہے کہ ہمیں اپنا لائحہ عمل بدلنا چاہئے"...... نے کہا۔

"کیسے"...... عمران نے کہا۔

"ہم میں سے دو آدمی یہاں رہیں۔ یہاں اگر تباہ ہونے اڈے کو دوبارہ تعمیر کرنے کی کوشش کی جائے تو اسے دوبارہ دیں اور باقی تین افراد رابندر ٹو ایئر بیس پر ریڈ کریں اور وہاں قیمت پر وہ خصوصی ہیلی کاپٹر اڑا کر لے آئیں"...... جولیا نے کہا

"لیکن مس جولیا ہیلی کاپٹر سے زیادہ سے زیادہ ہم اڈے کی پہنچ جائیں گے لیکن مسئلہ یہ ہے کہ اندر کیسے جائیں گے"...... نے کہا۔

"ایک بار ہم وہاں پہنچ جائیں پھر کوئی نہ کوئی راستہ نکل گا"...... جولیا نے کہا۔

"ایم وی تھری ہیلی کاپٹر کو ذہن سے نکال دو کیونکہ اب اڈے کی تباہی کے بعد حکومت کافرستان نے نہ صرف اس علاقے ارد گرد کے علاقوں میں موجود تمام ایئر فورس کے اڈوں کو دے دیا گیا ہوگا کہ ایم وی تھری تو ایک طرف کسی عام ہیلی کا

ریخ میں داخل ہوتے ہی اڑا دیا جائے۔ اس لئے ہمیں اب اس ہیلی کاپٹر کو ذہن سے نکال کر کچھ اور سوچنا چاہئے"۔ نے کہا تو سب نے اثبات میں سر ہلا دیئے۔

ان صاحب سپر میگانات کی انتہائی طاقتور رینج کی ڈائنامیٹ تو اس سے اوپر پہاڑی کا وہ حصہ ہی اڑا دیا جائے"۔ صفدر

ہت بڑی پہاڑی ہے۔ اس قدر ڈائنامیٹ کی دستیابی ہی یں ہے"...... عمران نے جواب دیا۔

پھر آخر کیا ہوگا۔ کیا ہم بس یہاں بیٹھے باتیں ہی کرتے رہیں تنویر نے انتہائی جھلائے ہوئے لہجے میں کہا۔

خیال ہے کہ فی الحال آرام کیا جائے۔ شاید خواب میں ک آکر کوئی لائحہ عمل بتا دیں"...... عمران نے مسکراتے یا اور اس کے ساتھ ہی اس نے جسم کو ڈھیلا چھوڑا اور دیوار لگا کر اس نے آنکھیں بند کر لیں تو باقی ساتھیوں نے بھی انس لیتے ہوئے اپنے جسموں کو ڈھیلا چھوڑ دیا۔ ظاہر ہے اس وہ اور کر بھی کیا سکتے تھے۔

ساگن شاگل کی توقع سے بھی کہیں چھوٹا سا پہاڑی قصبہ تھا
چونکہ ارد گرد قدرتی لکڑی کے جنگل تھے اس لئے قصبے میں کئی
تعمیراتی لکڑیوں کے ڈھیر لاٹوں کی صورت میں جگہ جگہ پڑے ہ
تھے۔ جیپ موتی رام چلا رہا تھا جبکہ شاگل سائیڈ پر اکڑا ہوا بیٹھا
" اس قصبے میں ہوٹل بنانے کی کیا تک ہے۔ یہاں کون
گا"...... اچانک شاگل نے کہا۔
" جناب۔ لکڑی کی لاٹوں کی نیلامی ہوتی ہے اس لئے
کافرستان کے لکڑی کے بیوپاری یہاں آتے جاتے رہتے ہیں"۔
رام نے جواب دیا تو شاگل نے اثبات میں سر ہلا دیا اور پھر تھوڑ
بعد ہی لکڑی کے بنے ہوئے ایک دو منزلہ ہوٹل کے سامنے
موتی رام نے جیپ روک دی۔ یہ ساگن ہوٹل تھا۔ ایک
بورڈ بھی ہوٹل کی پیشانی پر موجود تھا اور لوگ اندر آ جا رہے

ب رکتے ہی شاگل اچھل کر نیچے اترا۔ دوسری طرف سے موتی رام
ی نیچے اتر آیا اور پھر وہ دونوں تیز تیز قدم اٹھاتے ہوٹل میں داخل ہو
ئے۔ ہال میں کافرستان کے تقریباً ہر علاقے کے لوگ موجود تھے لیکن
سب مرد تھے۔ وہاں کوئی عورت موجود نہ تھی۔ ایک طرف کاؤنٹر
تھا جس کے ساتھ سیڑھیاں اوپر کی منزل کو جا رہی تھیں۔ اوپر کی
منزل میں شاید رہائشی کمرے تھے۔ کاؤنٹر پر مقامی آدمی موجود تھے۔
موتی رام اور شاگل کاؤنٹر پر پہنچے۔
" سنو۔ چھوٹو رام سے کہو کہ کافرستان سیکرٹ سروس کے چیف
شاگل بنفس نفیس یہاں تشریف لائے ہیں"...... موتی رام نے کہا
تو کاؤنٹر پر موجود آدمی بے اختیار اچھل پڑا۔ اس کے چہرے پر خوف
کے تاثرات ابھر آئے۔
" جی سر جی۔ جناب ہم ہر خدمت کے لئے حاضر ہیں جناب"...... اس
آدمی نے سلام کرتے ہوئے بوکھلائے ہوئے لہجے میں کہا۔
" ہمیں تمہاری خدمت کی ضرورت نہیں ہے سمجھے۔ کہاں ہے وہ
چھوٹو رام۔ اسے بتاؤ کہ ہم آئے ہیں۔ نانسنس۔ خدمت کا کھاتہ
کھول کر کھڑا ہو گیا ہے۔ نانسنس"...... شاگل نے اور زیادہ سنیہ
زا کرتے ہوئے کہا۔
" یس سر۔ یس سر۔ آیئے سر۔ ادھر سر"...... کاؤنٹر مین نے اور
زیادہ بوکھلائے ہوئے لہجے میں کہا اور پھر کاؤنٹر سے نکل کر سامنے
موجود ایک پتلی سی گلی کی طرف بڑھنے لگا۔ اس پتلی سی گلی نما

راہداری کے آخر میں ایک دروازہ تھا۔ اس نے جلدی سے دروا
کھولا۔

"تشریف لے چلیئے جناب"...... کاؤنٹر مین نے دروازہ کھول
ایک طرف ہٹتے ہوئے کہا تو شاگل اس انداز میں اندر داخل ہوا ج
کوئی بادشاہ اپنی نئی فتح کی ہوئی مملکت میں پہلی بار داخل ہو رہا ہ
اس کے پیچھے موتی رام داخل ہوا تو سامنے میز کے پیچھے ایک نوجوا
بیٹھا ہوا تھا۔ وہ حیرت بھری نظروں سے شاگل کو دیکھ رہا تھا لی
جب موتی رام اندر داخل ہوا تو اسے دیکھ کر وہ نوجوان بے اخت
اچھل کر کھڑا ہو گیا۔

"موتی رام تم"...... اس نوجوان نے انتہائی حیرت بھرے
میں کہا۔

"چھوٹو رام یہ کافرستان سیکرٹ سروس کے چیف اور میرے با
شاگل صاحب ہیں اور جناب یہ اس ہوٹل کا مالک چھوٹو ر
ہے"...... موتی رام نے کہا تو چھوٹو رام بری طرح بوکھلا کر بجلی
سی تیزی سے میز کے پیچھے سے نکلا اور شاگل کے سامنے رکوع کے
جھک گیا۔

"ج۔ جناب۔ یہ تو میری خوش بختی ہے جناب کہ کافرستان
سب سے بڑے افسر یہاں تشریف لائے ہیں۔ آپ مجھے حکم دیتے
سر کے بل چل کر آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاتا"...... چھوٹو ر
نے گھگھیاتے ہوئے لہجے میں کہا۔

"تم موتی رام کے دوست ہو اور موتی رام میرا اسسٹنٹ ہے
ں لئے ہم نے خود یہاں آ کر تمہیں عزت بخشی ہے۔ بیٹھو"۔ شاگل
نے اور زیادہ چوڑے ہوتے ہوئے کہا۔

"جناب کی انتہائی کرم نوازی ہے جناب"...... چھوٹو رام نے
ہا۔ وہ واقعی شاگل کے سامنے بچھا جا رہا تھا اور شاگل اور موتی رام
وفوں پر بیٹھ گئے۔

"جناب کیا پینا پسند کریں گے جناب"...... چھوٹو رام نے کہا۔

"نہیں۔ ہم ڈیوٹی پر ہیں اس لئے بیٹھو۔ ہمیں تم سے چند
علومات چاہئیں"...... شاگل نے کہا۔

"ج۔ جناب۔ حکم فرمائیے جناب"...... چھوٹو رام نے کہا اور
امنے صوفے پر بڑے مؤدبانہ انداز میں بیٹھ گیا۔

"ساگن کے علاقے میں مشکبار کی تحریک آزادی کا سنٹر ہے اور تم
ہاں کے پیدائشی رہنے والے ہو۔ ہمیں اس سنٹر کا پتہ چاہئے"۔
اگل نے تحکمانہ لہجے میں کہا تو چھوٹو رام بے اختیار چونک پڑا۔

"وہ۔ وہ۔ جناب۔ یہاں تو کسی کو معلوم نہیں ہے جناب"۔
ھوٹو رام نے بری طرح بوکھلائے ہوئے لہجے میں کہا لیکن اس کی
کھلاہٹ صاف بتا رہی تھی کہ وہ دانستہ کچھ چھپا رہا ہے۔

"سنو چھوٹو رام۔ میرا نام شاگل ہے۔ سمجھے۔ اگر تم اپنی ہڈیاں
یں تڑوانا چاہتے تو فوراً بک دو ورنہ تم سمیت تمہارے اس ہوٹل
ی اینٹ سے اینٹ بجا دوں گا"...... شاگل نے غصے سے چیختے ہوئے

کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے جیب سے ریوالور نکال لیا۔ غصے کی شدت سے اس کے چہرے پر شعلے سے ناچنے لگے تھے۔

"رحم جناب۔ رحم جناب۔ مجھے تو بس اتنا معلوم ہے کہ یہاں قریب ہی ایک دکان ہے جس کا نام سلطان ٹمبر ہاؤس ہے جناب اس کا مالک مقامی شہری مسلمان ہے جس کا نام سلطان ہے۔ اس کا تعلق مجاہدین سے ہے۔ اس کے علاوہ مجھے اور کچھ معلوم نہیں ہے اور جناب میں نے مزید کبھی اس لئے نہیں پوچھا کہ اگر ان لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ کوئی ان کے بارے میں پوچھ گچھ کر رہا ہے تو وہ اسے تو کیا اس کے پورے خاندان کو ہی گولیوں سے اڑا دیتے ہیں جناب"...... چھوٹو رام نے فوراً ہی ہاتھ جوڑ کر گھگھیاتے ہوئے لہجے میں کہا۔

"ٹھیک ہے۔ بلاؤ اس سلطان کو یہاں۔ ابھی اور اسی وقت"...... شاگل نے اس بار قدرے نرم لہجے میں کہا کیونکہ اسے اندازہ ہو گیا تھا کہ چھوٹو رام سچ بول رہا ہے۔

"جی صاحب۔ ابھی بلاتا ہوں صاحب"...... چھوٹو رام نے کہا اور تیزی سے دروازے کی طرف بڑھا۔

"ٹھہرو۔ رک جاؤ۔ تم خود جا رہے ہو"...... شاگل نے ایک بار پھر غصیلے لہجے میں کہا۔

"ج۔ جی سر۔ ورنہ وہ نہیں آئے گا سر"...... چھوٹو رام نے مڑ کر کہا۔

"چلو ہمارے ساتھ اور مجھے دکھاؤ کہاں ہے وہ"...... شاگل نے اٹھتے ہوئے کہا۔

"ج۔ جناب۔ اگر آپ مجھ پر رحم کریں تو جناب"...... چھوٹو رام نے یکلخت گھگھیائے ہوئے لہجے میں کہا۔ اس کے ساتھ ہی اس نے ہاتھ جوڑ دیئے۔

"کیا کہنا چاہتے ہو۔ بتاؤ"...... شاگل نے پیر پٹختے ہوئے کہا۔

"ج۔ جناب۔ میں نے یہاں رہنا ہے جناب اور ہوٹل چلانا ہے جناب۔ یہ لوگ بے حد ظالم ہیں جناب"...... چھوٹو رام نے اور زیادہ گھگھیائے ہوئے لہجے میں کہا۔

"اوہ۔ ٹھیک ہے۔ میں سمجھ گیا۔ ٹھیک ہے۔ تم یہیں رہو ہم خود اس سے بات کر لیتے ہیں۔ آؤ موتی رام"...... شاگل کو نجانے کیوں اس چھوٹو رام پر رحم آ گیا اور وہ سر ہلاتا ہوا تیزی سے دروازے کی طرف بڑھ گیا۔ موتی رام اس کے پیچھے تھا۔ چند لمحوں بعد وہ موتی رام کے ساتھ جیپ میں سوار سلطان ٹمبر ہاؤس نامی دکان ڈھونڈنے لگے۔ کچھ فاصلے پر ایک بڑی سی دکان پر اس نام کا بورڈ نظر آ گیا تو موتی رام نے اس کے قریب لے جا کر جیپ روک دی۔ دکان میں صرف چار کرسیاں اور ایک میز تھی جس میں چار افراد بیٹھے ہوئے تھے۔ جیپ رکتے دیکھ کر وہ سب بے اختیار چونک پڑے اور پھر شاگل اور موتی رام جیپ سے اتر کر دکان میں داخل ہو گئے۔

"تم میں سے سلطان کون ہے"...... شاگل نے ان کو غور سے

دیکھتے ہوئے کہا جو ان کے اندر داخل ہوتے ہی بے اختیار کرسیوں سے اٹھ کھڑے ہوئے تھے۔

"جی میرا نام سلطان ہے جناب"...... ایک ادھیڑ عمر آدمی نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"میں کافرستان سیکرٹ سروس کا چیف شاگل ہوں اور یہ میرا اسسٹنٹ موتی رام ہے۔ ہم نے ایک آدمی کو گرفتار کیا ہے۔ اس نے ہمیں بتایا ہے کہ اس کا تعلق تم سے ہے اور یہ بھی بتا دوں کہ اس آدمی کا تعلق مقامی تحریک آزادی سے ہے"...... شاگل نے سلطان کو غور سے دیکھتے ہوئے کہا۔

"جی۔ پھر میں کیا خدمت کر سکتا ہوں"...... سلطان نے بڑے لاپرواہ سے لہجے میں کہا۔

"تمہیں یہاں ہمارے ہیڈ کوارٹر چلنا ہو گا۔ چلو"...... شاگل نے یکلخت غصے سے بھڑکتے ہوئے کہا۔

"لیکن آپ کے پاس کیا ثبوت ہے کہ آپ سیکرٹ سروس کے چیف ہیں۔ مجھے تو آپ کوئی فراڈیئے لگتے ہیں"...... سلطان نے کہا تو شاگل کو یوں محسوس ہوا جیسے کسی نے اس کے منہ پر تھپڑ مار دیا ہو۔ اس نے بجلی کی سی تیزی سے جیب سے ریوالور نکالا ہی تھا کہ یکلخت تڑتڑاہٹ کی آواز کے ساتھ ہی شاگل کے منہ سے چیخ نکلی۔ اسے یوں محسوس ہوا تھا جیسے کوئی گرم سلاخ اس کے سینے میں اترتی چلی گئی ہو اور اس کے ساتھ ہی اس کا ذہن اس طرح تاریک ہو گیا جیسے

کیمرے کا شٹر بند ہوتا ہے البتہ ذہن کے مکمل تاریک ہونے سے پہلے اس کے کانوں میں موتی رام کے چیخنے کی آواز بھی پڑی تھی اور پھر جس تیزی سے اس کا ذہن تاریک ہوا تھا اسی تیزی سے اس کے ذہن میں روشنی سی پھیلتی چلی گئی اور اس کے ساتھ ہی اس کی آنکھیں کھلیں اور اس نے بے اختیار اٹھنے کی کوشش کی لیکن دوسرے لمحے وہ یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ وہ ایک بند کمرے میں کرسی پر بندھا ہوا بیٹھا تھا۔ اس کے سینے پر بینڈیج تھی۔ اس کے سامنے کرسی پر ایک نقاب پوش موجود تھا جبکہ ایک آدمی اس کی سائیڈ میں موجود تھا۔

"تمہارا نام شاگل ہے اور تم کافرستان سیکرٹ سروس کے چیف ہو"۔ سامنے بیٹھے ہوئے نقاب پوش نے غراتے ہوئے لہجے میں کہا۔

"ہاں مگر تم کون ہو۔ میں کہاں ہوں اور وہ سلطان کہاں ہے"۔ شاگل نے بڑی مشکل سے اپنے غصے کو کنٹرول کرتے ہوئے کہا کیونکہ اسے بہرحال صورت حال کی سنگینی کا ادراک ہو چکا تھا۔

"تمہارا ساتھی ہلاک ہو چکا ہے البتہ تمہیں بچا لیا گیا ہے ورنہ اس وقت تمہارے ساتھی کی طرح تمہاری لاش بھی پہاڑی پر گدھ نوچ رہے ہوتے"...... اس نقاب پوش نے غراتے ہوئے کہا تو شاگل نے بے اختیار جھرجھری سی لی۔ اس کے چہرے پر پہلی بار خوف کے تاثرات ابھر آئے تھے کیونکہ اب اسے احساس ہوا تھا کہ اس نے اس احمقانہ انداز میں تحریک آزادی کے مجاہدین کے پاس جا کر واقعی حماقت کی ہے۔ یہ لوگ اب اسے آسانی سے نہ چھوڑیں گے۔

"تم۔ تم کون ہو اور کیا چاہتے ہو"...... شاگل نے ہونٹ بھینچتے ہوئے کہا۔

"تمہیں کس نے بتایا تھا کہ چھوٹو رام تحریک آزادی کے مجاہدین کے بارے میں جانتا ہے"...... نقاب پوش نے کہا۔

"میرے اسسٹنٹ موتی رام نے کیونکہ چھوٹو رام اس کا کلاس فیلو تھا اور دارالحکومت میں وہ اس سے ملتا رہتا تھا"...... شاگل نے جواب دیا۔

"اور چھوٹو رام نے تمہیں سلطان کا پتہ بتایا تھا"...... نقاب پوش نے کہا۔

"ہاں"...... شاگل نے مختصر سا جواب دیا۔

"چھوٹو رام کی لاش بھی گدھ نوچ رہے ہوں گے اور اس کے ہوٹل کو بھی میزائلوں سے اڑا دیا گیا ہے اور ہم نے تصدیق کر لی ہے کہ تم واقعی کافرستان سیکرٹ سروس کے چیف ہو۔ لیکن تم سلطان سے کیا معلوم کرنا چاہتے تھے"...... نقاب پوش نے کہا۔

"پاکیشیا سیکرٹ سروس کے خطرناک ایجنٹ ملٹری انٹیلی جنس کے ہیلی کاپٹر میں یہاں ساگن کی پہاڑیوں میں اترے تھے اور پھر ہیلی کاپٹر کو دوبارہ اڑا کر یہاں سے کچھ دور پہاڑی سے ٹکرا کر تباہ کر دیا گیا تھا۔ اس سے میں سمجھ گیا تھا کہ وہ یہاں ساگن میں ہی چھپے ہوئے ہیں اور ان کے چھپنے کی سب سے بہتر جگہ تحریک آزادی کے مجاہدین کی کوئی پناہ گاہ ہی ہو سکتی ہے اور اس پناہ گاہ کو میں تلاش کرنا چاہتا

تھا"...... شاگل نے خود ہی تفصیل سے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"پلاسن کی چوٹی پر جو خفیہ اڈا ہے تم وہاں گئے ہو"...... نقاب پوش نے پوچھا۔

"نہیں۔ وہاں میرا کیا کام ہے"...... شاگل نے جواب دیا۔

"سنو شاگل اگر تم زندہ رہنا چاہتے ہو تو یہ بتا دو کہ تم نے وہاں کے سائنس دانوں سے کس فریکونسی پر بات کی تھی"...... نقاب پوش نے غراتے ہوئے کہا۔

"میری کبھی ان سے بات نہیں ہوئی۔ میں تو یہاں صرف پاکیشیائی ایجنٹوں کو چیک کرنے کے لئے آیا تھا اور پھر انہوں نے میزائل اڈا تباہ کر دیا جس میں میرے دوسرے ماتحت مارے گئے ۔ صرف یہ موتی رام بچا تھا"...... شاگل نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"اوکے اب تم آرام کرو"...... نقاب پوش نے اٹھتے ہوئے کہا۔

"مم۔ مجھے۔ مجھے چھوڑ دو"...... شاگل نے بے چین ہو کر کہا۔

"تم بہت بڑے افسر ہو اور ہمارے بہت سے کارکن کافرستانی حکومت کے پاس قید ہیں۔ تمہارے بدلے انہیں چھڑایا جائے گا اور اگر حکومت نے انکار کیا تو پھر تمہاری لاش کو بھی گدھ نوچیں گے"۔ نقاب پوش نے کہا اور تیزی سے کمرے کے دروازے کی طرف بڑھ گیا۔ اسی لمحے اس کے ساتھ کھڑے ہوئے آدمی نے اس کی ناک پر اپنا ہاتھ رکھا اور شاگل کی ناک میں نامانوس سی بو داخل ہوئی اور اس کے ساتھ ہی اس کے ذہن پر تاریکی پھیلتی چلی گئی۔

عمران جیسے ہی پہاڑی غار نما کمرے میں داخل ہوا اس کے ساتھی بے اختیار چونک پڑے۔

"کچھ معلوم ہوا عمران صاحب شاگل سے"...... صفدر نے بے چین سے لہجے میں کہا۔

"نہیں۔ وہ مکمل طور پر لاعلم ہے۔ میں نے سوچا تھا کہ شاید اسے وہاں کی فریکونسی کا علم ہو۔ اس طرح میں کوئی چکر چلا سکوں لیکن اسے واقعی کچھ نہیں معلوم"...... عمران نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ دری پر بیٹھتے ہوئے کہا۔

"پھر کیا کیا اس شاگل کا"...... جولیا نے پوچھا۔

"کچھ نہیں۔ اسے کہیں دور پہنچا دیا جائے گا"...... عمران نے الجھے ہوئے لہجے میں کہا۔

"لیکن کیوں۔ اسے گولی کیوں نہیں ماری گئی"...... تنویر نے

لہجے میں کہا۔

نہیں۔ وہ کافرستان کا بہت بڑا عہدیدار ہے۔ اس کی موت تو طرف اس کی گمشدگی سے ہی ایک بڑا طوفان اٹھ کھڑا ہو گا اور اس سارے علاقے کو فوج نے گھیر لینا ہے۔ اس کے بعد یہاں تحریک آزادی کے کارکن بہرحال ختم ہو جائیں گے"۔ عمران واب دیا۔

لیکن جس نے اس پر فائر کیا تھا اس کے بارے میں تو شاگل کو م ہے۔ وہ تو عذاب میں پڑ جائے گا"...... جولیا نے ہونٹ تے ہوئے کہا۔

اسے اور اس کے ساتھیوں کو اس علاقے سے دور کسی اور لاقے میں بھجوا دیا گیا ہے اور اب شاگل انہیں ٹریس نہیں کر سکے ..... عمران نے جواب دیتے ہوئے کہا اور سب خاموش ہو گئے نکہ وہ جانتے تھے کہ عمران کے کہنے پر ہی شاگل کو زندہ چھوڑ دیا گیا کیونکہ شاگل کے بارے میں عمران کا ہمیشہ یہی نظریہ رہا تھا کہ زندہ رہنا چاہیئے کیونکہ ایک تو وہ احمق ہے دوسرا اس کی یات اور کام کرنے کے انداز سے عمران اچھی طرح واقف تھا جبکہ ی جگہ کوئی نیا آدمی آئے گا تو اسے سمجھنے میں وقت لگ سکتا تھا۔ ال کی گرفتاری کی اطلاع کامران نے عمران کو دی تھی اور پھر ان اس کے ساتھ چلا گیا تھا۔

میرا خیال ہے عمران صاحب کہ ہمیں واپس پاکیشیا چلے جانا

چاہئے"...... صفدر نے کہا۔

"وہاں جا کر مرنے سے بہتر ہے کہ یہیں خودکشی کر لی جائے" تنویر نے منہ بناتے ہوئے کہا۔

"میرا خیال ہے کہ ہمیں چیف سے بات کرنی چاہئے۔ ان حالا میں مشن مکمل کرنے کا کوئی سکوپ نظر نہیں آ رہا"...... جولیا ۔ کہا۔

"ہاں۔ یہ زیادہ بہتر ہے۔ شاید چیف دو چار جن بھجوا دے : آسانی سے پلاسن کی چوٹی پر پہنچ کر اڈا تباہ کر دیں"...... عمران نے تو سب بے اختیار ہنس پڑے۔

"عمران صاحب اس بار واقعی ہم بند گلی میں پھنس گئے ہیں۔ کوئی صورت ہی سمجھ میں نہیں آ رہی"...... کیپٹن شکیل نے کہا۔

"اچھا۔ کمال ہے۔ میں تو اس لئے مطمئن تھا کہ چلو کیپٹن شکیل سوچ کے سمندر میں غوطہ زنی سے کوئی نہ کوئی موتی ڈھونڈ ہی لا۔ گا لیکن تم نے بھی ناکامی کا اعلان کر دیا"...... عمران نے کہا تو کیپٹن شکیل ہلکی سی ہنسی ہنس کر رہ گیا۔

"واقعی کوئی بات سمجھ میں نہیں آ رہی"...... کیپٹن شکیل ۔ کہا۔

"صفدر جا کر باہر سے کامران کے کسی آدمی کو بلا لاؤ"۔ عمرا نے یکلخت سنجیدہ ہوتے ہوئے کہا تو صفدر سر ہلاتا ہوا اٹھا اور اس غ نما کمرے سے باہر نکل گیا۔ چند لمحوں بعد وہ واپس آیا تو اس کے سا

ان خود تھا۔

کامران صاحب آ رہے تھے اس لئے میں انہیں ساتھ لے آیا ...... صفدر نے کہا۔

شاگل کو آپ کے حکم پر یہاں سے کافی دور ایک گاؤں میں پہنچا یا ہے۔ اسے ہوش آئے گا تو خود ہی وہ کسی نزدیکی آبادی تک پہنچ ے گا"...... کامران نے سلام کر کے مسکراتے ہوئے کہا۔

"اس کے زخم کی کیا پوزیشن ہے"...... عمران نے کہا۔

وقتی طور پر تو ٹھیک کر دیا گیا تھا۔ باقی علاج وہ خود کرا لے ...... کامران نے جواب دیا۔

ٹھیک ہے۔ تم سے میں نے ایک ضروری بات کرنی ہے۔ کیا اں کوئی ایسا فون مل سکتا ہے کہ جس سے ہونے والی بات چیت تے میں کچھ نہ ہو سکے"...... عمران نے کہا۔

"جی ہاں۔ ہمارے پاس سپیشل آر ایچ فون موجود ہے"۔ کامران اثبات میں سر ہلاتے ہوئے کہا۔

"گڈ شو۔ وہ فون لے آؤ"...... عمران نے کہا تو کامران سر ہلاتا ہوا ا اور تیز تیز قدم اٹھاتا غار سے باہر چلا گیا۔

"کہاں فون کرنا چاہتے ہو۔ کیا چیف کو"...... جولیا نے کہا۔

"چیف کو فون کر کے میں نے کیا لینا ہے۔ وہ تو مشن مکمل بھی جائے تب بھی چیک دیتے ہوئے اس طرح نیت و نعل کرتا ہے ے خیرات دے رہا ہو اور ابھی تو مشن مکمل نہیں ہوا۔ اب تو اس

نے بات ہی نہیں سنی"...... عمران نے منہ بناتے ہوئے کہا۔

"تو پھر کہاں فون کرو گے"...... جولیا نے حیران ہو کر کہا۔

"پلاسن کے اڈے پر"...... عمران نے جواب دیا تو سب اختیار اچھل پڑے۔

"کیا۔ کیا مطلب۔ کیا وہاں فون ہے"...... جولیا نے یقین آنے والے لہجے میں کہا۔

"وہ مواصلاتی اڈا ہے۔ وہاں مواصلاتی مشین پر کام ہو رہا ہے بڑے بڑے مواصلاتی سائنس دان وہاں کام کرتے ہیں اس۔ لامحالہ ان کا تعلق کسی سیٹلائٹ سے ہو گا اور یقیناً فون بھی گا"...... عمران نے کہا۔

"لیکن اس کا نمبر کیسے معلوم ہو گا"...... جولیا نے مزید حیر بھرے لہجے میں کہا۔

"انکوائری سے"...... عمران نے بڑے معصوم سے لہجے میں کہا جولیا آنکھیں نکالتی رہ گئی جبکہ صفدر بے اختیار ہنس پڑا۔

"اس کا کام اب بس فون کرنا ہی رہ گیا ہے۔ کام اس سے نہیں ہوتا اور مجھے یقین ہے کہ اس مشن کی ناکامی کے بعد اس سے ہمیشہ کے لئے جان چھوٹ جائے گی"...... تنویر نے منہ بناتے ہوئے کہا۔

"واہ۔ یہ تو واقعی خوشخبری ہے۔ اللہ تعالیٰ تمہاری زبان مبارک کرے"...... عمران نے اس طرح خوش ہوتے ہوئے کہا جیسے تنو نے واقعی کوئی بڑی خوشخبری سنا دی ہو۔

یا مطلب۔ یہ خوشخبری کیسے بن گئی"...... تنویر نے توقع کے یرت بھرے لہجے میں کہا۔

ظاہر ہے بھائی کے کاندھوں پر بہن کا بوجھ ہوتا ہے اور بہن کی کے بعد بھائی یہی کہہ سکتا ہے کہ چلو ہمیشہ کے لئے جان چھوٹ عمران نے کہا تو جولیا کا چہرہ یکلخت سرخ ہو گیا جبکہ صفدر یار ہنس پڑا۔

ہے۔ یہی خواب دیکھتے مرجاؤ گے"...... تنویر نے غصیلے لہجے ا۔

یر۔ ہوش میں رہ کر بات کیا کرو۔ سمجھے"..... جولیا نے یر پر آنکھیں نکالتے ہوئے کہا۔ ظاہر ہے وہ عمران کی موت ے میں تنویر کے یہ ریمارکس کیسے برداشت کر سکتی تھی لیکن ے پہلے کہ مزید کوئی بات ہوتی کامران اندر داخل ہوا تو اس ھ میں ایک کارڈلیس فون پیس تھا۔ اس نے کارڈلیس فون ں طرف بڑھا دیا۔

ں کا لنک کس کے ساتھ ہے"...... عمران نے کارڈلیس فون ے کہا۔

ازستانی مواصلاتی سیارے کے ساتھ"...... کامران نے تے ہوئے کہا تو عمران بے اختیار ہنس پڑا۔

شو۔ یہ ہوئی ناں بات۔ بہرحال اسی خوشی میں ہمیں چائے عمران نے کہا تو کامران مسکراتا ہوا مڑا اور واپس چلا

گیا۔ عمران نے فون آن کیا اور نمبر پریس کرنے شروع کر دیے
آخر میں اس نے لاؤڈر کا بٹن بھی آن کر دیا۔

"یس"...... ایک مردانہ آواز سنائی دی۔

"علی عمران ایم ایس سی۔ ڈی ایس سی (آکسن) بول رہا ہو
عمران نے کہا۔

"اوہ۔ عمران صاحب آپ۔ میں ناٹران بول رہا ہوں۔ آج
یاد کیا ہے"...... دوسری طرف سے قدرے بے تکلفانہ لہجے م
گیا۔

"وزارت مواصلات میں تمہارا کوئی آدمی ہے"...... عمرا
کہا۔

"وزارت مواصلات میں۔ نہیں۔ اس سے تو آج تک کبھی
کام ہی نہیں پڑا۔ کیوں۔ آپ بتائیں تو سہی کہ مسئلہ کیا
ناٹران نے کہا۔

"میں اس وقت مقبوضہ وادی مشکبار کے ایک چھوٹے سے
سے بول رہا ہوں"...... عمران نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس
مختصر طور پر مشن کے بارے میں بھی بتا دیا۔

"اوہ ہاں۔ مجھے اطلاع مل گئی تھی کہ وادی مشکبار میں
حالات نافذ کر دیئے گئے ہیں لیکن میں سمجھا کہ کوئی بات ہو گی
لیکن یہ علم نہ تھا کہ آپ وہاں اس قدر اہم مشن کی تکمیل کے
میں کام کر رہے ہیں۔ بہرحال میں سمجھ گیا ہوں۔ آپ چاہتے

ان کی چوٹی پر جو مواصلاتی اڈا ہے اس کے بارے میں تفصیلات
معلوم کی جائیں"...... ناٹران نے کہا۔

"اللہ تمہارا بھلا کرے۔ لوگوں کے تو ماں باپ عقلمند ہوتے
لیکن تم خود عقلمند ہو"...... عمران نے جواب دیا تو ناٹران بے
اختیار ہنس پڑا۔

"آپ جب کسی کو عقلمند کہتے ہیں تو بے چاری عقل یقیناً شرما
لی ہو گی۔ بہرحال آپ کس نمبر پر بات کر رہے ہیں"...... ناٹران
نے ہنستے ہوئے کہا۔

"نمبر کو چھوڑو۔ یہ بتاؤ کہ کیا تم اس بارے میں معلومات حاصل
کر سکتے ہو یا نہیں"...... عمران نے کہا۔

"جی ہاں۔ کام تو بہرحال میں کروں گا اور مجھے یقین ہے کہ میں
دو گھنٹوں کے اندر کچھ نہ کچھ کامیابی بھی حاصل کر لوں گا کیونکہ
اس کافرستان کے دفاتر میں رشوت کا بازار گرم رہتا ہے اس لئے
ی رقم کے عوض یہاں سے سب کچھ خریدا جا سکتا ہے"۔ ناٹران
نے جواب دیا۔

"ٹھیک ہے۔ میں دو گھنٹے بعد تمہیں خود دوبارہ فون کروں گا"۔
عمران نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے فون آف کر کے اسے نیچے
رکھ دیا۔ تھوڑی دیر بعد کامران نے چائے بھجوا دی اور وہ سب چائے
کے ساتھ ساتھ گپ شپ میں مصروف ہو گئے۔ تھوڑی دیر بعد
کامران اندر آیا۔

"عمران صاحب اس سارے علاقے کو فوج نے گھیر لیا ہے اور یہاں اس انداز میں چیکنگ کر رہے ہیں جیسے انہیں آپ کی تلاش ہو"...... کامران نے کہا تو عمران کے ساتھ ساتھ باقی ساتھی بھی چونک پڑے۔

"پھر"...... عمران نے سنجیدہ لہجے میں کہا۔

"ارے نہیں عمران صاحب۔ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ وہ اس سارے پہاڑی علاقے کو بھی کھود ڈالیں تب بھی وہ اس تک نہیں پہنچ سکتے۔ میں تو صرف آپ کو اطلاع دے رہا ہوں" کامران نے کہا۔

"دیکھ لو۔ ایسا نہ ہو کہ وہ اچانک ہمارے سروں پر آ جائیں"...... عمران نے کہا۔

"ایسی کوئی بات نہیں۔ آپ نے خود یہاں سے باہر جا کر دیکھا ہے۔ آپ بتائیں کہ کیا وہ یہاں پہنچ سکتے ہیں"...... کامران نے کہا۔

"پھر بھی تمہیں محتاط رہنا ہوگا"...... عمران نے کہا۔

"آپ بے فکر رہیں جناب۔ اس سے پہلے بھی ہزاروں بار چیکنگ ہو چکی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہماری حفاظت کرنے والا ہے"...... کامران نے اعتماد بھرے لہجے میں کہا تو عمران نے سر ہلا دیا اور پھر کامران کچھ دیر بیٹھ کر واپس چلا گیا۔

"اگر ناٹران اس اڈے کے بارے میں معلومات حاصل کر لے گا تو اصل مسئلہ تو پھر بھی وہیں رہ جائے گا کہ وہاں تک پہنچا کیسے

...... جولیا نے کہا۔

ایسے اڈوں کے کئی راستے رکھے جاتے ہیں اور مجھے یقین ہے کہ ... کوئی خفیہ راستہ ایسا ہوگا جسے پہاڑی کے اندر سے بنایا گیا ... تاکہ اگر انتہائی خطرہ ہو تو اس راستے سے لوگوں کو نکالا جا ...... عمران نے کہا اور سب نے اثبات میں سر ہلا دیئے اور پھر دو ... تین گھنٹوں بعد عمران نے ایک بار پھر فون پیس اٹھایا اور ... کر کے اس نے نمبر پریس کرنے شروع کر دیئے۔ آخر میں ... نے لاؤڈر کا بٹن بھی پریس کر دیا کیونکہ فون آف کرتے ہی وہ ... خود آف ہو جاتا تھا۔

یس"...... رابطہ قائم ہوتے ہی ناٹران کی آواز سنائی دی۔

اب بار بار کیا تعارف کراؤں۔ مجھے شرم آتی ہے کہ اتنی لمبی ... ڈگریاں بتاتا رہوں لیکن سننے والے کے کان پر جوں تک نہیں ...تی"...... عمران نے مسکراتے ہوئے کہا۔

عمران صاحب آپ۔ سوری عمران صاحب کام نہیں ہو سکا ... پلاسن پہاڑی کی چوٹی پر بنائے جانے والے مواصلاتی سنٹر کی ... پرائم منسٹر کی تحویل میں ہے اور سنٹر پرائم منسٹر صاحب نے ... غیر ملکی فرم کے ذریعے اس انداز میں تعمیر کرایا ہے کہ وزارت ... کسی کو اس بارے میں کسی تفصیل کا کوئی علم نہیں ہے"...... ناٹران نے تفصیل بتاتے ہوئے کہا۔

ٹھیک ہے۔ ہونا بھی ایسے ہی چاہئے تھا۔ مجھے پہلے ہی یہ توقع

تھی۔ بہرحال تم یہ معلوم کرو کہ ایم وی تھری ٹائپ ہیلی کا
رابندر نو نامی ایئر بیس کے علاوہ اور کسی اڈے میں موجود ہیں یا
نہیں اور یہ بھی معلوم کرو کہ ایم وی تھری ہیلی کاپٹر سے ملتا جلتا ہیلی
کاپٹر اور کوئی ہے۔ اگر ہے تو وہ کہاں موجود ہے"۔ عمران نے کہا۔

"ٹھیک ہے۔ میں معلوم کراتا ہوں۔ یہ کام جلدی ہو جائے گا۔
تقریباً نصف گھنٹے کے اندر"...... ناٹران نے جواب دیا۔

"اوکے میں تمہیں فون کر لوں گا"...... عمران نے کہا اور ایک
طویل سانس لے کر اس نے فون آف کر دیا۔

"عجیب گورکھ دھندے میں پھنس گئے ہیں اور وقت تیزی سے
گزرتا چلا جا رہا ہے"...... عمران نے بڑبڑاتے ہوئے کہا۔

"اس بار واقعی ذہن بھی کام نہیں کر رہا"...... جولیا نے کہا۔

"کیوں نہیں کر رہا۔ یہاں سے نکلو اور کافرستان کے دارالحکومت
چلو۔ وہاں جا کر کافرستان کے صدر یا وزیراعظم کو یرغمال بنا لیتے ہیں
پھر دیکھو کس طرح مشن مکمل ہوتا ہے۔ تم کوئی کام بھی کرو تو"۔
تنویر نے جھلائے ہوئے لہجے میں کہا۔

"ایسی باتیں مت کیا کرو تنویر جنہیں سننے کے بعد یہ محسوس ہو
کہ تم ذہنی طور پر ابھی بچے ہو"...... جولیا نے غصیلے لہجے میں کہا۔

"یہ اپنی عمر کم ظاہر کرنے کے لئے ایسی باتیں کرتا ہے"۔ عمران
نے مسکراتے ہوئے کہا تو اس بار جولیا اور صفدر دونوں بے اختیار
ہنس پڑے اور پھر آدھے گھنٹے تک وہ ایسی ہی ہلکی پھلکی باتیں کرتے

رہے۔ اس کے بعد عمران نے ایک بار پھر فون پیس اٹھایا اور اسے
آن کر کے نمبر پریس کرنے شروع کر دیئے۔ آخر میں اس نے لاؤڈر کا
بٹن بھی پریس کر دیا تو دوسری طرف سے گھنٹی بجنے کی آواز سنائی
دی۔

"یس"...... ناٹران نے اپنی عادت کے مطابق کہا۔

"بچپن میں ایک فلم دیکھی تھی مسٹر نو۔ لیکن مسٹر یس آج تک
نظر ہی نہیں سکی۔ وجہ بتا سکتے ہو"...... عمران نے کہا تو دوسری
طرف سے ناٹران بے اختیار ہنس پڑا۔

"عمران صاحب میں نے معلومات حاصل کر لی ہیں۔ ایم وی
تھری ہیلی کاپٹر بہت تھوڑی تعداد میں ہیں اور وہ صرف رابندر نو ایئر
بیس میں ہیں اور وہاں بھی انہیں نہ صرف گراؤنڈ کر دیا گیا ہے بلکہ
انہیں کیموفلاج بھی کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ اس پورے اڈے
کو بھی ریڈ الرٹ کر دیا گیا ہے اور وہاں شاید آپ کا ہی انتظار کیا جا
رہا ہے۔ بہرحال ماہرین کے مطابق ایم وی تھری ہیلی کاپٹر کی اصل
میں بنیادی خصوصیت اس کے اندر شدید ترین سردی سے تحفظ کا
نظام ہے اور دوسری بات یہ کہ یہ ہیلی کاپٹر بیس ہزار فٹ کی بلندی
تک بھی آسانی سے پرواز کر سکتا ہے۔ اس جیسی خصوصیات رکھنے والا
ایک اور ہیلی کاپٹر بھی ہے۔ ایم وی تھری ہیلی کاپٹر روسیاہ کی ایجاد
ہے جبکہ دوسرا ہیلی کاپٹر جس کا کوڈ نام وائٹ سٹارم یا ڈبلیو ایس ہے
وہ ایکریمیا کی ایجاد ہے اور اس کا ہی ساختہ ہے لیکن صرف ایک واضح

فرق ہے کہ اس کی پرواز ایم وی تھری ہیلی کاپٹر سے تقریباً پانچ ہزار فٹ کم ہے یعنی یہ پندرہ سولہ ہزار فٹ کی بلندی تک پرواز کر سکتا ہے البتہ اس کے اندر سردی سے تحفظ کا نظام ایم وی تھری سے کہیں زیادہ کامیاب ہے اور ڈبلیو ایس کا ہی ایک ہیلی کاپٹر کافرستان کے شمال مشرقی پہاڑی علاقے کاز کوہ کے ایئر فورس اڈے میں موجود ہے"...... دوسری طرف سے ناٹران نے پوری تفصیل بتاتے ہوئے کہا۔

" اوہ۔ پندرہ سولہ ہزار فٹ کی پرواز عام ہے یا انتہائی ہے"...... عمران نے چونک کر کہا۔

" میرے خیال میں عمران صاحب یہ نان رسک پرواز ہے دونوں ہیلی کاپٹروں کی"...... ناٹران نے جواب دیا۔

"لیکن کاز کوہ کی پہاڑیاں تو مقبوضہ وادی مشکبار سے بہت فاصلے پر ہیں۔ میرا مطلب ہے کہ پورا کافرستان پار کرنا پڑتا ہے اور اگر وہاں سے یہ ہیلی کاپٹر اڑا بھی لیا جائے تب بھی وہ یہاں تک پہنچنے سے پہلے ہی ہٹ کر دیا جائے گا اور پھر اسے لامحالہ راستے میں فیول لینے کے لئے بھی لینڈ کرنا پڑے گا"...... عمران نے کہا۔

" اگر آپ چاہیں تو ایک کام ہو سکتا ہے"...... ناٹران نے کہا۔

" کیا"...... عمران نے پوچھا۔

" یہ ہیلی کاپٹر وہاں سے اڑا کر اسے کافرستان کے ہمسایہ ملک گاسام لے جایا جا سکتا ہے اور پھر وہاں سے لمبا چکر کاٹ کر اسے

بہادرستان میں اور بہادرستان سے اسے وادی مشکبار لے آیا جا سکتا ہے"...... ناٹران نے کہا۔

"نہیں۔ اتنا وقت ہی نہیں ہے اور دوسری بات یہ کہ اس میں دو ممالک بھی ملوث ہو جائیں گے اور کافرستان کو بھی ظاہر ہے اس کی اطلاع مل جائے گی"...... عمران نے کہا۔

"ہاں۔ یہ بات تو ہے۔ پھر آپ جیسے حکم کریں"...... دوسری طرف سے ناٹران نے کہا۔

"فی الحال تو یہی کیا جا سکتا ہے کہ تم ہمارے حق میں دعا کرو۔ اللہ حافظ"...... عمران نے کہا اور فون آف کر دیا۔

"اب کیا ہو گا"...... جولیا نے ہونٹ چباتے ہوئے کہا۔

"وہی ہو گا جو منظور خدا ہو گا کیونکہ مدعی میرا مطلب ہے تنویر لاکھ برا چاہے تب بھی کچھ نہیں ہو گا"...... عمران نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"آج تمہیں شاید احساس ہو رہا ہے کہ ناکامی کے کیا معنی ہوتے ہیں"...... تنویر نے بڑے طنزیہ لہجے میں کہا۔

"ناکامی کا لفظ میں نے اپنی لغت سے نکال کر اسے گٹر میں پھینک دیا تھا لیکن شاید اب اسے دوبارہ نکال کر دھو دھا کر واپس لغت میں ڈالنا پڑے گا"...... عمران نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔

"عمران صاحب۔ پھر تو اس کے سوا اور کوئی حل نہیں ہے کہ ہم انتہائی طاقتور بم اس پہاڑی پر مار دیں۔ اس سے اور کچھ ہو نہ ہو

بہرحال کوئی نہ کوئی حرکت تو ہو گی۔ شاید اس طرح کوئی راہ نکل آئے"...... کیپٹن شکیل نے کہا۔

"صفدر۔ کامران کو بلاؤ۔ کیپٹن شکیل کی بات سے میرے ذہن میں ایک آئیڈیا آیا ہے شاید کام بن جائے"...... عمران نے کہا صفدر اٹھا اور تیز تیز قدم اٹھاتا غار کے دہانے کی طرف بڑھ گیا تھوڑی دیر بعد وہ کامران کے ساتھ واپس آگیا۔

"کیا پوزیشن ہے فوجی چیکنگ کی"...... عمران نے کامران سے پوچھا۔

"وہ اپنی پوری تسلی کر کے واپس چلے گئے ہیں"...... کامران نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"اچھا بیٹھو اور میری بات غور سے سنو"...... عمران نے کہا اور کامران اس کے سامنے دری پر بیٹھ گیا۔

"یہاں سے قریب ترین ایسا کوئی فوجی اڈا ہے جہاں جنگی طیارے موجود رہتے ہوں"...... عمران نے کہا۔

"جنگی طیارے۔ وہ تو کاز کوہ وادی کے اڈے میں ہوتے ہیں، یہاں سے تقریباً پچاس کلومیٹر کے فاصلے پر ہے"...... کامران نے جواب دیا۔

"کس قسم کے جنگی طیارے ہیں یہ"...... عمران نے پوچھا۔

"مجھے ان کا تکنیکی کام تو معلوم نہیں البتہ اگر آپ کہیں تو میں معلوم کر سکتا ہوں"...... کامران نے کہا۔

"کیسے معلوم کرو گے"...... عمران نے پوچھا۔

"کاز کوہ وادی میں ہمارا ایک خفیہ سنٹر موجود ہے بلکہ ہمارا ایک خاص آدمی اس اڈے میں بھی ہے۔ وہ کنٹرول آفس میں کام کرتا ہے۔ اس سے فون پر بات کرتا ہوں"...... کامران نے کہا۔

"کیا فون کال چیک نہیں ہو جائے گی"...... عمران نے چونک کر پوچھا۔

"جی نہیں۔ میں نے بتایا ہے کہ یہ خصوصی ساخت کا فون ہے اور ایسا ہی فون پیس اس کے پاس بھی ہے۔ ویسے تو اس کا نام سورج سنگھ ہے لیکن دراصل وہ مسلمان ہے اور اس کا نام گل شاہ ہے"...... کامران نے کہا۔

"اس سے بات کرو اور پھر میری بات کراؤ اس سے"...... عمران نے کہا تو کامران نے اثبات میں سر ہلاتے ہوئے فون پیس اٹھایا اور اس پر نمبر پریس کرنے شروع کر دیئے۔

"لاؤڈر کا بٹن بھی آن کر دو"...... عمران نے کہا تو کامران نے اثبات میں سر ہلاتے ہوئے لاؤڈر کا بٹن آن کر دیا۔ تھوڑی دیر بعد دوسری طرف سے فون اٹنڈ کر لیا گیا۔

"یس۔ سورج سنگھ بول رہا ہوں"...... ایک بھاری سی آواز سنائی دی۔

"اوہ سوری۔ رانگ نمبر"...... کامران نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے فون آف کر دیا۔

"اب وہ اپنے خصوصی فون پیس کو آن کرے گا اور پھر گفتگو محفوظ ہو جائے گی"...... کامران نے کہا اور عمران نے اثبات میں ہلا دیا۔ تھوڑی دیر بعد کامران نے ایک بار پھر نمبر پریس کرنے شروع کر دیئے۔

"سورج سنگھ بول رہا ہوں"...... اس بار رابطہ ہوتے ہی وہی آواز سنائی دی۔

"کے ایس ون بول رہا ہوں"...... کامران نے کہا۔

"اوہ اچھا۔ میں گل شاہ ہوں"...... اس بار دوسری طرف سے مسکراتے ہوئے کہا گیا۔

"گل شاہ۔ ریڈ لائٹ کے بارے میں تمہیں اطلاعات مل چکی ہوں گی"...... کامران نے کہا۔

"ہاں۔ کیوں"...... دوسری طرف سے چونک کر پوچھا گیا۔

"ریڈ لائٹ اپنے ساتھیں سمیت یہاں میرے پاس موجود ہیں اور وہ تم سے بات کرنا چاہتے ہیں"...... کامران نے کہا۔

"ریڈ لائٹ۔ تمہارا مطلب ہے کہ علی عمران صاحب۔ ان کی بات کر رہے ہو ناں"...... اس بار دوسری طرف سے انتہائی جوشیلے لہجے میں کہا گیا اور عمران بے اختیار مسکرا دیا۔

"ہاں وہی"...... کامران نے جواب دیا۔

"اوہ۔ یہ تو میری خوش قسمتی ہو گی"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

ہیلو شاہ صاحب یہ آپ کی مہربانی ہے کہ آپ میرے بارے ایسے خیالات رکھتے ہیں لیکن میرے پاس وقت بے حد کم ہے اس تفصیلی بات نہیں ہو سکتی۔ آپ یہ بتائیں کہ آپ کے اڈے میں ٹائپ کے جنگی طیارے موجود ہیں"...... عمران نے انتہائی وہ لہجے میں کہا۔

جنگی طیارے دو ٹائپ کے ہیں سر۔ ایس ون اور کراس بلیو ون"...... گل شاہ نے جواب دیتے ہوئے کہا تو عمران کے چہرے ملی سی مایوسی کے تاثرات ابھر آئے کیونکہ جو کچھ وہ سوچ رہا تھا اس سے یہ دونوں طیارے اس کے کام نہیں آسکتے تھے۔

بس یہی دو ٹائپ کے طیارے ہیں یا کوئی اور طیارہ یا ہیلی کاپٹر بھی ہے"...... عمران نے پوچھا۔

"ایک نیا طیارہ ماؤنٹین ہاک بھی ہے۔ اسے آزمائشی پرواز کے یہاں لایا گیا ہے"...... دوسری طرف سے کہا گیا تو عمران بے اختیار اچھل پڑا۔ اس کے چہرے پر یکلخت انتہائی جوش کے تاثرات ابھر آئے۔

"ماؤنٹین ہاک کس نمبر کا ہے"...... عمران نے بے چین سے لہجے میں پوچھا۔

"ایکس وی الیون جناب"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"اوہ۔ ویری گڈ۔ کیا وہ چالو حالت میں ہے"...... عمران نے کہا۔

"یس سر۔ لیکن ابھی اسے پرواز کی اجازت نہیں ملی اس لئے ابھی

پرواز چیک نہیں کی گئی"...... گل شاہ نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"سنو گل شاہ۔ کیا تم اس طیارے کو پائلٹ کر لو گے"۔ عمرا نے کہا۔

"نہیں جناب۔ میرے پاس پائلٹ ٹریننگ نہیں ہے"...... شاہ نے جواب دیا۔

"اگر ہم اس طیارے کو حاصل کرنا چاہیں تو کیا کریں"۔ عمرا نے کہا۔

"سر۔ طیارے میں تو ابھی تک فیول بھی نہیں بھرا گیا البتہ آپ کہیں تو فیول تو فل کرایا جا سکتا ہے لیکن ظاہر ہے جناب کہ طیارہ تو ایئرپورٹ سے ہی اڑ سکتا ہے لیکن یہاں تو انتہائی انتظامات ہیں"...... گل شاہ نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"کتنے آدمی ہیں اس اڈے پر"...... عمران نے پوچھا۔

"آدمیوں سے آپ کی مراد سیکورٹی سے یا کل تعداد"...... گل نے کہا۔

"کل تعداد"...... عمران نے کہا۔

"ساٹھ ستر افراد تو ہوں گے البتہ سیکورٹی کی تعداد بیس قریب ہے"...... گل شاہ نے جواب دیا۔

"کمانڈر کون ہے"...... عمران نے پوچھا۔

"ایئر کمانڈر جے سنگھ"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"کیا تم مجھے اس اڈے سے باہر کسی جگہ مل سکتے ہو"...... عم

کہا۔

یس سر۔ ساتھ ہی چھوٹا سا قصبہ ہے وہاں ہوٹل ہے ہم سب وہاں آتے جاتے رہتے ہیں"...... گل شاہ نے کہا۔

اوکے۔ ہم وہاں پہنچ رہے ہیں۔ تم ہمیں اس ہوٹل کا پتہ بتا عمران نے کہا۔

جناب ایک ہی ہوٹل ہے۔ کاسموس ہوٹل۔ ایک ریٹائر فوجی کھولا ہوا ہے۔ آپ کب تک پہنچ جائیں گے"...... گل شاہ نے کہا۔

اسے بتاؤ"...... عمران نے فون پیس کامران کی طرف بڑھاتے ے کہا۔

گل شاہ میں کامران بول رہا ہوں۔ میں عمران صاحب اور ان ساتھیوں کے ساتھ آؤں گا۔ ہم کل صبح وہاں پہنچ جائیں گے"۔ مران نے کہا۔

ٹھیک ہے۔ میں کل صبح سے پہلے وہاں پہنچ جاؤں گا۔ تمہارے نے کی وجہ سے شناخت کا بھی کوئی مسئلہ نہ رہے گا"...... گل شاہ نے کہا۔

"اوکے۔ خدا حافظ"...... کامران نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے فون آف کر دیا۔

"ماؤنٹین ہاک جیسا جدید ترین طیارہ۔ یہ تو میرے ذہن میں نہ تھا کہ ایسا طیارہ بھی یہاں قریب ہی مل سکتا ہے۔ ویری گڈ۔ میرا

خیال ہے کہ آخرکار اللہ تعالیٰ کو ہم پر رحم آ ہی گیا ہے"...... عمرا
نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"لیکن عمران صاحب۔ طیارہ تو چوٹی کے اوپر سے گزر جائے گا
آپ کیا کریں گے"...... صفدر نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"یہی بات میں بھی سوچ رہا ہوں کہ اس طیارے سے ہم زیا
سے زیادہ اس چوٹی کی سیر ہی کر سکیں گے اور کیا ہو گا"...... تن
نے کہا۔

"میرا خیال ہے کہ عمران صاحب اس پر کوئی طاقتور بم فائر کر
چاہتے ہیں"...... کیپٹن شکیل نے کہا تو عمران بے اختیار مسکرا دیا

"ماؤنٹین ہاک طیارے میں ایک صفت ہے کہ اس کی رفت
انتہائی کم بھی کی جا سکتی ہے اور انتہائی تیز بھی اور اس طیارے
تھری ایکس ون ہنڈرڈ فائیو ٹائپ میزائل گنیں بھی موجود ہوتی ہیں
یہ اس قدر طاقتور ہوتی ہیں کہ ایک چھوٹی پہاڑی کو تباہ کیا جا
ہے۔ چنانچہ اب آخری چارہ کار کے طور پر ہم پہلے اس چوٹی پر
گزرتے ہوئے اس پر میزائل فائر کریں گے۔ پورا میگزین۔ اس
یہ ہو گا کہ چوٹی پر موجود تمام برف پگھل کر اور پانی بن کر نیچے
جائے گا۔ پھر ہم واپس آکر پیراشوٹ کے ذریعے اس چوٹی پر چھلانگ
لگا دیں گے اور اس کے بعد جو ہو گا دیکھا جائے گا۔ ایک بار وہاں
تو جائیں"...... عمران نے بتاتے ہوئے کہا لیکن سب ساتھی ہونٹ
بھینچے خاموش رہے۔

عمران صاحب پھر میں تیاری کروں وہاں جانے کی۔ کامران
کہا۔

ہاں"...... عمران نے کہا تو کامران اٹھا اور سر ہلاتا ہوا واپس مڑ

کیا احمقانہ منصوبہ سوچا ہے تم نے۔ کیا تمہارا دماغ تو خراب
ہو گیا۔ طیارے سے پیراشوٹ کے ذریعے پہاڑی پر چھلانگیں
لگائے اور برف کو پگھلا کر پانی بنا دیں گے۔ نانسنس۔ کیا ہوا
نہیں"...... کامران کے باہر جاتے ہی جولیا نے آنکھیں نکالتے
کہا۔

ہاں عمران صاحب یہ واقعی احمقانہ منصوبہ ہے"...... صفدر
کہا۔

ہاں۔ اب جب عقل ساتھ چھوڑ جائے تو پھر تم کیا چاہتے ہو کیا
تم لو بھی جواب دے دوں"...... عمران نے کہا۔

نہیں بلکہ سچ بتاؤ کہ تمہارے ذہن میں کیا پلان ہے۔ یہ تو شاید
کامران کی وجہ سے بات بنائی ہے"...... جولیا نے کہا۔

اور کیا بتاؤں۔ اب زیادہ سے زیادہ یہی ہو سکتا ہے"۔ عمران
نے بتاتے ہوئے کہا۔

بس بس۔ زیادہ ڈرامہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اصل بات
جولیا نے مسکراتے ہوئے کہا۔

ماؤنٹین ہاک طیارے سے ہم رابندر تو پہنچیں گے اور پھر وہاں

سے ایم ڈی تھری ہیلی کاپٹر اڑائیں گے۔ اس کے علاوہ اور کوئی با
نہیں ہے .... عمران نے کہا تو سب بے اختیار اچھل پڑے۔
"اوہ۔ اوہ۔ واقعی۔ یہ واقعی بہترین حل ہے۔ ویری گڈ۔"
نے اچھلتے ہوئے کہا اور اس کے ساتھ ہی سب نے اس انداز میں
ہلا دیئے جیسے بات اب ان سب کی سمجھ میں آ گئی ہو۔

لٹری انٹیلی جنس کا چیف کرنل ٹھاکر لکڑی کے بنے ہوئے ایک
نے سے احاطے میں کسی زخمی شیر کی طرح ٹہل رہا تھا۔ لکڑی کا یہ
د کشنور نامی پہاڑی کے دامن میں واقع ایک چھوٹے سے پہاڑی
ہ سے کچھ فاصلے پر بنا ہوا تھا۔ احاطے کے اندر ایک طرف ایک
نا سا ہیلی کاپٹر بھی موجود تھا۔ کرنل ٹھاکر کو چتالی میں ہی اطلاع
ہلی تھی کہ اس کے نائب کو ایک چیک پوسٹ پر ہلاک کر دیا گیا
اور ملٹری انٹیلی جنس کے ہیلی کاپٹر کو اڑا کر پلاسن کی طرف لے
ے والے پاکیشائی ایجنٹ تھے۔ گو اس نے سیکرٹ سروس کے
ے شاگل کو اس بارے میں خود ہی اطلاع دی تھی لیکن پھر شاگل
اس سے رابطہ نہ کیا تھا البتہ بعد میں اس کے آدمیوں نے اسے
رپورٹ دی تھی کہ پاکیشائی ایجنٹوں نے پلاسن میں ایئر فورس
اڈل اڈا تباہ کر دیا تھا اور اس کے بعد ملٹری انٹیلی جنس کا ہیلی

کاپٹر بھی ساگن سے کافی فاصلے پر ایک پہاڑی سے ٹکرا کر تباہ ہو گیا اور کرنل ٹھاکر کو یہ اطلاع بھی مل گئی تھی کہ پاکیشیائی ایجنٹ ا نامی قصبے کے قریب کسی جگہ چھپے ہوئے ہیں جس پر اس نے شا سے دوبارہ رابطہ کیا تو اسے پتہ چلا کہ شاگل ساگن سے تقریباً کلو میٹر دور ایک پہاڑی سڑک پر زخمی حالت میں پڑا ہوا پایا گیا ہے اس کے سینے میں گولی لگی تھی لیکن اس زخم سے باقاعدہ گولی نکال گئی تھی بلکہ اس پر انتہائی ماہرانہ انداز میں بینڈیج بھی کی گئی تھ شاگل ہوش میں آنے کے بعد فوراً کسی قریبی قصبے میں پہنچا اور وہاں سے اس نے صدر صاحب کو تمام صورت حال بتائی جس وہاں موجود ایک فوجی چھاؤنی کے افسروں کو شاگل کا علاج کرنے حکم دیا گیا اور شاگل کو اس چھاؤنی میں لے جایا گیا اور پھر وہاں اس باقاعدہ علاج کیا گیا اور ابھی تک شاگل اس فوجی چھاؤنی میں مو ہے جبکہ کافرستان سے سیکرٹ سروس کی ٹیم جو شاگل کے پلاسن پہنچی تھی وہ میزائل اڈے کی تباہی کے ساتھ ہی ہلاک ہو تھی اور پھر صدر مملکت نے خصوصی طور پر ان پاکیشیائی ایجنٹوں ہلاکت کا ٹاسک کرنل ٹھاکر کے ذمے لگا دیا تھا اور اسے حکم دیا تھا وہ فوج کی مدد سے ساگن کی ناکہ بندی کر کے وہاں سے انہیں کرائیں اور انہیں ہلاک کر دیں ۔ چنانچہ کرنل ٹھاکر چتالی سے کو پہنچا اور اس نے اس احاطہ میں ملٹری انٹیلی جنس کا سب ہیڈ کو قائم کر کے فوج کی مدد سے ساگن کا گھیراؤ کر لیا لیکن فوج

دست چیکنگ کے باوجود ان پاکیشیائی ایجنٹوں کا کہیں سراغ نہ ملا تھا اور فوجی دستے بے نیل و مرام واپس چلے گئے تھے لیکن کرنل ٹھاکر کو یقین تھا کہ یہ لوگ بہرحال یہیں چھپے ہوئے ہیں کیونکہ وہ جس ہیلی کاپٹر پر آئے تھے وہ بھی ساگن سے کچھ فاصلے پر تباہ ہوا تھا اور پھر شاگل پر بھی حملہ ساگن میں ہی کیا گیا تھا اور شاگل نے جو کچھ صدر صاحب کو بتایا تھا اس کے مطابق عمران اور اس کے ساتھی یہاں وادی مشکبار کی آزادی کی تحریک کے کسی خفیہ اڈے میں چھپے ہوئے ہیں اور اس نے ان کا سراغ لگا لیا تھا لیکن پھر اس پر حملہ کر دیا گیا۔ اس سے بھی کرنل ٹھاکر کے شبہ کو تقویت ملی تھی۔ گو اس اڈے کو ٹریس نہ کیا گیا تھا لیکن کرنل ٹھاکر نے نہ صرف اپنی تنظیم کے خاص افراد کو مختلف جگہوں پر معلومات حاصل کرنے کے لئے پھیلایا تھا بلکہ اس نے یہاں مخصوص مواصلاتی نظام بھی قائم کر دیا تھا تاکہ اگر کوئی ٹرانسمیٹر یا فون کال ہو تو اسے بھی چیک کیا جا سکے لیکن ابھی تک نہ ہی ان لوگوں کے بارے میں کوئی اطلاع ملی تھی اور نہ ہی کسی فون یا ٹرانسمیٹر کال کے بارے میں کچھ پتہ چلا اس لئے وہ بے چینی کے عالم میں مسلسل ٹہل رہا تھا کیونکہ اب صدر صاحب نے تمام تر ذمہ داری براہ راست اس پر ڈال دی تھی اور یہ اس کے لئے ایک لحاظ سے چیلنج تھا لیکن اسے احساس ہو رہا تھا کہ اگر اسی طرح وقت گزرتا رہا تو پھر وہ اس چیلنج کا مقابلہ نہ کر سکے گا۔ وہ یہی باتیں سوچتا ہوا ٹہل رہا تھا کہ اچانک احاطے کی بیرونی دروازہ کھلا تو

وہ چونک کر اس طرف دیکھنے لگا۔ دوسرے لمحے وہ اندر آتے ہوئے ایک نوجوان کو دیکھ کر چونک پڑا۔ یہ کیپٹن رمیش تھا۔ مواصلاتی سنٹر کا انچارج۔ یہ مواصلاتی سنٹر اس احاطے سے ہٹ کر ایک پہاڑی غار میں قائم کیا گیا تھا۔ کیپٹن رمیش کی اس طرح بذات خود آمد سے اسے احساس ہو گیا تھا کہ کوئی اہم بات ہوئی ہے ورنہ وہ ٹرانسمیٹر پر بھی بات کر سکتا تھا۔

"کیا بات ہے کیپٹن رمیش"...... کرنل ٹھاکر نے کیپٹن رمیش کے قریب آتے ہی سرد لہجے میں پوچھا۔

"سر۔ ایک انتہائی خفیہ کال کیچ کی گئی ہے۔ میں اس بارے میں آپ سے بات کرنے آیا ہوں"...... کیپٹن رمیش نے مؤدبانہ لہجے میں جواب دیتے ہوئے کہا۔

"تو اس کے لئے خود آنے کی کیا ضرورت تھی۔ فون پر بھی تو بات ہو سکتی تھی"...... کرنل ٹھاکر نے سخت لہجے میں کہا۔

"سر آپ کو بریف کرنا ضروری تھا"...... کیپٹن رمیش نے اسی طرح مؤدبانہ لہجے میں جواب دیتے ہوئے کہا۔

"اچھا بتاؤ کیا رپورٹ ہے"...... کرنل ٹھاکر نے کہا۔

"سر جو کال کیچ کی گئی ہے وہ کافرستان کے سپیشل مواصلاتی سیٹلائٹ سے منسلک ہے۔ اس سیٹلائٹ سے جو صرف ریڈ کالز کے لئے مخصوص ہے"...... رمیش نے جواب دیا تو کرنل ٹھاکر بے اختیا اچھل پڑا۔

"ریڈ کالز۔ تمہارا مطلب ہے صرف ٹاپ حکام کی ٹاپ سیکرٹ کالز"...... کرنل ٹھاکر نے کہا۔

"یس سر"...... رمیش نے جواب دیا۔

"کیا کال ہے۔ بتاؤ"...... کرنل ٹھاکر نے ہونٹ بھینچتے ہوئے کہا۔

"سر۔ ایک فون کال کیچ کی گئی ہے لیکن اس فون کال میں جو گفتگو ہوئی ہے وہ سمجھ نہیں جا رہی"...... رمیش نے کہا۔

"کیا کوڈ میں ہے"...... کرنل ٹھاکر نے پوچھا۔

"نو سر۔ البتہ فون خصوصی ساخت کا ہے جو الفاظ کو اس انداز میں گڈمڈ کر دیتا ہے کہ لفظ سمجھ میں نہیں آ رہے لیکن میں نے ایس ار ایس سسٹم پر اسے مانیٹر کرنے کے لئے کہہ دیا ہے اور مجھے یقین ہے کہ کسی حد تک اس گفتگو کو ہم سمجھ لینے میں کامیاب ہو جائیں گے"...... رمیش نے کہا۔

"تو پھر اب یہاں کیوں آئے ہو۔ پہلے اسے چیک کرتے پھر آتے"...... کرنل ٹھاکر نے کہا۔

"میں یہ بتانے آیا ہوں سر کہ یہ کال ساگن کے علاقے سے کی گئی ہے اور کال کازکوہ میں رسیو کی گئی ہے اور آپ جانتے ہیں کہ کازکوہ میں ایئر فورس کا خاصا بڑا اڈا موجود ہے جہاں انتہائی جدید ترین جنگی طیارے موجود ہیں"...... کیپٹن رمیش نے کہا تو کرنل ٹھاکر بے اختیار اچھل پڑا۔ اس کے چہرے پر یکلخت پریشانی کے تاثرات ابھر

آئے تھے۔

"اوہ۔ اوہ پھر تو اس کال کو ضرور سنا جانا چاہئے۔ یہ بے حد اہم ہے"...... کرنل ٹھاکر نے کہا۔

"یس سر۔ میرا بھی یہی خیال ہے"...... کیپٹن رمیش نے کہا۔

"اوکے پھر تم جاؤ اور جیسے ہی اس کال کے بارے میں معلومات حاصل ہوں مجھے بتانا"...... کرنل ٹھاکر نے کہا تو کیپٹن رمیش نے اثبات میں سر ہلایا اور واپس مڑ گیا جبکہ کرنل ٹھاکر اب احاطے کے اندر بنے ہوئے کمرے میں جا کر کرسی پر بیٹھ گیا۔

"ساگن سے کاز کوہ کال کیوں کی گئی ہو گی"...... کرنل ٹھاکر نے بڑبڑاتے ہوئے کہا اور پھر ایک خیال کے آتے ہی وہ بے اختیار چونک پڑا۔ اس نے جلدی سے سامنے میز پر موجود سرخ رنگ کے فون کا رسیور اٹھایا اور اس پر دو نمبر پریس کر دیئے۔ یہ نمبر اس کے مواصلاتی سنٹر کے تھے۔

"یس"...... ایک آواز سنائی دی۔

"کرنل ٹھاکر بول رہا ہوں۔ کیپٹن رمیش پہنچ گیا ہے"۔ کرنل ٹھاکر نے کہا۔

"یس سر۔ آ رہے ہیں سر۔ یہ لیجئے بات کیجئے سر"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"ہیلو کیپٹن رمیش۔ کاز کوہ اڈے کے ایئر کمانڈر کا نمبر کیا ہے۔ میں اس سے بات کرنا چاہتا ہوں"...... کرنل ٹھاکر نے کہا۔

"یس سر۔ میں ابھی دیکھ کر بتاتا ہوں"...... دوسری طرف سے کہا گیا اور پھر چند لمحوں کی خاموشی کے بعد نمبر بتا دیا گیا۔

"تم اس کال کو چیک کراؤ ہر قیمت پر"...... کرنل ٹھاکر نے کہا اور کریڈل دبا کر اس نے چند لمحوں بعد ہاتھ ہٹایا تو ٹون آنے پر اس نے تیزی سے نمبر پریس کرنے شروع کر دیئے۔

"یس۔ کاز کوہ ایم آر سی سنٹر"...... ایک مردانہ آواز سنائی دی۔

"چیف آف ملٹری انٹیلی جنس کرنل ٹھاکر بول رہا ہوں۔ ایئر کمانڈر سے بات کراؤ"...... کرنل ٹھاکر نے تیز لہجے میں کہا۔

"یس سر"...... دوسری طرف سے اس بار مؤدبانہ لہجے میں کہا گیا۔

"ہیلو۔ ایئر کمانڈر جے سنگھ بول رہا ہوں"...... چند لمحوں بعد ایک بھاری سی آواز سنائی دی۔

"کرنل ٹھاکر بول رہا ہوں۔ یہ بتائیں کہ آپ کے اڈے میں کیا ایم وی تھری ٹائپ کے ہیلی کاپٹر بھی ہوتے ہیں"...... کرنل ٹھاکر نے کہا۔

"ایم وی تھری ہیلی کاپٹر۔ اوہ نہیں۔ وہ تو رابندر ٹو ایئر بیس پر ہیں۔ یہاں تو نہیں ہیں اور یہاں تو وہ ہیلی کاپٹر ایک طرف گن شپ ہیلی کاپٹر بھی موجود نہیں ہیں۔ یہاں صرف جنگی طیارے ہیں"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"اوکے شکریہ"...... کرنل ٹھاکر نے مطمئن لہجے میں کہا اور اس

کے ساتھ ہی اس نے رسیور رکھ دیا۔ اب اس کے چہرے پر ایک بار پھر بیزاری کے تاثرات ابھر آئے تھے کیونکہ اب اسے اس کال میں کوئی دلچسپی نہ رہی تھی کیونکہ اسے معلوم تھا کہ سوائے ایم وی تھری ہیلی کاپٹر کے اور کوئی ہیلی کاپٹر یا طیارہ پلاسن چوٹی پر موجود اڈے کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا لیکن تھوڑی دیر بعد فون کی گھنٹی بج اٹھی تو اس نے ہاتھ بڑھا کر رسیور اٹھا لیا۔

"یس"...... کرنل ٹھاکر نے تیز لہجے میں کہا۔

"کیپٹن رمیش بول رہا ہوں سر۔ کال کے الفاظ کو کسی حد تک سمجھ لیا گیا ہے اور یہ کال ایک بار نہیں بلکہ دو بار کی گئی ہے۔ مکمل طور پر تو سمجھ نہیں آ سکی لیکن کسی حد تک بات سمجھ میں آ گئی ہے"...... کیپٹن رمیش نے کہا۔

"کیا بات ہوئی ہے"...... کرنل ٹھاکر نے پوچھا۔

"سر وہاں کاز کوہ ایئر فورس اڈے میں کوئی جدید ترین طیارہ آزمائشی پرواز کے لئے موجود ہے جس کا نام ماؤنٹین ہاک ہے۔ اس طیارے کے بارے میں باتیں ہو رہی تھیں۔ میرا خیال ہے کہ پاکیشیائی ایجنٹ اس طیارے کو حاصل کرنا چاہتے ہیں"...... کیپٹن رمیش نے کہا۔

"اوہ نہیں۔ تم غلط سمجھے ہو۔ وہ طیارہ حاصل کر کے کیا کریں گے۔ طیارے کی مدد سے وہ اپنا مشن مکمل نہیں کر سکتے"...... کرنل ٹھاکر نے منہ بناتے ہوئے کہا۔

"سر یہ بھی تو ہو سکتا ہے کہ وہ اس جدید ترین طیارے کو کسی طرح اپنے مشن میں استعمال کر سکتے ہوں اور اگر نہ بھی کر سکتے ہوں تو ہمارے لئے یہ اہم موقع ہے کہ ہم کاز کوہ اڈے کو گھیر لیں اور یہ لوگ جیسے ہی وہاں پہنچیں انہیں ہلاک کر دیں"...... کیپٹن رمیش نے کہا۔

"تو کیا یہ بات یقینی ہے کہ یہ لوگ وہاں پہنچیں گے"۔ کرنل ٹھاکر نے کہا۔

"یس سر۔ کال سے تو یہی پتہ چلتا ہے۔ ان کا کوئی آدمی وہاں اڈے پر موجود ہے"...... کیپٹن رمیش نے کہا۔

"لیکن اڈے کی تو اپنی سکیورٹی ہے وہ لوگ وہاں سے کیسے طیارہ حاصل کر سکتے ہیں"...... کرنل ٹھاکر نے کہا۔

"وہ سیکرٹ ایجنٹ ہیں سر اس لئے وہ سکیورٹی سے بھی ٹکرا سکتے ہیں"...... کیپٹن رمیش نے کہا۔

"اوہ پھر ہمیں خود کوئی اقدام نہیں کرنا چاہئے۔ مجھے صدر صاحب کو رپورٹ دینی چاہئے پھر وہ جیسے حکم دیں۔ اوکے تم میری کال کا انتظار کرو"...... کرنل ٹھاکر نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے کریڈل دبایا اور پھر ہاتھ ہٹانے اور پھر ٹون آنے پر اس نے تیزی سے نمبر پریس کرنے شروع کر دیئے۔

"پریذیڈنٹ ہاؤس"...... رابطہ قائم ہوتے ہی ایک نسوانی آواز سنائی دی۔

"چیف آف ملٹری انٹیلی جنس کرنل ٹھاکر بول رہا ہوں۔ صدر صاحب کو ایک اہم رپورٹ دینی ہے"...... کرنل ٹھاکر نے کہا۔

"ہولڈ آن کریں"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"ہیلو۔ کیا آپ لائن پر ہیں"...... چند لمحوں کی خاموشی کے بعد دوبارہ وہی آواز سنائی دی۔

"یس"...... کرنل ٹھاکر نے کہا۔

"صدر صاحب سے بات کریں"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"سر۔ میں کرنل ٹھاکر بول رہا ہوں سر"...... کرنل ٹھاکر نے انتہائی مؤدبانہ لہجے میں کہا۔

"یس۔ کیا بات ہے"...... صدر صاحب نے باوقار لہجے میں پوچھا تو کرنل ٹھاکر نے کال ٹریس ہونے سے لے کر اب تک کی ساری رپورٹ تفصیل سے بتا دی۔

"اوہ۔ تو یہ لوگ وہاں سے ماؤنٹین ہاک طیارہ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن کیوں۔ یہ جنگی طیارہ انہیں کیا فائدہ دے سکتا ہے"۔ صدر صاحب نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"یہی بات تو میری سمجھ میں نہیں آ رہی۔ اگر آپ کہیں تو ہم اس اڈے کے گرد پھیل جائیں اور ان لوگوں کو ہلاک کرنے کی کوشش کریں"...... کرنل ٹھاکر نے کہا۔

"وہاں ایئر فورس سنٹر کے اپنے حفاظتی انتظامات ہیں۔ تمہاری وہاں موجودگی سے معاملات الجھ بھی سکتے ہیں اس لئے تم لوگ وہاں

... میں انہیں کہہ دیتا ہوں۔ وہ ہوشیار رہیں گے"...... صدر ... اس کے ساتھ ہی رابطہ ختم ہو گیا تو کرنل ٹھاکر نے رسیور ... پھر چند لمحوں بعد اس نے دوبارہ رسیور اٹھایا اور دو نمبر پریس ...

...ں سر"...... دوسری طرف سے کیپٹن رمیش کی آواز سنائی ...

...نل ٹھاکر بول رہا ہوں۔ میری صدر صاحب سے بات ہو گئی ...وں نے ہمیں وہاں جانے سے منع کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا ...ہماری وہاں موجودگی سے معاملات الجھ سکتے ہیں اس لئے وہ ...ے کی سیکورٹی کو مزید الرٹ کر دیں گے البتہ اور کوئی کال ہو ...ے اسے چیک کرنا ہے"...... کرنل ٹھاکر نے کہا۔

...ں سر"...... کیپٹن رمیش نے کہا اور کرنل ٹھاکر نے اوکے ... رسیور رکھ دیا۔

جیپ تیزی سے پہاڑی راستوں پر چکر کاٹتی ہوئی پلاسن کی
بڑھی چلی جارہی تھی۔ جیپ کی ڈرائیونگ سیٹ پر ایک نوجوا
ہوا تھا جبکہ سائیڈ سیٹ پر شاگل موجود تھا۔ شاگل اب بالکل
ہو چکا تھا اور اس نے فوجی چھاؤنی جہاں اس کا علاج کیا گیا تھ
سے کافرستان سیکرٹ سروس کے ہیڈ کوارٹر کال کر کے اپنے
کے شعبے کے پندرہ افراد کو پلاسن میں کال کر لیا تھا اور اس و
اس فوجی جیپ کے ذریعے اس چھاؤنی سے پلاسن جارہا تھا۔ اسے
تھا کہ عمران اور اس کے ساتھی جہاں بھی ہوں گے بہرحال وہ
بار پھر پلاسن ہی پہنچیں گے اور اس بار اس نے فیصلہ کر لیا تھا
بہرحال انہیں ٹریس کر لے گا اس لئے وہ پلاسن کی طرف جارہا
اچانک جیپ میں موجود ٹرانسمیٹر سے کال آنا شروع ہو گئی۔
نے ہاتھ بڑھا کر ٹرانسمیٹر آن کر دیا۔

ہیلو۔ کرنل ٹھاکر کالنگ۔ اوور"...... ٹرانسمیٹر سے ملٹری
ں کے چیف کرنل ٹھاکر کی آواز سنائی دی تو شاگل بے
پڑا۔

۔ شاگل اٹنڈنگ یو۔ اوور"...... شاگل نے حیرت بھرے
لہا۔

نے چھاؤنی کال کی تھی تاکہ آپ سے بات ہو سکے۔ انہوں
کہ آپ جیپ میں واپس پلاسن جارہے ہیں اور جیپ میں
رانسمیٹر موجود ہے جس کی فریکوئنسی انہوں نے مجھے بتا دی
لئے میں نے اس فریکوئنسی پر کال کی ہے۔ اوور"...... کرنل
وضاحت کرتے ہوئے کہا تو شاگل کے چہرے پر ابھر آنے
ت کے تاثرات ختم ہو گئے۔

ئی خاص بات ہو گئی ہے۔ اوور"...... شاگل نے کہا۔

۔ ہمارے خصوصی سنٹر نے پاکیشیائی ایجنٹوں کی ایک کال
۔ یہ کال ساگن سے کی جارہی تھی اور کازکوہ میں وصول کی
ی۔ اس کے مطابق کازکوہ کے ایئر فورس کے اڈے سے وہ
اں موجود جدید ترین ماؤنٹین ہاک طیارہ اڑانے کی سازش کر
ر جس پر میں نے صدر صاحب کو رپورٹ دی تو صدر صاحب
ہاں کام کرنے سے روک دیا کیونکہ ان کے خیال کے
اری وہاں موجودگی سے کنفوزیشن پیدا ہو سکتی ہے البتہ
کہا ہے کہ وہ کازکوہ ایئر سنٹر کی سیکورٹی کو ریڈ الرٹ کر

دیں گے۔ پھر مجھے خیال آیا اور میں نے سوچا کہ آپ کو بھی
اس لئے میں نے چھاؤنی جہاں آپ کا علاج ہو رہا تھا وہاں
تھی ۔اوور"۔ کرنل ٹھاکر نے کہا۔

" ماؤنٹین ہاک جنگی طیارہ حاصل کرنے کی سازش۔ لیک
طیارے کے حاصل کرنے سے انہیں کیا فائدہ ہو سکتا ہے۔
شاگل نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"یہی بات تو میری اور صدر صاحب کی سمجھ میں نہیں
ویسے پہلے مجھے خیال آیا تھا کہ کہیں وہاں ایم وی تھری ہیلی کاپ
نہ ہوں لیکن میں نے سنٹر سے کنفرم کیا ہے۔ وہاں سوائے
طیاروں کے کوئی عام ہیلی کاپٹر بھی موجود نہیں ہے۔ اوور"۔
ٹھاکر نے کہا۔

" کیا یہ بات کنفرم ہے کہ کازکوہ سے وہ لوگ واقعی طیارہ
کرنا چاہتے ہیں ۔اوور"...... شاگل نے کہا۔

" ہاں ۔ یہ بات کنفرم ہے ۔اوور"...... کرنل ٹھاکر نے کہا

" ٹھیک ہے۔ میں بہرحال پلاسن جا رہا ہوں۔ اگر یہ لوگ
حاصل بھی کر لیں گے تو اسے استعمال تو پلاسن پر ہی کریں
میں ان سے وہاں نمٹ لوں گا۔ آپ کا شکریہ کہ آپ نے تازہ
معلومات مجھے مہیا کر دی ہیں ۔اوور"...... شاگل نے کہا۔

" اوکے ۔ اوور اینڈ آل"...... دوسری طرف سے کہا گیا
کے ساتھ ہی رابطہ ختم ہو گیا تو شاگل نے ہاتھ بڑھا کر ٹرانسم

" اوہ یہاں سے کتنے فاصلے پر ہے"...... شاگل نے نوجوان
سے مخاطب ہو کر کہا۔

" دوسری طرف ہے جناب۔ کافی فاصلے پر ہے"...... ڈرائیور
دیتے ہوئے کہا۔

" ۔ کیا یہاں قریب کوئی ایسا اڈا ہے جہاں سے ہیلی کاپٹر
یں کازکوہ جانا چاہتا ہوں"...... شاگل نے کہا۔

" یہاں سے قریب ایک چھوٹا سا ایئر سنٹر ہے وہاں سے
مل سکتا ہے"...... ڈرائیور نے کہا۔

" چلو وہاں"...... شاگل نے کہا تو ڈرائیور نے اثبات میں سر
پھر تقریباً ایک گھنٹے بعد شاگل ایک ہیلی کاپٹر میں سوار
طرف اڑا چلا جا رہا تھا اور پھر تقریباً آدھے گھنٹے بعد ہیلی کاپٹر
ایئر سنٹر کی رینج میں داخل ہوا تو ہیلی کاپٹر میں موجود
کال آنا شروع ہو گئی۔

" ہیلو۔ کازکوہ ایئر سنٹر۔ ہیلی کاپٹر میں کون سوار ہے۔
ایک سخت سی آواز سنائی دی۔

" اف کافرستان سیکرٹ سروس شاگل بول رہا ہوں۔ میں
سنٹر پر آ رہا ہوں۔ کون ہے ایئر کمانڈر۔ اس سے میری بات
...... شاگل نے سخت لہجے میں کہا۔

" ۔ ایئر کمانڈر جے سنگھ بول رہا ہوں۔ کیا آپ خود اس ہیلی

کاپٹر میں موجود ہیں۔اوور"...... دوسری طرف سے حیرت
سنائی دی۔

"تو تمہارا کیا خیال ہے میری روح ٹرانسمیٹر پر تم سے
رہی ہے۔ نانسنس۔اوور"...... شاگل نے یکلخت پھٹ پڑ
لہجے میں کہا۔

"اوہ سوری سر۔لیکن یہ تو عام سا ہیلی کاپٹر ہے۔سیکرٹ
مخصوص ہیلی کاپٹر نہیں ہے اس لئے مجھے حیرت ہوا
اوور"...... جے سنگھ نے معذرت بھرے لہجے میں کہا۔

"میں کازکوہ ایئرپورٹ پہنچ رہا ہوں انتہائی اہم مشن
تفصیل سے بات ہو گی۔اوور"...... شاگل نے کہا۔

"یس سر۔اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا اور شاگل
ہی اوور اینڈ آل کہہ کر ٹرانسمیٹر آف کر دیا اور پھر تھوڑی دیر
کاپٹر ایئر سنٹر کے ایک مخصوص حصے میں اتر گیا۔جے سنگھ وہا
کے استقبال کے لئے بذات خود موجود تھا۔

"آپ کی آمد ہمارے لئے باعث فخر ہے سر"...... جے
قدرے خوشامدانہ لہجے میں کہا۔

"شکریہ۔تم اچھے آدمی ہو میں صدر صاحب سے کہہ کر
مزید ترقی کروا دوں گا"...... شاگل نے اپنی عادت کے مطا
تعریف سنتے ہی مسرت بھرے لہجے میں کہا تو جے سنگھ کے
مسرت کے تاثرات ابھر آئے۔

ب کیا پینا پسند فرمائیں گے جناب۔دفتر میں پہنچتے ہی جے سنگھ
ے بھی زیادہ خوشامدانہ لہجے میں کہا۔

ں ڈیوٹی پر ہوں اور ڈیوٹی کے دوران میں کچھ نہیں پیتا پلاتا۔
نا کہ تمہارے ایئر سنٹر پر ماؤنٹین ہاک نامی جنگی طیارہ موجود
شاگل نے کہا تو جے سنگھ بے اختیار اچھل پڑا۔

ں سر۔وہ آزمائشی پرواز کے لئے بھجوایا گیا تھا لیکن پھر اعلیٰ حکام
ں پرواز کو تا حکم ثانی معطل کر دیا ہے"...... جے سنگھ نے
یتے ہوئے کہا لیکن اس کے چہرے پر حیرت کے تاثرات
ھے۔

یا یہاں اس طیارے کا کوئی ماہر موجود ہے جو اس کی تمام
یات سے واقف ہو"...... شاگل نے پوچھا۔

ں سر۔کیپٹن جانسن موجود ہے سر۔وہ طیارے کا خصوصی
ہے اور اسی لئے یہاں بھیجا گیا ہے تاکہ وہ کسی بھی ممکنہ گڑبڑ کو
ر سکے"...... جے سنگھ نے کہا۔

ے بلاؤ یہاں"...... شاگل نے کہا تو جے سنگھ نے ہاتھ بڑھا کر
ن کا رسیور اٹھایا اور دو نمبر پریس کر دیئے۔

ے سنگھ بول رہا ہوں۔کیپٹن جانسن کو آفس بھیجو"...... جے
نے سخت لہجے میں کہا اور رسیور رکھ دیا۔تھوڑی دیر بعد دروازہ
ر ایک نوجوان آدمی اندر داخل ہوا۔اس کے جسم پر باقاعدہ ایئر
ں کی یونیفارم موجود تھی۔اس نے اندر آکر جے سنگھ اور شاگل

کو باقاعدہ سیلوٹ کیا کیونکہ سارے ایئر سنٹر کو معلوم ہو چکا
شاگل کافرستان سیکرٹ سروس کا چیف ہے۔

" بیٹھو کیپٹن جانسن"...... شاگل نے سر ہلا کر سلام کا
دیتے ہوئے کہا۔

" تھینک یو سر"...... کیپٹن جانسن نے کہا اور کرسی پر …
انداز میں بیٹھ گیا۔

" کیپٹن جانسن۔ ماؤنٹین ہاک طیارہ کیا کسی ہیلی کاپٹر ک…
کسی پہاڑی پر اتر سکتا ہے"...... شاگل نے کیپٹن جانسن سے ک…

" نو سر۔ یہ تو جنگی طیارہ ہے سر۔ یہ کیسے کسی پہاڑی پر ا…
ہے"...... کیپٹن جانسن نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

" دیکھو کیپٹن جانسن۔ پاکیشیائی ایجنٹ اس ایئر سنٹر سے …
ہاک طیارہ اڑانے کی سازش کر رہے ہیں اور ان کا مشن یہ ہے
پلاسن چوٹی جو کہ تقریباً اٹھارہ ہزار فٹ بلند ہے، پر اتر کر وہاں
مخصوص اڈے کو تباہ کر سکیں۔ میں اسی لئے یہاں آیا ہوں ک…
کس لئے یہ طیارہ اڑانا چاہتے ہیں"...... شاگل نے کہا۔

" نہیں سر۔ ایسا تو ممکن ہی نہیں ہے سر۔ البتہ یہ طیار…
ہزار فٹ کیا اٹھائیس ہزار فٹ کی بلندی پر بھی اڑ سکتا ہے ا…
انتہائی تیزی سے اڑایا جا سکتا ہے لیکن بہرحال یہ کسی پہاڑی چو…
کیا کسی وادی میں بھی نہیں اتر سکتا"...... کیپٹن جانسن نے
دیتے ہوئے کہا۔

…پھر وہ خاص طور پر یہ طیارہ کیوں حاصل کرنا چاہتے ہیں"۔
…ل نے کہا۔

…سر۔ میں اس بارے میں کیا کہہ سکتا ہوں"...... کیپٹن جانسن
… ایک بار پھر بے بسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔

…اس میں کس قسم کی گنیں موجود ہوتی ہیں"...... شاگل نے
…ہا تو اس کی تفصیل کیپٹن جانسن نے بتا دی۔

…اوہ نہیں۔ ان سے تو کسی صورت بھی یہ اڈا تباہ نہیں ہو سکتا۔
… تم جا سکتے ہو"...... شاگل نے کہا تو کیپٹن جانسن اٹھا اور سلام
…ر پھر واپس چلا گیا۔

…یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں۔ ماؤنٹین ہاک طیارہ تو یہاں موجود ہے
… پاکیشیائی ایجنٹ اسے کیسے حاصل کر سکتے ہیں"...... کیپٹن
…ن کے جانے کے بعد جے سنگھ نے حیرت بھرے لہجے میں کہا اور
…ل نے اسے ملٹری انٹیلی جنس کی طرف سے مخصوص کال کیے
…نے اور پھر اسے بتانے کے بارے میں تفصیل بتا دی۔

…لیکن سر یہاں تو انتہائی سخت حفاظتی اقدامات ہیں۔ چند ایجنٹ
…ں کیسے اتنا بڑا کام کر سکتے ہیں۔ یہ تو صریحاً خودکشی کے مترادف
…...... جے سنگھ نے کہا۔

…وہ انتہائی خطرناک سیکرٹ ایجنٹ ہیں۔ وہ تمہارے بس کے
…ں ہیں اس لئے میں خود یہاں آیا ہوں۔ تم چل کر مجھے اپنی حفاظتی
…ظامات کا معائنہ کراؤ تاکہ میں انہیں مزید بہتر کرنے کے بارے

میں تمہیں ہدایات دے سکوں"...... شاگل نے اٹھتے ہوئے کہا۔

"یس سر"...... جے سنگھ نے بھی اٹھتے ہوئے مؤدبانہ لہجے میں کہا اور پھر شاگل کے آگے بڑھتے ہی وہ مؤدبانہ انداز میں اس کے پیچھے چلتا ہوا آفس کے دروازے کی طرف بڑھنے لگا۔

عمران اور اس کے ساتھی کاز کوہ جانے کے لئے تیار ہو چکے تھے کہ کامران اندر داخل ہوا۔

"سر۔ گل شاہ کی طرف سے ایک اہم اطلاع موصول ہوئی ہے"...... کامران نے کہا تو عمران اور اس کے ساتھی بے اختیار چونک پڑے۔

"کیسی اطلاع"...... عمران نے چونک کر پوچھا۔

"سر۔ گل شاہ نے اطلاع دی ہے کہ کافرستان سیکرٹ سروس کا چیف شاگل ایک ہیلی کاپٹر پر وہاں پہنچا ہے اور اس نے وہاں بتایا ہے کہ پاکیشیائی ایجنٹ ایئر سنٹر پر ریڈ کرنے والے ہیں اور وہاں سے تین ہاک طیارہ اڑانے کی کوشش کریں گے۔ اس نے بتایا ہے کہ ملٹری انٹیلی جنس نے ایک مخصوص کال نہ صرف کیچ کر لی تھی بلکہ اسے سن بھی لیا گیا تھا اور شاگل نے قریبی فوجی چھاؤنی سے مسلح

فوجیوں کا ایک بڑا دستہ وہاں منگوا لیا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ماؤنٹین ہاک طیارے کو بھی کیموفلاج کر دیا گیا ہے اور اس کی خصوصی حفاظت کی جا رہی ہے"...... کامران نے تیز تیز لہجے میں ساری تفصیل بتاتے ہوئے کہا۔

"اوہ۔ پھر تو وہاں جانا فضول ہے۔ شاگل نے ایک دستہ کیا ہمارے وہاں پہنچنے تک پوری فوجی چھاؤنی ہی طلب کر لینی ہے اور ہم وہاں خواہ مخواہ کے الجھاؤ میں پھنس جائیں گے"...... عمران نے ایک طویل سانس لیتے ہوئے کہا۔

"اسی لئے تو کہتی ہوں کہ شاگل کا خاتمہ کر دو۔ اب دیکھو اگر اسے ہلاک کر دیا جاتا تو اب یہ مسئلہ تو سامنے نہ آتا"...... جولیا نے ہونٹ بھینچتے ہوئے کہا۔

"اب واقعی مجھے اپنی غلطی کا احساس ہو رہا ہے۔ بہرحال اب تو آگے کی بات سوچنی ہے"...... عمران نے کہا۔

"میرا خیال ہے عمران صاحب کہ اس طرح ساری زندگی ہم بھٹکتے ہی رہیں گے۔ ہمیں ایم دی تھری ہیلی کاپٹروں کے اڈے پر ہی ریڈ کرنا چاہئے"...... صفدر نے کہا۔

"نہیں۔ وہاں حالات اس سے بھی زیادہ سنگین ہوں گے۔ کامران تم جا سکتے ہو اور ہمارا پروگرام فی الحال منسوخ سمجھو"۔ عمران نے کہا تو کامران سر ہلاتا ہوا واپس چلا گیا۔

"عمران صاحب۔ ہمیں واپس پاکیشیا جانا چاہئے۔ وہاں سے

خصوصی انتظامات کر کے پھر آنا چاہئے"...... صفدر نے کہا۔

"آنے جانے میں اتنا وقت لگ جائے گا کہ پھر واپس آنے کا فائدہ ہی نہیں ہو گا"...... عمران نے جواب دیا۔

"تو پھر آخر کیا کیا جائے۔ یہ تو لاینحل مشن بن گیا ہے"...... جولیا نے جھلائے ہوئے انداز میں کہا۔

"ہاں۔ اب تو واقعی یہی نظر آتا ہے کہ یہ لاینحل مسئلہ ہے اور جب ایسی صورت پیش آ جائے تو اماں بی کا حکم ہے کہ ایسے وقت میں اللہ تعالیٰ سے رجوع کیا جائے کیونکہ تمام بند دروازے کھولنے پر وہی قادر ہے"...... عمران نے ایک طویل سانس لیتے ہوئے کہا اور اس کے ساتھ ہی وہ اٹھ کھڑا ہوا۔

"تم کیا کرنا چاہتے ہو"...... جولیا نے کہا۔

"وضو کر کے دو نفل نماز پڑھنا چاہتا ہوں"...... عمران نے کہا اور اس طرف کو بڑھتا چلا گیا جہاں پانی وغیرہ موجود تھا۔

"عمران صاحب درست کہہ رہے ہیں۔ واقعی اس موقع پر دعا ہی کی جا سکتی ہے"...... صفدر نے کہا لیکن پھر اس سے پہلے کہ مزید کوئی بات ہوتی کامران اندر داخل ہوا۔ اس کے پیچھے ایک مقامی آدمی تھا۔ عمران جو اس وقت پانی والے حصے کے قریب موجود تھا کامران اور اس کے پیچھے آنے والے کو دیکھ کر مڑ گیا۔

"عمران صاحب۔ اللہ تعالیٰ کو شاید مجاہدین کی آزادی پر رحم آ گیا ہے"...... کامران نے مسکراتے ہوئے کہا تو عمران اور اس کے

ساتھی کامران کی بات سن کر بے اختیار چونک پڑے۔

"کس پر رحم"...... عمران نے ان کی طرف بڑھتے ہوئے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"اس آدمی کا نام بلال ہے اور یہ پلاسن کی اس چوٹی تک پہنچنے کا ایسا راستہ جانتا ہے جس کے بارے میں اور کوئی نہیں جانتا" کامران نے مسرت بھرے لہجے میں کہا تو عمران بے اختیار چونک پڑا

"اوہ۔ ویری گڈ"...... عمران نے مسرت بھرے لہجے میں کہا اور پھر اس نے کامران اور بلال کو بیٹھنے کا اشارہ کیا تو عمران خود بھی دری پر اپنے ساتھیوں کے ساتھ بیٹھ گیا۔ اس کے چہرے پر حیرت کے تاثرات موجود تھے۔

"بلال پلاسن گاؤں کا رہنے والا ہے اور اتفاق سے یہ یہاں آیا اور ہمارے ایک ساتھی سے ملنے یہاں آ گیا۔ یہ پلاسن میں تحریک آزادی کا رکن ہے۔ میں یہاں سے واپس گیا تو میری اس سے ملاقات ہو گئی۔ پلاسن کا سن کر میں نے ویسے ہی اس سے اڈے تک پہنچنے کے لئے کسی راستے کی بات کی تو اس نے بتایا کہ وہ ایسا راستہ جانتا ہے جس پر میں اسے فوراً آپ کے پاس لے آیا ہوں۔ میں نے آپ کے بارے میں اسے بتا دیا ہے"...... کامران نے تفصیل بتاتے ہوئے کہا۔

"کیا واقعی اس اڈے تک پہنچنے کا کوئی راستہ ہے بلال صاحب"...... عمران نے اس بار براہ راست بلال سے مخاطب ہو کر

"بالکل ہے جناب۔ لیکن یہ راستہ اس قدر پر خطر ہے کہ اس پر سفر کرنا انتہائی جان جوکھوں کا کام ہے"...... بلال نے جواب دیا۔

"کیا تم اس راستے کی تفصیل بتا سکتے ہو"...... عمران نے کہا۔

"یس سر۔ لیکن اگر نقشہ موجود ہوتا تو زیادہ آسانی ہو جاتی"۔ بلال نے کہا۔

"میں لے آتا ہوں نقشہ"...... کامران نے اٹھتے ہوئے کہا اور تیزی سے مڑا اور باہر کی طرف بڑھتا چلا گیا۔

"بلال صاحب۔ یہ راستہ کس قسم کا ہے جبکہ ہمیں بتایا گیا ہے کہ پلاسن پہاڑی کسی پنسل کی طرح سیدھی ہے اور آدھی پہاڑی برف سے ڈھکی رہتی ہے اور چوٹی پر تو ہر وقت برفانی طوفان چلتے رہتے ہیں"...... عمران نے کہا۔ اس کا انداز ایسا تھا جیسے اسے ابھی تک یقین نہ آ رہا ہو کہ ایسا کوئی راستہ بھی ہو سکتا ہے کیونکہ اب تک مسلسل ٹکریں مارنے کے باوجود وہ کوئی راستہ تلاش نہ کر سکے تھے اور اب یہ آدمی کہہ رہا ہے کہ راستہ موجود ہے۔

"آپ کی بات درست ہے جناب۔ واقعی ایسا ہے لیکن قدرت کے اپنے کام ہوتے ہیں۔ یہ راستہ قدرتی ہے اور ایک کریک کی صورت میں آدھی پہاڑی تک چکر کاٹتا ہوا چلا جاتا ہے اور پھر باقی آدھی پہاڑی میں یہ پہاڑی کے اندر سے اوپر جاتا ہے اور وہی حصہ سب سے خطرناک ہے"...... بلال نے جواب دیا۔

"کیا آپ اس راستے سے کبھی چوٹی پر گئے ہیں"...... عمران نے پوچھا۔

"یس سر۔ میں اپنے والد کے ساتھ دو بار جا چکا ہوں۔ دراصل پلاسن میں ہمارا قبیلہ سب سے قدیم قبیلہ ہے اور ہم قدیم عرصے سے اس علاقے میں رہتے آئے ہیں اس لئے یہاں پہاڑیوں میں راستے ہمارے دیکھے بھالے ہیں"...... بلال نے کہا۔

"لیکن اوپر خوفناک سردی سے بچاؤ آپ کیسے کرتے تھے"۔ عمران نے پوچھا۔

"اس پہاڑی کے دامن میں ایک جڑی بوٹی وافر مقدار میں ملتی ہے۔ اس بوٹی کا رس اگر مخصوص مقدار میں پی لیا جائے تو ایک مخصوص وقت تک انسانی جسم سردی سے محفوظ ہو جاتا ہے"۔ بلال نے کہا۔

"لیکن آپ وہاں کیا کرنے جاتے رہے ہیں"...... عمران نے پوچھا۔

"چوٹی پر برف کے اندر ایک خاص قسم کی جڑی بوٹی پیدا ہوتی ہے جسے ہماری مقامی زبان میں شکا کو کہا جاتا ہے۔ اس بوٹی کے رس سے مقامی طور پر دوا بنائی جاتی ہے جسے شکا کو دوا کہا جاتا ہے اور یہ دوا اس علاقے میں پائی جانے والی ایک انتہائی خوفناک مرض کا انتہائی اکسیر علاج ہے۔ اس بیماری کو بھی شکا کو ہی کہا جاتا ہے۔ اس بیماری سے انسان کا جسم تیزی سے گلنے سڑنے لگ جاتا ہے اور اس کا

وائے اس شکا کو دوا کے اور نہیں ہے اس لئے قدیم دور سے اس بوٹی کی انتہائی مانگ رہی ہے اور ابھی تک بھی ہے کیونکہ جس کو یہ بوٹی مل جائے وہ اس کی دوا تیار کر لیتا ہے اور اس طرح دیکھتے ہی دیکھتے وہ امیر بن جاتا ہے"...... بلال نے تفصیل بتاتے ہوئے کہا۔

"لیکن اب تو وہاں اڈا بن چکا ہے۔ کیا اس اڈے کی وجہ سے یہ کام بند نہیں ہو گیا"...... عمران نے کہا۔

"جی نہیں۔ یہ اڈا ایک سائیڈ پر بنایا گیا ہے۔ پوری پہاڑی پر نہیں بنایا گیا"...... بلال نے جواب دیتے ہوئے کہا اور عمران نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ اسی لمحے کامران اندر داخل ہوا۔ اس کے ہاتھ میں ایک رول شدہ نقشہ تھا۔ اس نے وہ نقشہ عمران کے سامنے دری پر کھول دیا اور بلال اس نقشے پر جھک گیا۔ وہ چند لمحے غور سے اس نقشے کو دیکھتا رہا پھر اس نے اپنی انگلی نقشے پر ایک جگہ رکھ دی۔

"یہ پلاسن ہے جناب"...... بلال نے کہا۔

"ہاں"...... عمران نے کہا۔

"یہ اس کے ساتھ دوسری پہاڑی ہے جس کا نام ساگان ہے"۔ بلال نے ساتھ والی پہاڑی کے نشان پر انگلی رکھتے ہوئے کہا۔

"ہاں"...... عمران نے کہا۔

"یہ ساگان پہاڑی اور پلاسن پہاڑی آدھی سے زیادہ جڑی ہوئی ہیں۔ اس کے بعد علیحدہ ہو جاتی ہیں لیکن ساگان کی بلندی پلاسن سے

تقریباً آدھی سے زیادہ کم ہے"...... بلال نے کہا۔

"پھر"...... عمران نے کہا۔

"جناب پہلے یہ راستہ ساگان پہاڑی سے شروع ہوتا ہے اور
جا کر ساگان پہاڑی پلاسن پہاڑی سے علیحدہ ہوتی ہے وہاں
راستہ پلاسن میں داخل ہو جاتا ہے اور پھر کچھ اوپر جانے کے ا
راستہ پہاڑی کے اندر کی طرف چلا جاتا ہے اور پھر اوپر پہنچ
ہے"...... بلال نے کہا۔

"گڈ۔ لیکن یہ کس قسم کا راستہ ہے"...... عمران نے مط
انداز میں کہا تو بلال نے راستے کے بارے میں بتانا شروع کر دیا

"تمہارا مطلب ہے کہ جب تک یہ راستہ پہاڑی کے اندر دا
نہیں ہوتا یہ پہاڑی کے گرد گھومتا ہوا اوپر جاتا ہے اور جب یہ پہا
کے اندر داخل ہو جاتا ہے تو پھر اس راستے پر چڑھنے کے لئے باقا
رسے استعمال کرنے پڑتے ہیں"...... عمران نے کہا۔

"جی ہاں۔ اندرونی راستہ انتہائی خطرناک ترین راستہ ہے
بلال نے کہا۔

"جب تم اور تمہارے والد وہاں پہنچ سکتے ہیں تو اللہ تعالیٰ مہر
کرے گا"...... عمران نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"یہ بھی اللہ تعالیٰ کی ہی مہربانی ہے عمران صاحب کہ جس کو
لاینحل سمجھ رہے تھے وہ اچانک حل ہو گیا ہے"...... صفدر نے کہا

"ہاں۔ واقعی وہی ذات ہر بند دروازے کو کھولنے پر قادر ہے
امی ہم نے صرف دعا مانگنے کا ارادہ کیا ہی تھا کہ اللہ تعالیٰ نے
نت کر دی۔ بہرحال اب پہلے شکرانے کے نفل پڑھنے ہوں
پھر اللہ تعالیٰ سے اس مشن کی کامیابی کی دعا مانگوں گا کیونکہ
ات پوری تحریک آزادی کے لاکھوں مجاہدین کی زندگیاں اس
ے ساتھ منسلک ہو چکی ہیں"...... عمران نے کہا اور سب نے
یں سرہلا دیئے۔

شاگل کا چہرہ غصے کی شدت سے سرخ ہو رہا تھا۔ وہ کاز کو ا
کے آفس میں کسی زخمی شیر کی طرح ٹہل رہا تھا۔ چند لمحوں بعد د
کھلا اور جے سنگھ اندر داخل ہوا۔

"اس نے زبان کھول دی ہے جناب"...... جے سنگھ نے م
بھرے لہجے میں کہا۔

"کیا بتایا ہے اس نے"...... شاگل نے پوچھا۔

"وہ مسلمان ہے جناب۔ اس کا اصل نام گل شاہ ہے۔ اس
بتایا ہے کہ اس نے ساگن کے اڈے کے انچارج کامران کو آ
یہاں آمد اور ساری کارروائی کی رپورٹ دی ہے اور اب وہ ل
یہاں نہیں آرہے"...... جے سنگھ نے جواب دیا۔

"ہاں۔ انہیں ہلاک کرنے کا ایک اچھا موقع ہاتھ سے نکل
ہے۔ کیا وہ زندہ ہے"...... شاگل نے کہا۔

ں مرا۔ ابھی زندہ ہے البتہ شدید تشدد کر کے اس کی زبان
کل سے کھلوائی ہے۔ انتہائی سخت جان آدمی ثابت ہوا ہے"۔
ہ نے کہا۔

حال یہ اچھا ہوا کہ اسے چیک کر لیا گیا تھا ورنہ ہم یہاں بیٹھے
ں کرتے رہ جاتے۔ کیا ایسا نہیں ہو سکتا کہ اس انچارج سے
م کیا جائے کہ اب ان لوگوں کا کیا پروگرام ہے"...... شاگل
ا۔

یک صورت میں ایسا ہو سکتا ہے جناب کہ گل شاہ خود اسے
کے پوچھے لیکن وہ شاید ایسا نہ کرے"...... جے سنگھ نے

اوہ۔ آؤ میرے ساتھ۔ میں اس سے وعدہ کروں گا کہ اسے زندہ
جائے گا اور اس کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جائے گی۔
ن ہے کہ وہ اس پر رضامند ہو جائے گا"...... شاگل نے کہا اور
ہ نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ تھوڑی دیر بعد وہ آفس سے نکل کر
ہداریوں سے گزر کر ایک چھوٹے سے کمرے میں پہنچے جہاں
ے ساتھ ایک مضبوط جسم کا آدمی زنجیروں سے جکڑا ہوا نیم
ش کے عالم میں موجود تھا۔ اس کا جسم کوڑوں کی ضربوں سے
ن ہو رہا تھا۔ وہاں دو آدمی موجود تھے۔

ے پانی پلاؤ"...... شاگل نے ایک آدمی سے کہا اور وہ سر ہلاتا
ا اس نے الماری کھولی۔ اس میں سے پانی کی بوتل نکال کر وہ

زنجیروں میں جکڑے ہوئے اس آدمی کی طرف بڑھا اور ا ایک ہاتھ سے اس کے بال پکڑ کر اس کا چہرہ اوپر کو اٹھایا اور ہاتھ سے کھلی ہوئی بوتل کا دہانہ اس کے منہ سے لگا دیا۔ نے اس طرح پانی پینا شروع کر دیا جیسے پیاسا اونٹ پانی جب بوتل ختم ہو گئی تو وہ آدمی پیچھے ہٹ گیا لیکن اب اس حالت پہلے سے کافی بہتر ہو گئی تھی۔

" تمہارا نام گل شاہ ہے "...... شاگل نے اس سے مخاطب کہا۔

" ہاں۔ میرا نام گل شاہ ہے "...... اس آدمی نے جواب ہوئے کہا۔

" مجھے جانتے ہو "...... شاگل نے کہا۔ اس کا لہجہ خاصا نرم تھا

" ہاں۔ تم کافرستان سیکرٹ سروس کے چیف شاگل ہو شاہ نے جواب دیا۔

" سنو۔ میں تم سے بطور چیف وعدہ کرتا ہوں کہ اگر تم ساتھ تعاون کرو تو نہ صرف تمہارے زخموں کی بینڈیج کر دی گی بلکہ تمہیں زندہ بھی چھوڑ دیا جائے گا "...... شاگل نے کہا شاہ نے چونک کر شاگل کی طرف دیکھا۔

" کس قسم کا تعاون "...... گل شاہ نے حیرت بھرے لہجے کہا۔

" تم ساگن اڈے کے انچارج کو کال کرو اور اس سے معلوم

یالی ایجنٹ ادھر نہیں آ رہے تو اب ان کا کیا پروگرام شاگل نے کہا۔

" نہیں بتائے گا "...... گل شاہ نے جواب دیا۔

" کوشش تو کرو۔ اگر میں نے دیکھا کہ تم نے درست لی ہے تو پھر بھی میں اپنا وعدہ پورا کروں گا "...... شاگل نے

" ٹھیک ہے۔ میں کوشش کرتا ہوں "...... گل شاہ نے کہا۔

"...... شاگل نے کہا اور پھر وہ جے سنگھ سے مخاطب ہوا۔

جے سنگھ۔ گل شاہ کو زنجیروں سے آزاد کر کے اس کے زخموں بینڈیج کراؤ اور پھر اسے طاقت کے انجکشن وغیرہ لگا کر آفس میں "...... شاگل نے کہا۔

" یس سر "...... جے سنگھ نے جواب دیا تو شاگل مڑا اور تیز تیز قدم اس کمرے سے نکل کر دوبارہ راہداریوں میں سے ہوتا ہوا واپس پہنچ گیا۔ تقریباً ایک گھنٹے بعد جے سنگھ گل شاہ کے ساتھ آفس داخل ہوا تو اب گل شاہ کی حالت کافی سے زیادہ سنبھل چکی اس کے زخموں کی بینڈیج کر دی گئی تھی۔

" بیٹھو گل شاہ "...... شاگل نے نرم لہجے میں کہا اور گل شاہ ایک بیٹھ گیا۔

" تم کسی خاص ٹرانسمیٹر پر کال کرتے ہو شاید "...... شاگل نے شاہ سے مخاطب ہو کر کہا۔

"جی ہاں۔ وہ ٹرانسمیٹر میری الماری کے خفیہ خانے میں مو ہے"...... گل شاہ نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"وہ ٹرانسمیٹر لے آؤ"...... شاگل نے جے سنگھ سے کہا او سنگھ بغیر کوئی جواب دیئے باہر چلا گیا۔

"تم فکر مت کرو گل شاہ۔ میرا نام شاگل ہے اور میں جو کرتا ہوں وہ بہرحال پورا کرتا ہوں"...... شاگل نے اپنے مزاج خلاف انتہائی نرم لہجے میں گل شاہ سے مخاطب ہو کر کہا اور گل نے جواب دینے کی بجائے صرف اثبات میں سر ہلا دیا۔ تھوڑی دیر جے سنگھ واپس آیا تو اس کے ہاتھ میں ایک مخصوص ساخت ٹرانسمیٹر تھا۔ اس نے ٹرانسمیٹر گل شاہ کی طرف بڑھا دیا اور خود ساتھ پڑی ہوئی خالی کرسی پر بیٹھ گیا۔ گل شاہ نے ٹرانسمیٹر لے اس پر فریکونسی ایڈجسٹ کی اور پھر اس کا بٹن آن کر دیا۔

"ہیلو ہیلو۔ گل شاہ کالنگ۔ اوور"...... گل شاہ نے بار بار ک دیتے ہوئے کہا۔

"یس۔ کامران اٹنڈنگ یو۔ اوور"...... ایک مردانہ آواز سنا دی۔

"کامران۔ عمران صاحب اور ان کے ساتھیوں کا اب کیا پروگر ہے۔ اوور"...... گل شاہ نے کہا۔

"وہ اب کاز کوہ نہیں آ رہے۔ میں نے پہلے بھی تمہیں بتایا تھا شاید اب وہ وہاں نہ آئیں اور اب انہوں نے حتمی طور پر ارادہ ترک

ہے۔ اوور"...... دوسری طرف سے جواب دیا گیا۔

"لیکن پھر مشن کیسے مکمل ہو گا۔ اوور"...... گل شاہ نے کہا۔

"اللہ تعالیٰ نے مدد کر دی ہے۔ اب انشاء اللہ مشن مکمل ہو جائے گا۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا تو شاگل اور جے سنگھ دونوں بے اختیار اچھل پڑے۔ شاگل نے آنکھیں پھاڑ کر گل شاہ کو اشارہ کیا وہ اس کی تفصیل معلوم کرے۔

"وہ کیسے۔ اوور"...... گل شاہ نے پوچھا۔

"پلاسن پہاڑی پر جو اڈا ہے وہاں تک پہنچنے کا کوئی راستہ ہی نہیں تھا لیکن اب اللہ تعالیٰ نے ایک ایسے آدمی سے ملوا دیا ہے جو ایک خفیہ راستے کے بارے میں جانتا ہے۔ اب عمران صاحب اور ان کے ساتھی اس راستے کے ذریعے اپنا مشن مکمل کریں گے۔ اوور اینڈ آل"...... دوسری طرف سے کہا گیا اور اس کے ساتھ ہی رابطہ ختم ہو گیا تو گل شاہ نے ٹرانسمیٹر آف کر دیا۔

"اس سے دوبارہ بات کرو اور اس سے اس راستے کی پوری تفصیل پوچھو"...... شاگل نے اس بار سخت لہجے میں کہا۔

"اتنا بھی اس نے مجھے بتا دیا ہے۔ مزید تفصیل وہ نہیں بتائے گا"...... گل شاہ نے جواب دیا۔

"میں کہہ رہا ہوں پوچھو اس سے۔ یہ میرا حکم ہے۔ سمجھے۔ مجھے اس راستے کی تفصیل چاہئے۔ ہر قیمت پر اور ہر صورت میں"۔ شاگل کا لہجہ پہلے سے بھی زیادہ سخت ہو گیا تھا۔

"میں کہہ رہا ہوں وہ نہیں بتائے گا۔ مجھے اس کی فطرت کا اندازہ ہے"...... گل شاہ بھی اپنی بات پر اڑ گیا تھا۔

"تم۔ تمہاری یہ جرأت کہ تم میرے حکم کی تعمیل نہ کرو۔ نانسنس"۔ شاگل نے یکلخت غصے کی شدت سے چیختے ہوئے کہا اور اس سے پہلے کہ گل شاہ یا جے سنگھ کچھ سمجھتے شاگل نے بجلی کی تیزی سے جیب سے ریوالور نکالا اور دوسرے لمحے کمرہ ریوالور دھماکوں اور گل شاہ کے حلق سے نکلنے والی چیخوں سے گونج اٹھا۔ گل شاہ کئی گولیاں سینے پر کھا کر چیختا ہوا کرسی سمیت پشت کے بل جا گرا تھا۔

"نانسنس۔ میرے حکم کی تعمیل نہ کر رہا تھا۔ نانسنس"۔ شاگل نے اس کے نیچے گرنے کے بعد ریوالور واپس جیب میں ڈالتے ہوئے انتہائی غصیلے لہجے میں کہا جبکہ جے سنگھ دم سادھے خاموش بیٹھا تھا اور گل شاہ چند لمحے تڑپنے کے بعد ساکت ہو گیا تھا۔

"اب میری یہاں ضرورت نہیں رہی اس لئے میں واپس پلاسن جا رہا ہوں"...... شاگل نے کہا۔

"یس سر۔ لیکن اس کا کیا ہو گا۔ یہ تو صریحاً قتل ہے جناب"۔ جے سنگھ نے پہلی بار زبان کھولتے ہوئے کہا۔ وہ فوجی تھا اس لئے ظاہر ہے اس کے ذہن میں یہ تصور بھی نہ تھا کہ اس طرح بھی کسی ہلاک کیا جا سکتا ہے۔

"نانسنس۔ کیا تمہیں معلوم نہیں ہے کہ میں سیکرٹ سروس

چیف ہوں اور چیف کسی بھی غدار کو اس کی غداری کی سزا خود بھی دے سکتا ہے"...... شاگل نے انتہائی غصیلے لہجے میں کہا۔

"ٹھیک ہے سر۔ لیکن بہرحال مجھے تو اعلیٰ حکام کو اس کی رپورٹ دینا ہو گی کیونکہ بہرحال قانون کے مطابق کوئی آفیسر کسی کو اس انداز میں براہ راست تو ہلاک نہیں کر سکتا"...... جے سنگھ نے کہا۔

"تم۔ تمہاری یہ جرأت کہ تم میری رپورٹ کرو گے۔ میری۔ چیف آف سیکرٹ سروس کی"۔ شاگل نے یکلخت چیختے ہوئے کہا اور اس کے ساتھ ہی ایک بار پھر اس نے جیب سے ریوالور نکال لیا اور پھر اس سے پہلے کہ گل شاہ کی طرح جے سنگھ سنبھلتا شاگل نے اس پر فائر کھول دیا اور جے سنگھ بھی گل شاہ کی طرح گولیاں کھا کر چیختا ہوا کرسی سمیت فرش پر گرا اور چند لمحے تڑپنے کے بعد ساکت ہو گیا۔

"نانسنس۔ میری رپورٹ کرے گا۔ نانسنس"...... شاگل نے غراتے ہوئے کہا اور اس کے ساتھ ہی ریوالور اس نے دوبارہ جیب میں رکھا اور اٹھ کر بیرونی دروازے کی طرف بڑھ گیا تا کہ اڈے کے دوسرے افراد کو بلا کر ان کو بتا سکے کہ یہ دونوں ہی آپس میں ملے ہوئے تھے اور غدار تھے اور پوچھ گچھ کے دوران جے سنگھ نے اس پر ریوالور نکال لیا تھا جس پر اس نے اپنے تحفظ کے لئے ان دونوں کو ہلاک کر دیا۔

رات کا گہرا اندھیرا ہر طرف پھیلا ہوا تھا۔ آسمان پر سیاہ بادل چھائے ہوئے تھے۔ عمران اور اس کے ساتھی پلاسن کے ساتھ جڑی ہوئی دوسری پہاڑی ساگان کے دامن میں واقع ایک بڑے سے غار میں موجود تھے۔ انہوں نے چونکہ ٹارچ نہ جلائی تھی اس لئے غار کے اندر بھی گھپ اندھیرا تھا۔ عمران اور اس کے ساتھیوں کے جسموں پر کافرستانی فوج کی یونیفارم تھی۔ ان یونیفارمز کا بندوبست کامران نے کیا تھا اور وہ رات کے اندھیرے میں بلال کی رہنمائی میں ساگن سے روانہ ہو کر تقریباً آدھی رات کے بعد یہاں پہنچے تھے۔ عمران اور اس کے ساتھی تو رات کی اس گہری تاریکی میں ہی پہاڑی پر چڑھنا چاہتے تھے لیکن بلال نے یہ کہہ کر انکار کر دیا تھا کہ راستہ چونکہ قدرتی ہے اور اس راستے میں انتہائی پیچ و خم ہونے کے ساتھ ساتھ راستہ اس قدر پر خطر ہے کہ رات کے وقت کسی صورت بھی اس

راستے پر چلا نہیں جا سکتا ورنہ سب کے ہلاک ہونے کا یقینی خدشہ ہے تو عمران نے صبح ہونے تک اس غار میں رات گزارنے کا فیصلہ کر لیا تھا اور اس فیصلے کے تحت وہ سب اس غار میں موجود تھے البتہ صفدر اور کیپٹن شکیل غار سے باہر نکل کر چٹانوں کی اوٹ میں جا بیٹھے تھے تاکہ کسی بھی ممکنہ خطرے کا بروقت سدباب کیا جا سکے۔

"صبح کے وقت تو دور سے ہمیں چیک کیا جا سکتا ہے"...... جولیا نے بلال سے مخاطب ہو کر کہا۔

"مس صاحبہ اصل ٹارگٹ تو پلاسن پہاڑی ہے جبکہ ہم نے ساگان پر سفر کرنا ہے اور یہ بات فوجیوں کو نہیں معلوم کہ ساگان پہاڑی کی طرف سے پلاسن پہاڑی کے اندر تک کوئی راستہ جاتا ہے۔ جہاں تک پلاسن کا تعلق ہے تو وہاں پہنچنے کے بعد بس تھوڑا سا سفر ہی باہر کرنا ہو گا جبکہ باقی تمام سفر اندرونی طرف کا ہے اس لئے مجھے یقین ہے کہ ہم کسی کی نظروں میں آئے بغیر اطمینان سے پلاسن کے اڈے تک پہنچ جائیں گے"...... بلال نے تفصیل سے جواب دیتے ہوئے کہا اور جولیا نے اثبات میں سر ہلا دیا اور پھر صبح تک انہوں نے اسی طرح مختلف بات چیت میں وقت گزارا اور جب صبح کی ہلکی ہلکی روشنی ماحول پر پھیلنے لگی تو وہ سفر کے لئے تیار ہو گئے۔ عمران اور جولیا کے علاوہ باقی ساتھیوں نے سیاہ رنگ کے بڑے بڑے تھیلے اپنی پشت پر باندھ رکھے تھے اور دور مار مخصوص ساخت کی مشین گنیں ان سب کے ہاتھوں میں تھیں البتہ بلال خالی ہاتھ تھا اور پھر

بلال کی رہنمائی میں ان سب نے ایک تنگ دیچ دار پہاڑی راستے پر بلندی کی طرف سفر کرنا شروع کر دیا۔

"خدا کا شکر ہے کہ اتنی ٹکریں مارنے کے بعد آخر کار مشن پر کام تو شروع ہوا"...... صفدر نے کہا۔

"اس بار واقعی ہم ہر طرف سے مایوس ہو گئے تھے"...... کیپٹن شکیل نے کہا۔

"یہ غلطی عمران کی ہے ورنہ اگر ہم سیدھے رابندر ٹو ایئر بیس پر ریڈ کر دیتے اور وہاں سے ایم وی تھری ہیلی کاپٹر حاصل کر لیتے تو ہمیں خواہ مخواہ اتنی ٹکریں نہ مارنی پڑتیں اور مشن بھی کب کا مکمل ہو چکا ہوتا"...... تنویر نے منہ بناتے ہوئے کہا۔

"نہیں۔ عمران صاحب نے درست کام کیا تھا۔ اول تو رابندر ٹو ایئر بیس پر ہمیں بے پناہ جدوجہد کرنی پڑتی۔ دوسری بات یہ کہ وہاں سے اگر ہم مخصوص ہیلی کاپٹر حاصل بھی کر لیتے تو وہ بہرحال میزائل پروف تو نہ ہوتا اور رابندر ٹو ایئر بیس سے یہاں پلاسن تک اس ہیلی کاپٹر کو ایک ہزار بار تباہ کیا جا سکتا تھا اور اس کی باقاعدہ ہدایات بھی جاری کر دی گئی تھیں"...... جولیا نے عمران کی حمایت کرتے ہوئے کہا۔

"یہ سب خواہ مخواہ کی سوچیں ہیں۔ زیادہ لمبی سوچیں آدمی کو کسی کام کا نہیں چھوڑتیں۔ جو ہوتا دیکھا جاتا"...... تنویر نے اپنی فطرت کے مطابق جواب دیتے ہوئے کہا۔ وہ سب ایک دوسرے کے پیچھے

ہوئے باتیں کر رہے تھے جبکہ ان سے تھوڑا آگے عمران، بلال ساتھ چل رہا تھا۔

"لمبی سوچیں نہیں بلکہ اسے اندیشہ ہائے دور و دراز کہا جاتا ...... عمران نے مڑ کر مسکراتے ہوئے کہا اور اس کے ساتھ ہی ایک بار پھر آگے بڑھ گیا۔

"اس کے کان تو شیطان کی طرح لمبے ہیں۔ فاصلہ دیکھیں۔ اس باوجود وہ ہماری باتیں سن رہا ہے"...... تنویر نے کہا تو جولیا ت سب بے اختیار ہنس پڑے۔

"میں تو یہ سوچ رہا ہوں کہ کیا پلاسن پہاڑی کا یہ خفیہ راستہ بھی موجود ہو گا یا نہیں"...... اچانک کیپٹن شکیل نے کہا تو ب بے اختیار چونک پڑے۔

"کیا مطلب۔ کیوں نہیں ہو گا"...... جولیا نے حیران ہو کر کہا۔

"اس لئے کہ کافرستان نے جب یہاں اڈا بنایا ہو گا تو ظاہر ہے ں پہاڑی کا پوری طرح سروے کیا گیا ہو گا۔ اب یہ تو نہیں ہو گا کہ وں نے باہر سے بنا بنایا اڈا لا کر یہاں رکھ دیا ہو گا اور اس سروے یں لامحالہ یہ راستہ بھی سامنے آ گیا ہو گا"...... کیپٹن شکیل نے کہا بے اختیار سب کے چہروں پر تشویش کے تاثرات پھیلتے چلے گئے نکہ کیپٹن شکیل کی بات میں واقعی وزن تھا۔

"بات تو تمہاری واقعی قابل غور ہے لیکن کیا اس بات پر عمران نے غور نہیں کیا ہو گا"...... جولیا نے کہا۔

"لازماً گیا ہو گا لیکن میرا خیال ہے کہ وہ اب ہر طرف سے بایا کی وجہ سے دیکھا جائے گا پر عمل کر رہے ہیں"...... صفدر نے کہا۔

"نہیں۔ یہ بات نہیں ہے۔ میرے ذہن میں یہ بات آئی تھی ا میں نے یہ بات بلال سے کی تھی لیکن بلال نے بتایا ہے کہ اڈا ا سائیڈ پر بنایا گیا ہے جبکہ راستہ دوسری سائیڈ پر ہے"...... عمران ۔ مڑ کر جواب دیتے ہوئے کہا۔

"یہ بھی ہو سکتا ہے عمران صاحب کہ اس اڈے کے اندر سے اس راستے کو باقاعدہ چیک کیا جاتا ہو"...... صفدر نے کہا۔

"ہونے کو تو سب کچھ ہو سکتا ہے لیکن اگر ہم واقعی ہونے یا ہونے کے چکر میں پڑ جائیں تو پھر کام آگے نہیں بڑھ سکتا۔ خدا خدا کے یہ امکان سامنے آیا ہے اس لئے میں نے فیصلہ کیا ہے کہ وہاں تک پہنچا تو جائے پھر جو ہو گا دیکھ لیا جائے گا"...... عمران نے جواب دیتے ہوئے کہا اور سب نے اثبات میں سر ہلا دیئے ۔ پھر تقریباً گھنٹوں کے مسلسل چلنے کے بعد وہ ساگان پہاڑی کے اندرونی حصے میں داخل ہو گئے کیونکہ راستہ اب اندر داخل ہو چکا تھا۔ پھر کا اونچائی پر جا کر وہ ایسی جگہ پر پہنچے جہاں سے دونوں پہاڑیاں ایک دوسرے سے ملی ہوئی تھیں لیکن اب جس جگہ وہ پہنچے تھے وہاں راست میں ایک خاصا بڑا خلا تھا اور ظاہر ہے یہ اس لحاظ سے انتہائی خطرناک تھا کہ ایک تنگ سے راستے سے چھلانگ لگا کر دوسرے تنگ سے راستے پر قدم جمانا خاصا مشکل کام تھا۔ معمولی سی لغزش سے ا

ں فٹ کی گہرائی میں گر سکتے تھے۔ وہ سب اس خلا کی ایک پر کھڑے تھے۔

"یا یہ خلا اب پیدا ہوا ہے یا پہلے سے ہے"...... عمران نے بلال ف دیکھتے ہوئے کہا۔

"نہیں جناب۔ پہلے تو نہیں تھا۔ یہ تو میں پہلی بار دیکھ رہا ں ۔ بلال نے قدرے پریشان سے لہجے میں کہا۔

"لا بھی خاصا ہے۔ یوں لگتا ہے جیسے درمیان کا کوئی بڑا پتھر ر نیچے گر گیا ہو اور جس کی وجہ سے یہ خلا پیدا ہوا ہے"۔ صفدر کہا۔

"پتھر نہیں بلکہ چٹان کہو۔ بہرحال اب اسے پار کرنا ہے"۔ ان نے جواب دیتے ہوئے کہا۔ اور سب نے اثبات میں سر ہلا

"میرا خیال ہے کہ چھلانگ لگا کر اسے پار نہیں کیا جا سکتا۔ یہ ت بڑا رسک ہے کیونکہ لمبی چھلانگ کے بعد تنگ راستے پر پیر جمانا با ناممکن ہے اور پھر پکڑنے کی بھی کوئی چیز موجود نہیں ...... کیپٹن شکیل نے کہا۔

"تم سب پیچھے ہٹ جاؤ۔ پہلے میں چھلانگ لگاؤں گا"۔ تنویر نے اور آگے بڑھنے لگا۔

"جوش میں آنے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ انتہائی خطرناک مرحلہ ہے۔ معمولی سی کوتاہی کا نتیجہ بھیانک نکلے گا اس لئے جو کچھ کرنا ہو گا

سوچ سمجھ کر کرنا ہو گا۔ میرا خیال ہے کہ پہلے دوسری طرف پھینکی جائے پھر اس رسی کو کمر سے باندھ کر چھلانگ لگائی جائے تا اگر آدمی گرنے بھی لگے تو سنبھل جائے"...... جولیا نے کہا۔

" لیکن دوسری طرف پہاڑی چٹانیں بالکل ہموار ہیں۔ کمند کیسے پھنسے گی"...... صفدر نے کہا۔

" میرا خیال ہے کہ ہمیں کوئی اور طریقہ سوچنا ہو گا۔ یہاں چھلانگ نہیں لگائی جا سکتی"...... اب تک خاموش کھڑے عمران نے کہا۔

" اور کیا طریقہ ہو سکتا ہے"...... سب نے چونک کر کہا۔

" نیچے سے کوئی بڑی چٹان لا کر اس خلا پر رکھنا ہو گی"...... عمران نے کہا۔

" اوہ نہیں عمران صاحب۔ یہ خاصا بڑا خلا ہے۔ اتنی بڑی چٹان نیچے سے نہیں لائی جا سکتی"...... صفدر نے کہا۔

" رسی کی مدد سے اوپر تو کھینچی جا سکتی ہے"...... عمران نے کہا۔

" میرے ذہن میں ایک طریقہ آیا ہے"...... اچانک جولیا نے کہا

" یہی کہ اڑتے ہوئے دوسری طرف پہنچ جائیں"...... عمران نے کہا تو سب بے اختیار ہنس پڑے۔

" نہیں بلکہ چھلانگ لگانے والی رسی کا ایک سرا اپنی کمر سے باندھ لیا جائے اور دوسرا سرا اپنی طرف کسی چٹان کے ساتھ باندھ دیا جائے پھر چھلانگ لگائی جائے تاکہ اگر دوسری طرف قدم جم نہ سکیں

تو نیچے گرنے سے بچا جا سکے"...... جولیا نے کہا۔

صاحب۔ آپ لوگ یہاں ٹھہریں میں ابھی واپس آتا ہوں"۔ نے کہا اور تیزی سے واپس مڑ گیا۔

م کہاں جانا چاہتے ہو"...... عمران نے کہا۔

ں کوئی اور راستہ یا کریک وغیرہ تلاش کرتا ہوں"...... بلال اور تیزی سے واپس مڑنے لگا۔

اور راستہ نہیں ہے۔ میں نے پہلے ہی چیک کر لیا ہے اس لئے او وقت ضائع کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے البتہ اب ہمیں ام کرنا ہو گا۔ صفدر ہمارے تھیلے میں زیرو ایکس بم موجود نکالو"...... عمران نے کہا۔

م۔ کیا مطلب۔ اس سے تو مزید خلا پیدا ہو جائے گا"۔ جولیا

ا

یں یہاں سے چٹان توڑ کر باہر جانا ہو گا۔ باہر سے پہاڑیاں ل ہیں اس لئے ہم زیادہ آسانی سے دوسری طرف پہنچ جائیں گے دوسرا بم استعمال کر کے دوبارہ اندرونی راستے پر پہنچ جائیں عمران نے کہا تو سب نے سر ہلا کر اس کی تجویز کی تائید کر پھر صفدر نے اپنی پشت سے تھیلا اتارا۔ اسے کھولا اور اس ایک بم نکالا۔ اس کے پیچھے ٹیپ لگا کر اس نے چٹان کے سے چپٹا دیا اور پھر وہ سب تیزی سے مڑ کر کافی پیچھے آ گئے تو نے تھیلے میں سے بم کا ڈی چارجر نکال کر اس کا بٹن آن کر

دیا۔ دوسرے لمحے ایک خوفناک اور لرزا دینے والا دھماکہ ہوا
سب کو یوں لگا جیسے ایک لمحے کے لئے ان کے قدموں کے
زمین غائب ہو گئی ہو لیکن یہ احساس صرف ایک لمحے کے لئے
دوسرے لمحے وہاں بیرونی روشنی کسی سیلاب کی طرح اندر آ
جس جگہ بم چپکایا گیا تھا وہاں خاصا بڑا سوراخ ہو گیا تھا۔
دھماکے کی وجہ سے پتھر گرنے بند ہوئے تو وہ سب آگے بڑھے
ایک ایک کر کے وہ سب اس سوراخ سے باہر آ گئے۔ باہر
دونوں پہاڑیاں آپس میں ملی ہوئی تھیں لیکن کوئی باقاعدہ
موجود نہیں تھا۔ البتہ کٹی پھٹی چٹانوں کی وجہ سے بہرحال
بڑھ سکتے تھے۔ چنانچہ وہ سب بڑے محتاط انداز میں آگے بڑھتے
لیکن کچھ فاصلہ طے کرنے کے بعد وہ سب ایک بار پھر رک گئے
آگے پلاسن پہاڑی کسی سلیٹ کی طرح سیدھی اور سپاٹ تھی
سے برفانی حصہ بھی کافی قریب آ گیا تھا۔

"اب یہاں بھی بم لگاؤ"...... عمران نے ایک جگہ ہاتھ
ہوئے صفدر سے کہا اور صفدر نے اثبات میں سر ہلا دیا اور
میں سے ایک اور بم نکال کر اس نے اس جگہ پر لگایا اور پھر
کر اس نے جب ڈی چارجر آن کیا تو ایک بار پھر خوفناک دھما
اور اس جگہ جہاں بم لگایا گیا تھا ایک کافی بڑا سوراخ ہو گیا۔
سب سے پہلے آگے بڑھا اور پھر اس نے اس سوراخ میں سے
طرف جھانکا تو اس کے چہرے پر مسکراہٹ اور اطمینان سا

ب وہ خلا کو پار کر کے دوسری طرف پہنچ چکے تھے۔ عمران اس
ے دوسری طرف چلا گیا تو اس کے پیچھے اس کے ساتھی بھی
ب کر کے دوبارہ اندر پہنچ گئے۔ اب وہ پلاسن پہاڑی کے
راستے پر موجود تھے۔

ی گڈ۔ یہ واقعی قابل عمل حل تھا"...... صفدر نے
ہوئے کہا۔

ں۔ عمران کے ذہن میں نجانے یہ انوکھے حل کہاں سے آ
ں"...... تنویر نے بھی اپنی عادت کے مطابق تعریف کرتے
ا اور سب بے اختیار ہنس پڑے۔ عمران بھی بے اختیار
تھا۔

ن صاحب ان دھماکوں کی آوازیں پہاڑیوں میں کافی دور
ی گئی ہوں گی۔ ایسا نہ ہو کہ پہاڑیوں میں موجود فوجی
"...... کیپٹن شکیل نے کہا۔

یادہ سے زیادہ باہر چیکنگ کرتے رہیں گے۔ اندر کی طرف
نہیں جائے گی"...... عمران نے کہا اور کیپٹن شکیل نے
سر ہلا دیا اور پھر اسی طرح باتیں کرتے ہوئے وہ بلندی کی
چلے گئے۔

یال ہے کہ ہم اس وقت برفانی زون میں داخل ہو رہے
یہاں پہلے کی نسبت سردی زیادہ ہے"...... اچانک عمران

"جی ہاں صاحب۔ باہر ہر طرف برف ہی برف ہو گی ا
نے اس جڑی بوٹی کا استعمال نہ کیا ہوا ہوتا تو شاید ہم سردی
جاتے"....... بلال نے کہا اور عمران نے اثبات میں س
اندرونی راستے کی وجہ سے انہوں نے ٹارچیں روشن کر رکھی
ان ٹارچوں کی مدد سے وہ راستے کو بڑے محتاط انداز میں ط
ہوئے اوپر بلندی کی طرف بڑھے چلے جارہے تھے کہ اچانک ا
راستہ گھوم کر یکلخت بند ہو گیا اور اب یوں لگتا تھا کہ جیسے
سامنے اچانک دیوار آ گئی ہو۔

"یہ کیا ہوا۔ یہاں تو راستہ بند نہ تھا"....... بلال
بھرے لہجے میں کہا۔

"میرا خیال ہے کہ اب یہ راستہ خصوصی طور پر بند کیا گ
عمران نے اس دیوار نما چٹان کو جس نے راستہ بند کر د
سے دیکھتے ہوئے کہا۔

"آپ کا خیال ہے کہ یہ دیوار اب بنائی گئی ہے".......
کہا۔

"ہاں۔ اس پر بھی بم آزمانا پڑے گا۔ تمہارے تھیلے
تعداد میں بم موجود ہیں"....... عمران نے کہا تو صفدر نے ا
سر ہلا دیا اور پھر وہ سب پیچھے ہٹ گئے تو صفدر نے بم اس
لگایا اور پھر پیچھے ہٹ کر اس نے مخصوص ڈی چارجر کی مد
فائر کیا تو ایک خوفناک دھماکہ ہوا اور اس کے ساتھ ہی د

حصہ ٹوٹ کر نیچے گرنے لگ گیا۔ جب کچھ دیر بعد دھماکے کے
ختم ہوئے تو وہ آگے بڑھے لیکن یہ دیکھ کر ان سب کے چہرے
گئے کہ دیوار کا وہ حصہ کافی سے زیادہ ٹوٹ پھوٹ گیا تھا اس کے
دوسری طرف کوئی خلا نمودار نہ ہوا تھا۔ یوں محسوس ہو رہا تھا
اب پوری پہاڑی ٹھوس ہے جبکہ پہلے راستے والا کریک نیچے سے
تک پہاڑی کے اندر گھومتا ہوا اوپر آیا تھا۔

بلال تم تو کہہ رہے تھے کہ یہ پہاڑی کی چوٹی تک راستہ جاتا
جبکہ یہ تو بند ہے"....... عمران نے بلال سے مخاطب ہو کر کہا۔

پہلے تو جاتا تھا صاحب۔ میں دو بار اپنے والد کے ساتھ گیا
"....... بلال نے جواب دیا۔

اچھی طرح یاد کرو کہ اڈا بننے کے بعد بھی گئے تھے یا نہیں۔ ہو
ہے کہ پہلے تم نے ویسے ہی اندازے سے کہہ دیا ہو"....... عمران
کہا۔

مجھے اچھی طرح یقین ہے صاحب۔ یہ ٹھوس دیوار اڈے کے بعد
موجود نہ تھی"....... بلال نے جواب دیا۔

ہو سکتا ہے عمران صاحب کہ اسے بعد میں خصوصی طور پر بند
کیا ہو"....... صفدر نے کہا۔

ہاں۔ لیکن اب کیا کیا جائے۔ اب تو ہم نہ آگے کے رہے اور نہ
کے"....... عمران نے ہونٹ بھینچتے ہوئے کہا۔

میرا خیال ہے کہ ایک اور بم استعمال کیا جائے۔ ہو سکتا ہے

کہ بات بن جائے"...... صفدر نے کہا۔

"چلو یہ بھی کر دیکھو"...... عمران نے کہا تو صفدر نے دوسرا بھی فائر کر دیا لیکن اس بار بھی نتیجہ ان کے حق میں نہ نکلا کیو ٹھوس دیوار کا کافی حصہ بموں کی وجہ سے ٹوٹ جانے کے باوجود کا ٹھوس پن بہرحال موجود تھا۔

"اب کیا کیا جائے"...... جولیا نے کہا۔

"ایک ہی حل ہے کہ اب باہر نکلا جائے اور بموں سے یہ حصہ پھاڑا جائے"...... عمران نے کہا۔

"لیکن باہر تو خوفناک سردی ہو گی عمران صاحب۔ وہاں یہ بو بوٹی بھی ہمارے کام نہ آسکے گی"...... بلال نے کہا۔

"تو پھر تم بتاؤ کہ کیا کیا جائے"...... عمران نے کہا لیکن بلا ظاہر ہے کیا بتا سکتا تھا۔

"یہ بھی تو ہو سکتا ہے عمران صاحب کہ یہ دیوار اس اڈے کی ہو"...... جولیا نے کہا۔

"نہیں مس جولیا۔ اڈا تو ابھی کافی دور ہے ابھی تو ہم نے ا چوتھائی راستہ طے کیا ہے اور چوٹی تو اس سے بھی زیادہ ا ہے"...... بلال نے کہا۔

"سپر میگاٹ ڈائنامیٹ استعمال کرو صفدر۔ اب اس کے سوا کوئی حل نہیں ہے"...... عمران نے کہا تو صفدر نے اثبات میں ہلا دیا اور پھر وہ سب تیزی سے واپس مڑ کر کافی نیچے آگئے۔ تھوڑی

ر بھی ان کے ساتھ شامل ہوا اور پھر اس نے سپر میگاٹ ٹ کو چارج کر دیا اور پھر اس قدر ہولناک اور خوفناک ہوا کہ انہیں اپنے آپ کو سنبھالنا مشکل ہو گیا۔ یوں محسوس تھا جیسے پوری پہاڑی ٹکڑے ٹکڑے ہو کر اڑ گئی ہو۔ ہر طرف وں کی بارش سی ہونے لگ گئی تھی لیکن وہ سب پہلے سے ہی اس ردعمل کی توقع کر رہے تھے اس لئے وہ سب دیوار نما ں کے ساتھ چپکے ہوئے تھے اور اسی وجہ سے پتھروں کی بارش گئے تھے۔ کافی دیر بعد جب گڑگڑاہٹ اور پتھروں کی بارش رکی ب تیزی سے آگے بڑھنے لگے اور پھر یہ دیکھ کر وہ بے اختیار ڑے کہ اس بار راستے کی دیوار درمیان سے ٹوٹ چکی تھی اور ہاں موجود خلا میں سے دوسری طرف جانے والا کریک نظر آنے یا تھا۔

وری گڈ۔ اس کا مطلب ہے کہ یہ مصنوعی رکاوٹ تھی"۔ نے کہا اور پھر وہ ایک ایک کر کے اس خلا کو عبور کر کے ں طرف پہنچ گئے۔ اب وہاں راستہ پھر آگے بڑھا چلا جا رہا تھا۔

مران صاحب اس رکاوٹ کا مطلب ہے کہ انہیں اس راستے کا ے"...... کیپٹن شکیل نے کہا۔

ظاہر ہے ورنہ وہ اسے بلاک کرنے کی کوشش کیوں کرتے"۔ نے کہا۔

پھر تو اب وہ پوری طرح ہوشیار ہو گئے ہوں گے اور پھر سپر

میگاٹ ڈائنامیٹ کے دھماکے کو بھی انہوں نے مانیٹر کر
گا"...... صفدر نے کہا۔

" دیکھو۔ بہرحال اب سوائے آگے جانے کے ہمارے پاس چارہ بھی تو نہیں ہے"...... عمران نے کہا اور سب نے اثبات میں ہلا دیئے۔ اسی طرح باتیں کرتے ہوئے وہ مسلسل اوپر بڑھتے رہے تھے کہ اچانک سب سے آگے جاتا ہوا بلال رک گیا۔ اس رکتے ہی وہ سب بھی رک گئے۔

" کیا ہوا"...... عمران نے چونک کر پوچھا۔

" عمران صاحب اگلا موڑ مڑنے کے بعد ہم اس اڈے کی سامنے ہو کر آگے بڑھیں گے"...... بلال نے کہا۔

" کیا اڈے کی کوئی خاص نشانی ہے"...... عمران نے پوچھا۔

" جی ہاں۔ سرخ رنگ کی دیوار سی اوپر تک جاتی دکھائی ہے"...... بلال نے کہا۔

" اوہ۔ تو اسے ریڈ بلاکس سے بنایا گیا ہے۔ پھر تو ہمارے موجود اسلحہ اس کے لئے بے کار ثابت ہو گا"...... عمران نے طویل سانس لیتے ہوئے کہا۔

" ریڈ بلاکس پر تو ایٹم بم بھی اثر نہیں کرتا"...... صفدر نے

" تو کیا تمہارا خیال تھا کہ یہ اڈا عام پتھروں سے بنایا گ
گا"...... جولیا نے برا سا منہ بناتے ہوئے کہا کیونکہ اسے بھی احس
ہو گیا تھا کہ ان کی ساری محنت بے کار جا رہی ہے۔

" ہاں۔ میرا خیال تھا کہ عام پہاڑی پتھر استعمال کیا گیا ہو گا۔ بہرحال ٹھیک ہے۔ وہاں تک پہنچیں تو سہی"...... عمران نے کہا اور پھر وہ سب ایک بار پھر آگے بڑھنے لگے اور پھر واقعی راستہ ایک موڑ مڑ کر جیسے ہی سیدھا ہوا انہیں ایک سائیڈ سے تقریباً دوسری سائیڈ تک ریڈ بلاکس کی بنی ہوئی سپاٹ دیوار نظر آنے لگ گئی۔ راستہ آگے جا کر گھومتا ہوا اس دیوار کی سائیڈ سے آگے جاتا دکھائی دے رہا تھا۔

" بہرحال اتنا ہوا کہ ہم اڈے تک تو پہنچ گئے"...... عمران نے مسکراتے ہوئے کہا۔

" لیکن یہاں تک آنے کا فائدہ تو نظر نہیں آ رہا"...... جولیا نے منہ بناتے ہوئے کہا۔

" کیوں فائدہ نظر نہیں آ رہا۔ تم اڈے کا نام ہی فائدہ رکھ لو۔ پھر تو تمہیں فائدہ واضح طور پر نظر آنے لگ جائے گا"...... عمران نے مسکراتے ہوئے کہا۔

" عمران صاحب ہمارے پاس سپر میگاٹ ڈائنامیٹ اور دوسرے بموں کا کافی ذخیرہ موجود ہے۔ ان سب کو اکٹھا کر کے فائر کیا جائے تو ہو سکتا ہے کہ بات بن جائے"...... صفدر نے کہا۔

" آج تک تنویر کی بات تو نہیں بن سکی تو تمہاری کیا بنے گی۔ یہ ریڈ بلاکس ہیں ان پر واقعی اس کا کوئی اثر نہ ہو گا البتہ تم سب کا بوجھ ضرور ہلکا ہو جائے گا"...... عمران نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"تو پھر اب کیا کیا جائے"...... جولیا نے کہا۔

"اس بارے میں البتہ سوچنا پڑے گا"...... عمران نے کہا۔

"عمران صاحب اب اس کے سوا اور کوئی حل نہیں ہے کہ ہم ان ڈائنامیٹس کی مدد سے پہاڑی سے باہر جائیں اور اس اڈے کے راستے کو تلاش کریں"...... کیپٹن شکیل نے کہا۔

"لیکن باہر خوفناک برفانی طوفان اور برف ہی برف ہو گی۔ اول تو باہر جاتے ہی ہمارے جسموں میں دوڑنے والا خون بھی جم جائے گا اور اگر خون میری طرح ڈھیٹ ہی ثابت ہوا تب بھی اب باہر رات پڑ چکی ہو گی اور اڈے کے دروازے پر بھی بہرحال ہمارے لئے استقبالیہ روشنیاں تو نہ جلائی گئی ہوں گی"...... عمران نے کہا۔

"اس کا مطلب ہے کہ ہم پورا دن سفر میں رہے ہیں لیکن مجھے زیادہ تھکاوٹ تو محسوس نہیں ہو رہی"...... جولیا نے حیران ہو کر کہا۔

"یہ اسی جڑی بوٹی کا اثر ہے جو ہم نے سردی سے بچنے کے لئے استعمال کی تھی ورنہ جس قدر ہم نے فاصلہ طے کیا ہے اور چڑھائی چڑھی ہے اب تک ہماری ہڈیاں بھی تھک کر چور ہو چکی ہوتیں"۔ عمران نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"تو کیا یہ جڑی بوٹی بیرونی سردی سے ہمارا تحفظ نہیں کرے گی"...... صفدر نے کہا۔

"پہاڑی کے اندر اور باہر کے موسم میں زمین آسمان کا فرق ہو

...... عمران نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"تو پھر اب کیا کیا جائے"...... صفدر نے کہا۔

"سوائے صبر کرنے کے اور کیا ہو سکتا ہے اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہوتا ہے"...... عمران نے جواب دیا۔

"عمران صاحب ایک حل میری سمجھ میں آیا ہے"...... اچانک کیپٹن شکیل نے کہا۔

"اچھا۔ کون سا حل"...... عمران نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"ریڈ بلاکس کے درمیان رخنوں پر اگر ڈائنامیٹ فائر کیا جائے تو یقیناً کچھ اچھا نتیجہ نکل آئے گا"...... کیپٹن شکیل نے کہا۔

"نہیں۔ درمیانی رخنوں میں بھی ریڈ بلاکس کا آمیزہ ہی استعمال کیا جاتا ہے اس لئے اچھا یا برا کوئی بھی نتیجہ نہ نکلے گا"...... عمران نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"یہ تو ہو سکتا ہے کہ دھماکہ اس قدر زیادہ کیا جائے کہ وہ چیک کر لیں اور پھر ہمیں پکڑنے کے لئے یا ہلاک کرنے کے لئے وہ کوئی کارروائی کریں اور اس کارروائی کے لئے انہیں بہرحال اسے کسی نہ کسی انداز میں کھولنا پڑے گا"...... جولیا نے کہا۔

"نہیں۔ ادھر سے یہ کسی صورت بھی نہیں کھل سکتا کیونکہ ریڈ بلاکس سے تعمیر شدہ اڈوں میں ایسے خفیہ راستے رکھے ہی نہیں جا سکتے"...... عمران نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"اگر ہم آگے بڑھ کر اس پہاڑی کی چوٹی پر پہنچ جائیں اور پھر وہاں

سے واپس آئیں"...... تنویر نے کہا۔

"لیکن مسئلہ تو وہی باہر کے موسم کا ہے"...... صفدر نے کہا۔

"یہ ایم وی تھری ہیلی کاپٹر آخر کہیں آکر ٹکتا تو ہو گا"...... جولیا نے کہا تو عمران بے اختیار چونک پڑا۔

"ارے ہاں۔ لازماً اس کے لئے باقاعدہ ہیلی پیڈ بنایا گیا ہو گا ورنہ تو وہ یہاں اتر ہی نہیں سکتا"...... عمران نے چونک کر کہا۔

"برف اور طوفان میں ہیلی پیڈ کیسے بنایا جا سکتا ہے۔ لازماً اس ہیلی کاپٹر میں بھی کوئی ایسی خصوصیت ہو گی کہ وہ برف پر بھی اتر سکتا ہو گا"...... صفدر نے کہا۔

"لیکن پھر ہیلی کاپٹر میں سوار افراد اس قدر خوفناک سردی میں باہر کیسے آتے ہوں گے اور اڈے کا راستہ کیسے کھلتا ہو گا"...... جولیا نے کہا۔

"شاید ہیلی کاپٹر کے اندر سے خصوصی کال کی جاتی ہو گی اور وہ راستہ کھول دیا جاتا ہو گا اور میرا خیال ہے کہ ہیلی کاپٹر براہ راست اس اڈے کے اندر جا کر اترتا ہو گا"...... صفدر نے کہا۔

"ہاں۔ یقیناً ایسا ہی ہوتا ہو گا"...... جولیا نے جواب دیا۔

"کیپٹن شکیل تمہارے بیگ میں ایکس ون ایکس کا خصوصی ٹرانسمیٹر موجود ہے وہ مجھے دو ہو سکتا ہے کہ کوئی بات بن جائے"۔ عمران نے کہا۔

"کیا کرو گے اس ٹرانسمیٹر سے"...... جولیا نے حیران ہو کر کہا۔

"ایسے اڈوں کی ایک خاص انداز کی فریکونسی ہوتی ہے اس لئے ٹ کی جا سکتی ہے"...... عمران نے کہا تو جولیا نے اثبات میں لا دیا۔ عمران نے ٹرانسمیٹر لے کر اس پر ایک فریکونسی ایڈجسٹ

"ہیلو ہیلو شاگل کالنگ چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس۔ .... عمران نے شاگل کی آواز اور لہجے میں بار بار کال دیتے ہوئے کہا لیکن جب کافی دیر تک کال کرنے کے باوجود دوسری طرف سے رابطہ نہ ہوا تو عمران نے ٹرانسمیٹر آف کر کے ایک اور فریکونسی ایڈجسٹ کی اور پھر کال کرنا شروع کر دیا لیکن اس بار بھی ناکامی ہوئی تو عمران نے بے اختیار ایک طویل سانس لیتے ہوئے ٹرانسمیٹر آف کر کے اسے واپس کیپٹن شکیل کی طرف بڑھا دیا۔

"اب کیا کیا جائے۔ یہاں تو آکسیجن کی بھی خاصی کمی ہے۔ سانس لینا بھی مشکل ہو رہا ہے"...... جولیا نے کہا۔

"میرا خیال ہے کہ ہمیں باہر نکلنا چاہئے۔ اب اس کے سوا اور کوئی صورت نہیں ہے"...... صفدر نے کہا۔

"لیکن باہر کی سردی تو ہمیں چند لمحوں میں ہی لے ڈوبے گی۔ ہمارے پاس سنو بائٹ سے بچنے کا مکمل سامان بھی نہیں ہے"۔ تنویر نے کہا۔

"صاحب اگر آپ واقعی باہر برف میں جانا چاہتے ہیں تو پھر آپ کو ع کا گوشت کھانا ہو گا"...... اچانک بلال نے کہا تو سب بے

اختیار چونک پڑے۔
"یربوع۔ وہ کیا ہوتا ہے"....... عمران نے حیران ہو کر پو
کیونکہ یہ نام اس کے لئے یکسر نیا تھا۔
"جناب یہ اس جگہ کا جانور ہے۔ صرف اتنی بلندی پر اس خ
خوفناک برف میں ہی پایا جاتا ہے۔ یہاں کی مقامی زبان میں ا
یربوع کہا جاتا ہے"....... بلال نے جواب دیا۔
"کس طرح کا جانور ہوتا ہے یہ"....... عمران نے اشتیاق بھر
لہجے میں پوچھا کیونکہ اس قدر بلندی اور خوفناک سردی میں بہار
کسی جانور کی موجودگی اس کے لئے واقعی ایک نئی بات تھی۔
"جناب یہ جانور جنگلی بلے سے بڑا ہوتا ہے۔ پہاڑی کے اندرونی
حصے میں لگنے والی مخصوص ساخت کی گھاس کھاتا ہے۔ اس کے
اگلے دانت ہوتے ہیں۔ اس کی کچلیاں نہیں ہوتیں۔ ویسے یہ درند
نہیں ہے۔ خرگوش سے مشابہ ہوتا ہے اس لئے حلال جانور ہے
جب کسی حد تک برف پگھلتی ہے تو یہ پہاڑی کے اندرونی طرف
چٹانوں میں بنے ہوئے اپنے بل میں سے نکلتا ہے۔ پھلتا پھولتا اور مو
تازہ ہو جاتا ہے۔ گھاس کو اپنے بل میں جمع کرتا رہتا ہے۔ جب
برف زیادہ ہو جاتی ہے اور سردی خوفناک انداز میں بڑھ جاتی ہے تو
یہ اپنے بل میں گھس جاتا ہے اور پھر چھ سات ماہ تک نیم بے ہوشی
کی حالت میں پڑا رہتا ہے۔ کچھ تھوڑی بہت گھاس جو وہ بل میں جمع
کر لیتا ہے وہی کھاتا رہتا ہے۔ اس کا گوشت انتہائی مزے دار ہوتا

اور انتہائی گرم ہوتا ہے اور اس کے گوشت میں قدرتی طور پر یہ
صیت ہے کہ اس کا گوشت کھانے والا طویل عرصے تک انتہائی
فناک ترین سردی میں اس طرح گھومتا پھرتا رہتا ہے کہ جیسے وہ
ی کی بجائے موسم بہار میں پھر رہا ہو"....... بلال نے پوری
صیل بتاتے ہوئے کہا۔
"لیکن کیا یہ تمہیں مل جائے گا اور پھر اس کا گوشت پکائیں گے
"....... عمران نے کہا۔
"میں اس کی مخصوص خوشبو سے اسے ڈھونڈ نکالوں گا اور اس کے
میں اتنی خشک گھاس مل جائے گی کہ اس پر اسے پکایا جا سکتا
"....... بلال نے کہا۔
"ٹھیک ہے۔ اگر یہ حلال جانور ہے اور اس کی یہ خاصیت ہے تو
ڈھونڈو اسے"....... عمران نے کہا تو بلال تیزی سے آگے بڑھا
پڑاؤ کی سرخ دیوار کراس کر کے دوسری طرف جاتے ہوئے
ے سے گزر کر ان کی نظروں سے اوجھل ہو گیا۔
"عمران صاحب ہم نے طویل عرصہ تک تو بہرحال اس خوفناک
ی میں نہیں رہنا اس لئے ایسا نہ ہو کہ جب ہم واپس جائیں تو
یربوع کا گوشت ہمارے لئے مسئلہ بن جائے"....... صفدر نے

"فی الحال یہ مسئلہ تو حل ہو پھر اسے بھی حل کر لیں گے"۔
ان نے کہا۔

" عمران صاحب بلال پڑھا لکھا اور سمجھ دار آدمی ہے اس لئے ا
سے یہ ضرور پوچھ لینا چاہئے کہ اس خوفناک سردی میں ہم ہیڈ ریڈ
کا تو شکار نہ ہو جائیں گے "...... کیپٹن شکیل نے کہا۔

" یہ بیماری انتہائی سردی کی ہوتی ہے۔ جب سردی ہی نہ لگے
تو ہیڈ ریڈیما کیسے ہو جائے گا "...... عمران نے مسکراتے ہوئے کہا

" اس خوفناک سردی میں کئی بیماریاں انسان کو ہو سکتی ہیں
جولیا نے کہا۔

" ایک تو ہیڈ ریڈیما ہے اس سے سر میں درد ہوتا ہے اور پھر یہ د
بڑھتا چلا جاتا ہے حتیٰ کہ سر میں پانی جمع ہو جاتا ہے اور انسان ہلاک
ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ چیسٹ ریڈیما ہے۔ اس سے پھیپھڑوں میں
پانی بھر جاتا ہے۔ سانس کی تکلیف ہوتی ہے اور سنو بائٹ کے بارے
میں تو عام لوگ بھی جانتے ہیں۔ اس سے ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیاں
درد کرنے لگتی ہیں۔ اس کے بعد رنگ نیلا پڑ جاتا ہے۔ آخر میں سیاہ
ہو جاتا ہے اور پھر گوشت گل سڑ کر ختم ہو جاتا ہے یا اسے کاٹنا پڑتا
ہے "...... عمران نے تفصیل بتاتے ہوئے کہا۔

" سنو بلائنڈنس بھی تو خاصی خوفناک بیماری ہے عمران
صاحب "۔ کیپٹن شکیل نے کہا۔

" ہاں۔ برف کے گلیشئر پر چلتے ہوئے جب سورج کی کرنیں پڑتی
ہیں تو وہ منعکس ہو کر انسان کی آنکھوں کو اندھا کر دیتی ہیں یا
بینائی کم کر دیتی ہیں۔ بہرحال اس کا علاج مخصوص عینکیں ہوتی ہیں

ورج کی شعاعوں کے انعکاس سے اپنے آپ کو بچانا پڑتا ہے "۔
نے جواب دیا اور سب نے اثبات میں سر ہلا دیئے۔
ئے مجھے سانس لینے میں جو تنگی محسوس ہو رہی تھی ویسی تنگی
اس نہیں ہو رہی "...... جولیا نے کہا۔
پھیپھڑوں نے کم آکسیجن میں بھی اپنے آپ کو ایڈجسٹ کر
یہ قدرت کا نظام ہے کہ انسانی جسم ہر قسم کے ماحول میں
ب کو ایڈجسٹ کر لینے کی صلاحیت رکھتا ہے "...... عمران نے
ب نے اثبات میں سر ہلا دیئے۔ تھوڑی دیر بعد بلال واپس آیا
کے ایک ہاتھ میں ایک موٹے جنگلی بلے جتنا خرگوش نما جانور
سرے ہاتھ میں گھاس تھی۔
یہ ہے یربوع۔ یہ تو نیم بے ہوش سا ہے "۔ عمران نے کہا۔
جی ہاں۔ اسی لئے تو آسانی سے پکڑا گیا ہے ورنہ یہ کہاں ہاتھ
لا تھا "...... بلال نے مسکراتے ہوئے کہا۔ پھر عمران کے کہنے
نے اپنے تھیلے میں سے بڑا چاقو نکال کر یربوع کو ذبح کیا اور
کھال اتار کر اس کے گوشت کے پارچے کئے جبکہ صفدر اور
شکیل نے بلال سے لے کر گھاس کو لائٹر کی مدد سے جلایا اور
وع کے گوشت کو اس پر بھونا گیا۔ نمک بھی ان کے پاس
تھا کیونکہ بعض اوقات سخت سردی میں بلڈ پریشر کم ہو جاتا ہے
قت نمک کا استعمال کیا جاتا ہے اس لئے نمک بھی چھڑک دیا
م عمران نے ایک پارچہ کھانا شروع کر دیا۔ یربوع کا گوشت

واقعی بے حد لذیذ تھا اور پھر سب نے گوشت کھایا اور گوشت
کے بعد ان کے جسم یکلخت خاصے گرم ہو گئے لیکن یہ گرمی
قابل برداشت تھی۔

"اس کا اثر کتنی دیر تک رہے گا"...... عمران نے پوچھا۔

"تقریباً بہتر گھنٹے جناب"...... بلال نے جواب دیا۔

"اور اگر اس دوران ہمیں نیچے جانا پڑا۔ تب"...... عمران
جولیا والا سوال بلال سے پوچھا۔

"کچھ نہیں ہو گا۔ جسم کا درجہ حرارت کچھ اور بڑھ جائے گا
بہرحال قابل برداشت ہو گا"...... بلال نے جواب دیا اور عمران
اثبات میں سرہلا دیا۔

"عمران صاحب میرے خیال میں اب باہر جانے کی کار
شروع کر دی جائے"...... صفدر نے کہا۔

"لیکن باہر تو رات ہو گی"...... جولیا نے کہا۔

"ہاں اور یہ ہمارے لئے فائدہ مند ہے کیونکہ اس طرح سور
شعاعوں کے انعکاس سے ہم بچ جائیں گے۔ آسمان صاف ہو گا
لئے برف میں بذات خود اتنی چمک ہو گی کہ ہم آسانی سے دیکھ
گے اور پھر ٹارچیں بھی ہمارے پاس موجود ہیں"...... عمران
جواب دیا۔

"لیکن ٹارچوں کی روشنی دور سے چیک بھی تو کی جا سکتی ہے"
تنویر نے کہا۔

ں۔ اس قدر بلندی پر ٹارچوں کی روشنی نیچے سے چیک نہ ہو
اگر ہو گی بھی سہی تو وہ کیا کر لیں گے"...... عمران نے کہا
نے اثبات میں سرہلا دیئے اور پھر سب نے اپنی پشت سے
ے۔ ان میں موجود مختلف قسم کے بموں اور سپر میگاٹ
سٹکس ملا کر اس کا باقاعدہ بنڈل تیار کیا گیا اور پھر عمران
پر بنڈل ایک چٹان میں موجود ایک سوراخ میں رکھ دیا

ب ہمیں آگے جا کر اس دیوار کی اوٹ میں ہونا پڑے گا ورنہ
کہ اڑنے والے پتھر ہمارا قیمہ بنا دیں"...... عمران نے کہا
ی سے چلتے ہوئے اڈے کی سرخ دیوار کی سائیڈ سے ہو کر
اور پھر دیوار کی سائیڈ سے ہو کر اوپر جانے والے راستے پر
انداز میں کھڑے ہو گئے کہ کوئی پتھر ان تک نہ پہنچ سکے۔
ہاتھ میں پکڑے ہوئے ڈی چارجر کا بٹن آن کیا تو اس پر
ا بلب جل اٹھا۔ عمران نے اثبات میں سرہلایا کیونکہ زرد
ا مطلب تھا کہ ان ریڈ بلاکس میں مخصوص انداز میں
چارجر کام کر رہا ہے۔ عمران نے دوسرا بٹن پریس کیا تو
کا بلب جلا اور پھر بجھ گیا۔ اس کے ساتھ ہی انتہائی
گڑگڑاہٹ کی آوازیں آنا شروع ہو گئیں اور پھر انتہائی
اور کان پھاڑ ٹائپ کا دھماکہ ہوا۔ یہ دھماکہ اس قدر شدید
کے جسم بے اختیار لرزنے لگے۔ یوں لگ رہا تھا جیسے پوری

پہاڑی لرز اٹھی ہو یا قریب ہی کہیں انتہائی خوفناک آتش
پھٹ پڑا ہو۔ وہ سب دیوار کا سہارا لے کر کھڑے رہے۔ باہر
پتھروں اور چٹانوں کی خوفناک بارش ہو رہی تھی لیکن پھر یہ
آہستہ آہستہ ختم ہوتا چلا گیا اور جب وہاں ایک بار پھر خاموشی
ہو گئی تو وہ آگے بڑھے اور دیوار کی سائیڈ سے نکل کر جب
کی طرف آئے تو یہ دیکھ کر ان کے چہروں پر اطمینان
مسکراہٹ ابھر آئی کہ ان کا مقصد پورا ہو گیا تھا۔ وہاں پر
بیرونی دیوار کا کافی بڑا حصہ اڑ گیا تھا ورنہ انہیں خدشہ تھا کہ
نہ ہو سکا تو پھر ان کے پاس مزید اسلحہ موجود نہ تھا۔ بہرحال
سوراخ سے باہر آئے تو ان کے پیر برف میں دھنسنے لگے لیکن
صرف گھٹنوں تک ہوا۔ پھر وہ جم کر کھڑے ہو گئے۔ باہر رات
تھی لیکن ہر طرف چاند کی چاندنی پھیلی ہوئی تھی اور سفید برف
اس چاندنی میں چاندی کی طرح چمک رہی تھی۔ چوٹی تو
تھی اور وہاں برفانی طوفان بھی موجود تھا لیکن یہاں سکون
حیرت انگیز بات یہ تھی کہ اس قدر بلندی اور انتہائی خوفناک
کے باوجود انہیں صرف معمولی سی سردی کا احساس ہو رہا تھا۔
"اب اس اڈے کا راستہ کیسے تلاش کیا جائے گا"۔ جولیا
"میرے پیچھے آؤ۔ میرے ذہن میں ایک آئیڈیا موجود
انتہائی احتیاط کرنا کیونکہ کچھ معلوم نہیں کہ کہاں برف کتنی
کہاں کتنی سخت اور کہاں کوئی کھائی ہو اور کہاں گھاٹی"...

کہا اور پھر اس نے آہستہ آہستہ آگے بڑھنا شروع کر دیا۔ بلال اور
ان کے دوسرے ساتھی بھی آہستہ آہستہ اس کے پیچھے چل رہے
وہ واقعی احتیاط سے کام لے رہے تھے۔ عمران آگے بڑھ رہا تھا
وہاں ہر طرف سوائے برف کے اور کچھ نظر نہ آ رہا تھا کہ اچانک
ان کے جسم کو ایک جھٹکا لگا اور وہ نیچے کی طرف تیزی سے برف
اس طرح ڈوبنے لگا جیسے انسان دلدل میں ڈوبتا ہے لیکن اس سے
کہ وہ زیادہ نیچے جاتا تنویر نے بجلی کی سی تیزی سے اس کا بازو پکڑا
عمران کو واپس کھینچنے لگا۔ صفدر بھی ساتھ شامل ہو گیا اور عمران
واپس اوپر کی طرف اٹھنے لگا۔
"احتیاط سے۔ انتہائی احتیاط سے"...... جولیا نے بے اختیار ہو کر
لیکن دوسرے لمحے اچانک ان سب کے قدموں تلے یکلخت ہلکا سا
کہ ہوا اور برف کا وہ حصہ یکلخت تڑخ کر پھٹا اور دوسرے لمحے وہ
اس ٹوٹے ہوئے حصے میں اس طرح گرنے لگے جیسے وہ کسی
گہرے کنوئیں میں گر رہے ہوں۔ ان سب کے حلق سے بے
چیخیں نکلیں۔ انہوں نے اپنے آپ کو سنبھالنے کی کوشش کی
ان کی کوئی کوشش بھی کامیاب نہ ہو سکی اور چند لمحوں بعد ان
کے احساسات جیسے برف میں ڈوب کر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے منجمد
گئے۔

شاگل پلاسن میں اپنے اس اڈے پر موجود تھا جسے وہ پہلے استعما
کرتا رہا تھا۔ وہ ایک کرسی پر بیٹھا ہوا تھا جبکہ سامنے رکھی ہوئی میز
ایک ٹرانسمیٹر موجود تھا۔ شاگل ساگن سے یہاں پہنچا تھا اور پھر اس
کی کال پر کافرستان کے دارالحکومت سے اس کے ایکشن شعبے
چوبیس مسلح اور تربیت یافتہ افراد بھی یہاں پہنچ گئے تھے اور شاگل
نے ان کی ڈیوٹی پلاسن کی پہاڑی کے گرد اس انداز میں لگائی تھی
اگر عمران اور اس کے ساتھی پلاسن پہاڑی پر چڑھنے کے لئے وہاں
پہنچیں تو ان کا خاتمہ کیا جا سکے۔ شاگل کو اس کال کی مدد سے جو گل
شاہ نے اس کے کہنے پر ساگن کے تحریک آزادی کے خفیہ اڈے کے
لیڈر کامران سے کی تھی، سے معلوم ہو چکا تھا کہ عمران اور اس کے
ساتھی کسی مقامی آدمی کی مدد سے پلاسن پہاڑی کی چوٹی پر واقع اڈے
کی طرف جانے کا پروگرام بنائے ہوئے ہیں اور وہ مقامی آدمی جس

بلال بتایا گیا تھا کسی ایسے خفیہ راستے کو جانتا ہے جس کی مدد
وہ اس اڈے تک پہنچ سکتے ہیں اس لئے شاگل نے یہ سارا پلان
تھا لیکن صبح سے لے کر اب شام ہونے کے قریب ہو گئی تھی
ابھی تک عمران اور اس کے ساتھیوں کے بارے میں کسی قسم
کوئی اطلاع نہ ملی تھی اس لئے وہ بے حد حیران تھا کہ اگر وہ پلاسن
پہنچے تو پھر آخر وہ کہاں چلے گئے ہیں جبکہ اور بھی کسی طرف سے
کے بارے میں کوئی اطلاع موصول نہ ہو رہی تھی۔ دوپہر کو
ایک بھرپور نیند لے بھی چکا تھا لیکن اب اس کے صبر کا پیمانہ
آہستہ آہستہ لبریز ہوتا جا رہا تھا۔ چنانچہ کچھ دیر بعد اس نے
میز کی طرف ہاتھ بڑھایا ہی تھا کہ اچانک اسی وقت ٹرانسمیٹر سے
انا شروع ہو گئی اور شاگل نے چونک کر ٹرانسمیٹر کا بٹن آن کر
ا۔

ہیلو ہیلو۔ اشوک کالنگ۔ اوور"...... دوسری طرف سے اس
ایکشن شعبے کے انچارج اشوک کی آواز سنائی دی۔
یس شاگل اٹنڈنگ یو۔ اوور"...... شاگل نے انتہائی غصیلے لہجے
کہا۔
باس۔ پاکیشیائی ایجنٹ تو یہاں دور دور تک موجود نہیں ہیں
ابھی مجھے ایک حیرت انگیز اطلاع ملی ہے کہ پلاسن کے ساتھ
دوسری پہاڑی کے ایک غار میں ایسے شواہد موجود ہیں جن سے
چلتا ہے کہ یہاں کچھ لوگ کافی دیر تک رہے ہیں۔ اوور"۔ اشوک

نے کہا۔

" وہاں وہ لوگ کیا کرنے جا سکتے ہیں نانسنس۔ وہاں مقا لوگ رہے ہوں گے۔ میں نے تمہیں پلاسن پہاڑی کے بارے م حکم دیا تھا یا کسی اور پہاڑی کے بارے میں۔ پہاڑیاں تو یہاں طرف موجود ہیں۔ اوور"...... شاگل نے انتہائی غصیلے لہجے میں کہا۔

" باس۔ یہ دونوں پہاڑیاں نیچے سے تو الگ الگ ہیں اور ایک دوسرے سے کافی فاصلے پر ہیں لیکن اوپر جا کر یہ دوسری پہاڑی پلاسن پہاڑی سے مل جاتی ہے اس لئے ہو سکتا ہے کہ یہ خفیہ راستہ پلاسن کی بجائے اس دوسری پہاڑی سے اوپر جاتا ہو اور پھر اوپر جا کر یہ راستہ پلاسن پہاڑی میں منتقل ہو جاتا ہو۔ اوور"...... اشوک نے کہا تو شاگل بے اختیار چونک پڑا۔

" اوہ۔ اوہ۔ یہ بات واقعی ہو سکتی ہے۔ اس لئے تو وہ تمہیں دکھائی نہیں دے رہے۔ تم کسی آدمی کو جیپ دے کر بھیجو میں خو وہاں کا جائزہ لینا چاہتا ہوں۔ اوور"...... شاگل نے اس بار اشتیاق بھرے لہجے میں کہا کیونکہ اشوک کی بات اس کی سمجھ میں بھی آ گئی تھی۔

" یس باس۔ میں کرشن کو بھیج رہا ہوں۔ اوور"...... اشوک نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

" تم نے اونچی پہاڑیوں کی چوٹیوں پر آدمی بٹھائے ہوئے ہیں یا نہیں جو پلاسن پہاڑی کو چیک کر سکیں۔ اوور"...... شاگل نے کہا۔

ں باس۔ آٹھ افراد مختلف پہاڑیوں کی چوٹیوں پر موجود ہیں ہاں طاقتور دور بینوں سے مسلسل پلاسن پہاڑی کو چیک کر یں۔ اوور"...... اشوک نے کہا۔

ا کے۔ بھیج دو کرشن کو۔ اوور اینڈ آل"...... شاگل نے کہا اور ے ساتھ ہی اس نے ٹرانسمیٹر آف کر دیا لیکن چند لمحوں بعد سے دوبارہ کال آنا شروع ہو گئی تو اس نے جلدی سے ہاتھ ایک بار پھر ٹرانسمیٹر آن کر دیا۔

یلو ہیلو۔ ملٹری سیکرٹری ٹو پریذیڈنٹ کالنگ۔ اوور"...... دوسری ے بھاری آواز سنائی دی تو شاگل بے اختیار اچھل پڑا۔

یس۔ شاگل اٹنڈنگ یو۔ چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس۔ ...... شاگل نے بھی پورے رعب و دبدبے سے بھرپور لہجے میں دیتے ہوئے کہا۔

پریذیڈنٹ صاحب سے بات کیجئے۔ اوور"...... دوسری طرف ہا گیا۔

یس سر۔ شاگل بول رہا ہوں۔ اوور"...... شاگل کا لہجہ اس بار مؤدبانہ ہو گیا۔

پاکیشیائی ایجنٹوں کے بارے میں اب تک کوئی رپورٹ مجھ نہیں پہنچی۔ وجہ۔ اوور"...... صدر نے باوقار لہجے میں کہا تو ل نے پوری تفصیل سے اب تک کے تمام واقعات بتا دیئے۔

اوہ۔ یہ تو بری خبر ہے کہ یہ خطرناک لوگ نہ صرف ابھی تک

زندہ ہیں بلکہ اب انہوں نے پلاسن پہاڑی کے اڈے تک کا لا
خفیہ راستہ بھی ڈھونڈ لیا ہے۔ اوور"...... صدر کے لہجے میں
تشویش تھی۔

"جناب۔ پہاڑی بے حد بلند ہے اس لیے وہ لاکھ سر پٹکیں اول
اوپر تک پہنچ ہی نہیں سکتے اور اگر پہنچ بھی جائیں تو ظاہر ہے وہاں
خوفناک سردی میں ان کا خاتمہ ہو جائے گا اور پھر میرے آدمی
چوکنا حالت میں موجود ہیں۔ ہم ان کے اوپر جانے سے پہلے ہی ا
شکار کر لیں گے۔ اوور"...... شاگل نے مؤدبانہ لہجے میں جواب د
ہوئے کہا۔

"بہرحال اب اس لیے حکومت مطمئن ہے کہ اڈے کے سا
دانوں نے اطلاع دی ہے کہ وہ اس مشین سے معلومات حا
کرنے کے قریب پہنچ گئے ہیں اور امید ہے کہ آئندہ چند گھنٹوں
ایسا ہو جائے گا اس کے باوجود تمہیں اور تمہارے آدمیوں کو
حالت میں چوکنا رہنا ہو گا۔ اوور"...... صدر نے کہا۔

"یس سر۔ اوور"...... شاگل نے جواب دیا اور پھر دوسری طر
سے اوور اینڈ آل کے الفاظ سن کر اس نے ٹرانسمیٹر آف کر دیا او
کمرے سے نکل کر وہ چھوٹے سے صحن سے گزر کر احاطے کے بڑ
دروازے پر پہنچ گیا۔ چند لمحوں بعد ایک جیپ اس کے قریب آ کر
تو شاگل اچھل کر جیپ کی سائیڈ سیٹ پر بیٹھ گیا۔

"چلو"...... اس نے ڈرائیور سے مخاطب ہو کر کہا اور ڈرائیو

ا اثبات میں سر ہلایا اور ایک جھٹکے سے جیپ آگے بڑھا دی۔
لف پہاڑی راستوں سے گزرنے کے بعد وہ ایک پہاڑی کے دامن
پہنچے تو ڈرائیور نے جیپ روک دی۔ شاگل اچھل کر نیچے اترا تو
طرف موجود اشوک نے تیزی سے آگے بڑھ کر اسے سیلوٹ کیا۔

"کہاں ہے وہ غار۔ دکھاؤ مجھے"...... شاگل نے کہا۔

یس سر۔ آئیے سر"...... اشوک نے کہا اور پھر اس کی رہنمائی
شاگل ایک پہاڑی غار میں پہنچا تو وہ یہ دیکھ کر چونک پڑا کہ وہاں
لی ایسے شواہد موجود تھے کہ جیسے یہاں کچھ لوگ کافی دیر تک
رہے ہوں۔

کیا یہاں سے کوئی ایسی چیز ملی ہے کہ جس سے یہ بات کنفرم
لے کہ پاکیشیائی ایجنٹ یہاں رہے ہیں"...... شاگل نے پوچھا۔

نو سر۔ البتہ فوجی بوٹوں کے نشانات ضرور موجود ہیں"۔ اشوک
جواب دیا۔

ہونہہ۔ پھر یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہاں کافرستانی فوج کے لوگ
م کرتے رہے ہوں"...... شاگل نے منہ بناتے ہوئے کہا اور مڑ
واپس دہانے کی طرف بڑھا لیکن پھر جیسے ہی وہ باہر آیا اس کی
ں ایک طرف چٹان پر پڑیں تو وہ بے اختیار اچھل پڑا اور تیزی
اس چٹان کی طرف بڑھتا چلا گیا۔ اشوک اس کے پیچھے تھا۔

اوہ۔ دو آدمی یہاں بھی موجود رہے ہیں۔ اوہ۔ یہ رومال"۔
گل نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے جھک کر نیچے پڑا ہوا ایک

رومال اٹھا لیا۔ سفید رنگ کا چھوٹا سا مگر عام سا رومال تھا۔ اسے کچھ دیر تک اس انداز میں دیکھتا رہا جیسے یہ رومال ابھی سکرین میں بدل جائے گا اور پھر اس سکرین پر اسے تمام منا آنے لگ جائیں گے لیکن دوسرے لمحے وہ یہ دیکھ کر چونک رومال کے کونے میں ایک چھوٹا سا سٹیکر لگا ہوا تھا۔ اس نے کو غور سے دیکھا اور دوسرے لمحے وہ اچھل پڑا۔

" اوہ۔ اوہ۔ یہاں عمران اور اس کے ساتھی رہے ہیں۔ اوہ"۔ شاگل نے چیختے ہوئے کہا۔

" وہ کیسے جناب"...... اشوک نے حیران ہو کر پوچھا۔

" یہ دیکھو یہ سٹیکر۔ اس پر فرم کا نام لکھا ہوا ہے اور نیچے پاکیشیا بھی درج ہے"...... شاگل نے اس طرح فخریہ اندا رومال اشوک کی طرف بڑھا دیا جیسے اس کی اس تحقیقات اسے ڈاکٹریٹ کی ڈگری مل جائے گی۔

" اوہ یس سر۔ واقعی سر۔ آپ کی ذہانت اور دور بینی کا نہیں"...... اشوک نے خوشامدانہ لہجے میں کہا۔

" گڈ شو۔ اس کا مطلب ہے کہ تم اچھے آدمی ہو۔ دری گڈ نے اس غار کو دریافت کیا ہے اور تمہاری بات درست ہے۔ اور اس کے ساتھی یقیناً کسی خفیہ راستے سے اوپر گئے ہیں۔ اس کو تلاش کرو"...... شاگل نے کہا۔

" جناب۔ تلاش کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ بہر حال یہ

پہاڑی کے باہر ہی ہو گا۔ اندر تو نہیں ہو سکتا ہم انہیں چیک کر رہے ہیں اور جیسے ہی وہ نظر آئیں گے دور مار گنوں کی مدد سے ان کا خاتمہ کر دیں گے"...... اشوک نے جان چھڑانے کے سے انداز میں کہا۔

" لیکن اب تک تمہارے آدمیوں کو وہ نظر نہیں آئے۔ کیوں"۔ شاگل نے کہا۔

" ابھی تک ہم کنفرم نہیں تھے سر کہ یہ واقعی وہی لوگ ہیں۔ اب ہم کنفرم ہو چکے ہیں اس لئے میرا خیال ہے کہ ہم جے پوہل پر اڈا بنا لیں۔ وہاں سے برفانی حصے تک زیادہ آسانی سے چیکنگ کی جا سکتی ہے"...... اشوک نے کہا۔

" ٹھیک ہے چلو۔ کہاں ہے یہ جے پوہل"...... شاگل نے بھی اس کی تائید کرتے ہوئے کہا۔

" میں انتظامات کراتا ہوں تاکہ آپ کے شایان شان انتظام ہو سکے"...... اشوک نے خوشامدانہ لہجے میں کہا۔ چونکہ وہ شاگل کی فطرت سے واقف تھا اس لئے اسے معلوم تھا کہ اسے کس انداز میں ڈیل کیا جا سکتا ہے۔

" گڈ۔ تم واقعی اچھے آدمی ہو۔ ٹھیک ہے کراؤ انتظامات۔ میں اس دوران غار کا ایک بار پھر اچھی طرح جائزہ لے لوں"...... شاگل نے کہا اور تیزی سے واپس غار کے دہانے کی طرف بڑھ گیا۔ اس نے غار میں داخل ہو کر اس طرح غار کا جائزہ لینا شروع کر دیا جیسے اسے یقین ہو کہ وہ ابھی کسی پتھر کے پیچھے سے عمران کو دریافت کر لے گا

لیکن کافی دیر تک جائزہ لینے کے بعد جب کچھ نہ ملا تو اس نے ا
طویل سانس لیا اور پھر غار سے باہر آگیا۔ اشوک وہاں موجود نہیں
اور نہ ہی وہ جیپ اور ڈرائیور کرشن موجود تھا۔ شاگل کو وہاں کھ
ہوئے کافی دیر ہو گئی تو اشوک ایک طرف سے آتا دکھائی دیا۔
"یہ جیپ کہاں گئی"...... شاگل نے اس سے پوچھا۔
"سر انتظامات کے لئے بھجوائی ہے۔ ابھی آنے والی ہے سر۔
نے مختلف پوزیشنوں پر موجود اپنے گروپ کے آدمیوں کو آپ
جے پوہل پر مرکز بنانے اور وہاں موجود رہنے کی اطلاع دینے گیا
تاکہ انہیں معلوم ہو سکے کہ آپ بنفس نفیس وہاں موجود ہ
گے"...... اشوک نے کہا۔
"تو کیا پیدل چل کر گئے تھے تم"...... شاگل نے چونک
پوچھا۔
"نو سر۔ ادھر قریب ہی ہمارا سامان ہے اور ٹرانسمیٹر بھی۔
ٹرانسمیٹر پر اطلاع دینے گیا تھا"...... اشوک نے جواب دیا تو شا
نے اثبات میں سر ہلا دیا اور پھر تھوڑی دیر بعد جیپ بھی آگئی۔
"چلیئے جناب"...... اشوک نے کہا۔
"کیا تم میرے ساتھ نہیں چلو گے"...... شاگل نے حیرت بھ
لہجے میں کہا۔
"یس سر۔ میں ساتھ جاؤں گا لیکن سر آپ پہلے جیپ میں
ہوں گے تو میں سوار ہو سکتا ہوں"...... اشوک نے کہا تو شاگل

پر مسکراہٹ رینگنے لگی۔
"گڈ۔ تم واقعی اچھے آدمی ہو۔ اگر تم نے یہاں کوئی کارکردگی
الی تو میں تمہیں اپنا نمبر ٹو بھی بنا سکتا ہوں"...... شاگل نے
کی سائیڈ سیٹ پر بیٹھتے ہوئے کہا۔
"تھینک یو سر"...... اشوک نے پچھلی سیٹ پر بیٹھتے ہوئے کہا۔
"چلیں سر"...... ڈرائیور نے کہا۔
"ہاں چلو۔ کیا میرا سامان لے لیا گیا ہے ناں"...... اشوک نے
ور سے مخاطب ہو کر کہا۔
"یس سر"...... ڈرائیور نے جواب دیا اور اس کے ساتھ ہی اس
جیپ آگے بڑھا دی اور پھر تقریباً ایک گھنٹے کے انتہائی خطرناک
تک راستے پر جیپ چلانے کے بعد ایک موڑ پر لے جا کر ڈرائیور
جیپ روک دی۔
"کیا ہوا"...... شاگل نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔
"سر یہاں سے پیدل اوپر جانا ہوگا"...... ڈرائیور نے کہا تو شاگل
نے اثبات میں سر ہلا دیا اور پھر جیپ سے نیچے اتر آیا۔ عقبی طرف سے
شوک بھی نیچے آگیا۔
"تم سامان لے آؤ کرشن"...... اشوک نے ڈرائیور سے کہا۔
"یس سر"...... ڈرائیور نے جواب دیا اور جیپ سے نیچے اتر کر
یپ کی عقبی طرف مڑ گیا۔
"آیئے سر"...... اشوک نے کہا اور شاگل نے اثبات میں سر ہلا

دیا۔ پھر تقریباً ڈیڑھ دو سو فٹ چڑھائی چڑھنے کے بعد وہ ایک ا
پہنچ گئے جہاں باقاعدہ ایک ٹینٹ نصب تھا اور وہاں دو آدمی
تھے۔ انہوں نے شائل کو سلام کیا تو شائل نے اثبات میں سر ہلا
"سر دیکھیں یہاں سے پلاسن پہاڑی کا منظر کس قدر واضح نظر
ہے"...... اشوک نے پلاسن پہاڑی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے
کہا۔

"ہاں۔ اچھا ہے"...... شائل نے کہا اور پھر وہ ٹینٹ میں دا
ہو گیا۔ وہاں موجود آدمی نے کرسیاں سیدھی کیں تو شائل ا
کرسی پر بیٹھ گیا۔

"تم اب چیکنگ شروع کر دو۔ ٹرانسمیٹر کہاں ہے"...... شا
نے کہا تو اشوک نے ایک طرف رکھا ہوا ٹرانسمیٹر اٹھا کر میز پر
دیا اور پھر اشوک باہر نکل گیا۔

"تم بھی جاؤ میں کچھ دیر آرام کرنا چاہتا ہوں"...... شائل
وہاں موجود ایک آدمی سے کہا۔

"سر آپ کے آرام کرنے کے لئے ٹینٹ کے عقبی حصے
فولڈنگ بیڈ موجود ہے"...... اس آدمی نے جواب دیا تو شائل
اختیار چونک پڑا۔

"اوہ گڈ۔ یہ اشوک واقعی بہت سمجھ دار آدمی ہے۔ کہاں
بیڈ"...... شائل نے اٹھتے ہوئے کہا۔

"ادھر سر۔ آئیے سر"...... اس آدمی نے کہا اور آگے بڑھ گیا

ائل اس کے پیچھے تھا اور پھر وہ ٹینٹ کے ایک علیحدہ حصے میں پہنچ
گیا۔ وہاں واقعی لوہے کا ایک فولڈنگ بیڈ موجود تھا۔

"گڈ۔ اب تم جا سکتے ہو۔ کوئی خاص بات ہو تو مجھے اطلاع دے
دینا"...... شائل نے کہا۔

"یس سر"...... اس آدمی نے جواب دیا اور تیزی سے واپس مڑ
گیا۔

"سنو"...... اچانک شائل نے کہا۔

"یس سر"...... اس آدمی نے مڑتے ہوئے کہا۔

"کیا نام ہے تمہارا"...... شائل نے پوچھا۔

"موہن سر"...... نوجوان نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"ٹھیک ہے جاؤ"...... شائل نے کہا تو موہن مڑ کر واپس چلا گیا
شائل بیڈ پر لیٹ گیا اور چونکہ چڑھائی چڑھنے کی وجہ سے وہ تھک گیا
تھا اس لئے لیٹتے ہی اسے نیند آ گئی لیکن پھر اچانک کسی نے اسے
جھنجھوڑ دیا تو وہ ہڑبڑا کر اٹھ کھڑا ہوا اور آنکھیں کھلتے ہی اسے موہن
نظر آیا۔

"سر جلدی آئیے۔ ایجنٹ چیک ہو گئے ہیں"...... موہن نے کہا تو
شائل بے اختیار اچھل کر کھڑا ہوا اور پھر تیزی سے دوڑتا ہوا ٹینٹ
سے باہر آیا۔ یہاں اشوک نائٹ ٹیلی سکوپ آنکھوں سے لگائے کھڑا
تھا۔

"سر۔ وہ دیکھیں۔ وہ پاکیشیائی ایجنٹ۔ وہ دیکھیں۔ جہاں

دونوں پہاڑیاں مل رہی ہیں وہاں "...... اشوک نے دوربین شاگ
کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا تو شاگل نے جلدی سے دوربین اس ۔
لے کر آنکھوں سے لگائی اور پھر چند لمحوں بعد ہی اسے دور پہاڑی
سائے سے نظر آنے لگ گئے۔ اس نے دوربین کو اور زیادہ طاقتو
کرنے والا بٹن گھمایا تو یہ سائے بڑے ہوتے چلے گئے۔

" اوہ ہاں۔ یہ عمران اور اس کے ساتھی ہیں لیکن انہوں ۔
کافرستانی فوج کی یونیفارم پہنی ہوئی ہے۔ یہ کہاں سے آئے ہیں او
کیسے اتنی بلندی پر پہنچ گئے ہیں۔ یہ پہلے کیوں چیک نہیں
ہوئے "...... شاگل نے چیختے ہوئے لہجے میں کہا۔

" سر۔ یہ پہاڑی کی اندرونی طرف سے باہر آئے ہیں۔ یہ شا
اندرونی طرف سے کسی قدرتی کریک کے ذریعے یہاں تک پہنچے ہیں
اچانک پہاڑی کا وہ حصہ ٹوٹ گیا اور پھر ایک ایک کر کے یہ باہ
گئے "۔ اشوک نے رپورٹ دیتے ہوئے کہا۔

" اوہ۔ ان پر فائر کھول دو۔ ختم کر دو انہیں "...... شاگل نے چیخ
ہوئے کہا۔

" نہیں سر۔ فاصلہ بہت زیادہ ہے۔ وہاں تک گن کی رینج ہی نہیں
ہے "...... اشوک نے کہا۔

" ہیلی کاپٹر کال کرو۔ جلدی کرو "...... شاگل نے چیختے ہوئے کہا۔

" یس سر "...... اشوک نے کہا اور تیزی سے بھاگتا ہوا ٹینٹ ک
اندرونی حصے کی طرف بڑھ گیا۔ شاگل اب خاموش کھڑا غور سے

ں دیکھ رہا تھا۔ وہ آہستہ آہستہ اور انتہائی محتاط انداز میں آگے بڑھ
تھے۔

میں ابھی تمہارا شکار کھیلوں گا۔ ابھی۔ فکر مت کرو۔ اس بار
ری موت یقینی ہے "...... شاگل نے بڑبڑاتے ہوئے کہا۔

سر۔ اس علاقے میں ہیلی کاپٹر کی پرواز ممنوع ہے "۔ اچانک
ک نے واپس آکر کہا۔

کیا۔ کیا کہہ رہے ہو۔ ہم یہ ہیلی کاپٹر دشمن کے خاتمے کے لئے
کر رہے ہیں۔ کون ہے جس نے یہ جرأت کی ہے۔ بولو "۔
ل نے یکلخت غصے سے چیختے ہوئے کہا۔

ایئر فورس سنٹر ساگن کے ایئر کمانڈر نے جناب "...... اشوک
ؤدبانہ لہجے میں کہا۔

چلو میرے ساتھ میں دیکھتا ہوں کہ وہ کیسے انکار کرتا ہے۔
س "...... شاگل نے چیختے ہوئے کہا اور پھر تیزی سے واپس مڑ کر
ی طرف بڑھ گیا۔ اشوک مؤدبانہ انداز میں اس کے پیچھے تھا لیکن
ے پہلے کہ وہ خیمے میں داخل ہوتے انہیں دور سے دھماکے کی
سنائی دی تو وہ دونوں ہی تیزی سے مڑے اور شاگل نے گلے میں
ہوئی طاقتور نائٹ ٹیلی سکوپ آنکھوں سے لگائی اور پھر چند لمحوں
جب اس جگہ پر اس کی نظریں جم گئیں جہاں عمران اور اس کے
می موجود تھے تو وہ یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ وہاں پہاڑی کی
نی دیوار میں ایک بڑا سا سوراخ نظر آنے لگ گیا تھا اور عمران اور

اس کے ساتھی اب اس سوراخ کی طرف بڑھ رہے تھے اور پھر
کے دیکھتے ہی دیکھتے ایک ایک کر کے وہ اس سوراخ میں داخل
کر نظروں سے غائب ہو گئے۔

"اوہ۔ ویری بیڈ۔ یہ تو پوری پہاڑی کو اڑا رہے ہیں"...... شاگل نے انتہائی حیرت بھرے انداز میں بڑبڑاتے ہوئے کہا۔

"پوری پہاڑی کو۔ وہ کیسے سر"...... اشوک نے حیران ہو کر کہا۔

"وہ پہاڑی میں سوراخ کر کے باہر آئے ہیں اور اب سوراخ کے واپس اندر چلے گئے ہیں۔ یہ پہاڑی یقیناً اندر سے کھوکھلی ہو گی اور وہ لازماً اندر بم نصب کر کے واپس آ جائیں گے اور پھر پوری پہاڑی کو اڑا دیں گے"...... شاگل نے تیز لہجے میں کہا۔

"اوہ نہیں جناب۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ اتنی بڑی پہاڑی مکمل طور پر اڑایا جا سکے۔ نہیں سر۔ ایسا تو ناممکن ہے"...... اشوک نے کہا۔

"کیا مطلب۔ کیا تم سمجھتے ہو کہ میں احمق ہوں۔ کیوں"۔ شاگل نے غصے کی شدت سے چیختے ہوئے کہا۔

"نہیں سر۔ میرا خیال ہے کہ پوری پہاڑی اندر سے کھوکھلی نہیں ہو سکتی البتہ یہ ہو سکتا ہے کہ کوئی کریک اندر ایسا موجود ہو جو تک چلا گیا ہو جس جگہ سے وہ باہر نکلے ہیں وہاں کریک بند ہو گیا گا اس لئے وہ باہر آ گئے اور پھر جہاں سے کریک آگے شروع ہو رہا

ے وہ دوبارہ اندر داخل ہو گئے"...... اشوک نے مؤدبانہ لہجے
ہا۔

ہونہہ۔ ایسا بھی ہو سکتا ہے لیکن اب کیا کیا جائے۔ کس طرح
پکڑا جائے۔ اب تو ہیلی کاپٹر کی مدد سے بھی کچھ نہیں ہو
...... شاگل نے کہا۔

ناب مواصلاتی سنٹر کے بارے میں تفصیلات معلوم کریں۔
اصل مقصد تو اسے تباہ کرنا ہے اگر وہ تباہ نہیں ہو سکتا تو پھر
لامحالہ یہ واپس آئیں گے اور پھر انہیں آسانی سے ختم کیا جا
ہے"...... اشوک نے کہا۔

وہ مجھے معلوم ہے۔ میں نے پہلے ہی معلوم کر لیا ہے۔ وہ ریڈ
ن کا بنا ہوا ہے اس پر تو ایٹم بم بھی اثر نہیں کر سکتا البتہ وہاں
ر موجود سائنس دانوں کو بہرحال ہوشیار کرنا ہو گا۔ آؤ میرے
...... شاگل نے کہا اور تیزی سے خیمے میں داخل ہو گیا۔ اس
کے قریب موجود کرسی پر بیٹھ کر میز پر رکھے ہوئے ٹرانسمیٹر کی
ن ایڈجسٹ کی اور پھر ٹرانسمیٹر کا بٹن آن کر دیا۔

ہیلو ہیلو۔ شاگل چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس کالنگ۔
شاگل نے بار بار کال دیتے ہوئے کہا۔

یس۔ ملٹری سیکرٹری ٹو پریذیڈنٹ۔ اوور"...... چند لمحوں بعد
ن طرف سے آواز سنائی دی۔

پریذیڈنٹ صاحب سے بات کرائیں۔ اٹ از ایمرجنسی۔

اوور"۔ شاگل نے کہا۔

"یس سر۔ ویٹ فار کال۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا

"یس۔ اوور"...... چند لمحوں بعد صدر صاحب کی باوقار آواز سنائی دی۔

"سر۔ شاگل بول رہا ہوں۔ پلاسن سے سر۔ انتہائی اہم اطلاع سامنے آئی ہے"...... شاگل نے مودبانہ لہجے میں کہا اور پھر اس عمران اور اس کے ساتھیوں کے پہاڑی سے باہر آنے اور پھر بلندی پر جا کر دوبارہ اندر جانے کی پوری تفصیل بتا کر اوور کہہ دیا۔

"ویری بیڈ۔ اس کا مطلب ہے کہ باوجود ہماری کوششوں کے پلاسن اڈے تک پہنچنے کی کامیاب کوشش کر رہے ہیں۔ اوور" صدر نے کہا۔

"لیکن سر۔ اڈا تو ریڈ بلاکس کا بنا ہوا ہے اور بند ہے۔ وہ اسے توڑ سکیں گے اور نہ ہی اس میں داخل ہو سکیں گے البتہ اب ان اڈے کے اندر سے مارک کر کے ختم کیا جا سکتا ہے اس لئے اگر اڈے کے سیکورٹی انچارج کی فریکونسی عنایت کر دیں اور ان ہدایت کر دیں کہ وہ مجھ سے رابطہ رکھیں تو اندر سے وہ اور باہر ہم مل کر ان کا یقینی خاتمہ کر دیں گے اس طرح وہ دونوں طرف پھنس جائیں گے اور ان کے پاس زندہ رہنے کا کوئی چانس نہ گا۔ اوور"...... شاگل نے کہا۔

"آپ کی بات درست ہے۔ یہ واقعی بہترین تجویز ہے۔ آپ ا

بھی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ فریکونسی ملٹری سیکرٹری آپ کو بتا ے گا اور باقی تفصیل بھی۔ آپ دس منٹ بعد ملٹری سیکرٹری کو ال کر سکتے ہیں۔ اوور اینڈ آل"...... دوسری طرف سے کہا گیا اور اس کے ساتھ ہی رابطہ ختم ہو گیا تو شاگل نے ہاتھ بڑھا کر ٹرانسمیٹر ف کیا اور پھر کلائی پر بندھی ہوئی گھڑی دیکھ کر اس نے ہاتھ سیدھا کیا اور پھر دس منٹ کے انتظار کے بعد اس نے دوبارہ ٹرانسمیٹر آن یا۔ فریکونسی پہلے سے ہی اس پر ایڈجسٹ تھی۔ ٹرانسمیٹر آن ہوتے ہی اس نے بار بار کال دینا شروع کر دی۔

"ملٹری سیکرٹری ٹو پریذیڈنٹ اٹنڈنگ یو سر۔ اوور"...... چند لموں بعد ملٹری سیکرٹری کی آواز سنائی دی۔

"صدر صاحب نے آپ کو ہدایات دے دی ہیں۔ اوور"۔ شاگل نے کہا۔

"یس سر۔ اڈے کے سیکورٹی انچارج کرنل شرما کو بھی آپ سے رابطے اور تعاون کے بارے میں حکم دے دیا گیا ہے اور ساگن ایئر اڈے کے ایئر کمانڈر سیٹھی کو بھی ہدایات دے دی گئی ہیں کہ وہ آپ سے مکمل تعاون کریں۔ آپ اڈے کی مخصوص فریکونسی نوٹ کر لیں۔ اوور"...... ملٹری سیکرٹری نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے فریکونسی بتا دی۔

"او کے۔ اوور"...... شاگل نے کہا۔

"صدر صاحب نے حکم دیا ہے کہ ہر اہم واقعہ کے بارے میں آپ

انہیں ساتھ ساتھ رپورٹ دیں گے۔ اوور"...... ملٹری سیکرٹری
کہا۔

"ٹھیک ہے۔ صدر صاحب کے حکم کی تعمیل ہو گی۔ اوور اینڈ
آل"...... شاگل نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے ٹرانسمیٹر آف
کے اس پر وہ فریکونسی ایڈجسٹ کرنا شروع کر دی جو ملٹری سیکرٹری
نے بتائی تھی اور پھر اس نے ٹرانسمیٹر آن کر دیا۔

"ہیلو ہیلو۔ شاگل چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس کالنگ
کرنل شرما۔ اوور"...... شاگل نے بڑے بارعب لہجے میں بار بار
دیتے ہوئے کہا۔

"یس۔ کرنل شرما سیکورٹی انچارج پلاسن سنٹر اٹنڈنگ یو
اوور"۔ چند لمحوں بعد ایک بھاری مردانہ آواز سنائی دی۔

"کرنل شرما۔ پاکیشیائی ایجنٹ پہاڑی کے اندرونی طرف
کسی کریک کے ذریعے اڈے کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ کیا آپ اس
کریک کے بارے میں جانتے ہیں۔ اوور"...... شاگل نے کہا۔

"ہاں جناب۔ ایک قدرتی راستہ اڈے تک پہنچ کر اور پھر ایک
سائیڈ سے ہو کر اوپر چوٹی تک جاتا ہے لیکن ہمارے اڈے کو وہ کسی
طرح بھی نقصان نہیں پہنچا سکتے کیونکہ ہمارا اڈا ریڈ بلاکس سے بنا
ہوا ہے اور اس کا کوئی خفیہ راستہ نہیں ہے اس لئے چاہے وہ کچھ بھی
کر لیں وہ اڈے کے خلاف کچھ نہیں کر سکتے۔ اوور"...... کرنل شرما
نے کہا۔

وہ پہلے کسی بم کی مدد سے پہاڑی کی بیرونی سائیڈ توڑ کر باہر نکلے
پھر آگے بڑھ کر انہوں نے پھر پہاڑی کی سائیڈ توڑ کر وہ اندر گئے
۔ اس کا مطلب ہے کہ ان کے پاس انتہائی طاقتور بم موجود ہیں
لئے یہ بھی تو ہو سکتا ہے کہ وہ اڈے کے قریب سے پہاڑی کی
یڈ دیوار توڑ کر باہر آ جائیں اور پھر اڈے کے مین دروازے کو توڑ
اندر داخل ہو جائیں۔ اوور"...... شاگل نے کہا۔

جناب ایسا ہونا ناممکن ہے۔ اڈے کے باہر برف کی تہیں اور
خوفناک برفانی طوفان ہیں۔ باہر کوئی انسان ایک لمحے کے لئے
زندہ نہیں رہ سکتا۔ ایم دی تھری ہیلی کاپٹر ہی صرف اڈے کے
اجا سکتا ہے کیونکہ اس میں خصوصی انتظامات ہوتے ہیں اور پھر
ہیلی کاپٹر کو براہ راست اڈے کے اندر اتارا جاتا ہے اور پھر اڈا بند
کے ہیٹنگ کو بڑھا کر اور کنٹرول کر کے ہیلی کاپٹر سے آدمی باہر آ
ہے اور دوسری بات یہ کہ فرض کیا کہ وہ کسی طرح باہر آ بھی
یں تو دروازے کے سامنے خصوصی انتظامات ہیں۔ وہاں برف کی
کے نیچے گہرائیاں ہیں۔ اس برف کو اڈے کے اندر سے صرف
بٹن دبا کر توڑا جا سکتا ہے اور پھر وہاں چاہے پوری فوج ہی
ں نہ موجود ہو اسے ان گہرائیوں میں گرایا جا سکتا ہے جہاں سے
اس صورت بھی زندہ نہیں نکل سکتے اس لئے آپ قطعی بے فکر
ہیں۔ وہ خود ہی ٹکریں مار کر واپس چلے جائیں گے۔ نیچے آپ ان
آسانی سے نپٹ سکتے ہیں۔ اوور"...... کرنل شرما نے تفصیل

بتاتے ہوئے کہا۔
"ٹھیک ہے۔ اب میں مطمئن ہوں لیکن اگر یہ لوگ باہر
اور آپ انہیں گہرائیوں میں گرا دیں تو آپ نے فوری مجھے رپ
دینی ہے تاکہ میں ان کی یقینی موت کے انتظامات کر سکوں او
صاحب کو رپورٹ دے سکوں۔ یہ ان کا حکم ہے اور اس کے لئ
آپ کو انتہائی چوکنا رہنا ہے۔ آپ انہیں عام لوگ نہ سمجھ
اوور"۔ شاگل نے مطمئن لہجے میں کہا۔
"یس سر۔ میں سمجھتا ہوں سر۔ جو لوگ پیدل اتنی بلندی
سکتے ہیں وہ واقعی عام لوگ نہیں ہو سکتے لیکن آپ بے فکر رہیں
ہوشیار رہیں گے اور آپ کو فوری رپورٹ بھی دیں گے۔ اوو
دوسری طرف سے کرنل شرما نے جواب دیتے ہوئے کہا۔
"ان گہرائیوں میں سے کیا ان کی لاشیں نکالی جا سکتی ہیں۔
اوور"...... شاگل نے اچانک ایک خیال کے تحت پوچھا۔
"کیا لاشیں نکالنا ضروری ہیں۔ اوور"...... کرنل شرما نے پوچھا
"ہاں۔ صدر صاحب کو ان کی لاشیں دیکھے بغیر کسی بات پر یقی
نہیں آئے گا اس لئے ان کی لاشیں ہر صورت میں صدر صاحب
سامنے پیش کرنا ہوں گی۔ اوور"...... شاگل نے کہا۔
"اس کے لئے ہمیں ایک خصوصی راستہ اوپن کرنا ہوگا۔ ٹھیک
ہے میں آپ کو اطلاع کر دوں گا اور پھر جب آپ وہاں پہنچیں گے
میں یہ خصوصی بیرونی راستہ اوپن کر دوں گا اور آپ ان کی لاش

ں سے اٹھا لیں گے۔ اوور"...... کرنل شرما نے کہا۔
لیکن وہاں تک ہم پہنچیں گے کیسے۔ اوور"...... شاگل نے
کہا۔
اس راستے سے آپ پیدل بھی جا سکتے ہیں۔ اوور"...... کرنل
نے کہا۔
اوکے۔ میں آپ کی کال کا منتظر رہوں گا۔ کوئی بھی مسئلہ ہو تو
نے مجھے اطلاع بہرحال فوری دینی ہے۔ اوور"...... شاگل نے

ٹھیک ہے جناب۔ حکم کی تعمیل ہوگی۔ اوور"...... کرنل شرما
کہا۔
ویسے جو اصل مشن ہے کب تک مکمل ہو جائے گا۔ اوور"۔
گل نے کہا۔
"ہم قریب پہنچنے والے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ چند گھنٹوں میں
لہ حل ہو جائے گا۔ اوور"...... کرنل شرما نے جواب دیتے ہوئے
ہا۔
"اوکے۔ اوور اینڈ آل"...... شاگل نے مطمئن لہجے میں کہا اور
ں کے ساتھ ہی اس نے ٹرانسمیٹر آف کر دیا۔
"اشوک تم اپنے تمام آدمیوں کو پلاسن اور ساتھ والی پہاڑی کے
د پھیلا دو۔ اب مجھے اطمینان ہو گیا ہے کہ یہ چاہے کچھ بھی کیوں نہ
لیں وہ اڈے میں داخل نہیں ہو سکتے اور انہیں بہرحال واپس آنا

پڑے گا اور پھر ہم ان کا شکار کھیلیں گے"...... شاگل نے ... کھڑے اشوک سے مخاطب ہو کر کہا۔

"یس سر"...... اشوک نے جواب دیا۔

"میں دوبارہ آرام کرنے جا رہا ہوں۔ ایک آدمی کی یہاں ڈیوٹی ... دو اگر کال آئے تو وہ مجھے بتا دے گا"...... شاگل نے اٹھتے ہوئے کہا

"یس سر"...... اشوک نے مؤدبانہ لہجے میں کہا اور شاگل کر... سے اٹھا اور اندرونی حصے کی طرف بڑھ گیا۔ ایک بار تو اس کو خیال آیا کہ وہ واپس اپنے اڈے پر چلا جائے لیکن پھر اس نے ارادہ بدل ... کیونکہ کال آنے پر فوری طور پر اس کا یہاں واپس پہنچنا مشکل ہوتا ... اگر اس کے فوری نہ پہنچنے کی وجہ سے کوئی گڑبڑ ہو گئی تو صدر صاحب بھی اس کے خلاف کورٹ مارشل کا حکم دے سکتے ہیں اس لئے اس نے وہیں وقت گزارنے کا فیصلہ کر لیا۔ بستر پر لیٹ کر وہ کافی دیر تک عمران اور اس کے ساتھیوں کے بارے میں سوچتا رہا لیکن پھر اسے نیند آ گئی۔ نجانے وہ کتنی دیر سوتا رہا کہ اس کے کانوں میں موہن کی آواز پڑی تو اس کی آنکھیں کھل گئیں۔

"کیا بات ہے"...... اس نے آنکھیں کھولتے ہی ساتھ کھڑے موہن کو دیکھتے ہوئے کہا۔

"ٹرانسمیٹر کال آئی ہے جناب"...... موہن نے مؤدبانہ لہجے میں کہا تو شاگل ایک جھٹکے سے اٹھا اور دوڑتا ہوا بیرونی حصے کی طرف بڑھ گیا۔ ٹرانسمیٹر سے کال آ رہی تھی۔ شاگل نے جلدی سے کرسی پر بیٹھ

...ٹرانسمیٹر آن کر دیا۔

"ہیلو ہیلو کرنل شرما کالنگ۔ اوور"...... کرنل شرما کی آواز سنائی ...ی۔

"یس۔ شاگل چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس اٹنڈنگ یو۔ ...اوور"...... شاگل نے اپنی عادت کے مطابق باقاعدہ اپنا عہدہ بتاتے ...ہوئے کہا۔

"سر۔ پاکیشیائی ایجنٹ اس خوفناک سردی میں نجانے کس طرح ...ہمارے سامنے پہنچ گئے حالانکہ وہ کافرستانی فوج کی عام سی یونیفارم ...میں تھے لیکن اس کے باوجود آپ کی کال کی وجہ سے ہم ہوشیار تھے ...ہم نے انہیں نیچے گہرائی میں گرا دیا ہے اور اب تک وہ لاشوں ...میں تبدیل ہو چکے ہوں گے۔ آپ نے حکم دیا تھا کہ آپ کو فوری ...اطلاع دی جائے اس لئے میں آپ کو کال کر رہا ہوں۔ اوور"۔ ...دوسری طرف سے کرنل شرما نے کہا۔

"ویری گڈ کرنل شرما۔ یہ تو آپ نے بہت بڑا کارنامہ سرانجام دیا ...ہے۔ اوہ۔ لیکن یہاں تو گہری رات ہو گئی ہے۔ اب رات کو کیسے ...گہرائیوں سے ان کی لاشیں نکالی جائیں گی۔ اوور"...... شاگل نے ...باہر اندھیرے کو دیکھتے ہوئے کہا۔

"یس سر۔ رات کو تو اس راستے پر آپ کا اور آپ کے ساتھیوں کا ...آنا مشکل ہے اس لئے اب صبح کو ہی ان کی لاشیں نکالی جا سکتی ...ہیں۔ اوور"...... کرنل شرما نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"اوہ نہیں۔ یہ انتہائی رسک ہے۔ یہ لوگ حد درجہ خطرناک ہیں۔ ضروری نہیں کہ یہ گہرائیوں میں گر کر واقعی لاشوں میں تبدیل ہو چکے ہوں اگر یہ زندہ رہ گئے تو صبح تک لامحالہ یہ سنبھل چکے ہوں گے اس لئے میں یہ آپریشن فوری طور پر کرنا چاہتا ہوں تاکہ اگر یہ زندہ ہیں تو میں ان کا خاتمہ کر سکوں۔ اوور"...... شاگل نے کہا۔

"نو سر۔ آپ رات کے وقت ان گہری گہرائیوں میں کسی صورت بھی نہیں اتر سکتے۔ آپ کو ہر صورت صبح کا انتظار کرنا ہو گا کیونکہ مجھے خود آپ کے ہمراہ جانا ہو گا ورنہ آپ لوگ راستہ اوپن ہونے کے باوجود دن کو بھی وہاں تک نہیں پہنچ سکتے۔ اوور"...... کرنل شرما نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"کیا ایسا ممکن ہے کہ یہ لوگ ان گہرائیوں میں گرنے کے باوجود زندہ رہ جائیں۔ اوور"...... شاگل نے ذہن میں موجود خدشے کو سامنے رکھتے ہوئے کہا۔

"نو سر۔ یہ گہرائیاں پتھریلی ہیں اس لئے ان میں گرنے کے بعد تو شاید انسانی لاشیں بھی سلامت نہ رہ سکیں۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"ان گہرائیوں کی چوڑائی کتنی ہے۔ اوور"...... شاگل نے وکیلوں کے انداز میں باقاعدہ جرح کرتے ہوئے کہا۔

"چوڑائی تو کافی ہے لیکن جناب یہ سب پتھریلی ہیں۔ اوور"۔ کرنل شرما نے اس بار قدرے اکتائے ہوئے لہجے میں جواب دیتے

کہا۔

ان گہرائیوں کی تہہ میں کیا ہے۔ پانی یا برف وغیرہ تو نہیں اوور"...... شاگل نے ایک اور سوال کرتے ہوئے کہا۔

مجھے معلوم نہیں جناب کیونکہ میں خود کبھی ان کی تہہ میں ں اترا۔ اوور"...... کرنل شرما نے جواب دیا۔

تو پھر تمہیں ان گہرائیوں کے بارے میں تفصیلات کا کیسے علم اوور"...... شاگل نے چونک کر پوچھا۔

جناب۔ میرے پاس باقاعدہ نقشہ ہے جس میں یہ گہرائیاں ائی گئی ہیں اور ان کے بارے میں تفصیلات بھی موجود ہیں۔ ...... کرنل شرما نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

اوکے۔ اگر آپ بضد ہیں تو صبح کو ہی سہی۔ لیکن یہ راستہ کہاں اوپن ہو گا اور مجھے کس چیز پر وہاں پہنچنا ہو گا۔ اوور"...... شاگل کہا۔

جناب یہ خصوصی راستہ پلامن پہاڑی کی جڑ سے اوپن ہوتا ہے۔ اوور"...... کرنل شرما نے کہا۔

تو پھر تم کیسے نیچے آؤ گے۔ اوور"...... شاگل نے چونک کر کہا۔

میرے پاس خصوصی ایئر پیراشوٹ موجود ہے جناب جس کی ے میں آسانی سے نیچے آ سکتا ہوں اور واپس اوپر جا سکتا ہوں۔ ر"...... کرنل شرما نے کہا تو شاگل بے اختیار اچھل پڑا۔

"ایئر پیراشوٹ۔وہ کیا ہوتا ہے۔اوور"...... شاگل نے حیران ہو
کر پوچھا۔
"جناب یہ غبارے کی طرز کا خصوصی پیراشوٹ ہوتا ہے۔اس
میں خصوصی انداز میں ہوا بھری جاتی ہے تو یہ دس بارہ آدمیوں کو
اٹھا کر بیس پچیس ہزار فٹ کی بلندی تک سیدھا جا سکتا ہے اور یہ
نیچے بھی اتر سکتا ہے۔یہ خصوصی پیراشوٹ ایئر جنسی کے لئے ایکریمیا
سے منگوائے گئے ہیں۔اوور"...... کرنل شرما نے کہا۔
"او کے آپ صبح کو راستہ اوپن کر کے ایئر پیراشوٹ سے نیچے آئیں
گے اور ہم نیچے آپ کا انتظار کریں گے۔اوور"...... شاگل نے کہا۔
"یس سر۔اوور"...... اس بار کرنل شرما نے قدرے اطمینان
بھرے لہجے میں کہا اور شاگل نے اوور اینڈ آل کہہ کر ٹرانسمیٹر آف کر
دیا۔ایک بار سے خیال آیا کہ وہ صدر صاحب کو اس بارے میں
اطلاع کر دے لیکن پھر اس نے ارادہ بدل دیا۔وہ عمران اور اس کے
ساتھیوں کی لاشیں اپنے قبضے میں لے کر ہی انہیں اطلاع دینا چاہتا
تھا۔وہ اشوک کی طرف مڑ گیا جو باہر ہی موجود تھا۔
"اشوک"...... شاگل نے کہا۔
"یس سر"...... اشوک نے مؤدبانہ لہجے میں جواب دیتے ہوئے
کہا۔
"پلاسن پہاڑی کے گرد مکمل گھیرا ڈال دو۔ہو سکتا ہے کہ یہ
لوگ زندہ بچ گئے ہوں اور باہر نکلنے کی کوشش کریں۔اگر ایسا ہو تو

نے ان کا خاتمہ کرنا ہے"...... شاگل نے کہا۔
"یس سر"...... اشوک نے کہا اور شاگل سر ہلاتا ہوا اٹھا اور واپس
صی حصے کی طرف بڑھ گیا کیونکہ اسے بہرحال اب صبح تک
ظار تو کرنا ہی تھا۔

کرنل شرما پلاسن پہاڑی کے اوپر بنے ہوئے خصوصی اڈے کے اندر اپنے مخصوص سیکورٹی کیبن میں بیٹھا ہوا تھا۔ وہ لمبے قد اور بھاری جسم کا آدمی تھا۔ اس کے سامنے ٹرانسمیٹر پڑا ہوا تھا اور وہ اس وقت دونوں ہاتھوں سے اپنا سر پکڑے اس طرح بیٹھا ہوا تھا جیسے انتہائی پریشان ہو کہ اچانک کیبن میں ایک ادھیڑ عمر آدمی اندر داخل ہوا تو کرنل شرما نے چونک کر ہاتھ ہٹائے اور آنے والے کو دیکھا اور پھر اضطراراً اٹھ کھڑا ہوا۔

"کیا بات ہے کرنل شرما۔ کیا پریشانی ہے"...... ادھیڑ عمر آدمی نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"کوئی پریشانی نہیں ہے سر۔ کافرستان سیکرٹ سروس کے چیف شاگل نے مجھے پریشان کر دیا ہے"...... کرنل شرما نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"شاگل۔ کون شاگل۔ کیا کہہ رہے ہو"...... آنے والے نے چونک کر انتہائی حیرت بھرے لہجے میں کہا اور میز کی سائیڈ پر پڑی ہوئی کرسی پر بیٹھ گیا تو کرنل شرما بھی واپس اپنی کرسی پر بیٹھ گیا۔

"کافرستان سیکرٹ سروس کا چیف شاگل جناب۔ اس سے ابھی ٹرانسمیٹر پر بات ہو رہی تھی۔ اس نے سوالات کر کے میرا ناطقہ بند کر دیا ہے۔ وہ کسی صورت مطمئن ہی نہیں ہو رہا تھا"...... کرنل شرما نے مؤدبانہ لہجے میں کہا۔

"لیکن مسئلہ کیا ہے۔ کافرستان سیکرٹ سروس کے چیف کا تم سے رابطہ اور ٹرانسمیٹر پر گفتگو کیوں اور کس سلسلے میں ہو رہی تھی"...... آنے والے نے اور زیادہ حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"سر۔ آپ تو اپنے کاموں میں مصروف رہتے ہیں اس لئے آپ کو حالات کا علم نہیں ہے۔ وادی مشکبار کے مجاہدین سے جو مشین حاصل کر کے یہاں پہنچائی گئی ہے اور جس کی میموری علیحدہ کرنے پر کام کر رہے ہیں یہ اس کا سلسلہ ہے"...... کرنل شرما نے کہا۔

"اس کا سلسلہ۔ کیا مطلب۔ میں سمجھا نہیں۔ تم ذرا تفصیل سے بتاؤ"...... اس بار اس ادھیڑ عمر نے قدرے سخت لہجے میں کہا۔

"سر پہلے صدر صاحب کی کال آئی۔ انہوں نے بتایا کہ اس اڈے کو تباہ کرنے کی غرض سے پاکیشیا سیکرٹ سروس یہاں پلاسن اڈے پر ریڈ کرنے کی کوشش میں مصروف ہے اور کافرستان سیکرٹ سروس ان کے خلاف یہاں کام کر رہی ہے اس لئے میں کافرستان

سیکرٹ سروس کے چیف سے مکمل تعاون کروں۔ اس کے بعد جب شاگل صاحب سے بات ہوئی تو انہوں نے مجھے بتایا کہ پاکیشیائی ایجنٹ کسی پراسرار راستے سے پہاڑی کے اندر سے کسی قدرتی کریک کے ذریعے اڈے تک پہنچنے والے ہیں۔ میں نے انہیں بتایا کہ یہ ممکن نہیں ہے اگر ممکن بھی ہو تو وہ اڈے کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے کیونکہ یہ اڈا ریڈ بلاکس سے بنا ہوا ہے جس پر ایٹم بم بھی اثر نہیں کر سکتا اور اس اڈے کے دروازے تک وہ پہنچ نہیں سکتے کیونکہ باہر انتہائی خوفناک سردی ہے اور اگر پہنچ بھی جائیں تو ہم اڈے کے اندر سے انہیں برف توڑ کر گہری گہرائیوں میں گرا سکتے ہیں۔ انہوں نے مجھے محتاط رہنے کے لئے کہا تو میں محتاط ہو گیا اور میں نے اڈے کے دروازے کے سامنے والے حصے کو سکرین پر اوپن کر دیا اور جناب پھر یہ دیکھ کر میری حیرت کی انتہا نہ رہی کہ اچانک ایک عورت اور پانچ مرد عام سی فوجی وردیوں میں برف پر چلتے ہوئے اڈے کے دروازے کی طرف بڑھتے ہوئے نظر آ رہے تھے۔ وہ مخصوص لباس بھی نہ تھے اس کے باوجود یوں لگ رہا تھا جیسے خوفناک سردی کا ان پر کوئی اثر نہ ہو رہا ہو۔ میں نے انہیں دیکھتے ہی فوراً مخصوص میکنزم استعمال کیا اور انہیں گہری کھائی میں گرا دیا۔ اس کے بعد میں نے شاگل صاحب کو کال کر کے اس بارے میں بتایا تو وہ پنجے جھاڑ کر میرے پیچھے پڑ گئے کہ وہ ابھی اور اسی وقت لاشیں اس کھائی سے نکالیں گے اور میں راستہ اوپن کر دوں لیکن سر آپ جانتے ہیں

رات کے وقت وہاں جانا موت کو دعوت دینا ہے اس لئے میں نے انکار کر دیا۔ وہ بڑی مشکل سے مانے ہیں کہ صبح کو یہ کارروائی کی جائے۔ وہ میرا پیچھا ہی نہ چھوڑ رہے تھے۔ ان کے سوالوں کے جواب دے دے کر میں تنگ آ گیا تھا اس لئے کال آف ہونے پر میں دونوں ہاتھوں سے سر پکڑ کر بیٹھا ہوا تھا"...... کرنل شرما نے تفصیل بتاتے ہوئے کہا۔

"کیا یہ لوگ ایم وی تھری ہیلی کاپٹر پر آئے تھے"...... ادھیڑ عمر نے کہا لیکن اس سے پہلے کہ کرنل شرما کوئی جواب دیتا سامنے پڑے ہوئے انٹرکام کی گھنٹی بج اٹھی تو کرنل شرما نے ہاتھ بڑھا کر رسیور اٹھا لیا۔

"یس۔ کرنل شرما بول رہا ہوں"...... کرنل شرما نے کہا۔

"یس سر۔ ڈاکٹر راٹھور میرے آفس میں تشریف فرما ہیں"۔ دوسری طرف سے بات سننے کے بعد کرنل شرما نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے رسیور ادھیڑ عمر کی طرف بڑھا دیا۔

"ہیلو۔ ڈاکٹر راٹھور بول رہا ہوں"...... ادھیڑ عمر آدمی نے کہا۔

"گڈ۔ ٹھیک ہے۔ کام جاری رکھو۔ میں چند منٹ میں آ رہا ہوں"...... دوسری طرف سے بات سننے کے بعد ڈاکٹر راٹھور نے کہا اور رسیور خود ہی کریڈل پر رکھ دیا۔

"ہاں۔ کیا وہ لوگ ہیلی کاپٹر پر آئے تھے"...... ڈاکٹر راٹھور نے کرنل شرما سے مخاطب ہو کر کہا۔

"نہیں سر۔ وہ پہاڑی کی اندرونی طرف سے باہر آئے تھے ا
سے پیدل اوپر پہنچے تھے"...... کرنل شرما نے کہا۔
"یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ اس قدر بلندی پر وہ نیچے سے پیدل آئیں"...... ڈاکٹر راٹھور نے منہ بناتے ہوئے کہا۔
"اسی بات پر تو مجھے خود حیرت ہے۔ بہرحال ہوا ایسا ہی"۔ کرنل شرما نے جواب دیا۔
"اور تم کہہ رہے ہو کہ وہ عام یونیفارمز میں تھے"...... راٹھور نے کہا۔
"یس سر"...... کرنل شرما نے جواب دیا۔
"تمہارے پاس ان کی فلم تو موجود ہو گی"...... ڈاکٹر راٹھو
کہا۔ وہ اس اڈے کا انچارج اور سب سے سینئر سائنس دان تھا۔
"یس سر ہے"...... کرنل شرما نے جواب دیا۔
"مجھے دکھاؤ۔ مجھے تمہاری بات پر قطعاً یقین نہیں آ رہا۔ یہ
ہی نہیں کہ کوئی انسان اس قدر خوفناک سردی میں عام لباس
چند لمحے بھی زندہ رہ سکے اور تم کہہ رہے ہو کہ وہ باقاعدہ چل رہے تھے"...... ڈاکٹر راٹھور نے کہا۔
"یس سر۔ آپ ابھی خود دیکھ لیں گے"...... کرنل شرما ن
اور اس کے ساتھ ہی اس نے سامنے میز پر پڑی ہوئی ایک چھو
مشین کے مختلف بٹن یکے بعد دیگرے پریس کرنے شروع کر د
سامنے دیوار پر ایک بڑی سی سکرین موجود تھی جو دھماکے سے

ی اور اس پر منظر بدلنے لگے۔ پھر ایک منظر ساکت ہو گیا۔ یہ
ا منظر تھا۔
جناب یہ اڈے کے دروازے کے سامنے کا منظر ہے"۔ کرنل
نے کہا اور ڈاکٹر راٹھور نے منہ سے کوئی جواب دینے کی بجائے
اثبات میں سر ہلایا تو کرنل شرما نے ایک اور بٹن پریس کر دیا
ر ہاتھ پیچھے کر لیا۔ چند لمحوں بعد منظر بدلا اور اس کے ساتھ ہی
راٹھور بے اختیار اچھل پڑے۔ ان کے چہرے پر شدید ترین
کے تاثرات ابھر آئے تھے کیونکہ ایک پہاڑی کے سوراخ سے
عورت اور پانچ مرد باری باری باہر نکل رہے تھے۔ وہ کافرستانی
ی عام یونیفارم پہنے ہوئے تھے اور ان میں سے تین نے اپنی
ر تھیلے باندھے ہوئے تھے۔ وہ برف پر اس انداز میں چل رہے
ہے انہیں واقعی سردی کا احساس تک نہ ہو۔
حیرت انگیز۔ انتہائی حیرت انگیز۔ بلکہ قطعی ناقابل یقین۔ یہ
م کے انسان ہیں"...... ڈاکٹر راٹھور کے منہ سے نکلا۔
یہ پاکیشیائی ایجنٹ ہیں جناب"...... کرنل شرما نے فاتحانہ لہجے
ہا۔ اس کا انداز ایسے تھا جیسے کہہ رہا ہو کہ اب دیکھا میری بات
ی یا نہیں۔
یہ تو واقعی دروازے کی طرف بڑھ رہے ہیں"...... ڈاکٹر راٹھور
ہا۔
ی ہاں۔ میں چونکہ پہلے ہی ہوشیار تھا اس لئے میں نے ایکس

"وے کھول کر انہیں نیچے کھائی میں گرا دیا"...... کرنل شرما نے ا بار پھر فاتحانہ لہجے میں کہا اور پھر تھوڑی دیر بعد برف ٹوٹی اور وہ یکے بعد دیگرے برف میں غائب ہو گئے تو کرنل شرما نے ہاتھ سکرین آف کر دی۔

"کیا ہم خود اس کھائی سے ان کی لاشیں نکال سکتے ہیں"...... راٹھور نے کہا۔

"یس سر۔ لیکن اس کے لئے ہمیں خصوصی لفٹ اوپن پڑے گی"...... کرنل شرما نے کہا۔

"سنو۔ تم ان لوگوں کو خصوصی لفٹ کے ذریعے اوپر لے ا سکتا ہے کہ ان میں سے کوئی زندہ ہو۔ میں اس سے بات کرنا ہوں"...... ڈاکٹر راٹھور نے کہا۔

"کون سی بات سر"...... کرنل شرما نے چونک کر پوچھا۔

"میں ان سے وہ راز معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ انہیں ا خوفناک سردی کیوں نہیں لگ رہی تھی۔ یہ واقعی دنیا کا حیر راز ہے اور یہ راز اگر مل گیا تو سمجھو یہ ایٹم بم سے بھی بڑا انکشا گا کہ انتہائی بلند ترین چوٹیوں پر بھی عام سے انداز میں تحقیقا ہو سکے گا"...... ڈاکٹر راٹھور نے جوش بھرے لہجے میں کہا۔

"لیکن سر۔ یہ انتہائی خطرناک لوگ ہیں۔ انہیں اڈے آنا خطرناک بھی ثابت ہو سکتا ہے"...... کرنل شرما نے لہجے میں کہا۔

"اوہ یو نانسنس۔ احمق ہو۔ مردہ حالت میں یہ ہمارا کیا بگاڑ لیں گے۔ نانسنس۔ تم فوجی ہو کر اس قدر خوفزدہ ہو"...... ڈاکٹر راٹھور نے انتہائی غصیلے لہجے میں کہا۔

"سر۔ میں کافرستان سیکرٹ سروس کے چیف کی وجہ سے کہہ رہا ہوں سر"...... کرنل شرما نے کہا۔

"تم ان کی فکر مت کرو۔ میں خود ان سے نمٹ لوں گا تم انہیں زندہ یا مردہ حالت میں یہاں منگواؤ"...... ڈاکٹر راٹھور نے کہا اور اٹھ کھڑا ہوا۔

"سر۔ ان میں سے جو زندہ ہو صرف اسی کو یہاں لایا جائے۔ لاشیں تو کچھ نہ بتا سکیں گی"...... کرنل شرما نے بھی اٹھتے ہوئے کہا۔

"نہیں۔ سب کو یہاں لے آؤ۔ ہو سکتا ہے کہ جسے ہم لاشیں سمجھیں وہ زندہ ہوں اور نجانے یہ راز ان میں سے کس کو معلوم ہو۔ البتہ حفاظتی انتظامات تم خود کر لینا"...... ڈاکٹر راٹھور نے کہا۔

"یس سر۔ حکم کی تعمیل ہو گی سر"...... کرنل شرما نے جواب دیا اور ڈاکٹر راٹھور سر ہلاتا ہوا کیبن سے باہر چلا گیا۔

عمران کی آنکھیں کھلیں تو چند لمحوں تک اس کی آنکھوں میں غبار سا چھایا رہا۔ پھر آہستہ آہستہ منظر صاف ہوتا چلا گیا اور اس کے ساتھ ہی اس کے ذہن میں وہ منظر ابھر آیا جب برف ٹوٹی تھی اور وہ اپنے ساتھیوں سمیت اس برف میں کسی گہری کھائی میں گر گیا تھا اور یہ منظر ابھرتے ہی وہ بے اختیار چونک پڑا۔ اب اس کا شعور پوری طرح جاگ اٹھا تھا۔ اس نے چونک کر ادھر ادھر دیکھا اور اس کے ذہن میں یکلخت دھماکے سے ہونے لگے کیونکہ وہ کسی کھائی کی بجائے ایک کمرے کے فرش پر پڑا ہوا تھا۔ کمرہ چھوٹا سا تھا لیکن صاف ستھرا تھا۔ وہ بجلی کی سی تیزی سے اٹھ کر بیٹھ گیا۔ اسی لمحے اسے معلوم ہوا کہ اس کے دونوں ہاتھ اس کے عقب میں کر کے ہتھکڑی میں جکڑے ہوئے ہیں۔ اس نے ادھر ادھر دیکھا اور اس کے ساتھ ہی اس کے ذہن میں جیسے یکلخت خوشگوار لہریں سی دوڑتی چلی گئیں کیونکہ اس کے سارے

ساتھی بلال سمیت وہاں نہ صرف موجود تھے بلکہ وہ سب صحیح سلامت تھے۔ عمران کا اپنا جسم بھی صحیح سلامت تھا اور کسی قسم کا درد یا ٹوٹ پھوٹ اسے محسوس نہ ہو رہی تھی۔ وہ گھسٹ کر پیچھے ہٹا اور دیوار کے ساتھ پشت لگا کر بیٹھ گیا۔ اس کی انگلیوں نے تیزی سے ہتھکڑی کے بٹن کو تلاش کیا اور دوسرے لمحے ہلکی سی کٹک کی آواز کے ساتھ ہی ہتھکڑی کھل گئی لیکن اس سے پہلے کہ وہ ہتھکڑی اتارتا کمرے کا دروازہ کھلا اور ایک نوجوان پلاسٹک کی دو کرسیاں اٹھائے اندر داخل ہوا۔ اس کی نظریں جیسے ہی عمران پر پڑیں وہ بے اختیار اچھل پڑا۔

"تمہیں ہوش آگیا۔ وہ کیسے"...... اس نوجوان نے سامنے فرش پر کرسیاں رکھتے ہوئے کہا۔

"میں خود بھی سوچ رہا ہوں کہ کیسے ہوش آیا۔ بہرحال ہم لوگ تو کھائی میں گرے تھے پھر یہاں کیسے پہنچ گئے اور یہ کون سی جگہ ہے"...... عمران نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"تم اس وقت پلاسن پہاڑی پر بنے ہوئے مواصلاتی اڈے میں ہو۔ تم سب واقعی خوش قسمت ہو کہ نیچے گہرائی میں گرنے کی بجائے تم سب تھوڑا نیچے برف کی تہہ میں پھنس گئے تھے اس لئے تم وہ بھی بچ گئے اور تمہیں وہاں سے آسانی سے نکال بھی لیا گیا۔ اب ڈاکٹر راٹھور تم سے بات کریں گے"...... اس نوجوان نے جواب دیا اور پھر تیزی سے مڑ کر کمرے سے باہر نکل گیا۔ اسی لمحے ساتھ پڑے

ہوئے صفدر کے جسم میں حرکت کے تاثرات نمودار ہوتے دکھائی دیئے اور چند لمحوں بعد صفدر نے آنکھیں کھول دیں۔ عمران خاموش بیٹھا رہا تاکہ صفدر پوری طرح ہوش میں آجائے البتہ اس نے کلائی سے ہتھکڑی کھول کر اپنے ہاتھ میں پکڑ لی تھی مگر اس نے دونوں ہاتھ پیچھے اسی انداز میں رکھے ہوئے تھے جیسے ابھی تک وہ ہتھکڑی میں جکڑے ہوئے ہوں۔ وہ چاہتا تو اٹھ کر دروازے کے ساتھ کھڑا ہو جاتا اور اندر آنے والوں کو سنبھال لیتا لیکن اس نے یہ ارادہ اس لئے نہیں کیا تھا کہ اس کے سارے ساتھی ابھی تک ہوش میں نہیں آئے تھے اور وہ بہرحال دشمن کے اڈے میں تھے۔

"عمران صاحب۔ یہ۔ یہ سب کیا ہے۔ ہم کہاں ہیں۔ یہ۔ یہ"...... صفدر کی آواز سنائی دی تو عمران نے مسکراتے ہوئے ساری تفصیل بتا دی۔

"اوہ۔ خدایا تیرا شکر ہے۔ واقعی مارنے والے سے بچانے والا زیادہ طاقتور ہے"...... صفدر نے کہا اور اس کے ساتھ ہی وہ اٹھ کر گھسٹتا ہوا دیوار کے ساتھ پشت لگا کر بیٹھ گیا۔

"ہتھکڑی کھول لو لیکن اسے ظاہر نہ کرنا"...... عمران نے فرانسیسی زبان میں کہا کیونکہ اسے خدشہ تھا کہ اس کی آواز کہیں سنی نہ جا رہی ہو اور صفدر نے اثبات میں سر ہلا دیا اور پھر ایک ایک کر کے سارے ساتھی ہوش میں آ گئے اور جب صفدر اور عمران نے انہیں تفصیل بتائی تو وہ سب ہی خدا کا شکر بجا لائے اور عمران نے

...ہا بھی فرانسیسی زبان میں ہتھکڑیاں کھولنے کا کہہ دیا تھا البتہ ...ل کو اس نے کچھ نہیں کہا تھا کیونکہ اسے یقین تھا کہ اول تو وہ ...یسی زبان سمجھتا ہی نہ ہوگا اور اگر سمجھ بھی لے تو ہتھکڑی کھولنا ... اس کے بس میں نہ ہو کیونکہ اس کے لئے خصوصی ٹریننگ کی ...ت ہوتی ہے لیکن اسی لمحے بلال کے ساتھ بیٹھے ہوئے کیپٹن ...ل نے سر جھکا کر بلال کے کان میں سرگوشی کی اور بلال نے ... میں سر ہلا دیا۔ چند لمحوں بعد دروازہ کھلا اور ایک ادھیڑ عمر آدمی ...اخل ہوا۔ اس کے پیچھے ایک لمبے قد اور بھاری جسم کا آدمی تھا ...ے ہاتھ میں مشین گن تھی۔ وہ دونوں اس کے سامنے موجود ...ں پر بیٹھ گئے اور انہیں اس طرح غور سے دیکھنے لگے جیسے پہلی ...انوں کو دیکھ رہے ہوں۔

"...تنی ٹکٹ بھر کر آئے ہو"...... عمران نے مسکرا کر کہا تو وہ ... بے اختیار چونک پڑے۔

"...یا مطلب۔ کیا تم پاگل ہو گئے ہو"...... اس ادھیڑ عمر آدمی نے ...ر کہا۔

"...م ہمیں اس طرح دیکھ رہے ہو جیسے چڑیا گھر میں پنجروں میں ...وں کو لوگ دیکھتے ہیں اس لئے پوچھ رہا تھا کہ کتنی ٹکٹ بھر ...و"...... عمران نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"...ہہ۔ تو تم ان کے لیڈر ہو۔ کیا نام ہے تمہارا"...... اس ...ادمی نے ہونٹ چباتے ہوئے کہا۔

" یہ آداب مہمان نوازی کے خلاف ہے کہ پہلے میزبان تعارف کرانے کی بجائے مہمانوں کا تعارف پوچھے۔ پہلے اپنا تعارف کراؤ پھر ہم بھی کرادیں گے"...... عمران نے مسکراتے ہوئے کہا۔

" میرا نام ڈاکٹر راٹھور ہے اور میں اس خصوصی سنٹر کا انچارج سائنس دان ہوں اور یہ یہاں کا سیکورٹی آفیسر کرنل شرما ہے"۔ ادھیڑ عمر آدمی نے کہا۔

" میرا نام علی عمران ایم ایس سی۔ ڈی ایس سی (آکسن) ہے میرے ساتھی ہیں"...... عمران نے مسکراتے ہوئے کہا تو راٹھور اور کرنل شرما دونوں بے اختیار اچھل پڑے۔

" ایم ایس سی۔ ڈی ایس سی۔ کیا مطلب۔ کیا تم سائنس دان ہو"...... ڈاکٹر راٹھور نے انتہائی حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

" سائنس دان تو آپ جیسے لوگ ہو سکتے ہیں۔ میں تو سائنس کا صرف طالب علم ہوں۔ ویسے میں آج کل مکھیوں اور مچھروں پر ریسرچ کر رہا ہوں"...... عمران نے کہا۔

" کیا۔ کیا کہہ رہے ہو۔ مکھیوں اور مچھروں پر ریسرچ۔ کیا مطلب"...... ڈاکٹر راٹھور نے اور زیادہ حیران ہوتے ہوئے کہا۔

" مکھیوں اور مچھروں کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ آدم سے پہلے اس زمین پر موجود تھے اور آج تک موجود ہیں اس لئے یہ اس لحاظ سے اس دنیا کی قدیم ترین مخلوق ہے جو آج تک نہ صرف زندہ ہے بلکہ اس نے انسانوں کا ہر دور میں ناطقہ بند کئے رکھا ہے اور

اب جبکہ انسان ترقی کی انتہائی منزلوں پر پہنچ چکا ہے وہ ان مکھیوں اور مچھروں سے نجات حاصل نہیں کر سکا اس لئے میں ان پر ریسرچ کر رہا ہوں کہ آخر ان میں ایسی کیا حیاتیاتی خصوصیت ہے جو انہیں ہزاروں اربوں سالوں سے ہر قسم کے موسم میں زندہ رکھے ہوئے ہے"...... عمران نے کہا تو ڈاکٹر راٹھور بے اختیار اچھل پڑا۔

" اوہ۔ اوہ۔ تو یہ بات ہے۔ اوہ۔ اسی لئے تم نے وہ راز حاصل کر لیا کہ تم لوگ موسم سے بے نیاز ہو گئے ہو"...... ڈاکٹر راٹھور نے کہا تو اس بار اس کی بات سن کر عمران بے اختیار چونک پڑا۔

" کیا مطلب۔ کیا اب تم نے مجھے بھی مکھی اور مچھر سمجھ لیا ہے"۔ عمران نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

" تمہیں معلوم ہے کہ تمہیں یہاں کیوں لایا گیا ہے"...... ڈاکٹر راٹھور نے کہا۔

" میرے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں ورنہ میں زائچہ بنا کر ستاروں کو کانوں سے پکڑ کر ان سے پوچھ لیتا"...... عمران نے جواب دیا تو ڈاکٹر راٹھور بے اختیار ہنس پڑا۔

" تم واقعی خوش مزاج آدمی ہو۔ بہرحال میں تمہیں بتا دیتا ہوں کہ تمہیں کھائی سے اٹھا کر یہاں کیوں لایا گیا ہے۔ حالانکہ کافرستان سیکرٹ سروس کا چیف تمہیں انتہائی خطرناک آدمی بتا رہا تھا"۔ ڈاکٹر راٹھور نے کہا تو عمران، شاگل کے بارے میں سن کر ایک بار پھر چونک پڑا۔

"کیا شاگل بھی یہاں موجود ہے"...... عمران نے حیرت بھ
لہجے میں پوچھا۔

"اوہ نہیں۔ وہ صبح ہونے کا انتظار کر رہے ہیں تاکہ وہ کرنل سے مل کر کھائی سے تمہاری لاشیں نکال سکیں۔ وہ تو نیچے پہاڑی دامن میں ہیں"...... اس بار کرنل شرما نے جواب دیا اور عمران بے اختیار ایک طویل سانس لیا۔

"مسٹر علی عمران میں تمہیں یہاں سے زندہ سلامت باہر بھجوا ہوں لیکن میری ایک شرط ہے کہ تم مجھے وہ راز بتا دو جس کی سے انتہائی خوفناک سردی کے باوجود تم لوگ عام سی یونیفارم پہاڑی پر گھومتے پھرتے رہے ہو اور اب بھی برف میں تم لوگ ہوش پڑے ہوئے تھے لیکن تمہارے جسموں پر انتہائی سردی کوئی اثرات سرے سے موجود نہیں تھے۔ اب تم نے خود ہی بتایا کہ تم مکھیوں اور مچھروں پر موسم کے اثرات پر ریسرچ کر رہے ہو لئے یقیناً تم نے اسی ریسرچ کی وجہ سے یہ راز حاصل کیا ہو گا"۔ راٹھور نے کہا تو عمران بے اختیار مسکرا دیا۔ وہ اب ڈاکٹر راٹھور کیا کہتا کہ اس نے تو مذاق میں یہ ساری بات کی تھی۔

"کیا آپ بھی یہاں موسم کے اثرات پر ریسرچ کر رہے ہیں عمران نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"ہمارا شعبہ مواصلات کا ہے لیکن میں یہ راز جاننا چاہتا ہوں مجھے اس میں دلچسپی ہے"...... ڈاکٹر راٹھور نے کہا۔

صلیب ہے۔ یہ راز آپ کو بتا دیتا ہوں حالانکہ یہ راز انتہائی اہم ں بہرحال میری اور میرے ساتھیوں کی زندگیاں اس راز سے م ہیں لیکن ایک شرط کے ساتھ"...... عمران نے کہا۔

ون سی شرط"...... ڈاکٹر راٹھور نے چونک کر پوچھا۔

پ صرف اتنا بتا دیں کہ جو مشین مجاہدین مشکبار کے قبضے ل کر کے آپ کے پاس یہاں بھیجی گئی تھی کیا آپ نے اس ی میں فیڈ شدہ معلومات حاصل کر لی ہیں یا نہیں"۔ عمران

ایک گھنٹہ پہلے کامیاب ہوئے ہیں اور اب اس سے کٹھی کی جا رہی ہیں۔ کل یہ معلومات حکومت کو پہنچا دی ں"...... ڈاکٹر راٹھور نے سادہ سے لہجے میں جواب دیا تو ے بے اختیار ایک طویل سانس لیا۔

ے یہاں کتنے آدمی کام کرتے ہیں"...... عمران نے کہا۔

اں کے قریب۔ کیوں تم کیوں پوچھ رہے ہو اور سنو اگر تم غلط حرکت کی تو پھر تم ایک لمحے میں ہلاک کر دیئے جاؤ ڈاکٹر راٹھور نے کہا تو عمران بے اختیار مسکرا دیا۔

ں نے آج تک لاکھوں نہیں تو ہزاروں بار غلط حرکت کی ں ہے لیکن اب یہ میری بدقسمتی کہ جسے میں غلط حرکت ں وہ صحیح حرکت بن جاتی ہے اور اب بھی ایسا ہی ہو گا"۔ ے مسکراتے ہوئے کہا اور پھر اس سے پہلے کہ مزید کوئی

بات ہوتی عمران کا ایک بازو بجلی کی سی تیزی سے گھوما اور
لمحے ڈاکٹر راٹھور کے ساتھ کرسی پر بڑے چوکنا انداز میں
کرنل شرما چیختا ہوا کرسی سمیت نیچے گرا۔ اس کے ہاتھ سے
گن اڑتی ہوئی دور جا گری۔ پھر اس سے پہلے کہ ڈاکٹر راٹھور
عمران یکلخت اپنی جگہ سے اچھلا اور دوسرے لمحے نہ صرف مش
اس کے ہاتھ میں تھی بلکہ فرش پر گر کر اٹھتا ہوا کرنل شرما
بار پھر ریٹ ریٹ کی آوازوں کے ساتھ ہی چیختا ہوا واپس گرا
طرح تڑپنے لگا۔

"یہ۔ کیا۔ کیا کیا"...... ڈاکٹر راٹھور نے انتہائی بوکھلا
انداز میں اٹھتے ہوئے کہا۔

"اسے ہاف آف کر دو"...... عمران نے کہا اور اسی لمحے
ساتھی بجلی کی سی تیزی سے حرکت میں آئے اور ڈاکٹر راٹھور
سے گھٹی گھٹی سی چیخ نکلی اور اس کے ساتھ ہی خاموشی چھا
عمران مشین گن اٹھائے تیزی سے دروازے کی طرف بڑھتا
صفدر، کیپٹن شکیل اور تنویر بھی اس کے پیچھے دروازے کی
بڑھے۔

"تم یہیں رکو میں ابھی آتا ہوں"...... عمران نے درواز
قریب رک کر مڑتے ہوئے کہا اور پھر دروازہ کھول کر وہ
دوسری طرف ایک چھوٹی سی راہداری میں دوڑتا ہوا آگے
گیا۔

کے اندر ٹرانسمیٹر کے سامنے موجود تھا۔ صبح کی روشنی
پھیل چکی تھی اس لئے وہ اب عمران اور اس کے ساتھیوں
باہر نکلنے کے لئے پوری طرح تیار ہو چکا تھا لیکن وہ
اشوک کا انتظار کر رہا تھا۔ وہ کرنل شرما کو کال کرنے سے
رات کی رپورٹ لینا چاہتا تھا۔ موہن، اشوک کو بلانے
تھوڑی دیر بعد اشوک خیمے میں داخل ہوا اور اس نے
باقاعدہ فوجی انداز میں سیلوٹ کیا۔

رٹ ہے۔ رات کو کوئی باہر تو نہیں آیا"...... شاگل نے

ہم ساری رات پوری طرح چوکنا ہو کر نگرانی کرتے
اشوک نے جواب دیا۔

ٹھیک ہے۔ میرے لئے کافی لاؤ"...... شاگل نے کہا۔

"موہن ناشتہ تیار کر رہا ہے جناب"...... اشوک نے جوا
اور شاگل نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ پھر اس نے ٹرانسمیٹر اپنی
کھسکایا اور اس پر فریکونسی ایڈجسٹ کرنا شروع کر دی۔ ف
ایڈجسٹ کر کے اس نے اس کا بٹن آن کیا ہی تھا کہ ٹرا
ایک آواز سنائی دی اور اس آواز کو سن کر شاگل اس بری طر
جیسے اچانک کرسی میں لاکھوں وولٹیج کا کرنٹ آ گیا ہو۔ ا
آنکھیں حیرت کی وجہ سے پھٹ کر محاورتاً نہیں بلکہ حقیقتاً
تک پھیل گئی تھیں۔ وہ اب آنکھیں پھاڑ کر ٹرانسمیٹر کو دیکھ

"ہیلو عمران صاحب۔ میں کامران بول رہا ہوں"......
ایک اور آواز ٹرانسمیٹر سے سنائی دی اور شاگل نے بے اختیا
بھینچ لئے۔

"کامران۔ ہم نے اڈے پر قبضہ کر لیا ہے اور اب ہم
ہے لیکن ہمیں معلوم ہے کہ نیچے کافرستان سیکرٹ سروس
شاگل اپنے ساتھیوں سمیت موجود ہے۔ گو ابھی اس کی کال
ہے اور میں اسے اور اس کے ساتھیوں کو اوپر بلا کر انہیں
لوں گا لیکن ہو سکتا ہے کہ اس کے چند ساتھی نیچے رہ جائیں
تم فوراً اپنے ساتھ اپنے خاص تربیت یافتہ آدمی لے کر پلا
اگر کوئی نیچے ہو تو خاموشی سے ان کا خاتمہ کر دو۔ پھر مجھے کا
رپورٹ دو۔ اڈے کی اندرونی فریکونسی نوٹ کر لو"......
مخصوص آواز سنائی دی اور اس کے ساتھ ہی اس نے فریکو

اع کر دی۔

"مشن کا کیا ہوا عمران صاحب۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا
گیا۔

"ہم عین وقت پر پہنچ گئے بلکہ پہنچ کیا گئے وہاں کے انچارج
ائنس دان نے ہمیں رات کو ہی کھائی سے اٹھوا کر اندر منگوا لیا
تھا۔ وہ مجھ سے یہ راز معلوم کرنا چاہتا تھا کہ اس قدر شدید سردی کے
وجود ہم وہاں بغیر کسی مخصوص لباس کے کیسے زندہ تھے اور چل پھر
ہے تھے اور چونکہ وہ صرف سائنس دان تھا اور اس کے ساتھ
لٹری انچارج کرنل شرما کا بھی شاید پہلے کبھی واسطہ سیکرٹ
نٹوں سے نہ پڑا تھا اس لئے ہمارے ہاتھوں میں ایک عام سی
تھکڑی لگا کر انہوں نے یہ سمجھ لیا تھا کہ ہم کوئی حرکت نہ کر سکیں
گے۔ بہرحال اللہ تعالیٰ نے اپنی خاص رحمت سے اس ناممکن کو
ارے لئے ممکن بنا دیا اور یہ لوگ اس مشن کی میموری علیحدہ
نے میں کامیاب ہو چکے تھے اور اگر ہم اس انداز میں اس وقت
اں نہ پہنچتے تو آج یہ معلومات حکومت کافرستان کو بھجوا دی جاتیں
ہمارا مشن بہرحال فیل ہو جاتا اور مشکبار کی تحریک آزادی بھی ہمیشہ
کے لئے کچل دی جاتی۔ ہم نے بہرحال یہاں موجود سب افراد کا خاتمہ
کیا ہے اور اس مشین میں اس میموری کا بھی مکمل طور پر خاتمہ کر
دیا ہے اس لئے ہم نے اپنا مشن تو مکمل کر لیا ہے لیکن اب ہم نے
واپس جانا ہے اور نیچے شاگل موجود ہے۔ اوور"...... عمران نے

تفصیل بتاتے ہوئے کہا اور شاگل کا چہرہ غصے کی شدت سے سیاہ
گیا۔ پہلے بھی جب اس نے فریکوئنسی ایڈجسٹ کر کے اسے آن کیا تو
تو اس کے کال دینے سے پہلے ہی ٹرانسمیٹر سے اس نے عمران کی آو
سنی تھی۔ گو اس نے صرف ہیلو کا لفظ کہا تھا لیکن عمران کی مخصوص
آواز بہرحال اس نے پہچان لی تھی جس پر وہ اچھلا تھا اور اب تو عمران
نے خود ہی اسے پوری تفصیل بتا دی تھی۔

"ٹھیک ہے عمران صاحب آپ بے فکر رہیں۔ میں وہاں پہنچ
ہوں لیکن مجھے وہاں پہنچنے میں دو گھنٹے لگ جائیں گے۔ اوور
کامران نے کہا۔

"ٹھیک ہے۔ ابھی تو شاگل کے ساتھ مل کر کھائیوں سے عمران
اور اس کے ساتھیوں کی لاشیں نکلوانی ہیں اس لئے دو گھنٹے تو
شاید کئی گھنٹے لگ جائیں۔ اوور"...... عمران کی مسکراتی ہوئی آ
سنائی دی۔

"یس سر۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا اور اس کے ساتھ
ہی عمران نے اوور اینڈ آل کہنا شروع کیا لیکن اس سے پہلے کہ وہ او
اینڈ آل کا لفظ مکمل کرتا شاگل نے بجلی کی سی تیزی سے ٹرانسمیٹر
بٹن آف کر دیا کیونکہ اسے معلوم تھا کہ اگر اس نے ایسا نہ کیا
عمران نے جیسے ہی بٹن آف کرنا ہے اسے فوراً یہ معلوم ہو جانا
کہ یہ فریکوئنسی کہیں اور بھی سنی جا رہی ہے جبکہ اب اسے معلوم
ہو سکے گا۔

"یہ کیا ہوا ہے سر"...... خاموش کھڑے ہوئے اشوک نے
ائی حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"یرا سر ہوا ہے۔ اس نانسنس کرنل شرما اور اس احمق سائنس
ن نے سب کچھ خود ہی تباہ کر دیا ہے"...... شاگل نے انتہائی
یلے لہجے میں کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے تیزی سے ٹرانسمیٹر پر
بار پھر فریکوئنسی ایڈجسٹ کرنا شروع کر دی۔

"ہیلو ہیلو۔ چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس شاگل کالنگ۔
"...... شاگل نے چیخ چیخ کر بار بار کال دیتے ہوئے کہا۔

"یس۔ ملٹری سیکرٹری ٹو پریذیڈنٹ اٹنڈنگ یو۔ اوور"۔ تھوڑی
عد ملٹری سیکرٹری کی آواز سنائی دی۔ اس کے لہجے میں نیند کا خمار
تھا۔

"جلدی کرو۔ صدر صاحب سے بات کراؤ۔ اٹ از ٹاپ موسٹ
سی۔ جلدی کرو۔ اوور"...... شاگل نے بے اختیار حلق کے بل
وئے کہا۔

"یس سر۔ یس سر۔ ویٹ فار۔ اوور"...... شاگل کے اس بری
خنے پر ملٹری سیکرٹری نے گھبرائے ہوئے لہجے میں کہا۔

"یس۔ اوور"...... چند لمحوں بعد صدر صاحب کی بھاری سی آواز
ائی دی۔

"اب میں شاگل بول رہا ہوں۔ غضب ہو گیا جناب۔ عمران
کے ساتھی پلاسن کے مخصوص اڈے پر پہنچ گئے ہیں اور جناب

انہوں نے وہاں موجود سب سائنس دانوں کو بھی ہلاک کر دیا اور وہاں موجود ساری مشینری بھی تباہ کر دی ہے اور وادی مشن والی مشین سمیت جناب۔ اوور"...... شاگل نے تیز تیز لہجے میں کہا

"کیا۔ کیا کہہ رہے ہو۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ ایسا تو ناممکن ہے۔ اوور"...... صدر صاحب کی بوکھلائی ہوئی آواز سنائی دی تو شاگل نے پوری تفصیل بتا دی۔

"اوہ۔ ویری بیڈ۔ اس کا مطلب ہے کہ کرنل شرما اور ڈاکٹر راؤ انہیں خود اٹھا کر اندر لے گئے۔ ویری بیڈ۔ رئیلی ویری بیڈ۔ اب انہیں بہرحال زندہ بچ کر نہیں جانا چاہئے۔ میں پلاسن علاقے میں پوری فوج بھجوا دیتا ہوں اور اس اڈے پر بھی میزائل فائر کراتا ہوں۔ اوور"...... صدر صاحب نے اپنے وقار کو بھلا کر بات کرتے ہوئے لہجے میں کہا۔

"جناب یہ اڈا ریڈ بلاکس کا ہے اور اس پر ایٹم بم بھی اثر نہیں کر سکتا۔ اوور"...... شاگل نے اس بار سنبھلے ہوئے لہجے میں کہا۔

"ہاں۔ لیکن اس پہاڑی پر تو میزائل اثر کریں گے۔ میں پوری پہاڑی کو تباہ کرنے کا حکم دے دیتا ہوں اس طرح یہ پہاڑی سمیت نیچے آگرے گا اور بس۔ بہرحال اسے ہر صورت تباہ کرنا ہے۔ اوکے میں انتظامات کراتا ہوں۔ اوور اینڈ آل" دوسری طرف سے کہا گیا اور اس کے ساتھ ہی رابطہ ختم ہو گیا۔ شاگل نے بے اختیار ایک طویل سانس لیا کیونکہ معاملات پلٹ

گئے۔ صدر صاحب نے کمان خود اپنے ہاتھ میں لے لی تھی اور اسے معلوم تھا کہ صدر صاحب جو کچھ کہہ رہے ہیں ویسے ہی کرائیں گے اور چونکہ انہوں نے اسے کچھ کرنے کے لئے نہیں کہا اس لئے اب سوائے ان کے احکامات کا انتظار کرنے کے اور کچھ نہ کر سکتا تھا۔ اب وہ صرف تماشہ دیکھ سکتا تھا لیکن اسے اچانک خیال آگیا کہ وہ عمران سے بات تو کرے۔ اسے بتائے تو سہی کہ اس کی موت اب اس لئے ہوگی کہ اسے شاگل نے ٹریس کر لیا ہے تاکہ عمران کو مرنے سے پہلے یہ تو معلوم ہو جائے کہ اصل کریڈٹ بہرحال شاگل کا ہے اس لئے اس نے ٹرانسمیٹر پر تیزی سے فریکوئنسی ایڈجسٹ کی اور پھر اس کا بٹن آن کر دیا۔

"ہیلو ہیلو۔ چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس شاگل کالنگ۔ اوور"...... شاگل نے بار بار کال دیتے ہوئے کہا۔

"یس۔ کرنل شرما اٹنڈنگ یو۔ اوور"...... دوسری طرف سے کرنل شرما کی آواز سنائی دی۔

"بکواس مت کرو۔ مجھے معلوم ہے کہ تم کرنل شرما نہیں بلکہ عمران ہو۔ میں نے تمہاری وہ کال یہاں ٹرانسمیٹر پر سن لی ہے جو تم نے اسی کامران کو کی تھی اور میں نے وہ ساری تفصیل بھی سن لی ہے جو تم نے کامران کو بتائی تھی۔ اس کرنل شرما اور اس سائنس دان نے حماقت کی کہ تمہیں خود ہی کھائی سے اٹھا کر اڈے کے اندر لے گئے ورنہ تم صدیوں تک ٹکریں مارتے رہتے تو تم اندر داخل نہ

ہو سکتے تھے۔ بہرحال اب تم اڈے کے اندر ہو۔ اب تم باہر نہ نکل سکو گے۔ میں نے صدر صاحب کو تفصیل بتا دی ہے اور اب صدر صاحب پوری کافرستانی فوج کو اس پہاڑی کے گرد پھیلا رہے ہیں اور اب وہ اس پوری پہاڑی کو ہی میزائلوں سے اڑا رہے ہیں اور وہ تمہاری ہلاکت کے لئے اس اڈے پر ہائیڈروجن بم مارنے سے بھی گریز نہیں کریں گے اس لئے تم بہرحال اب زندہ بچ کر نہیں جا سکتے چاہے کچھ بھی کر لو۔ تمہاری موت اب یقینی ہو چکی ہے اور میں نے یہ کال تمہیں اس لئے کی ہے تاکہ تمہیں مرنے سے پہلے علم ہو جائے کہ تمہاری موت کا اصل کریڈٹ مجھے جاتا ہے۔ اوور اینڈ آل"...... شاگل نے چیختے ہوئے لہجے میں کہا اور پھر دوسری طرف سے کچھ کہے بغیر اس نے ٹرانسمیٹر آف کر دیا۔ اب اس کے چہرے پر گہرا اطمینان چھا گیا تھا کہ اب عمران کو بہرحال مرنے سے پہلے یہ علم ہو گیا ہے کہ اس کی موت شاگل کے ہاتھوں ہی ہو رہی ہے۔

عمران نے ٹرانسمیٹر آف کیا اور پھر اٹھ کر وہ ایک لحاظ سے دوڑتا ہوا اس بڑے ہال کی طرف بڑھ گیا جہاں بلال اور اس کے ساتھی موجود تھے۔

"کیا ہوا عمران صاحب۔ خیریت"...... صفدر نے عمران کو دیکھ کر چونکتے ہوئے کہا۔

"غضب ہو گیا۔ ہم یہاں پھنس گئے ہیں۔ اب ہمیں یہاں سے فوری نکلنا ہے"...... عمران نے ہونٹ بھینچتے ہوئے کہا۔

"کیا ہوا ہے۔ کچھ بتاؤ تو سہی"...... جولیا نے پریشان سے لہجے میں کہا تو عمران نے شاگل کی کال کے بارے میں تفصیل بتا دی۔

"اوہ۔ ویری بیڈ۔ اب تو واقعی ہم یہاں پھنس گئے ہیں"۔ جولیا نے پریشان سے لہجے میں کہا۔

"ہاں۔ ہمیں یہاں سے کسی نہ کسی انداز میں فوری نکلنا ہو گا

کیونکہ صدر کافرستان واقعی کافرستان کی فوج کو چڑھا دیں گے اور بات بھی درست ہے کہ ہمیں ہلاک کرنے کے لئے وہ اس پہاڑی تو ایک طرف یہاں کی تمام پہاڑیوں کو بھی میزائلوں سے تباہ کرا سے پیچھے نہیں ہٹیں گے لیکن اب مسئلہ یہ ہے کہ نیچے شاگل اور اس کے آدمی موجود ہیں۔ کامران اور اس کے آدمیوں کو یہاں پہنچنے میں کافی وقت لگے لگا اور فوج یہاں قریب ہی کہیں موجود ہو گی۔ وہ جلدی یہاں پہنچ جائے گی اور میزائل بردار طیاروں کو تو یہاں پہنچنے میں چند منٹ ہی لگیں گے۔ اگر ہم باہر نکل جائیں تب بھی ہم ہلاک ہو جائیں گے اور اندر رہ جائیں تب بھی"...... عمران نے پریشان سے لہجے میں کہا اور سب کے چہروں پر انتہائی پریشانی کے تاثرات ابھر آئے۔

"یہاں کوئی ایسی چیز ہو جس کی مدد سے ہم یہاں سے نکل سکیں"۔ کیپٹن شکیل نے کہا۔

"ایئر پیراشوٹ یہاں موجود تھا لیکن فائرنگ کی وجہ سے وہ ناکارہ ہو چکا ہے اور ویسے بھی اسے تو دور سے آسانی سے ہٹ کیا جا سکتا ہے"...... عمران نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"یہاں سے تو نکلو۔ باہر جا کر جو ہو گا دیکھا جائے گا"...... تنویر نے اٹھتے ہوئے کہا۔

"ہاں تنویر ٹھیک کہہ رہا ہے یہاں سے ہمیں فوری نکلنا چاہئے"۔ جولیا نے بھی اٹھتے ہوئے کہا۔

"لیکن ہم جائیں گے کہاں۔ پہاڑی پر تو میزائل فائر ہوں گے اور ظاہر ہے ان میزائلوں کی زد میں ہم بھی آ جائیں گے"...... عمران نے کہا۔

"جو ہو گا دیکھا جائے گا عمران صاحب۔ واقعی اس وقت سوچنے کا وقت نہیں ہے۔ اگر ہماری موت اس پہاڑی پر لکھی گئی ہے تو وہ ٹل نہیں سکتی اور نہیں لکھی گئی تو پھر بچ نکلنے کے راستے قدرت خود بخود پیدا کر دے گی"...... صفدر نے کہا۔

"بالکل ٹھیک ہے۔ چلو آؤ ورنہ واقعی یہاں رہ کر ہم بری طرح جھلس جائیں گے"...... عمران نے کہا اور پھر وہ تیزی سے اٹھ کر کرنل شرما کے کیبن کی طرف بڑھ گیا تاکہ بیرونی راستہ کھول سکے اور پھر راستہ کھلتے ہی وہ سب باہر کی طرف لپکے۔

"کیا اس یر بوع کا اثر تو ختم نہیں ہوا ہو گا۔ ایسا نہ ہو کہ باہر نکلتے ہی ہم سردی سے جم جائیں"...... صفدر نے کہا۔

"نہیں جناب۔ ابھی کافی وقت رہتا ہے"...... اس بار بلال نے جواب دیتے ہوئے کہا اور سب نے اطمینان بھرے انداز میں سر ہلا دیئے اور پھر وہ سب اس راستے سے باہر برف میں داخل ہو گئے۔

"انتہائی احتیاط سے چلنا ہو گا ورنہ اگر اس بار ہم کسی کھائی میں گرے تو پھر ہماری لاشیں بھی اٹھانے والا کوئی نہ ہو گا"...... عمران نے کہا اور سب نے اثبات میں سر ہلا دیئے لیکن ابھی وہ تھوڑی دور ہی گئے تھے کہ اچانک دور سے انہیں کافی تعداد میں طیارے اڑتے

ہوئے اس چوٹی کی طرف آتے دکھائی دیئے۔ یہ جنگی طیارے تھے
"برف پر لیٹ جاؤ۔ جلدی کرو۔ حرکت نہ کرنا ورنہ یہ براہ راست
ہم پر ہی میزائل فائر کر دیں گے"...... عمران نے چیخ کر کہا تو
وہیں برف پر ہی لیٹ گئے۔
"لیکن سفید برف میں تو ہم دور سے نظر آ جائیں گے"......
نے انتہائی پریشان سے لہجے میں کہا۔
"نہیں۔ تیز رفتار طیارے میں ہم سوائے چھوٹے چھوٹے د
کے علاوہ کچھ نظر نہ آئیں گے البتہ حرکت کرتے ہوئے ہم نظر آ
ہیں"...... عمران نے کہا اور پھر چند لمحوں بعد دور سے آتے ہوئے
طیارے قریب پہنچ گئے۔ وہ کافی بلندی پر تھے اور پھر وہ پہاڑی
اوپر سے گزرتے ہوئے آگے بڑھتے چلے گئے۔
"آؤ۔ جلدی کرو اٹھو"...... عمران نے چیخ کر کہا اور اٹھ کر ا
بار پھر تیزی سے آگے بڑھنے لگا۔
"یہ طیارے آگے کیوں نکل گئے ہیں"...... صفدر نے کہا۔
"یہ ٹارگٹ چیک کر رہے ہیں اور اب واپس آئیں گے"......
نے کہا اور پھر واقعی وہ جب اس بڑے سے سوراخ کے قریب
جہاں سے وہ پہاڑی سے باہر آئے تھے اسی لمحے انہیں طیارے
کے اوپر سے واپس جاتے ہوئے دکھائی دیئے۔ ان کی تعداد چار تھی
"چلو اندر۔ اس طرح بہرحال ہم براہ راست فائرنگ سے
جائیں گے۔ پھر جو ہو گا دیکھا جائے گا"...... عمران نے کہا اور

ایک کر کے اندر داخل ہو گئے۔
"میرا خیال ہے کہ صدر نے غصے میں پہاڑیاں اور اڈا اڑانے کی
ی ہو گی ورنہ وہ ایسا نہیں کریں گے۔ چند افراد کے لئے پوری
یاں میزائلوں سے اڑانا کم از کم میری سمجھ میں تو نہیں آ رہا"۔
شکیل نے اندر داخل ہو کر نیچے اترتے ہوئے کہا۔
"ہم چند آدمی نہیں ہیں۔ پاکیشیا سیکرٹ سروس کے لوگ ہیں
پہاڑیاں کافرستان کی نہیں ہیں وادی مشکبار کی ہیں"۔ عمران
جواب دیا اور پھر ابھی انہوں نے تھوڑا ہی فاصلہ طے کیا تھا کہ
ے انتہائی خوفناک ترین دھماکوں کی پے در پے آوازیں سنائی
لگیں اور پوری پہاڑی اس طرح لرزنے لگی جیسے انتہائی خوفناک
آ گیا ہو۔
"اوہ۔ اوہ۔ واقعی حملہ کر دیا گیا ہے۔ احتیاط سے اور جلدی سے
رو۔ ابھی یہ اڈے والی جگہ پر فائر کریں گے۔ بعد میں نیچے فائر
گے۔ جلدی کرو لیکن احتیاط سے"...... عمران نے چیختے ہوئے
پھر وہ اور زیادہ تیزی سے نیچے اترنے لگے۔ دھماکے اب بند ہو
تھے البتہ اب اندر بھی چٹانیں اور پتھر گرنے لگ گئے تھے لیکن
وہ لوگ اب پہاڑی کی دوسری سائیڈ پر پہنچ گئے تھے اس لئے وہ
موں سے محفوظ تھے لیکن ان کے نیچے اترنے کی رفتار کافی تیز تھی
یانک کچھ وقفے کے بعد ایک بار پھر خوفناک دھماکے شروع ہو
اس بار تو واقعی یوں لگتا تھا کہ جیسے پہاڑی ریزہ ریزہ ہو کر فضا

میں بکھر جائے گی۔ وہ اب چٹانوں سے چمٹے ہوئے تھے کیو
خوفناک لرزش میں چلنا خودکشی کرنے کے سوا اور کچھ
اچانک ایک انتہائی خوفناک دھماکہ جیسے ان کے سروں کے
اور پھر ان کی آنکھوں کے سامنے سورج سا طلوع ہو گیا۔ ا
ساتھ ہی ایک اور خوفناک دھماکہ ان کے قریب ہوا اور ا
لمحے انہیں یوں محسوس ہوا جیسے وہ حقیر تنکوں کی طرح بکھرتے
کہیں دور فضا میں اڑے چلے جا رہے ہوں۔ چند لمحوں تک تو ا
احساسات نے ان کا ساتھ دیا پھر ہر طرف گہری تاریکی پھیلتی
اور شاید یہ حقیقی موت کی تاریکی تھی۔

ان کے پورے علاقے میں اس وقت فوج کے سپاہی پھیلے
تھے۔ پلاسن پہاڑی اور اس کے ساتھ کسی حد تک ملی ہوئی
پہاڑی مکمل طور پر تباہ کر دی گئی تھی۔ شاگل اس وقت اپنے
ان کے کمرے میں موجود تھا اور سامنے میز پر ٹرانسمیٹر پڑا ہوا
ام کارروائی اس کی آنکھوں کے سامنے ہوئی تھی۔ اس نے صدر
کو کال کر کے جب تفصیل بتائی تو صدر صاحب نے وہاں
اور پہاڑی کو میزائلوں سے اڑانے کا فیصلہ سنا دیا تھا اور
ہی دیر بعد میزائل بردار جنگی طیاروں کے دو گروپ وہاں
انہوں نے ایک بار اس پہاڑی کا راؤنڈ لگایا اور پھر اس
خوفناک میزائلوں کی بارش شروع کر دی۔ یہ میزائل اس
تھے کہ ان کی فائرنگ کے بعد پہاڑی اس طرح پرزے

پرزے ہو کر فضا میں بکھرنے لگی جیسے وہ پتھروں اور چٹانوں کی
مٹی کی بنی ہوئی ہو۔ شاگل حیرت اور خوف کے ملے جلے تاثرا
ساتھ اس پہاڑی پر کھڑا یہ سب کچھ ہوتے دیکھتا رہا جہاں
کیمپ بنایا گیا تھا۔ یہ میزائل اس قدر تعداد میں اور مسلسل
گئے تھے کہ جب تک پلاسن کی انتہائی بلند اور اس سے تقریباً
کے قریب اونچی دوسری ملحقہ پہاڑی مکمل طور پر تباہ نہ ہو
فائرنگ بند نہ ہوئی اور آخرکار جب جنگی طیارے واپس گ
طرف پتھروں اور چٹانوں کے ڈھیر دور دور تک پھیلے ہوئے نظ
تھے اور پھر وہاں ہیلی کاپٹروں پر چھاتہ بردار فوجی پہنچ گئے جن ک
سینکڑوں میں تھی اور وہ اس ساری وادی میں پھیلتے چلے گ
کے پاس مخصوص ہتھیار تھے جن کی مدد سے وہ ان پتھروں اور
کے ڈھیروں میں سے زندہ یا مردہ انسانوں کو تلاش کر
مصروف ہو گئے۔ ان آلات کی مدد سے انہیں معلوم ہو جاتا
کس ڈھیر کے نیچے انسانی جسم موجود ہے اور پھر اس ڈھیر کو ہٹا
انسانی جسم کو باہر نکال لیا جاتا اور اس وقت تو شاگل بے اخ
پیٹ اٹھا جب اسے اشوک نے اطلاع دی کہ اب تک ملنے والی
لاشیں ان کے اپنے آدمیوں کی ہیں جو پہاڑی کے گرد پہرے
تھے اور گو انہوں نے میزائل فائر ہوتے ہی دور ہٹ کر چٹان
اوٹ لے لی تھی لیکن شاید ان کے تصور میں بھی نہ تھا کہ
پوری پہاڑی کو ہی اڑا دیں گے اس لئے وہ پہاڑی کے اڑتے

اور چٹانوں کی زد میں آکر ہلاک ہو گئے تھے۔ صرف اشوک،
اور شاگل ہی زندہ بچ سکے تھے کیونکہ وہ دوسری پہاڑی پر موجود
میں تھے لیکن ابھی تک عمران اور اس کے کسی ساتھی کی لاش
مل سکی تھی حالانکہ اڈا بھی جو ریڈ بلاکس کا بنا ہوا تھا پہاڑی سے
مکمل طور پر تباہ ہو چکا تھا لیکن شاگل کو یقین تھا کہ بہرحال
اور اس کے ساتھی اس خوفناک تباہی کے بعد کسی صورت
بچ کر نہیں نکل سکتے اور چونکہ دور دور تک پہاڑیوں کا ملبہ
ڈھیروں کی صورت میں تھا اس لئے ان کی لاشیں تلاش
نجانے کتنے دن لگ سکتے تھے۔ فوج کے پہنچنے کے بعد صدر
اور پھر شاگل نے پوری تفصیل سے انہیں ساری کارروائی
میں بتایا جس پر صدر نے اطمینان کا اظہار کیا اور ساتھ ہی
حکم دیا کہ وہ اس وقت تک وہیں رہے گا جب تک عمران اور
ساتھیوں کی لاشیں دریافت نہیں ہو جاتیں اور جب یہ
دریافت ہو جائیں تو وہ انہیں کسی ہیلی کاپٹر پر لے کر
ہاؤس پہنچ جائے۔ فوج کے کمانڈر کو بھی اس بارے میں
ہدایات دی جا چکی تھیں اس لئے شاگل اس پہاڑی کیمپ سے
اس زمینی آفس میں آگیا تھا۔ لاشیں تلاش کرنے والے
کے کمانڈر کرنل پرشاد سے اس کا ٹرانسمیٹر پر رابطہ تھا اور وہ
تک اطلاع دے چکا تھا کہ کرنل شرما سمیت آٹھ سائنس
انتہائی کٹی پھٹی اور ٹکڑوں میں تبدیل لاشیں دریافت کر لی

گئی ہیں لیکن ظاہر ہے شاگل کو ان سے کوئی دلچسپی نہ تھی۔ ا
تمام تر دلچسپی عمران اور اس کے ساتھیوں سے تھی اور وہ ا
بارے میں اطلاع کا شدت سے منتظر تھا کہ اسی لمحے ٹرانسمیٹر
آنا شروع ہو گئی اور شاگل نے ہاتھ بڑھا کر ٹرانسمیٹر آن کر دیا۔

" ہیلو ہیلو۔ کرنل پرشاد کالنگ۔ اوور"....... دوسری طرف
کرنل پرشاد کی پرجوش آواز سنائی دی۔

" یس۔ شاگل چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس اٹنڈنگ
اوور"....... شاگل نے اپنی عادت کے مطابق اپنا پورا عہدہ
ہوئے کہا۔

" سر۔ پہاڑی کی دوسری طرف کافی فاصلے پر ایک عورت ا
مرد انتہائی زخمی حالت میں ملے ہیں جبکہ ایک مرد کی لاش ملی
سب کافرستانی فوج کی یونیفارم میں ہیں جبکہ یہ عورت غیر ملکی
اوور"....... کرنل پرشاد نے کہا تو شاگل بے اختیار اچھل کر
گیا۔

" اوہ۔ اوہ۔ یہی پاکیشیائی ایجنٹ ہیں۔ اوہ۔ یہ ابھی تک
ہیں۔ کہاں ہیں یہ۔ مجھے بتاؤ۔ میں خود آرہا ہوں۔ میں انہیں
لوں گا۔ اوور"....... شاگل نے حلق کے بل چیختے ہوئے کہا۔

" زخمیوں کو فیلڈ کیمپ میں لے آیا گیا ہے اور ڈاکٹر ان
پٹی کر رہے ہیں لیکن یہ سب انتہائی شدید زخمی ہیں۔ ان کا
ہے۔ اوور"....... دوسری طرف سے کہا گیا۔

میں پہنچ رہا ہوں۔ ابھی۔ اوور اینڈ آل"....... شاگل نے چیختے
ہ کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے ٹرانسمیٹر آف کیا اور پھر دوڑتا
اس سے باہر آگیا جہاں جیپ میں ڈرائیور موجود تھا۔

جلدی کرو۔ فوجی کیمپ چلو۔ جلدی کرو"....... شاگل نے چیختے
ڈرائیور سے کہا اور اچھل کر جیپ کی سائیڈ سیٹ پر بیٹھ گیا۔
بھی بجلی کی سی تیزی سے ڈرائیونگ سیٹ پر پہنچا اور اس نے
سٹارٹ کر کے آگے بڑھا دیا اور پھر واقعی ڈرائیور نے حیرت
تی کا مظاہرہ کیا۔ چند لمحوں بعد جیپ تنگ پہاڑی راستوں پر
ئی آگے بڑھی چلی جا رہی تھی۔

جلدی چلاؤ۔ کیا ہو گیا ہے تمہیں۔ جیپ کچھوے کی طرح رینگ
.... شاگل نے غصیلے لہجے میں کہا۔

۔ اس سے زیادہ تیز رفتاری خطرناک ثابت ہو سکتی ہے"۔
نے مؤدبانہ لہجے میں کہا۔

ہیں کس احمق نے ڈرائیور بنایا ہے۔ نانسنس۔ جیپ چلا
یا بیل گاڑی۔ تیز چلاؤ"....... شاگل نے اور زیادہ غصیلے لہجے

ں سر"....... ڈرائیور نے کہا اور جیپ کی رفتار تیز کر دی لیکن
پہاڑی سڑک تھی اس لئے جیپ بری طرح اچھلنے لگی۔

کر رہے ہو نانسنس۔ احمق ٹھیک طرح جیپ چلاؤ۔ آہستہ
مصیبت پڑ گئی ہے تم پر"..... ایک جمپ کھانے کے بعد

جب جیپ ڈولی تو شاگل بے اختیار چیخ پڑا۔

"یس سر"...... ڈرائیور نے کہا اور جیپ کی رفتار آہستہ ک
لیکن اس میں یہ جرأت نہ تھی کہ وہ شاگل کو یہ کہہ سکتا کہ اس
خود ہی تو تیز چلانے کا حکم دیا تھا۔ تقریباً ڈیڑھ گھنٹے بعد جیپ
کے سامنے پہنچ کر رک گئی۔ وہاں باقاعدہ فوجی پہرہ دے رہے
جیپ رکتے ہی شاگل اچھل کر نیچے اترا اور تیزی سے دوڑتا ہوا
کے اندر پہنچ گیا۔ وہاں کرنل پرشاد موجود تھا جو شاگل کو آتے د
کرسی سے اٹھا اور اس نے شاگل کو باقاعدہ سلیوٹ کیا۔

"کہاں ہیں وہ پاکیشیائی ایجنٹ"...... شاگل نے سر ہلا کر
کا جواب دیتے ہوئے انتہائی بے چین سے لہجے میں کہا۔

"سر وہ شدید زخمی تھے اس لئے میں نے انہیں ایمبولینس
پر ہسپتال بھجوا دیا ہے"...... کرنل پرشاد نے جواب دیا تو شا
اختیار اچھل پڑا۔

"کیا۔ کیا کہہ رہے ہو۔ کیوں بھیجا ہے۔ وہ تو دشمن
تھے"...... شاگل نے حلق کے بل چیختے ہوئے کہا۔

"جی سر۔ لیکن چونکہ وہ زندہ تھے اس لئے قانون کے مطا
علاج کرایا جانا ضروری تھا۔ بعد میں ظاہر ہے ان پر مقدمہ
عدالت جو سزا انہیں دے گی وہ بھگتیں گے"...... کرنل پر
جواب دیتے ہوئے کہا۔

"اوہ۔ اوہ۔ وہ تو ٹھیک ہو کر پھر نکل جائیں گے

نس"...... شاگل نے بری طرح پیر پٹختے ہوئے کہا۔

"سر۔ ان میں سے ایک عورت غیر ملکی ہے وہ معمولی زخمی ہے
باقی مرد تو خاصے شدید زخمی ہیں۔ پھر وہ ملٹری ہسپتال سے کیسے
سکتے ہیں سر۔ البتہ میں نے خود یہ فیصلہ نہیں کیا بلکہ کمانڈر
ل کو قانون کے مطابق اطلاع دی تھی۔ انہوں نے حکم دیا ہے"۔
ل پرشاد نے جواب دیا تو شاگل نے بے اختیار ہونٹ بھینچ لئے۔
ہے قانون تو یہی تھا اب وہ یہ تو نہ کہہ سکتا تھا کہ وہ خود انہیں
مارے گا۔

"وہ ہلاک کیوں نہیں ہوئے جبکہ میری فورس کے سب آدمی
ہو گئے ہیں۔ وہ کیسے زندہ بچ گئے"...... شاگل نے کچھ دیر تک
ش رہنے کے بعد اپنے آپ کو سنبھالتے ہوئے اس بار نرم لہجے
پوچھا۔

"سر۔ یہ پہاڑی سے بہت دور علاقے میں ملے ہیں۔ یہ عورت تو
پانی کے چھوٹے سے تالاب میں جا گری تھی اس لئے وہ تو زیادہ
نہیں ہوئی البتہ اس کے سر پر چوٹ آئی تھی جس کی وجہ سے وہ
ش تھی جبکہ باقی افراد پہاڑیوں کی مختلف ڈھلوانوں میں موجود
وں میں پڑے ملے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ جب پہاڑی پر میزائل
ئے تو یہ کافی بلندی پر تھے اور میزائل کے دھماکے کی فورس
دت کی وجہ سے یہ پتھروں سمیت اڑتے ہوئے کافی دور جا گرے
باقی سارے لوگ قریب قریب علاقے سے ملے ہیں۔ وہاں

پتھر تو پہنچے ہیں لیکن ان کی تعداد خاصی کم تھی اس لئے یہ پتھروں میں دب کر ہلاک نہیں ہوئے بلکہ جھاڑیوں میں گرنے اور ڈھلوانوں پر لڑھکنے کی وجہ سے زخمی ہوئے ہیں"...... کرنل پرشاد نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"ٹرانسمیٹر کہاں ہے۔ مجھے صدر صاحب کو رپورٹ دینی ہو گی"۔ شاگل نے اثبات میں سر ہلاتے ہوئے کہا۔

"اندر ہے جناب۔ آیئے"...... کرنل پرشاد نے مؤدبانہ لہجے میں کہا اور اندرونی طرف مڑ گیا۔ شاگل اس کے پیچھے کیمپ میں داخل ہوا اور پھر میز پر رکھے وسیع رینج ٹرانسمیٹر کے سامنے کرسی پر بیٹھ گیا۔

"کہاں موجود ہیں یہ زخمی"...... شاگل نے ٹرانسمیٹر کی طرف ہاتھ بڑھانے سے پہلے کرنل پرشاد سے پوچھا۔

"راگو چھاؤنی کے ہسپتال میں جناب۔ ایمبولینس ہیلی کاپٹروں پر بھجوایا گیا ہے انہیں"...... کرنل پرشاد نے کہا۔

"یہ ایمبولینس ہیلی کاپٹر کہاں سے آئے تھے"...... شاگل نے ایک بار پھر غصیلے لہجے میں کہا۔

"سر میں نے کال کر کے منگوائے تھے۔ آپ کی آمد سے نصف گھنٹہ پہلے یہ پہنچے تھے"...... کرنل پرشاد نے اسی طرح مؤدبانہ لہجے میں کہا۔

"کیا وہ وہاں زندہ پہنچ گئے ہوں گے یا نہیں۔ کیا صورت حال ہے ان کی"...... شاگل نے پوچھا۔

میں کیا کہہ سکتا ہوں جناب۔ یہ تو ہسپتال کا انچارج ہی بتا سکے کرنل پرشاد نے جواب دیا۔

اسے کال کرو اور اس سے میری بات کراؤ تاکہ میں صدر کو حتمی رپورٹ دے سکوں"...... شاگل نے اس بار انتہائی لہجے میں کہا۔

یس سر"...... کرنل پرشاد نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے پر ایک فریکونسی ایڈجسٹ کی اور پھر بٹن آن کر دیا۔

ہیلو ہیلو۔ کرنل پرشاد کالنگ فرام پلاسن آپریشن۔ اوور"۔ پرشاد نے بار بار کال دیتے ہوئے کہا۔

یس۔ راگو چھاؤنی ہسپتال۔ اوور"...... چند لمحوں بعد ایک آواز سنائی دی۔

نل ڈاکٹر گوپال سے بات کرائیں۔ میں پلاسن آپریشن بول رہا ہوں۔ اوور"...... کرنل پرشاد نے کہا۔

یس سر۔ ویٹ فار ون منٹ۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا کچھ دیر خاموشی کے بعد ایک بار پھر کال آنا شروع ہو گئی۔

ڈاکٹر گوپال اٹنڈنگ۔ اوور"...... ایک مردانہ آواز سنائی

نل پرشاد بول رہا ہوں۔ یہاں کیمپ میں کافرستان سیکرٹ چیف جناب شاگل تشریف فرما ہیں۔ ان سے بات کریں۔ کرنل پرشاد نے کہا۔

"کرائیں بات۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا تو ک
پرشاد نے ٹرانسمیٹر شاگل کی طرف کھسکا دیا اور خود ایک طرف ہو
کھڑا ہو گیا۔

"ہیلو شاگل بول رہا ہوں چیف آف کافرستان سیکرٹ سر
اوور"...... شاگل نے اپنی عادت کے مطابق پورا عہدہ دوہ
ہوئے بڑے فاخرانہ لہجے میں کہا حالانکہ تعارف پہلے کرنل پرشا
چکا تھا لیکن ظاہر ہے شاگل اپنی عادت نہ چھوڑ سکتا تھا۔

"یس سر۔ فرمایئے ۔ اوور"...... دوسری طرف سے مؤدبانہ
میں کہا گیا تو شاگل کا چوڑا سینہ مزید چند انچ پھول گیا۔

"پلاسن آپریشن کیمپ سے آپ کے پاس جو زخمی بھیجے گئے ہیں
کی کیا پوزیشن ہے۔ میں نے صدر صاحب کو رپورٹ دینی ہے
لئے مجھے حتمی رپورٹ چاہئے ۔ اوور"...... شاگل نے کہا۔

"سر۔ ایک غیر ملکی عورت اور چار مقامی مرد زخمی حالت
یہاں لائے گئے ہیں۔ ان میں سے عورت کے صرف سر پر چو
ہے۔ وہ ابھی تک ہوش میں نہیں آئی جبکہ چاروں مرد شدید زخمی
لیکن چیکنگ سے معلوم ہوا ہے کہ ان میں سے ایک کے کم
ریڑھ کی ہڈی ٹوٹ گئی ہے۔ وہ دوران آپریشن ہی ختم ہو گیا۔
باقی تین مردوں کے جسموں پر زخم تھے اور خون ضائع ہوا لیکن
حیرت انگیز قوت مدافعت کی بنا پر بہرحال زندہ ہیں۔ ان کی
بینڈیج کر دی گئی ہے۔ اوور"...... کرنل ڈاکٹر گوپال نے

تے ہوئے کہا۔

"کیا یہ تینوں مرد ہوش میں ہیں۔ اوور"...... شاگل نے چونک
پوچھا۔

"یس سر۔ انہیں ہوش آ گیا تھا لیکن ان کے زخموں اور جسم میں
کی شدید کمی کے پیش نظر انہیں خواب آور انجکشن لگا دیئے گئے
اس لئے فی الحال وہ نیند میں ہیں۔ اوور"...... ڈاکٹر نے جواب
ہوئے کہا۔

"وہاں ان کی حفاظت کے کیا انتظامات کئے ہیں آپ نے کیونکہ
انی خوفناک ایجنٹ ہیں۔ یہ وہاں سے فرار بھی ہو سکتے ہیں۔
...... شاگل نے کہا۔

"سر ان کے ہاتھ اور پیر بیڈز سے کلپ کر دیئے گئے ہیں۔ ویسے وہ
ا تک حرکت نہ کر سکیں گے۔ بھاگنا تو کیا چلنے کے لئے انہیں
کم ایک ہفتہ لگ جائے گا۔ اوور"...... ڈاکٹر نے جواب دیا۔

"او کے میں خود آ رہا ہوں تاکہ ان کی شناخت کر سکوں اور پھر
صاحب کو رپورٹ دوں۔ اوور"...... شاگل نے کہا۔

"یس سر۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا تو شاگل نے
آف کر دیا۔

"کرنل پرشاد"...... شاگل نے کرنل پرشاد سے مخاطب ہو کر

"یس سر"...... کرنل پرشاد نے مؤدبانہ لہجے میں جواب دیا۔

"ہیلی کاپٹر منگواؤ تاکہ میں ہسپتال جا سکوں"...... شاگل نے کہا۔

"یس سر"...... کرنل پرشاد نے کہا اور تیزی سے واپس مڑ شاگل نے ہاتھ بڑھا کر صدر کی خصوصی فریکونسی ٹرانسمیٹر پر ایڈ کرنا شروع کر دی۔

"ہیلو ہیلو۔ شاگل چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس کا اوور"...... شاگل نے بار بار کال دیتے ہوئے کہا۔

"یس۔ ملٹری سیکرٹری ٹو پریذیڈنٹ اٹنڈنگ یو۔ اوور" لمحوں بعد دوسری طرف سے ملٹری سیکرٹری کی آواز سنائی دی۔

"صدر صاحب سے بات کرائیں۔ اوور"...... شاگل نے کہا

"صدر صاحب ایک میٹنگ میں مصروف ہیں سر او ٹرانسمیٹر نہیں لے جایا جا سکتا البتہ اگر آپ فون استعمال ک میٹنگ کے دوران بھی بات ہو سکتی ہے کیونکہ صدر صاحب خصوصی ہدایات کی ہیں کہ اگر آپ کی فون کال آئے تو انہیں کی جائے۔ اوور"...... دوسری طرف سے ملٹری سیکرٹری نے لہجے میں کہا۔

"اوکے۔ ٹھیک ہے۔ اوور اینڈ آل"...... شاگل نے کہا بات اس کی سمجھ میں آ گئی تھی کہ صدر صاحب ظاہر ہے ٹرانسمیٹر کے بٹن آن آف نہیں کر سکتے تھے۔ یہ کام سیکرٹری کا تھا اور سیکرٹری اس میٹنگ میں جا نہ سکتا ہو گا۔ اسے معلوم

ملٹری نے یہاں کیمپ لگائے ہوئے تھے اور اصول کے مطابق خصوصی کارڈلیس فون کا بندوبست بھی کیا ہو گا۔ پہلے شاگل کو اس کا خیال نہ آیا تھا ورنہ وہ خود بھی ٹرانسمیٹر کی بجائے فون زیادہ استعمال کرنے کا عادی تھا کیونکہ ٹرانسمیٹر کے بٹن بار بار آن آف کرنا وہ اپنے لئے توہین سمجھتا تھا۔ تھوڑی دیر بعد کرنل پرشاد اندر داخل ہوا۔

"ابھی دس منٹ میں ہیلی کاپٹر آ جائے گا سر"...... کرنل پرشاد نے اندر داخل ہوتے ہوئے کہا۔

"مجھے صدر صاحب کو فون کرنا ہے۔ کیا اس کا بندوبست ہے یہاں"...... شاگل نے کہا۔

"یس سر۔ میں لے آتا ہوں"...... کرنل پرشاد نے کہا اور ایک بار پھر واپس مڑ گیا۔ تھوڑی دیر بعد وہ واپس آیا تو اس کے ہاتھ میں خصوصی کارڈلیس فون تھا۔

"تم باہر جاؤ"...... شاگل نے اس کے ہاتھ سے فون چھین لیتے ہوئے کہا کیونکہ وہ نہیں چاہتا تھا کہ کرنل پرشاد کے سامنے اسے مؤدبانہ لہجہ اختیار کرنا پڑے۔ ظاہر ہے صدر صاحب کے ساتھ بات کرتے ہوئے انتہائی مؤدبانہ لہجہ ہی اختیار کرنا تھا۔

"یس سر"...... کرنل پرشاد نے کہا اور مڑ کر واپس چلا گیا تو شاگل نے بٹن دبا کر فون آن کیا اور پھر نمبر پریس کرنے شروع کر دیئے۔

"یس۔ ملٹری سیکرٹری ٹو پریذیڈنٹ اٹنڈنگ"...... رابطہ قائم

ہوتے ہی ملٹری سیکرٹری کی آواز سنائی دی۔

" شاگل بول رہا ہوں چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس۔ صدر صاحب سے بات کراؤ"...... شاگل نے اپنے مخصوص لہجے میں کہا۔

" ہولڈ آن کریں سر۔ میں رابطہ کرتا ہوں"...... دوسری طرف سے کہا گیا اور پھر چند لمحوں کی خاموشی کے بعد صدر صاحب کی مخصوص باوقار آواز سنائی دی۔

" شاگل بول رہا ہوں سر۔ پلاسن سے سر"...... شاگل نے انتہائی مؤدبانہ لہجے میں کہا۔

" کیا رپورٹ ہے آپ کی"...... صدر صاحب نے مخصوص باوقار اور دھیمے لہجے میں پوچھا۔

" سر۔ پلاسن پہاڑی اور اڈا سب میزائلوں سے مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا ہے"...... شاگل نے کہا۔

" وہ مجھے معلوم ہے۔ مجھے تفصیلی رپورٹ مل چکی ہے۔ آپ پاکیشیائی ایجنٹوں کے بارے میں رپورٹ دیں"...... صدر صاحب نے اس بار قدرے غصیلے لہجے میں کہا۔

" سر پاکیشیائی ایجنٹ جن کی تعداد پانچ تھی جن میں سے ایک عورت اور چار مرد شامل تھے یہ پانچوں تباہ شدہ پلاسن پہاڑی سے کافی فاصلے پر شدید زخمی حالت میں فوج کو ملے ہیں۔ ان میں عورت جو کہ غیر ملکی بتائی جاتی ہے کسی پانی کے تالاب میں گری تھی اس لئے اسے چوٹیں تو نہیں آئیں البتہ اس کے سر پر چوٹ لگی ہے جس ا

۔ وہ بے ہوش ہے۔ باقی چار مرد شدید زخمی تھے۔ فوجی آپریشن
چارج کرنل پرشاد نے میرے کیمپ تک پہنچنے سے پہلے ان
راگو چھاؤنی کے ہسپتال سے ایمبولینس ہیلی کاپٹر منگوا کر
ہسپتال بھجوا دیا۔ میں نے ابھی ہسپتال کے انچارج کرنل
پال سے بات کی ہے۔ انہوں نے مجھے بتایا ہے کہ ایک مرد
الی زخمی تھا اور اس کی کولہے اور ریڑھ کی ہڈی ٹوٹ گئی تھی وہ
ن کے دوران ہی ہلاک ہو گیا ہے جبکہ اس عورت کو ابھی
ش نہیں آیا البتہ باقی تین مردوں کے زخموں پر بینڈیج کر دی
لیکن خون کی کمی اور زخموں کے باوجود وہ ابھی زندہ ہیں۔
پوچھنے پر ڈاکٹر نے بتایا کہ ان چاروں کے ہاتھ اور پیر بیڈز سے
دیئے گئے ہیں اور ڈاکٹر کے مطابق وہ ایک ہفتے تک چلنے کے
ل نہیں ہو سکتے اس لئے ان کے بھاگنے کا کوئی سوال ہی پیدا
تا۔ اب میں خود وہاں جا رہا ہوں تاکہ یہ معلوم کر سکوں کہ
ک ہونے والا عمران ہے یا وہ زخمیوں میں شامل ہے"۔ شاگل
ی تفصیل بتاتے ہوئے کہا۔

وہ۔ اس قدر ہولناک تباہی کے باوجود وہ زندہ بچ گئے ہیں۔
ہے"...... صدر نے انتہائی حیرت بھرے لہجے میں کہا تو شاگل
ل پرشاد کی بتائی ہوئی بات اپنی رپورٹ ظاہر کر کے بتا دی۔

ہاں۔ ایسا ہو سکتا ہے۔ بہرحال اب آپ وہاں جائیں اور ان کی
کا سخت انتظام کریں۔ میں ڈاکٹر کو احکامات بھجوا دوں گا جیسے

ہی وہ لوگ اس قابل ہوں کہ حرکت کر سکیں ان کا اسی جگہ کورٹ مارشل کیا جائے اور انہیں فوری طور پر سزا دی جائے آپ نے ان کے مل جانے کی اطلاع ابھی باہر نہیں نکالنی ورنہ ہے کہ پاکیشیا سیکرٹ سروس یا کوئی اور ٹیم انہیں بچا کرنے کے لئے یہاں پہنچ جائے"...... صدر نے کہا۔

"یس سر"...... شاگل نے مؤدبانہ لہجے میں کہا۔

"اوکے"...... دوسری طرف سے کہا گیا اور شاگل نے فون کے اسے میز پر رکھا اور پھر کرسی سے اٹھ کر وہ تیز تیز قدم اٹھا کے بیرونی حصے کی طرف بڑھنے لگا۔ باہر فوجی ہیلی کاپٹر بھی اور کرنل پرشاد بھی۔

"کرنل پرشاد صدر صاحب کا حکم ہے کہ ان پاکیشیائی کے دستیاب ہونے کی اطلاع باہر نہیں جانی چاہئے اس لئے کی تلاش اسی طرح جاری رکھیں جب تک کہ آپ کو اسے کا حکم نہ دیا جائے"...... شاگل نے کرنل پرشاد سے مخاطب کہا۔

"یس سر"...... کرنل پرشاد نے جواب دیا اور شاگل ہیلی طرف بڑھ گیا۔ تھوڑی دیر بعد ہیلی کاپٹر راگو چھاؤنی کے ان ہیلی کاپٹر پیڈ پر اتر گیا۔ وہاں راگو چھاؤنی کا آپریشن انچارج کرنل اور ہسپتال کا انچارج ڈاکٹر گوپال دونوں اس کے استقبال موجود تھے۔

"زخمیوں کی کیا پوزیشن ہے ڈاکٹر"...... تعارف کے بعد شاگل نے ڈاکٹر گوپال سے پوچھا۔

"ویسے تو وہ خواب آور انجکشن کے تحت ہیں البتہ وہ تیزی سے ...لیہ ہو رہے ہیں"...... ڈاکٹر گوپال نے کہا۔

"صدر صاحب کے احکامات آپ کو مل چکے ہیں یا نہیں"۔ شاگل نے کہا۔

"مل چکے ہیں جناب"...... ڈاکٹر نے جواب دیا اور شاگل نے ...نان بھرے انداز میں اثبات میں سر ہلا دیا۔ پھر وہ ان دونوں کے ساتھ ہسپتال پہنچا۔ کرنل ٹھاکر تو وہیں سے واپس چلا گیا جبکہ شاگل ڈاکٹر گوپال کے ساتھ ہسپتال میں داخل ہو گیا۔

"پہلے مجھے آپ ہلاک ہونے والے ایجنٹ کی لاش دکھائیں"۔ شاگل نے کہا۔

"یس سر۔ آئیے سر۔ اسے بھی میں نے اپنے مخصوص کمرے میں رکھوایا ہے"...... ڈاکٹر نے جواب دیا اور تھوڑی دیر بعد وہ دونوں ایک کمرے میں داخل ہوئے جہاں بیڈ پر ایک لاش موجود تھی جو سفید رنگ کے کپڑے سے ڈھکی ہوئی تھی۔ شاگل نے آگے بڑھ کر جھٹکے سے کپڑا کھینچ کر ایک طرف کیا لیکن اس کے ساتھ ہی اس کے چہرے پر مایوسی کے تاثرات ابھر آئے۔

"اوہ۔ یہ تو عمران نہیں ہے"...... شاگل نے ہونٹ بھینچتے ہوئے کہا۔

"عمران کون ہے سر"...... ساتھ کھڑے ڈاکٹر گوپال نے کہا۔

"ان پاکیشیائی ایجنٹوں کا لیڈر۔ بہرحال چلو زخمیوں کے پاس" شاگل نے کہا اور ڈاکٹر گوپال نے جھک کر نیچے پڑا ہوا سفید کپڑا اٹھا اور اسے ایک بار پھر لاش پر ڈال کر وہ بیرونی دروازے کی طرف بڑ گیا۔ تھوڑی دیر بعد شاگل ڈاکٹر گوپال کے ساتھ ایک بڑے ہال کمرے میں داخل ہوا تو وہاں چار بیڈز تھے جن میں سے ایک پر ا عورت اور باقی تین پر تین مرد لیٹے ہوئے تھے اور ان سب کی آنکھ بند تھیں۔

"اوہ۔ اوہ۔ ویری بیڈ۔ ویری بیڈ"...... یکلخت شاگل نے ہوئے کہا۔

"کیا۔ کیا ہوا سر۔ کیا ہوا"...... شاگل کے اس طرح اچانک پر ڈاکٹر گوپال نے گھبرا کر پوچھا۔

"ان میں سے کوئی بھی عمران نہیں ہے۔ اوہ۔ اوہ۔ اس مطلب ہے کہ ابھی وہ نہیں ملا لیکن پھر یہ تعدا کیسے پوری ہو گ اوہ۔ ان میں سے کوئی ایک مقامی ہو گا۔ اوہ۔ ڈاکٹر تم ان خصوصی طور پر خیال رکھنا میں واپس پلاسن جا رہا ہوں۔ اس ع کا زندہ یا مردہ حالت میں ملنا ضروری ہے۔ وہ ان سب سے خطرناک ہے"...... شاگل نے چیختے ہوئے کہا اور تیزی سے دروازے کی طرف ایک طرح سے دوڑ پڑا۔ ڈاکٹر گوپال اتنے افسر کو اس انداز میں چیختے اور دوڑتے دیکھ کر حیران رہ گیا لیکن

اس نے اس کے پیچھے تو جانا تھا اس لئے وہ بھی تیز تیز قدم اٹھاتا گل کے پیچھے بیرونی دروازے کی طرف بڑھ گیا۔ زخمیوں اور بے ل عورت کے بارے میں اسے کوئی فکر نہ تھی کیونکہ اسے معلوم کہ ایک تو ان کے ہاتھ پیر بیڈز سے بندھے ہوئے تھے پھر وہ بے ل اور خواب آور انجکشن کے تحت ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ ی بھی ہیں اس لئے وہ کہاں بھاگ سکتے ہیں۔

عمران کی آنکھیں کھلیں لیکن اس کی آنکھوں کے سامنے نہ صرف
گہری دھند تھی بلکہ اس کے ذہن کے گرد بھی گہرا دھواں سا چھایا
محسوس ہو رہا تھا لیکن پھر آہستہ آہستہ نہ صرف یہ دھند صاف ہوتی
بلکہ اس کے ذہن کے گرد پھیلا ہوا دھواں بھی غائب ہونے لگا تو
کے ذہن میں فوراً ہی وہ لمحہ آگیا جب وہ ہوا میں انتہائی تیز رفتا
سے اڑا چلا جا رہا تھا پھر اس کے ذہن پر اچانک تاریکی سی چھیں
تھی اور یہ منظر ذہن پر ابھرتے ہی اس کا جیسے سویا ہوا شعور ب
جاگ اٹھا ہو۔ اس نے لاشعوری طور پر اٹھنے کی کوشش کی
دوسرے لمحے وہ یہ محسوس کر کے رہ گیا کہ اس کا جسم حرکت نہ
تھا لیکن اب اس کی آنکھوں کے سامنے سے دھند سی غائب ہو
تھی۔ اس نے گردن ہلائی تو گردن حرکت کر رہی تھی اور وہ یہ
کر حیران رہ گیا کہ وہ کسی ہسپتال کے کمرے میں بیڈ پر لیٹا ہوا

ے جسم پر سرخ رنگ کی چادر تھی۔ بیڈ کی سائیڈ پر خون اور
ی بوتلوں کے سٹینڈز موجود تھے۔ عمران نے ہاتھوں کو حرکت
ں کوشش کی تو اسے محسوس ہوا کہ اس کے بازو حرکت تو کر
ہے لیکن شاید وہ بیڈ کے ساتھ کلپڈ تھے۔ اس نے جسم کو حرکت
ں شعوری کوشش کی تو اس بار اسے احساس ہوا کہ اس کے
ں حرکت موجود ہے لیکن اس کے پیروں کو بھی بیڈ کے ساتھ
یا گیا ہے۔

"۔ کیا میں کافرستانی فوج کے کسی ہسپتال میں ہوں لیکن
مجھے دیکھتے ہی گولی مار دیتا اور باقی ساتھی کہاں ہیں"۔
نے سوچا اور اس کے ساتھ ہی اس کے ذہن میں یکلخت دھماکہ
کیونکہ جن حالات میں وہ وہاں سے اڑ کر انتہائی بلندی سے نیچے
ہے کسی کے بچ جانے کا کوئی سوال ہی پیدا نہ ہوتا تھا۔ نجانے
زندہ بچ گیا تھا لیکن اسے دل میں اپنے ساتھیوں کے بارے
ے کا جب کوئی اثر محسوس نہ ہوا تو اسے اطمینان سا ہو گیا کہ
ساتھی جہاں بھی ہیں بہرحال اللہ تعالیٰ کے فضل سے زندہ
لکہ اس کا تجربہ تھا کہ ایسے حالات میں دل سب سے پہلے
ں کے بارے میں گواہی دے دیتا ہے۔ ابھی وہ یہ بات سوچ
حالانکہ کمرے کا دروازہ کھلا اور عمران نے گردن موڑ کر دیکھا تو
ذہن کو ایک زوردار جھٹکا لگا کیونکہ دروازے سے کامران
ہو رہا تھا۔

"کامران تم"...... عمران نے بے اختیار حیرت بھرے
کہا۔
"اوہ۔ اوہ۔ عمران صاحب خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ
ہوش آ گیا۔ میں ڈاکٹر کو بلاتا ہوں"...... کامران نے مسرت
لہجے میں کہا اور اس کے ساتھ ہی وہ تیزی سے مڑا اور ایک لحا
دوڑتا ہوا کمرے سے باہر چلا گیا تو عمران نے بے اختیار اطم
طویل سانس لیا۔ کامران کی یہاں موجودگی کا مطلب تھا
کافرستانی فوج یا شاگل کی قید میں نہیں ہے بلکہ مشکبار کی
آزادی کے کسی ہسپتال میں ہے اور شاید کامران اسے اور ا
ساتھیوں کو کافرستانی فوج کی آمد سے پہلے یہاں لے آیا ہو گا۔
دروازہ کھلا اور ایک ادھیڑ عمر ڈاکٹر اندر داخل ہوا۔ اس
کامران تھا۔
"خدایا تیرا لاکھ لاکھ شکر ہے"...... ڈاکٹر نے عمران کو ہ
دیکھ کر بے اختیار ہو کر کہا اور اس کے ساتھ ہی وہ عمران
گیا۔
"آپ کا شکریہ ڈاکٹر"...... عمران نے جان بوجھ کر ا
ادھورا چھوڑ دیا تھا۔
"میرا نام ڈاکٹر احسن ہے جناب اور کامران صاحب نے
متعلق جو کچھ مجھے بتایا ہے اس سے مجھے یہ معلوم ہوا ہے کہ
کے عظیم ترین آدمی کا علاج کر رہا ہوں لیکن آپ کو ہوش

ی وجہ سے میں پریشان تھا۔ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ
نے میری کوششوں اور میری دعاؤں کو قبول کر لیا ہے"۔ ڈاکٹر
اب دیا تو عمران اس کے بے پناہ خلوص پر بے اختیار مسکرا

اب آپ اوکے ہیں عمران صاحب"...... ڈاکٹر نے چیکنگ کے
ھے ہوتے ہوئے مسرت بھرے لہجے میں کہا۔
لیکن مجھے بیڈ کے ساتھ کلپ کیوں کیا گیا ہے۔ کیا میرے جسم
ای ہڈی ایسی بھی ہے جو ڈھیٹ نہ ہو"...... عمران نے
اتے ہوئے کہا تو ڈاکٹر احسن اور ساتھ کھڑا ہوا کامران دونوں
پڑے۔
ی ڈھیٹ نہ ہو۔ کیا مطلب جناب"...... ڈاکٹر نے کہا۔
ظاہر ہے جسم کو بیڈ کے ساتھ کلپ اس وقت کیا جاتا ہے جب
ی ٹوٹ جائے تاکہ وہ ہل نہ سکے اور میرا تو خیال تھا کہ میرے
تمام ہڈیاں ایسے ڈھیٹ مادے سے وجود میں آئی ہیں جنہیں
یں جا سکتا اس لئے پوچھ رہا تھا کہ شاید کوئی ہڈی ڈھیٹ نہ ہو
ل گئی ہو"...... عمران نے وضاحت کرتے ہوئے کہا تو اس بار
ن اور کامران دونوں بے اختیار ہنس پڑے۔
اپ انتہائی خوش قسمت ہیں جناب کہ آپ کی کوئی ہڈی نہیں
بے شمار زخم ضرور تھے۔ ان کی بینڈیج کر دی گئی ہے اور
اپ کو اس لئے کلپڈ کر دیا تھا کہ اگر آپ ہماری عدم موجودگی

میں ہوش میں آجائیں تو کہیں آپ لاشعوری طور پر حرکت
اس بینڈیج کو نقصان نہ پہنچا دیں۔ بہرحال اب اس کی ض
نہیں ہے۔ اب میں کلپ کھول دیتا ہوں"...... ڈاکٹر احس
وضاحت کرتے ہوئے کہا اور پھر اس نے خود ہی کلپ کھولنے
کر دیئے۔

"آپ کا بے حد شکریہ ڈاکٹر"...... عمران نے کہا۔

"میں آپ کو سہارا دیتا ہوں اب آپ بیڈ کی اونچی پشت سے
کر بیٹھ سکتے ہیں"...... ڈاکٹر احسن نے کہا اور پھر اس نے
سہارا دے کر عمران کو اٹھا کر بٹھا دیا۔ عمران نے دیکھا کہ ا
پورے جسم پر بینڈیج کی گئی تھی۔

"شکریہ"...... عمران نے بیٹھتے ہوئے کہا۔

"میں جا رہا ہوں اگر میری ضرورت پڑے تو مجھے کال
گا"...... ڈاکٹر احسن نے ساتھ کھڑے کامران سے کہا اور کامر
اثبات میں سر ہلانے پر وہ تیزی سے مڑ کر کمرے سے باہر چلا گیا۔

"میرے ساتھی کہاں ہیں کامران"...... عمران نے کامر
پوچھا۔

"عمران صاحب وہ کافرستانی فوج کے قبضے میں ہیں البت
شہید ہو گیا ہے جبکہ باقی ساتھی آپ کی طرح زخمی ہیں البتہ
ساتھی عورت کے سر پر چوٹ لگی ہے اور وہ بے ہوش ہے"۔
نے ساتھ پڑی ہوئی کرسی گھسیٹ کر اسے قریب کرتے ہوئے

پر وہ کرسی پر بیٹھ گیا۔
اللہ تعالیٰ بلال کی شہادت قبول کرے۔ میرے ساتھی زندہ ہیں
اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہ کافرستانی فوج کی تحویل سے
ل آئیں گے"...... عمران نے جواب دیا۔
یں آپ کے ہوش میں آنے کے انتظار میں تھا کہ آپ کی
سے انہیں کافرستانی فوج کی تحویل سے نکالنے کی کوشش کی
کامران نے کہا۔
مجھے تفصیل بتاؤ پھر اس پوائنٹ پر بات ہو گی"...... عمران
۔

مران صاحب آپ کی کال پر میں انتہائی تیز رفتاری سے جیپ
پلاسن کی طرف آ رہا تھا کہ ابھی میں راستے میں ہی تھا کہ جنگی
نے پلاسن پر میزائلوں سے خوفناک حملے شروع کر دیئے۔
جیپ ایک بڑے سے غار میں چھپا دی کیونکہ اس کی حرکت
ت میں خطرناک ہو سکتی تھی۔ بہرحال طیارے اس وقت
ل فائر کرتے رہے جب تک کہ پوری پلاسن پہاڑی اور اس
والی پہاڑی تباہ و برباد نہیں ہو گئی۔ اس کے بعد وہ چلے گئے
پتھروں اور چٹانوں کی وجہ سے کئی نئی پہاڑیاں وجود میں
یرے تصور میں بھی نہ تھا کہ اس قدر بلند پہاڑی بھی اس
کی جا سکتی ہے۔ بہرحال ایسا ہوا۔ اس کے بعد میں اور
اتھی جیپ وہیں چھوڑ کر آگے بڑھے۔ ہم آپ کے اور آپ کے

ساتھیوں کی طرف سے ناامید ہو چکے تھے اور ہمارا آگے
مقصد معلومات حاصل کرنا تھا کہ اچانک ایک جگہ جھاڑیو
پڑے ہوئے آپ نظر آگئے۔ آپ شدید زخمی تھے اور آپ کے
جسم پر زخم ہی زخم تھے جن سے خون بہہ رہا تھا۔ ہم آپ کو ا
فاصلے پر اس حالت میں دیکھ کر حیران رہ گئے۔ بہرحال خدا کا ش
کہ آپ زندہ تھے اس لئے ہم نے آپ کو اٹھایا اور واپس غار میں
جیپ میں لا کر لٹایا اور پھر میں جیپ لے کر وہاں سے نکلا اور
کاگور نامی اس شہر میں پہنچا جہاں ہمارا یہ خفیہ ہسپتال ہے
ہسپتال کے انچارج ڈاکٹر احسن ہیں۔ میں نے انہیں آپ کے
بتایا تو انہوں نے فوری طور پر آپ پر کام شروع کر دیا۔ آ
زخموں کی بینڈیج کی گئی اور آپ کی حالت تو خطرے سے باہر
لیکن آپ کے سر پر چوٹ لگنے کی وجہ سے آپ کو ہوش نہ آ رہا
ڈاکٹر احسن پرامید تھے اس لئے میں نے آپ کے بارے میں
ہدایات دیں اور پھر میں واپس اپنے اڈے پر گیا کیونکہ اس
پلاسن اور اس کے ارد گرد کے علاقے کو فوج نے گھیر لیا تھا
وہاں جانا سوائے خودکشی کے اور کچھ نہ تھا لیکن مجھے اپ
ساتھیوں کی طرف سے فکر تھی۔ میں نے فوج کی اس کمپنی
خاص مخبروں سے رابطہ کیا تو مجھے بتایا گیا کہ وہاں کے انچارج
پرشاد نے ایک عورت اور چار مردوں کو شدید زخمی حالت میں
چھاؤنی کے ہسپتال پہنچا دیا ہے۔ میں نے وہاں سے معلومات

تو مجھے بتایا گیا کہ ایک مرد ہلاک ہو چکا ہے جبکہ باقی افراد کی
ج کی گئی ہے اور مرد تو ہوش میں آگئے ہیں لیکن عورت کے سر پر
چوٹ لگی ہے کہ وہ ہوش میں نہیں آ رہی لیکن ڈاکٹر گوپال جو
اسپتال کے انچارج ہیں وہ پرامید ہیں کہ عورت ہوش میں آ
گی۔ اس ہلاک ہونے والے کے قدوقامت اور حلیہ کے بارے
تفصیلات ملنے پر مجھے معلوم ہوا کہ شہید ہونے والا بلال ہے۔ پھر
ہلا کہ شاگل وہاں پہنچا ہے اور اسے معلوم ہو گیا ہے کہ آپ ان
امل نہیں ہیں اس لئے وہ دوبارہ پلاسن پہنچا ہے اور وہاں آپ کی
پوری شدومد سے جاری ہے۔ میں آپ کے ہوش میں آنے کا
تھا تا کہ آپ سے مشورہ کر کے راگو چھاؤنی کے بارے میں کوئی
ک کی جائے"...... کامران نے پوری تفصیل بتاتے ہوئے کہا۔
کیا وہاں تمہارے ایسے آدمی ہیں جو وہاں ان کو فرار ہونے میں
ے سکیں"...... عمران نے پوچھا۔
جی نہیں۔ ایسا کوئی آدمی نہیں ہے۔ صرف دولت کے لالچ میں
معلومات تو دے دیتے ہیں لیکن مدد ظاہر ہے وہ نہیں کر سکتے ورنہ
کورٹ مارشل ہو سکتا ہے۔ یہ کام تو مجھے خود وہاں جا کر کرنا ہو
کامران نے کہا۔
کیا کسی طرح کوئی ٹرانسمیٹر ان تک پہنچ سکتا ہے کہ ان سے
بات چیت ہو سکے"...... عمران نے کہا۔
سوری عمران صاحب یہ انتظام بھی نہیں ہو سکتا"...... کامران

نے معذرت خواہانہ لہجے میں جواب دیتے ہوئے کہا۔

" پھر مجھے خود وہاں جانا ہو گا۔ میں لپنے ساتھیوں کو اس حالت میں دشمن کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑ سکتا"...... عمرا انتہائی سنجیدہ لہجے میں کہا۔

" لیکن آپ کی حالت آپ کو ایسا کرنے کی اجازت نہیں آپ کی اپنی زندگی پاکیشیا اور مشکبار تو کیا پورے عالم اسلام انتہائی قیمتی ہے"...... کامران نے جواب دیا۔

" میری زندگی کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ انسان بہرحال ہے۔ وہ کبھی ناگزیر نہیں ہوا کرتا اس لئے یہ ممکن ہی نہیں۔ میں اپنی زندگی بچانے کے لئے یہاں آرام دہ بستر پر پڑا رہو میرے ساتھی وہاں دشمنوں کے رحم و کرم پر ہوں۔ تم ڈاکٹر احس بلاؤ"...... عمران نے کہا۔

" لیکن ڈاکٹر احسن آپ کو کبھی اس کی اجازت نہیں دیں گے" کامران نے کرسی سے اٹھتے ہوئے کہا۔

" تم انہیں بلاؤ تو سہی میں ان سے لپنے بارے میں صرف کرنا چاہتا ہوں۔ باقی اجازت وغیرہ لینا رسمی کارروائی ہوتی ہے۔ عمران نے انتہائی سنجیدہ لہجے میں کہا تو کامران ہونٹ بھینچے اٹھا کر تیزی سے کمرے سے باہر نکل گیا۔ عمران نے بے اختیار آنکھیں کر لیں۔ گو اسے یقین تھا کہ اس کے ساتھی تر نوالہ نہیں ہیں بے پناہ صلاحیتوں کے حامل ہیں لیکن اس کے باوجود وہ ان تک

رت میں پہنچنا چاہتا تھا کیونکہ یہ بھی ہو سکتا تھا کہ کامران کو غلط یں پہنچائی گئی ہوں۔ تھوڑی دیر بعد اس نے دروازہ کھلنے کی آواز تو اس نے آنکھیں کھول دیں۔ ڈاکٹر احسن اور اس کے پیچھے ران اندر داخل ہو رہے تھے۔

مجھے کامران صاحب نے ساری بات بتا دی ہے عمران صاحب۔ یت ڈاکٹر میرا مشورہ ہے کہ آپ کم از کم تین دن تک حرکت نہ یں۔ ویسے آپ کی اپنی مرضی"...... ڈاکٹر احسن نے عمران کے ب پہنچ کر کہا۔

ڈاکٹر احسن مسئلہ میری یا آپ کی مرضی کا نہیں ہے۔ میرے ھیوں کی زندگی اور موت کا مسئلہ ہے۔ اگر تو مجھے یہ یقین ہو ئے کہ میرے ساتھی از خود جدوجہد کرنے کے قابل ہو گئے ہیں تو مجھے وہاں جانے کی ضرورت نہیں ہے البتہ ان تک صرف یہ ت پہنچانی پڑے گی کہ انہوں نے وہاں سے نکل کر کہاں پہنچنا ہے وہ وہاں پہنچ سکیں ورنہ دوسری صورت میں چاہے میری جان بھی نہ چلی جائے مجھے لپنے ساتھیوں کے تحفظ کے لئے وہاں پہنچنا ہو عمران نے کہا۔

کیوں کامران صاحب۔ اس کا انتظام ہو سکتا ہے"...... ڈاکٹر نے ساتھ کھڑے کامران کی طرف مڑتے ہوئے کہا۔

نہیں جناب۔ جو کچھ ہو سکتا تھا وہ میں نے پہلے ہی عمران کو بتا دیا ہے البتہ پاکیشیا سیکرٹ سروس کے افراد کے بارے

میں تازہ ترین اطلاعات منگوائی جا سکتی ہیں اور بس"...... کا
نے کہا۔

"کیا یہ رپورٹ ٹرانسمیٹر پر آئے گی"...... عمران نے پوچھا۔

"جی نہیں۔ یہ رپورٹ آدمیوں کے ذریعے دی جاتی ہے۔ چھاؤنی میں موجود ہمارا مخبر روزانہ دوپہر کو راگو چھاؤنی کے ضروری سامان لینے قریبی شہر راگو آتا ہے۔ وہاں ہمارا آدمی اس رپورٹ لیتا ہے اور پھر ایک شارٹ کٹ راستے کے ذریعے وہ تک یہاں پہنچ کر رپورٹ دیتا ہے اس طرح تازہ ترین رپورٹ یہاں شام کو ہی پہنچتی ہے"۔ کامران نے کہا تو عمران بے ا
چونک پڑا۔

"اوہ۔ اس کا مطلب ہے کہ جو کچھ آپ نے میرے ساتھیوں بارے میں مجھے بتایا ہے وہ کل شام کی بات ہے۔ یہ کیسے ہ
ہے۔ میرے ساتھی میرے ساتھ ہی زخمی ہوئے ہیں"...... عمران حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"آپ کو دو روز بعد ہوش آیا ہے عمران صاحب"...... احسن نے کہا تو عمران کی آنکھیں حیرت سے پھیلتی چلی گئیں۔

"اوہ۔ ویری بیڈ۔ میرے ذہن میں یہ خیال ہی نہ آیا تھا۔ سمجھا کہ چند گھنٹوں بعد ہوش آیا ہے۔ اوہ۔ پھر تو مجھے خود وہاں ہو گا"...... عمران نے انتہائی پریشان لہجے میں کہا۔

"آپ بے فکر رہیں۔ تازہ ترین رپورٹ آج شام یہاں پہنچ

... ویسے جیپ کا سفر یہاں سے راگو چھاؤنی تک ایک دن کا ہے۔
ی رپورٹ آپ سن لیں پھر جس طرح آپ چاہیں فیصلہ کر
۔ کامران نے کہا تو عمران نے بے اختیار ایک طویل سانس لیا۔

ٹھیک ہے۔ فوری طور پر اس سے زیادہ کیا ہو سکتا ہے۔
حال جیسے ہی رپورٹ آئے آپ نے مجھ تک پہنچانی ہے"۔ عمران
کہا تو کامران نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

آپ آرام کریں عمران صاحب اس وقت آپ جتنا آرام کریں
اتنا ہی آپ کے حق میں فائدہ مند رہے گا"...... ڈاکٹر احسن نے
تو عمران نے اثبات میں سر ہلا دیا اور پھر اس نے عمران کو لیٹنے
مدد دی اور عمران نے آنکھیں بند کر لیں اور کامران اور ڈاکٹر
ں خاموشی سے کمرے سے باہر نکل گئے جبکہ عمران آنکھیں بند
دل ہی دل میں اپنے ساتھیوں کی زندگی اور خیریت کی دعا مانگنے
معروف ہو گیا کیونکہ اس وقت اس کی جو پوزیشن تھی وہ اپنے
ساتھیوں کے لئے یہی کچھ ہی کر سکتا تھا۔

جولیا کی آنکھیں کھلیں تو کافی دیر تک تو اس کی آنکھوں
اندھیرا سا چھایا رہا لیکن پھر آہستہ آہستہ اندھیرا چھٹتا چلا گیا اور
شعور اسی رفتار سے بیدار ہونے لگا لیکن شعور بیدار ہوتے ہوتے
وقت لگ گیا اور پھر جیسے ہی اس کا شعور بیدار ہوا اس کے ذہن
وہ لمحات کسی فلم کی طرح گھومنے لگے جب وہ ہوا میں بے بسی
ہاتھ پیر مارتی ہوئی نہ صرف اڑی چلی جا رہی تھی بلکہ وہ اس انداز
نیچے گر رہی تھی جیسے کسی انتہائی گہرے کنوئیں میں گر رہی ہو او
جس طرح کیمرے کا شٹر بند ہوتا ہے اس طرح اس کا ذہن بھی ب
گیا تھا اور اب جب اسے ہوش آیا تو اس نے بے اختیار اٹھنے
کوشش کی لیکن دوسرے لمحے اس کے ذہن میں بے اختیار دھم
ہونے لگے کہ اس کا جسم بے حس و حرکت ہو چکا تھا۔ ایک لمحے
لئے تو وہ یہی سمجھی کہ وہ مر چکی ہے اور قبر میں ہے لیکن دوسرے

ب اسے اپنے سر اور گردن میں حرکت کا احساس ہوا اور اس کے
اتھ ہی اس نے دیکھا کہ وہ قبر کی بجائے کسی ہال نما کمرے میں کسی
ڈ پر لیٹی ہوئی ہے اور جب اس نے دوسری طرف گردن گھمائی تو
س کے ذہن کو بے اختیار تیز جھٹکا لگا کیونکہ دوسری طرف تین بیڈز
اور تھے جو کسی ہسپتال کے بیڈز تھے اور ان پر صفدر، کیپٹن
کیل اور تنویر آنکھیں بند کئے لیٹے ہوئے تھے اور ان کے جسموں پر
ا رنگ کے کمبل پڑے ہوئے تھے۔

"اوہ۔ اوہ۔ یہ تو کوئی ہسپتال ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ہم اس
خوفناک بلندی سے اس انداز میں گرنے کے باوجود بچ گئے
...... جولیا کے منہ سے بے اختیار نکلا تو اس کے ساتھ ہی اس
منہ سے بے اختیار اللہ تعالیٰ کے حضور شکرانے کے کلمات نکلنے
کیپٹن شکیل، تنویر اور صفدر تینوں کے چہروں پر زندگی کے
ات موجود تھے اس لئے اس کا دل بے اختیار اطمینان سے بھر سا
تھا اور اب اسے محسوس ہونے لگا تھا کہ اس کا جسم بے حس و
نہیں ہے بلکہ اس کے بازو اور پیر بیڈ کے ساتھ کلپڈ کر دیئے
ہیں۔ یہ احساس ہوتے ہی اس نے اس بار دانستہ اپنے بازوؤں
م کو مخصوص انداز میں حرکت دی تو اس کا دل یہ محسوس کر
مطمئن اور خوش سا ہو گیا کہ اسے اپنے جسم میں کہیں پر درد کا
س نہ ہو رہا تھا۔ اس کا مطلب تھا کہ اس کو ایسی کوئی چوٹ
الی جو خطرناک ہو سکتی تھی۔ وہ ایک بار پھر اللہ تعالیٰ کی اس

خاص رحمت پر شکر ادا کرنے میں مصروف ہو گئی کہ اس نے اسے خوفناک حالات اور ناقابل یقین انداز میں نئی زندگی بخشی ہے۔ لمحے اسے دروازہ کھلنے کی آواز سنائی دی تو اس نے آہستہ سے آ گھمائیں لیکن جب اس نے دروازے سے ایک کافرستانی فوجی کو داخل ہوتے دیکھا تو اس نے دانستہ آنکھیں پوری طرح نہ کھو وہ پہلے سچوئیشن کو سمجھنا چاہتی تھی البتہ اس کی آنکھوں میں ہلکی جھری موجود تھی جس کی مدد سے وہ آنے والے کو بخوبی دیکھ تھی۔ فوجی جس کے کاندھے سے مشین گن لٹک رہی تھی دروا کی سائیڈ پر دیوار سے پشت لگا کر کھڑا ہو گیا تو دوسرے لمحے ا ادھیڑ عمر ڈاکٹر اندر داخل ہوا لیکن وہ بھی کافرستانی فوج کی یو میں تھا البتہ اس نے اس یونیفارم کے اوپر سفید اوور آل پہن تھا اور اس کے گلے میں سٹیتھو سکوپ موجود تھا۔ اس کے پیچھے ا نرس تھی جو ہاتھ میں ٹرے اٹھائے ہوئے تھی۔

"اس لڑکی کو اب تک ہوش آ جانا چاہئے تھا"...... ڈاکٹر نے کے قریب آتے ہوئے کہا تو جولیا سمجھ گئی کہ اگر اس نے اب آنکھیں نہ کھولیں تو وہ کم از کم ڈاکٹر کو تو ڈاج نہ دے سکے گی اس اس نے آنکھیں کھول دیں تو اس کے قریب پہنچا ہوا ڈاکٹر بے ا اچھل پڑا۔

"اوہ۔ اوہ۔ تمہیں ہوش آ گیا۔ ویری گڈ۔ کب آیا ہے ہوش" ڈاکٹر نے مسرت بھرے لہجے میں کہا۔

ابھی چند لمحے پہلے لیکن میں کہاں ہوں اور یہ میرے جسم کو کیا ہے۔ آپ کون ہیں"...... جولیا نے آہستہ سے کہا۔

تم شاید اس دنیا کی واحد خوش قسمت عورت ہو جو اس قدر ...ا سے میزائلوں کے حملے کے بعد اس قدر گہرائی میں پہاڑیوں پر ...ر اس کے باوجود تمہیں چوٹ تک نہیں آئی کیونکہ تم پانی کے ... میں گری تھیں البتہ تمہارا سر کنارے پر لگا جس کی وجہ سے تم ...وش ہوئیں لیکن اس کے باوجود تمہارا ذہن اندر سے محفوظ رہا ... مجھے یقین تھا کہ تم بہرحال جلد یا بدیر ہوش میں آ جاؤ گی لیکن ... پاکیشیائی نہیں ہو۔ شاید سوئس ہو۔ پھر تم ان پاکیشیائیوں ...اتھ کیوں موجود تھی"...... ڈاکٹر نے جولیا کو چیک کرنے کے ساتھ مسلسل بولتے ہوئے کہا۔

...یں ان کی قیدی تھی"...... جولیا نے کہا تو ڈاکٹر بے اختیار ...پڑا۔

...دی۔ کیا مطلب"...... ڈاکٹر نے انتہائی حیرت بھرے لہجے ...ہا۔

...انہوں نے مجھے زبردستی اپنے ساتھ رکھا ہوا تھا ورنہ میں واقعی ...وں اور میں سیاحت کے لئے مشکبار آئی تھی"...... جولیا نے ...ایا۔

...وہ۔ تو یہ بات ہے۔ ٹھیک ہے۔ کافرستان سیکرٹ سروس کے ...اب شاگل صاحب آئیں گے تو میں ان سے تمہارے بارے

میں بات کروں گا"...... ڈاکٹر نے کہا۔

"ڈاکٹر صاحب یہ ان لوگوں کو کیا ہوا ہے۔یوں لگ رہا ہے جیسے یہ سو رہے ہوں"...... جولیا نے کہا۔

"ہاں۔انہیں خواب آور انجکشن دیئے گئے ہیں کیونکہ یہ انتہائی خطرناک سیکرٹ ایجنٹ ہیں۔ابھی ان کا علاج ہو رہا ہے۔جب علاج مکمل ہو جائے گا تو پھر ان کا کورٹ مارشل ہو گا اور پھر انہیں ظاہر ہے موت کی سزا دی جائے گی"...... ڈاکٹر نے جواب دیا۔جب سے جولیا نے اسے بتایا تھا کہ وہ ان کی قیدی ہے ڈاکٹر کا رویہ اور یکسر بدل دیا گیا تھا۔

"لیکن یہ تو یقیناً زخمی ہوں گے پھر ان سے کیا خطرہ ہو سکتا ہے اور پھر اگر انہیں موت کی سزا دینی ہے تو پھر علاج کرنے کا فائدہ"...... جولیا نے کہا تو ڈاکٹر بے اختیار ہنس پڑا۔

"تمہارے دل میں ان کے لئے انتقامی جذبہ موجود ہے اس تم یہ باتیں کر رہی ہو لیکن پوری دنیا کا قانون ہے کہ زخمیوں کا علاج کیا جائے اور پھر ان پر باقاعدہ مقدمہ چلا کر ان کو سزا دی جائے۔ہم قانون کو ہاتھ میں نہیں لے سکتے"...... ڈاکٹر نے جواب دیا۔

"ان کو کس نوعیت کے زخم آئے ہیں"...... جولیا نے کہا۔

"صرف جسمانی چوٹیں ہیں۔ان کے پورے جسم چوٹوں بھرے ہوئے ہیں لیکن ہڈیاں محفوظ ہیں"...... ڈاکٹر نے کہا۔

"ڈاکٹر صاحب ان کے مزید دو ساتھی کیا کسی قید خانے میں

یہاں نظر نہیں آ رہے"...... جولیا نے کہا۔

"قید خانے میں۔اوہ نہیں۔یہاں تمہارے ساتھ چار مردوں کو لایا گیا۔ان میں سے ایک کی کولہے اور ریڑھ کی ہڈی ٹوٹی ہوئی تھی۔یہاں پہنچتے ہی ہلاک ہو گیا جبکہ یہ تینوں صرف بیرونی طور پر زخمی تھے اور ان کا خون بہہ گیا تھا لیکن ان میں انتہائی قوت مدافعت تھی اس لئے یہ بچ گئے"...... ڈاکٹر نے کہا۔

"جو ہلاک ہوا ہے اس کا حلیہ کیا ہے"...... جولیا نے یکلخت پریشان ہوتے ہوئے کہا۔

"کیوں۔تم کیوں پریشان ہو گئی ہو"...... ڈاکٹر نے اسے اس انداز میں ہراساں اور پریشان ہوتے دیکھ کر پوچھا۔

"اس لئے کہ ان کا لیڈر عمران سب سے خطرناک تھا۔وہ یہاں نظر نہیں آ رہا"...... جولیا نے کہا۔

"اوہ۔لیکن ہلاک ہونے والا عمران نہیں ہے۔کافرستان سیکرٹ سروس کے چیف جناب شاگل نے لاش دیکھتے ہی کہا تھا کہ یہ عمران نہیں ہے"...... ڈاکٹر نے جواب دیا تو جولیا نے بے اختیار ایک طویل سانس لیا۔

"اوہ۔اس کا مطلب ہے کہ وہ خطرناک آدمی عمران ہمارے ساتھ یہاں آیا ہی نہیں۔پھر کہاں گیا"...... جولیا نے کہا۔

"جناب شاگل کا خیال ہے کہ وہ وہیں کہیں پتھروں میں دبا ہوا ہو اس لئے تو وہ فوراً واپس چلے گئے تھے تاکہ اسے تلاش کیا جا

سکے"...... ڈاکٹر نے جواب دیا۔

"ڈاکٹر صاحب پلیز میری درخواست ہے کہ آپ کم از کم میرے ہاتھ کھول دیں۔ مجھے سخت الجھن ہو رہی ہے"...... جولیا نے انتہائی منت بھرے لہجے میں کہا۔

"اوہ نہیں۔ سوری مس۔ ایسا ممکن نہیں ہے۔ یہ اصول خلاف ہے"...... ڈاکٹر نے کہا اور تیزی سے مڑ گیا۔ اس کا رویہ یکلخت بدل گیا تھا۔

"ایک منٹ۔ پلیز صرف ایک منٹ"...... جولیا نے کہا تو ڈاکٹر مڑا۔

"پہلے ہی بہت باتیں ہو گئی ہیں اور اتنی کافی ہیں"...... ڈاکٹر نے کہا۔

"صرف اتنا بتا دیں کہ میں کہاں موجود ہوں"...... جولیا نے کہا۔

"یہ راگو چھاؤنی کے اندر فوجی ہسپتال ہے"...... ڈاکٹر نے اور تیزی سے واپس مڑ گیا۔ جب وہ کمرے سے باہر نکل گیا تو اس پیچھے نرس بھی چلی گئی جبکہ اس نرس کے بعد وہ فوجی بھی خاموشی باہر نکل گیا اور دروازہ بند ہونے کے ساتھ ساتھ ایسی مخصوص بھی سنائی دی کہ جیسے باہر سے باقاعدہ اسے لاکڈ کیا گیا ہے۔ نے بے اختیار ایک طویل سانس لیا۔ اب اس نے اپنی انگلیاں کر اپنے ہاتھوں کو ان کلپس سے آزاد کرانے کی کوشش شروع کر

کچھ دیر کی کوشش کے بعد اسے احساس ہو گیا کہ ایسا کرنا ہے۔ اس کی انگلیاں کسی صورت بھی ان کلپس کے مخصوص تک نہ پہنچ رہی تھیں لیکن جولیا نے کوشش جاری رکھی اور پھر بعد جب اسے احساس ہوا کہ اگر وہ ذرا سا پیچھے کی طرف جائے تو شاید اس کی انگلیاں مڑ کر بٹنوں تک پہنچ جائیں تو نے اپنے جسم کو پیچھے کی طرف کھسکانا شروع کر دیا۔ کافی جدوجہد بعد اسے محسوس ہوا کہ کلپس اس کی کلائیوں اور پیروں کے کے بالکل قریب پہنچ گئے ہیں تو اس نے ایک بار پھر اپنی موڑیں اور ان کلپوں کو کھولنے کی کوشش شروع کر دی لیکن بار بھی اس کی کوشش کامیاب نہ ہو رہی تھی۔ وہ بار بار صفدر دوسرے ساتھیوں کی طرف دیکھتی لیکن وہ تینوں بے حس و پڑے ہوئے تھے۔ ان کے جسموں میں معمولی سی جنبش بھی نہ جولیا نے اپنی کوشش مزید تیز کر دی کیونکہ اسے احساس ہو گیا اس وقت اپنے ساتھیوں کو یہاں سے بچا کر لے جانے کی تمام داری اس پر آن پڑی ہے۔ چنانچہ وہ مسلسل کوشش کرتی اور پھر اچانک ہلکی سی کٹک کی آواز سنائی دی اور اس کے ساتھ کا ایک بازو کلپ سے آزاد ہو گیا تو مسرت سے اس کا چہرہ بے سرخ ہو گیا۔ اسے یوں محسوس ہوا جیسے کٹک کی یہ آواز دنیا کی مسرت بخش آواز ہو۔ اس نے جلدی سے ہاتھ اٹھایا اور پھر نے اسے موڑ کر دوسری کلائی پر موجود کلپ کھولنا شروع کر دیا اور

چند لمحوں بعد وہ دوسرا بازو بھی آزاد کرا لینے میں کامیاب ہو گئی۔
نے تیزی سے اپنے جسم پر موجود کمبل ہٹایا۔ اس کے جسم پر ہسپ
کا ڈھیلا ڈھالا سا لباس تھا اور اس لباس کے نیچے اسے تقریباً
پورے جسم پر بینڈیج ہوئی نظر آ رہی تھی لیکن اس کے جسم کے
حصے میں نہ ہی درد تھا اور نہ ہی کسی قسم کی اینٹھن تھی اس۔
اٹھ کر بیٹھ گئی اور پھر اس نے اپنے دونوں پیروں پر بندھے ہ
کلپ کھولنے شروع کر دیئے۔ پھر جیسے ہی اس نے دونوں کلپ کھ
اچانک اسے دروازے کی دوسری طرف ہلکے سے کھٹکے کی آواز
دی تو اس نے بجلی کی سی تیزی سے کمبل دوبارہ اپنے جسم پر ڈالا
بیڈ پر اس طرح لیٹ گئی جیسے پہلے جیسی حالت میں ہو۔ چونکہ د
اس کے بیڈ سے کافی دور تھا اس لئے وہ بیڈ سے اٹھ کر دروازے
نہ پہنچ سکتی تھی اور اسے یہ بھی معلوم نہیں تھا کہ آنے والا کون
اس لئے اس نے فوری طور پر کوئی رسک نہ لینے کا فیصلہ کر لیا
اسی لمحے دروازہ آہستہ سے کھلا اور جولیا یہ دیکھ کر حیران رہ گ
اندر داخل ہونے والا ایک دبلا پتلا فوجی تھا۔ اس کے جسم پر
یونیفارم تھی اور اس کے ہاتھ میں سائیلنسر لگا ایک بھاری ر
موجود تھا۔ اس نے اپنے پیچھے دروازہ بند کیا اور پھر ایک نظر صف
دوسرے ساتھیوں پر ڈالتا ہوا وہ تیزی سے جولیا کے بیڈ کی ط
بڑھا۔ اس کی آنکھوں میں سفاکی کی مخصوص چمک دیکھ کر جو
گئی کہ وہ کسی اچھے ارادے سے نہیں آیا۔

"تمہارا تعلق پاکیشیا سیکرٹ سروس سے ہے ناں"...... فوجی نے جولیا کے بیڈ کے قریب آ کر کہا۔

"تم کون ہو اور کس لئے آئے ہو"...... جولیا نے کہا۔

"سنو لڑکی۔ تم غیر ملکی ہو اس لئے میں تم سے پوچھ رہا ہوں ورنہ اب تک تمہارے دل میں گولی اتر چکی ہوتی۔ میرا تعلق کافرستان سیکرٹ سروس سے ہے اور مجھے تم سب کو ہلاک کرنے کا حکم ہے۔ میرا نام رام چندر ہے"...... اس نوجوان نے منہ بناتے ہوئے کہا۔

"میں تو ان لوگوں کی قیدی ہوں۔ میرا کیا تعلق سیکرٹ سروس سے"...... جولیا نے کہا۔

"ٹھیک ہے۔ پھر میں انہیں ہلاک کر دیتا ہوں"...... رام چندر نے کہا اور تیزی سے وہ مڑا ہی تھا کہ جولیا کا ایک بازو بجلی کی سی تیزی سے حرکت میں آیا اور رام چندر کی گردن کے گرد حائل ہو گیا۔ اس کے ساتھ ہی رام چندر کے منہ سے ہلکی سی چیخ نکلی اور پھر اس کا سر بیڈ کی طرف جھکا ہی تھا کہ جولیا نے دوسرے ہاتھ سے اس کا سائیلنسر لگا ریوالور جھپٹ لیا۔ اس کے ساتھ ہی اس نے ہاتھ ہٹایا اور پھر جیسے ہی رام چندر جھٹکا کھا کر سیدھا ہوا جولیا کا ہاتھ اس کی گردن کی پشت پر پڑا اور رام چندر ایک بار پھر ہلکی سی چیخ مار کر سامنے صفدر کے بیڈ پر جا گرا۔ اس کے ساتھ ہی جولیا اچھل کر بیڈ سے نیچے آ کھڑی ہوئی۔

"خبردار اگر کوئی حرکت کی تو گولی مار دوں گی"...... جولیا نے غراتے ہوئے کہا تو رام چندر تیزی سے اٹھ کر پلٹا لیکن اسی لمحے جولیا کا

بازو حرکت میں آیا اور بھاری ریوالور کا دستہ پوری قوت سے مڑتے ہوئے رام چندر کے سر پر پڑا اور وہ ایک بار پھر چیخ مار کر نیچے فرش پر گرا ہی تھا کہ جولیا نے جھک کر ایک اور ضرب لگائی اور اس بار دبلا پتلا رام چندر چند لمحے تڑپنے کے بعد ساکت ہو گیا۔ جولیا نے جلدی سے اس کی یونیفارم اتارنا شروع کر دی۔ اسے یقین تھا کہ اس نوجوان کی یونیفارم اس کے جسم پر پوری آ جائے گی۔ چنانچہ وہی ہوا۔ چند لمحوں بعد جولیا فوجی یونیفارم میں ملبوس ہو چکی تھی جبکہ رام چندر اب صرف انڈرویئر اور بنیان میں فرش پر بے ہوش پڑا ہوا تھا۔ جولیا نے جھک کر اس کی نبض دیکھی اور پھر ایک طویل سانس لے کر وہ سیدھی ہوئی۔ اس نے ریوالور بیلٹ کے ساتھ اڑسا اور تیزی سے ملحقہ باتھ روم کی طرف بڑھ گئی۔ ڈاکٹر نے اسے بتایا تھا کہ ان تینوں کو خواب آور انجکشن لگائے گئے ہیں اس لئے اسے معلوم تھا کہ اگر ان کے حلق میں پانی ڈالا جائے تو یہ ٹھیک ہو جائیں گے۔ ملحقہ باتھ روم میں ایک جگ موجود تھا۔ جولیا نے جلدی سے جگ پانی سے بھرا اور پھر اس نے باری باری تینوں ساتھیوں کے منہ میں پانی ٹپکایا۔ جب کچھ پانی ان کے حلق سے نیچے اترا تو اس نے جگ میں موجود باقی ماندہ پانی ان کے چہروں پر ڈال دیا اور اس کے ساتھ ہی وہ تینوں ہوش میں آنے کی کیفیت میں نظر آنے لگ گئے تو جولیا نے جگ ایک طرف رکھا اور تیزی سے آگے بڑھ کر دروازے کے قریب پہنچ گئی۔ اس نے آہستہ سے دروازے کو کھولا اور پھر باہر جھانکا تو یہ

ایک راہداری تھی جس کے آخر میں ایک کمرہ تھا۔ جولیا کو معلوم تھا کہ صفدر اور اس کے ساتھیوں کو پوری طرح ہوش آنے میں کچھ وقت لگ جائے گا اس لئے اس دوران وہ باہر کی پوزیشن کو جس حد تک ممکن ہو سکے چیک کر لینا چاہتی تھی۔ راہداری سے گزر کر اب وہ اس کمرے میں پہنچی تو وہاں دیوار کے ساتھ لکڑی کی بغیر درازوں کی الماریاں بنی ہوئی تھیں جن میں صرف بڑے بڑے خانے تھے اور ان خانوں میں فوجی یونیفارم کے ساتھ ساتھ ہسپتال کا مخصوص لباس بھی موجود تھا۔ جولیا نے جلدی سے یونیفارمز نکال کر چیک کرنا شروع کر دیں اور پھر اس نے صفدر، تنویر اور کیپٹن شکیل کے سائز کے مطابق تین یونیفارمز تلاش کر کے ایک طرف کیں جبکہ باقی یونیفارمز اس نے دوبارہ الماری کے خانے میں ٹھونس دیں اور پھر تیزی سے آگے بڑھی۔ اس کمرے کا دوسرا دروازہ بند تھا۔ اس نے دروازے سے کان لگایا لیکن دوسری طرف خاموشی تھی۔ جولیا تیزی سے مڑی اور پھر پنجوں کے بل دوڑتی ہوئی واپس اس کمرے میں آئی جہاں اس کے ساتھی موجود تھے تو اس کے تینوں ساتھی بیڈز پر بیٹھے ہوئے تھے۔ انہیں شاید اس لئے کلپ نہ کیا گیا تھا کہ ایک تو وہ انجکشن کے زیر اثر تھے اور دوسرے شدید زخمی تھے۔

"مس جولیا آپ۔ یہ ہم کہاں ہیں۔ یہ کون سا ہسپتال ہے۔ یہ کون آدمی ہے جو یہاں بے ہوش پڑا ہوا ہے"...... تینوں نے ہی بیک آواز ہو کر کہا تو جولیا نے جلدی جلدی انہیں ڈاکٹر سے معلوم

ہونے والی تفصیل کے ساتھ ساتھ اپنے بازوؤں کے کلپس کھولنے ا
پھر اس رام چندر کے سائیلنسر لگے ریوالور سمیت اندر آنے سے ۔
کر اپنے باہر جا کر یونیفارمز لانے تک کی ساری روئیداد سنا دی ۔

" اوہ ۔ اس کا مطلب ہے کہ ہم کافرستانی فوج کی قید میں ہیں لیکہ
عمران صاحب کا کیا ہوا اور وہ بلال "...... صفدر نے کہا۔

" عمران ان کے ہاتھ نہیں لگ سکا جبکہ بلال شہید ہو چکا ہے او
اگر ہم پر اللہ تعالیٰ نے اپنا فضل کیا ہے تو یقیناً عمران پر بھی کیا ہو گا
تم بتاؤ کیا تم چل بھی سکو گے کیونکہ ہمیں جس قدر جلد ممکن ہو سکے
یہاں سے نکلنا ہے ورنہ پھر کسی بھی لمحے کورٹ مارشل کی رس
کارروائی کر کے ہمیں گولیوں سے اڑایا جا سکتا ہے اور یہ رام چندر تو
کورٹ مارشل سے بھی پہلے ہمارا خاتمہ کرنے آ گیا تھا۔ اس طرح
کوئی بھی آ سکتا ہے "...... جولیا نے کہا۔

" نہ بھی چل سکتے ہوں تب بھی چلنا تو ہو گا "...... صفدر نے کہا
اور پھر اس نے پیر بیڈ سے نیچے لٹکائے اور پھر اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ اس
کے چہرے پر یکلخت شدید ترین تکلیف کے تاثرات ابھر آئے لیکن اس
نے ہونٹ بھینچ لئے تھے ۔ وہ بے پناہ تکلیف کو برداشت کر رہا تھا یہ
یہی کیفیت تنویر اور کیپٹن شکیل کی ہوئی ۔ جولیا خاموش کھڑی ان
کی یہ کیفیت دیکھ رہی تھی اس نے جان بوجھ کر انہیں سہارا دینے
کی کوشش نہ کی تھی کیونکہ اسے معلوم تھا کہ وہ تینوں خود ہی اپنی
اس کیفیت پر قابو پا لیں گے اور پھر وہی ہوا۔ تھوڑی دیر بعد ان

ان کے چہرے نارمل ہو چکے تھے ۔

" یہ یونیفارمز لے لو میں باہر جا رہی ہوں تم یہ یونیفارمز پہن لو
لکہ ہسپتال کا لباس ہمیں آگے بڑھنے سے روکے گا "...... جولیا نے
ا۔

" لیکن ان کے ساتھ جوتے تو نہیں ہیں "...... صفدر نے کہا۔

" تم یہ لباس پہن لو پھر باہر کمرے میں جا کر جوتے پہن لینا۔
ں جوتے موجود ہیں ۔ مجھے دراصل ان کا خیال نہیں آیا تھا "۔ جولیا
کہا اور تیزی سے مڑ کر کمرے سے باہر راہداری میں آ گئی اور پھر تیز
قدم اٹھاتی وہ اس کمرے میں پہنچ گئی۔ اسے اب اپنے جوتوں کا بھی
ل آیا تھا۔ اس کے پیروں میں کچھ نہ تھا۔ اس کمرے میں جا کر اس
الماری کے نچلے خانے میں موجود فوجی جرابیں پہن کر ان پر بوٹ
لئے ۔ تسمے باندھنے سے بوٹ اس کے پیروں میں فٹ ہو گئے تو
نے اطمینان کا سانس لیا۔ تھوڑی دیر بعد اسے راہداری کے
ے سرے سے دروازہ کھلنے کی آواز سنائی دی تو وہ تیزی سے اس
مڑی تو اس نے دروازے سے صفدر اس کے پیچھے تنویر اور آخر
کیپٹن شکیل کو باہر آتے دیکھا۔ انہوں نے یونیفارمز پہن رکھی
لیکن ان کے پیر خالی تھے اور وہ لڑکھڑا کر اور آہستہ آہستہ چل
تھے ۔ جولیا خاموش کھڑی رہی کیونکہ اسے یقین تھا کہ جلد ہی وہ
ل ہو جائیں گے ۔ بہرحال وہ عام لوگ نہیں تھے سیکرٹ سروس
افراد تھے اس لئے اسے معلوم تھا کہ یہ لوگ جلد ہی نارمل ہو

جائیں گے اور وہی ہوا۔ اس کمرے تک پہنچتے پہنچتے وہ نارمل انداز
چلنے کے قابل ہو گئے اور پھر جلد ہی وہ تینوں جرابیں اور بوٹ
چکے تھے۔

"اس رام چندر کا کیا ہوا۔ وہ ہوش میں تو نہیں آگیا"......
نے اچانک چونک کر پوچھا۔

"میں نے اس کی گردن توڑ دی ہے"...... تنویر نے سپاٹ
میں کہا تو جولیا نے اس انداز میں سر ہلا دیا جیسے اسے پہلے سے یقین
کہ یہ کام تنویر ہی کر سکتا ہے۔

"اب میری بات سنو۔ یہ ہسپتال راگو چھاؤنی کے اندر ہے
چھاؤنی ظاہر ہے کافی بڑی ہو گی اور یہاں بے شمار تربیت یافتہ
موجود ہوں گے اور تم تینوں شدید زخمی ہو لیکن اس کے باوجود
نے بہرحال یہاں سے زندہ باہر جانا ہے"...... جولیا نے انتہائی
لہجے میں کہا۔

"پہلی بات تو یہ ہے مس جولیا کہ ہمیں اسلحہ چاہئے۔ اسکے
بغیر ہم کچھ نہ کر سکیں گے۔ دوسری بات یہ کہ اس چھاؤنی سے
نکل کر ہم کہاں جائیں گے۔ یہ بات پہلے معلوم ہونی چاہئے"۔
نے کہا۔

"یہ ہسپتال ہے اس لئے ظاہر ہے یہاں اسلحہ نہیں ہو
یہاں سے نکل کر ہم اسلحہ بھی حاصل کر لیں گے فی الحال ایر
کے لئے میرے پاس ایک سائیلنسر لگا ریوالور موجود ہے البتہ

تا ہے کہ ہم یہاں کسی ڈاکٹر کے آنے کا انتظار کریں کیونکہ ڈاکٹر
ہ ساتھ قواعد کے مطابق ایک مشین گن سے مسلح گارڈ ہوتا ہے۔
س سے مشین گن حاصل کی جا سکتی ہے اور اس ڈاکٹر سے یہاں کے
ے میں مزید تفصیلات بھی حاصل کی جا سکتی ہیں لیکن یہ ہمیں
علوم نہیں کہ ڈاکٹر کا راؤنڈ اب کس وقت ہو گا"...... جولیا نے
ا۔

"ہمیں وقت ضائع نہیں کرنا چاہئے۔ جو ہو گا دیکھا جائے گا"۔
ر نے اپنی عادت کے مطابق کہا۔

"میرا خیال ہے کہ ہمیں ڈاکٹر کا انتظار کر لینا چاہئے اس سے
حال ہمیں فائدہ ہو گا نقصان نہیں اور اصل بات یہ ہے کہ ہم
ب کے ذریعے اس چھاؤنی سے شاید آسانی سے نہ نکل سکیں اس
ہمیں کوئی ہیلی کاپٹر وغیرہ حاصل کرنا ہو گا"...... کیپٹن شکیل
کہا۔

"لیکن ہیلی کاپٹر تو وہ آسانی سے ہٹ کر دیں گے"...... جولیا نے

"جب تک وہ اسے ہٹ کرنے کے بارے میں سوچیں گے ہم
الی سے باہر پہنچ چکے ہوں گے اور پھر ہم اسے کسی بھی جگہ اتار کر
سکتے ہیں"...... کیپٹن شکیل نے کہا۔

"میرا خیال ہے کہ تنویر درست کہہ رہا ہے۔ ہمیں وقت ضائع
کرنا چاہئے۔ باہر جا کر جیسے بھی حالات ہوں گے ہم انہیں ڈیل

کرلیں گے"...... جولیا نے کہا تو تنویر کے ستے ہوئے چہرے پر
مسرت کے تاثرات نمودار ہو گئے۔

"اوکے۔ آپ بہرحال لیڈر ہیں"...... صفدر نے مسکراتے ہو
کہا تو جولیا تیزی سے مڑی اور اس نے دروازہ کھول کر باہر جھانکا
ایک اور راہداری تھی جس کی ایک سائیڈ بند تھی جبکہ دوسری ط
کھلا برآمدہ نظر آ رہا تھا۔ راہداری میں کمروں کے دروازے بھی
رہے تھے۔

"آؤ"...... جولیا نے کہا اور اس کے ساتھ ہی وہ باہر راہداری
گئی۔ اس کے ساتھی اس کے پیچھے تھے اور پھر وہ تیزی سے چلتے ہو
اس برآمدے کی طرف بڑھتے چلے گئے۔ وہ پوری کوشش کر کے
انداز میں چل رہے تھے جیسے وہ کافرستانی فوجی ہوں۔ راہداری
موجود کمروں کے دروازے کھلے ہوئے تھے اور ان کمروں میں
موجود تھے جن پر مریض موجود تھے۔ نرسیں بھی آجا رہی تھیں لیکن
کی طرف کسی نے پوری طرح توجہ نہ کی اور وہ فوجی انداز میں
ہوئے برآمدے میں پہنچ گئے۔ برآمدے کے سامنے ایک صحن تھا
کے بعد ایک اور بلڈنگ تھی البتہ ایک سائیڈ پر بڑا سا راستہ
اس بلڈنگ میں دفاتر تھے کیونکہ وہاں عام فوجی بھی آجا رہے تھے
ڈاکٹر اور نرسیں بھی۔ اسی لمحے سائیڈ راستے سے ایک فوجی جیپ
سے مڑی اور پھر سیدھی برآمدے کی طرف بڑھنے لگی۔

"ہوشیار۔ ہم نے یہ جیپ حاصل کرنی ہے۔ میں ڈرائیو

ں گی"...... جولیا نے کہا۔

"تو پھر یہ ریوالور مجھے دے دو"...... تنویر نے کہا اور جولیا نے
ی سے ریوالور اس کے ہاتھ میں دے دیا۔ وہ چاروں اس انداز
ہاں کھڑے تھے جیسے پہرہ دے رہے ہوں۔ اسی لمحے جیپ تقریباً
ے سامنے آکر رکی اور اس میں سے ایک کرنل اور دو میجر اچھل
پ سے نیچے اترے۔ ان کے پیچھے ایک کیپٹن تھا جو ڈرائیونگ
ے سے نیچے اتر رہا تھا۔ وہ چاروں خاموش کھڑے رہے۔ جیپ سے
والے چاروں فوجیوں نے شاید پہلی بار جولیا اور اس کے
ں کی طرف پوری توجہ کی تھی۔

او۔ کون ہو تم۔ یہاں کیوں ہو۔ یہ عورت"...... کرنل نے
ر کہا لیکن اس سے پہلے کہ اس کا فقرہ مکمل ہوتا تنویر کے
نے کھٹ کھٹ کی آوازیں نکالنی شروع کر دیں اور دوسرے
بعد دیگرے وہ چاروں ہی چیختے ہوئے نیچے گرے اور تڑپنے
اس کے ساتھ ہی جولیا دوڑتی ہوئی اچھل کر جیپ کی
ٹ سیٹ پر بیٹھ گئی جبکہ صفدر، کیپٹن شکیل اور تنویر بھی
ں بعد جیپ میں سوار ہو گئے۔ اب صفدر اور کیپٹن شکیل کے
میں بھی ریوالور تھے لیکن ان کی نالوں پر سائیلنسر موجود نہ
ریوالور انہوں نے کرنل اور میجر سے حاصل کئے تھے۔ وہ
بھی تک تڑپ رہے تھے۔ دوسرے لمحے جیپ ایک جھٹکے سے
ی اور پھر ایک چکر کاٹ کر اس راستے کی طرف بڑھنے لگی جدھر

سے آئی تھی۔ اسی لمحے بلڈنگ کے سامنے موجود لوگ برآمد
طرف دوڑ پڑے کیونکہ جیپ ہٹنے کے بعد انہوں نے چاروں ف
کو دیکھا تھا۔ اس سے پہلے چونکہ ان کی درمیان جیپ تھی اس
اس ساری صورت حال کو سرے سے نہ دیکھ سکے تھے اور نہ
تھے۔ جولیا جیپ دوڑاتی ہوئی سائیڈ سے گزر کر آگے بڑھی اور پ
میدان کراس کر کے وہ ہسپتال کی چار دیواری میں بنے
دروازے کی طرف بڑھنے لگی۔ وہاں باقاعدہ چیک پوسٹ تھی ا
سڑک پر گرا ہوا تھا اور مشین گنوں سے مسلح چار فوجی وہاں
تھے۔

"میں جیپ روکوں گی تم نے ان پر فائر بھی کھولنا ہے اور ا
مشین گنیں بھی لینی ہیں۔ یہ ہمارے کام آئیں گی"...... جولیا
اور سب نے اثبات میں سر ہلا دیئے۔ جیپ تیزی سے آگے بڑھی
رہی تھی۔ پھر قریب پہنچ کر جولیا نے جیپ کی رفتار کم کرنا ش
دی تو راڈ کی سائیڈ میں موجود فوجیوں کے چہروں پر قدرے ا
کے تاثرات ابھر آئے۔ ان کے قریب لے جا کر جولیا نے جیپ
بریک لگائے۔ اسی لمحے صفدر، کیپٹن شکیل اور تنویر تینوں تیز
نیچے اترے اور پھر دھماکوں کی چار آوازوں کے ساتھ ہی فوجیو
حلق سے نکلنے والی چیخوں سے ماحول گونج اٹھا اور وہ چاروں مسلح
زمین پر گر کر تڑپ رہے تھے کہ تنویر نے بجلی کی سی تیزی سے
فوجی کے ہاتھ سے نکل کر زمین پر گری ہوئی مشین گن جھپٹ ا

اتھ ہی ریٹ ریٹ کی آوازوں اور سائیڈ پر بنے ہوئے کیبن سے
آنے والے ایک کیپٹن اور دو فوجیوں کی چیخوں سے فضا گونج
وہ بھی زمین پر گر کر بری طرح تڑپنے لگے تھے۔
"چلو تنویر جلدی کرو"...... جولیا نے چیخ کر کہا تو تنویر بجلی کی سی
سے مڑا اور دوسرے لمحے وہ اچھل کر سیٹ پر بیٹھ گیا جبکہ کیپٹن
اور صفدر پہلے ہی جیپ کی عقبی سیٹوں پر بیٹھ چکے تھے۔ اس
تھ ہی جولیا نے ایک جھٹکے سے جیپ آگے بڑھا دی۔ صفدر نے
گن اٹھانے کے ساتھ ساتھ ایک جھٹکے سے راڈ بھی اٹھا دیا تھا
جیپ بجلی کی سی تیزی سے آگے بڑھی۔ اب وہ ایک باقاعدہ
چل رہی تھی اور دور دور باقاعدہ فوجی بارکیں بھی نظر آ رہی تھیں
ہوں پر چیک پوسٹیں بھی۔ ابھی جیپ تھوڑا ہی آگے بڑھی ہو
لت ہر طرف سے بھیانک سائرن چیخ اٹھے۔ یوں لگ رہا تھا
ری چھاؤنی کے فوجی مل کر بھیانک آواز میں چیخ رہے ہوں۔
"اوہ۔ اب پرابلم بڑھ جائے گا"...... عقبی سیٹ پر بیٹھے ہوئے
نے کہا۔

"پرواہ نہیں جب تک میرے ہاتھ میں مشین گن ہے کوئی
کچھ نہیں ہو سکتا"...... تنویر نے بڑے مطمئن لہجے میں کہا تو
کے اس انداز پر بے اختیار مسکرا دی۔ سائرن بجنے کی وجہ
سے بارکوں میں یکلخت افراتفری سی مچ گئی اور پھر اس سے پہلے
بارکوں کے قریب پہنچتے اچانک چار جیپیں بارکوں کی سائیڈ

سے نکل کر ان کی طرف آنے لگیں اور تنویر نے مشین گن سیدھ
لی۔

"ہم اس انداز میں نہ نکل سکیں گے۔ میں جیپ سائیڈ پر
رہی ہوں۔ ہم نے کسی چیک پوسٹ پر قبضہ کرنا ہے"......
نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے انتہائی تیز رفتاری سے
ہوئی جیپ کو اس انداز میں سائیڈ پر موڑا کہ تنویر اور عقبی
موجود صفدر اور کیپٹن شکیل نے بڑی مشکل سے اپنے آپ کو
سے نیچے گرنے سے بچایا۔ جولیا نے واقعی شاندار کنٹرول کا مظا
تھا ورنہ جس قدر تیز رفتاری اور جس انداز میں اس نے جیپ
موڑی تھی جیپ لامحالہ الٹ جاتی۔

"اب پیچھے آنے والی جیپوں پر فائر کرو"...... جولیا نے چیخ
صفدر اور کیپٹن شکیل سائیڈوں پر ہوئے اور پھر عقب میں ا
جیپوں پر مشین گنوں کی بوچھاڑ شروع ہو گئی لیکن اس کے
عقبی جیپوں سے بھی فائرنگ شروع ہو گئی لیکن جولیا جیپ کو
پوری رفتار سے اڑائے لئے جا رہی تھی۔ ادھر پہاڑیاں ت
قریب آتی جا رہی تھیں۔ اچانک پیچھے آنے والی جیپیں آہ
لگ گئیں کیونکہ ان کے درمیان فاصلہ بڑھنے لگ گیا تھا حالا
یہ فاصلہ کم ہوتا جا رہا تھا۔ شاید پیچھے آنے والوں نے ایسا فا
بچنے کے لئے کیا تھا یا ان کے خیال کے مطابق جولیا کی
سوائے پہاڑیوں کے قریب رکنے کے اور کہیں نہ جا سکتی تھی

، مطمئن ہو گئے تھے۔ جیپ اسی طرح طوفانی انداز میں دوڑتی ہوئی
گے بڑھی چلی جا رہی تھی۔

"ہم نے اوٹ لینی ہے ورنہ یہ لوگ ہم پر فائر کھول دیں گے اور
خرگوشوں کی طرح ہلاک ہو جائیں گے"...... جولیا نے پہاڑیوں
قریب پہنچتے ہوئے کہا۔

"میں یہیں رکوں گا تم فکر مت کرو۔ تم آگے جانا میں جیپ کی
ٹ میں رک کر تمہیں کور کروں گا اور پھر تم اوپر سے مجھے کور کرنا
میں بھی اوپر پہنچ جاؤں گا"...... تنویر نے کہا۔

"تم تینوں یہیں رکو گے میں اوپر جاؤں گی۔ تم زخمی ہونے کی
ے پہاڑی پر نہ چڑھ سکو گے اور اوپر چیک پوسٹ سے تم پر فائر
ملتا ہے۔ مجھے عورت سمجھ کر وہ شاید فائر نہ کریں"...... جولیا نے
اور اس کے ساتھ ہی اس نے جیپ کو موڑا اور پھر فل بریک لگا
ہ۔ جیپ کافی دور تک گھسٹی چلی گئی اور پھر رک گئی۔ اس کے
ھ ہی وہ چاروں پہاڑی کی طرف نیچے کود کر پتھروں کی اوٹ میں
گئے۔ جولیا نے کسی پہاڑی خرگوش کی طرح پہاڑی چٹانوں کی
لے کر اوپر چڑھنا شروع کر دیا۔ اوپر چوٹی پر چیک پوسٹ موجود
بلکہ پیچھے آنے والی جیپیں اب دور رک گئی تھیں۔ جولیا ابھی
ی بلندی پر ہی پہنچی تھی کہ اچانک اوپر سے اس پر فائر کھول دیا
۔ جولیا نے بے اختیار غوطہ لگایا اور اس بار وہ واقعی مرنے سے
بال بچی تھی۔ اگر اسے ایک لمحے کی بھی دیر ہو جاتی تو نجانے کتنی

گولیاں اس کے جسم میں داخل ہو جاتیں لیکن اسی لمحے تڑتڑاہٹ کی
آوازوں کے ساتھ ہی گولیاں چیک پوسٹ کی طرف جانے لگیں لیکن
ظاہر ہے چیک پوسٹ کی بلندی کافی تھی۔ گولیاں وہاں تک تو نہ
رہی تھیں لیکن اب اوپر سے برسنے والی گولیوں کا رخ البتہ تبدیل
گیا تھا۔ وہ اب جیپ کی سائیڈ کو نشانہ بنا رہے تھے لیکن ان
گولیاں بھی ظاہر ہے جیپ تک نہ پہنچ رہی تھیں اور جولیا نے ایک
پھر چٹانوں کی اوٹ لے کر اوپر چڑھنا شروع کر دیا۔ ابھی اس
تھوڑا ہی فاصلہ طے کیا تھا کہ اچانک ایک شعلہ سا تیرتا ہوا اوپر
نیچے آیا اور اس کے ساتھ ہی ایک خوفناک دھماکہ ہوا اور نیچے مو
وہ جیپ جس میں وہ سوار ہو کر یہاں پہنچے تھے پرزے پرزے ہو
وہیں بکھر گئی۔ اس پر شاید چیک پوسٹ سے میزائل فائر کیا گیا تھا
جولیا کے منہ سے بے اختیار چیخ نکل گئی کیونکہ جس انداز میں
تباہ ہوئی تھی اس سے یہی معلوم ہوتا تھا کہ صفدر اور اس کے سا
بھی ساتھ ہی ہٹ ہو گئے ہوں گے لیکن چند لمحوں بعد جب اس
ان تینوں کو چٹانوں کے پیچھے سے اچھل کر دوسری چٹانوں کے
جاتے دیکھا تو اس نے بے اختیار اطمینان کا سانس لیا اور ایک با
تیزی سے اوپر چڑھنے لگی لیکن اب وہ پہلے سے زیادہ محتاط تھی اس
اس کی رفتار بھی بے حد کم تھی۔ اسی لمحے اسے جیپوں کے چلنے
آوازیں سنائی دیں تو وہ تیزی سے مڑی اور پھر ایک چٹان کے
دبک گئی۔ اس نے اب دوڑتی ہوئی چاروں جیپوں کو تیزی

ای کے قریب آتے دیکھا۔ اب اوپر سے بھی فائر نہ ہو رہا تھا۔ شاید
ب یہی سمجھے تھے کہ جیپ کے ساتھ ساتھ اس میں موجود لوگ
ہٹ ہو گئے ہیں۔ جولیا تیزی سے مڑی اور ایک بار پھر اوپر چڑھنے
لگی۔ اب اس نے راستہ بدل لیا تھا۔ وہ اب سائیڈ سے ہو کر عقبی
ے کو جا رہی تھی تاکہ وہ براہ راست ان کی نظروں میں نہ آسکے۔
اب اس نے ایک بار پھر اوپر سے شعلہ نیچے اپنی طرف آتے دیکھا
وہ بجلی کی سی تیزی سے ایک بڑی سی چٹان کی اوٹ میں ہو گئی۔
ایک لمحے کے ہزارویں حصے کا فرق پڑا اور شعلہ اس کے قریب
ار کر دور ایک بڑی چٹان سے ٹکرایا اور ایک خوفناک اور دل
ہلنے والے دھماکے کے ساتھ ہی چٹانیں پھٹ کر فضا میں اس
اچھلیں جیسے آتش فشاں کے دھماکے سے لاوا اوپر کو اٹھتا ہے۔
چند لمحے تو اس چٹان کے پیچھے دبکی رہی اور پھر اس نے آگے بڑھنا
کر دیا۔ اب نیچے سے بھی تیز فائرنگ کی آوازیں سنائی دے رہی
اور جولیا سمجھ گئی کہ اس کے ساتھی آنے والوں کو روک رہے
اس نے اپنی رفتار بڑھا دی کیونکہ اسے معلوم تھا کہ آنے والے
لئے پہنچ کر اس پہاڑی پر چڑھ سکتے ہیں اور اس کے ساتھی کسی
بھی انہیں نہ روک سکیں گے اس لئے اپنے ساتھیوں کی
ان کی خاطر اسے جس قدر جلد ممکن ہو سکے اس چیک پوسٹ پر
رنا ہے۔ اب وہ اس چیک پوسٹ کی سائیڈ پر پہنچ گئی تھی اس
اس نے اپنی رفتار بڑھا دی تھی۔ زخمی ہونے کی وجہ سے اس کے

پورے جسم میں درد کی تیز لہریں سی دوڑنے لگ گئی تھیں لیکن ا
معلوم تھا کہ یہ زندگی اور موت کا مسئلہ ہے اور نہ صرف اس کا
اس کے شدید زخمی ساتھیوں کا بھی اس لئے وہ ہونٹ بھینچے چٹان
کی اوٹ لیتی اوپر چڑھتی چلی جا رہی تھی۔ اب نیچے فائرنگ کے سا
ساتھ میزائلوں کے دھماکے بھی ہو رہے تھے اور جولیا سمجھ گئی کہ ا
چیک پوسٹ والوں کا نشانہ اس کے ساتھی ہیں وہ نہیں ہے اور شا
انہوں نے یہ سمجھ لیا ہو گا کہ وہ میزائل سے ہٹ ہو چکی ہے اس
جولیا نے اور زیادہ تیزی سے اوپر چڑھنا شروع کر دیا۔ اس کا سا
پھول گیا تھا اور اب اس کے جسم میں جیسے قوت ختم ہونے لگ
تھی لیکن جولیا ہونٹ بھینچے اوپر چڑھتی چلی گئی اور پھر تھوڑی دیر بعد
چیک پوسٹ کے نچلے حصے میں پہنچ جانے میں کامیاب ہو گئی۔
چیک پوسٹ لکڑی کے بڑے بڑے کھمبوں پر بنی ہوئی تھی۔ جولیا
ایک نظر اوپر دیکھا اور دوسرے لمحے وہ ایک گول ستون پر کسی بند
کی طرح لپٹ کر اوپر چڑھنا شروع ہو گئی۔ وہ عقبی طرف سے او
رہی تھی اور چیک پوسٹ کی گیلری چاروں طرف سے باہر نکلی
تھی اس لئے اوپر سے نیچے ستون نظر نہ آ سکتے تھے۔ وہ انتہائی تیزی
اوپر چڑھتی چلی گئی اور پھر اس نے بڑھے ہوئے حصے پر ہاتھ جما دیے
چند لمحوں تک وہ سانس برابر کرتی رہی پھر اس کے جسم نے ایک
دار جھٹکا کھایا اور وہ ایک لمحے کے لئے ہوا میں جھولتی رہی پھر
اس نے الٹی قلابازی کھائی اور اپنے ہاتھ چھوڑ دیئے۔ یہ وہ لمحہ تھا

ں کا جسم گھوم کر اندر گیلری میں نہ جا گرتا تو وہ یقیناً سر کے بل
باڑی پر گرتی اور یقیناً اس بار اسے دنیا کی کوئی طاقت نہ بچا سکتی
بان جولیا کا جسم ایک دھماکے سے گیلری میں جا گرا۔
ارے ارے۔ یہ کیا"....... دوسری طرف سے چیختی ہوئی آواز
دی اور جولیا بجلی کی سی تیزی سے سیدھی ہوئی۔ اسی لمحے ایک
س کے ہاتھ میں مشین گن تھی دوڑتا ہوا اندر سے باہر گیلری
یا تو جولیا کے دونوں بازو بیک وقت حرکت میں آئے۔ ایک
س نے مشین گن پر ڈالا جبکہ دوسرا ہاتھ فوجی کی گردن پر اور
دوڑتا ہوا باہر آیا تھا یکلخت چیختا ہوا ہوا میں اچھلا اور پھر گیلری
نگ سے ٹکرا کر وہ ایک طویل چیخ کے ساتھ ایک دھماکے سے
انوں پر جا گرا جبکہ جولیا اس دوران مشین گن سنبھالے تیزی
ندر داخل ہوئی لیکن یہ چھوٹا سا خالی کمرہ تھا۔ دوسری طرف
کے قریب چار پانچ فوجی موجود تھے۔ وہ سب جولیا کے دوڑنے
سن کر اور شاید اپنے ساتھی کی نیچے جاتی ہوئی طویل چیخ سن کر
ے اند آنے کے لئے مڑ رہے تھے کہ جولیا نے مشین گن کا
بادیا اور پھر تڑتڑاہٹ کی آواز کے ساتھ ہی وہاں موجود فوجی اس
یچے گرے جیسے زہریلی دوا چھڑکنے سے حشرات الارض نیچے
ہیں۔ جولیا فائرنگ کرتی ہوئی دوسری طرف کی بیرونی ریلنگ
تو وہاں اور کوئی فوجی موجود نہ تھا۔ جولیا تیزی سے مڑی اور
ے پھڑکتے اور تڑپتے ہوئے فوجیوں پر ایک بار پھر فائر کھول دیا

اور چند لمحوں بعد جب وہ سب ساکت ہو گئے تو وہ تیزی سے
چیک پوسٹ پر اب وہ مکمل طور پر قابض ہو چکی تھی لیکن
اپنے ساتھیوں کا خیال آیا۔ اس طرف ریلنگ کے ساتھ ایک
مشین گن کے علاوہ ایک دور مار میزائل گن اور ایک ایئر
گن بھی موجود تھی۔ جولیا نے نیچے جھانکا تو اسے اب پہاڑی کے
دس کے قریب فوجی جیپیں کھڑی نظر آئیں اور تقریباً چالیس
قریب فوجی مشین گنوں سے فائرنگ کرتے ہوئے اوپر چڑھ رہے
جبکہ اس کے ساتھیوں کی طرف خاموشی تھی۔ جولیا سمجھ گئی
کے ساتھیوں کے پاس اسلحے کا میگزین ختم ہو چکا ہوگا اور اب
مارا جانا یقینی ہو چکا تھا۔ جولیا نے ہاتھ میں پکڑی ہوئی مشین
ایک طرف پھینکی اور پھر ہیوی مشین گن کا رخ اس نے اوپر
ہوئے فوجیوں کی طرف کر کے اس کا ٹریگر دبا دیا۔ دوسرے
گولیوں کی بوچھاڑ میں فوج ہٹ ہو کر نیچے گرنے لگے۔ جولیا
بلندی پر تھی اس لئے اسے حرکت کرتے ہوئے فوجی صاف
دے رہے تھے اور چونکہ فوجیوں کو چیک پوسٹ کی طرف سے
حملے کا گمان ہی نہ تھا اس لئے وہ محتاط بھی نہ تھے اور جولیا نے
لمحوں میں انہیں ہلاک کر دیا۔ تقریباً چار کے قریب فوجی چٹانوں
پیچھے چھپنے میں کامیاب ہو گئے لیکن جولیا نے ان کے گرد اس
گولیاں برسائیں کہ وہ بھی آخر کار ہٹ ہو گئے تو جولیا نے ہیوی
گن چھوڑی اور میزائل گن سنبھال لی اور پھر خوفناک دھماکوں

بعد دیگرے پہاڑی کے قریب موجود جیپیں تباہ ہوتی چلی گئیں۔
اسے دور سے تنویر اور کیپٹن شکیل اوپر چڑھتے دکھائی دیئے۔
دونوں نے صفدر کو بازوؤں سے پکڑ رکھا تھا اور وہ ان کے ساتھ
ہوا اوپر آ رہا تھا۔ جولیا نے ہونٹ بھینچ لئے اور پھر اس نے
کور کرنے کے لئے مسلسل فائرنگ شروع کر دی تا کہ کوئی
قریب نہ آسکے اور نہ ان کے ساتھیوں پر نیچے سے فائرنگ کی جا
وہ دونوں صفدر کو گھسیٹتے ہوئے اب تیزی سے اوپر چڑھے چلے آ
تھے کہ جولیا نے دور سے ایک گن شپ ہیلی کاپٹر کو فضا میں
ہوئے دیکھا تو اس نے بے اختیار ہونٹ بھینچ لئے کیونکہ ظاہر
گن شپ ہیلی کاپٹر اس چیک پوسٹ کو تباہ کرنے ہی آ رہا تھا اور
ایک کے بعد دوسرا اور دوسرے کے بعد تیسرا گن شپ ہیلی کاپٹر
میں اڑتا ہوا نظر آیا تو جولیا نے میزائل گن چھوڑی اور نیچے جھک
اس نے مشین گن اٹھائی اور تیزی سے واپس دوڑتی ہوئی عقبی
پر آ گئی۔ اس نے مشین گن کاندھے سے لٹکائی اور اس کے
ہی اس نے ریلنگ پر دونوں ہاتھ رکھے اور اپنا جسم نیچے جھکا
چند لمحوں تک اس انداز میں لٹکنے کے بعد اس نے ایک ہاتھ
ہوئے حصے کی نچلی طرف رکھا اور پھر دوسرا ہاتھ چھوڑ کر اس
جلدی سے نچلے حصے کو پکڑ لیا۔ اس کے ساتھ ہی اس کے جسم نے
لا کھایا اور اس کی دونوں ٹانگیں کھمبے سے لپٹ گئیں تو اس نے
وں ہاتھ چھوڑ دیئے اور اس کا جسم تیزی سے نیچے کھسکتا چلا گیا۔

اس نے دونوں ہاتھوں سے کھمبا پکڑ لیا اور چند لمحوں بعد وہ ا... نیچے آ کھڑی ہوئی۔ اسی لمحے گن شپ ہیلی کاپٹر چیک پوسٹ ... پہنچ چکے تھے۔ جولیا بے تحاشا دوڑتی ہوئی اس طرف کو بڑھنے لگی ... سے اس کے ساتھی آ رہے تھے۔

"چھپ جاؤ۔ چیک پوسٹ پر فائر ہو رہا ہے۔ وہ تم پر بم... کھول دیں گے"...... جولیا نے چیخ کر کہا تو اس کے ساتھی تیز... چٹانوں کے پیچھے غائب ہو گئے۔ جولیا نے خود بھی ایک چٹان... پیچھے غوطہ لگایا اور دوسرے لمحے اسے یوں محسوس ہوا جیسے اس... پر بیک وقت سینکڑوں ایٹم بم فائر ہو گئے ہوں۔ خوفناک ا... دھماکوں سے فضا گونج رہی تھی۔ جولیا چٹان کے نیچے دبکی تھی۔ چند لمحوں بعد جب دھماکوں کی بازگشت ختم ہوئی تو جولیا... سے اٹھی۔ گن شپ ہیلی کاپٹر اب واپس جا رہے تھے۔ چیک پ... پوری طرح تباہ ہو چکی تھی اور پہاڑی پر دور دور تک اس کا ملبہ... ہوا نظر آ رہا تھا لیکن سامنے نہ ہی کوئی جیپ تھی اور نہ کوئی... جولیا انتہائی تیزی سے اس طرف کو دوڑی جدھر اس کے ساتھی... تھے۔ وہ انہیں آوازیں دے رہی تھی۔ چند لمحوں بعد وہ تینوں نظر... لگے تو جولیا ان کے قریب پہنچ گئی۔

"کیا ہوا صفدر کو"...... جولیا نے پریشان ہو کر کہا۔

"اس کی ٹانگ میں گولی لگی ہے۔ اس کی حالت خراب ... تنویر نے بے چین سے لہجے میں کہا۔

"تم دونوں اسے اٹھاؤ اور پہاڑی کی دوسری طرف چلو۔ ہم نے ...د از جلد یہاں سے نکلنا ہے ورنہ ابھی یہاں سینکڑوں ہزاروں فوجی ...ا جائیں گے"...... جولیا نے کہا تو تنویر نے یکلخت جھٹکے سے صفدر ...ٹھا کر کاندھے پر ڈال لیا۔

"میں اکیلا لے جاؤں گا۔ پہلے تو میں اس لئے نہ اٹھا رہا تھا کہ یہ ...ٹ نہ ہو جائے"...... تنویر نے کہا۔ صفدر خون بہہ جانے کی وجہ ...ے خاصا نڈھال سا ہو رہا تھا اور پھر وہ سب تیزی سے چوٹی کی طرف ...ھنے لگے۔ جولیا ساتھ ساتھ چل رہی تھی اور تھوڑی دیر بعد ہی وہ ...ٹی پر پہنچ کر دوسری طرف نیچے اترنے لگے۔

"اوہ۔ اوہ۔ صفدر کے جسم میں زہر پھیل رہا ہے۔ اسے کسی غار ...میں لے چلو۔ گولی نکالنی ہو گی ورنہ یہ ختم بھی ہو سکتا ہے"۔ اچانک ...پٹن شکیل نے کہا تو جولیا ایک غار کے دہانے کی طرف مڑ گئی۔

"اسے تم اندر لے جاؤ میں باہر پہرہ دوں گی۔ جلدی کرو"۔ جولیا ...نے چیخ کر کہا تو تنویر اور کیپٹن شکیل صفدر کو اٹھائے غار میں داخل ...ہو گئے جبکہ جولیا نے کاندھے سے مشین گن اتاری اور قدرے نیچے جا ...کر اس نے ایک چٹان کی اوٹ لے لی۔ وہ بڑے چوکنے انداز میں ...ادھر ادھر دیکھ رہی تھی اور جیسے جیسے وقت گزرتا جا رہا تھا اس کی بے ...چینی بڑھتی چلی جا رہی تھی۔ اسے معلوم تھا کہ ایک ایک لمحہ ان کی ...زندگی کے لئے قیمتی ہے لیکن صفدر کی حالت بھی وہ دیکھ چکی تھی اس ...لئے مجبور تھی۔ تھوڑی دیر بعد تنویر غار کے دہانے سے باہر آ گیا۔

"صفدر کی حالت بے حد خراب ہے جولیا۔ اسے فوری کسی
ہسپتال میں لے جانا ہو گا"...... تنویر نے جولیا سے مخاطب ہو
کہا۔

"گولی نکالی ہے یا نہیں"...... جولیا نے انتہائی بے چین لہجے
پوچھا۔

"ہاں۔ گولی تو نکال دی ہے اور زخم پر بینڈیج بھی کر دی
لیکن زہر جسم میں کافی پھیل چکا ہے"...... تنویر نے جواب دیا۔

"تو اٹھاؤ اسے اور لے کر چلو نیچے۔ جلدی کرو۔ نیچے جا کر شا
کوئی جیپ ہاتھ لگ جائے۔ جلدی کرو"...... جولیا نے چیخ کر کہا
تنویر تیزی سے واپس مڑا اور جولیا نے بے اختیار ہونٹ بھینچ لئے۔
صفدر کی حالت کے بارے میں سن کر اس کے ذہن میں
دھماکے سے ہونے لگ گئے تھے۔ چند لمحوں بعد تنویر باہر آیا تو صف
ایک بار پھر اس کے کاندھے پر موجود تھا اور پھر ایک بار پھر انہ
نے تیزی سے نیچے اترنا شروع کر دیا۔

"ادھر۔ ادھر مس جولیا۔ ادھر قدرتی کریک ہے۔ یہ ہمیں فو
سے محفوظ رکھے گا"...... اچانک آگے چلتے ہوئے کیپٹن شکیل
ایک طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا تو جولیا نے بھی اثبات میں
دیا اور پھر وہ تیزی سے اس طرف مڑ گئی۔ یہ قدرتی کریک کافی
بھی تھا اور بل کھاتا ہوا نیچے جا رہا تھا۔ وہ تینوں تیزی سے اس کر
میں چلتے ہوئے نیچے اترتے چلے گئے لیکن پھر اچانک کریک گھوم

وہ تینوں جیسے ہی گھومے اچانک زمین ان کے پیروں کے نیچے سے
چلی گئی اور جولیا کو یوں محسوس ہوا جیسے وہ اچانک کسی گہرے
میں گر رہی ہے اور یہ احساس بھی اسے صرف چند لمحوں کے
پھر اس کے حواس اس کا ساتھ چھوڑ گئے اور شاید ہمیشہ ہمیشہ
لئے۔

درو ازہ کھلنے کی آواز سن کر عمران نے چونک کر آنکھیں کھ
کمرے میں کامران داخل ہو رہا تھا اور عمران اس کا چہرہ دیکھ کر
گیا کہ کوئی خاص بات ہو گئی ہے۔

"کیا ہوا کامران"...... عمران نے اٹھ کر بیٹھتے ہوئے کہا۔

"عمران صاحب آپ کے ساتھی انتہائی شدید زخمی ہونے
باوجود چھاؤنی سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے ہیں لیکن وہ نچ
سکتے کیونکہ اس پورے علاقے کو فوج نے گھیر لیا ہے اور وہاں
ایک پتھر اور ایک ایک چٹان کی تلاشی لی جا رہی ہے اور وہ ابھی
بہرحال مل نہیں سکے"...... کامران نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"اوہ۔ کیا ہوا ہے۔ مجھے تفصیل بتاؤ"...... عمران نے انتہائی
بے چین لہجے میں کہا۔

"عمران صاحب ابھی ابھی جو رپورٹ مجھے ملی ہے اس نے

ان کر دیا ہے۔ آپ کے ساتھی ہسپتال سے فوجی یونیفارمز میں
ار ہوئے۔ انہوں نے ایک جیپ حاصل کی لیکن جب انہیں گھیرا
ا تو وہ چھاؤنی کے آخر پر موجود پہاڑی کی طرف چلے گئے۔ ان پر فائر
ولا گیا لیکن وہ پہاڑی چٹانوں میں چھپ گئے لیکن نیچے سے بھی اور
ر ایک چیک پوسٹ سے بھی بیک وقت ظاہر ہے فائرنگ ہونے
ی لیکن پھر اچانک آپ کے کسی ساتھی نے حیرت انگیز طور پر چیک
ٹ پر قبضہ کر لیا اور پھر کافرستانی فوج اور ان کی جیپیں تباہ کر دی
یں لیکن گن شپ ہیلی کاپٹروں کی مدد سے چیک پوسٹ ہی تباہ کر
ی گئی۔ آپ کے ساتھیوں کو پہاڑی کی چوٹی کی طرف جاتے دیکھا
تھا پھر فوج نے اس سارے علاقے کو دونوں طرف سے گھیر لیا اور
ائنگ شروع کر دی۔ ایک غار میں خون کے دھبے موجود تھے اور
ک گولی بھی جو شاید آپ کے کسی ساتھی کے زخم سے نکالی گئی تھی
اں سے ملی۔ اس کے بعد آپ کے ساتھی غائب ہو گئے ہیں لیکن یہ
حال طے ہے کہ وہ نیچے نہیں پہنچے اور اب ان کی انتہائی تفصیل
چیکنگ کی جا رہی ہے۔ جلد یا بدیر انہیں بہرحال پکڑ لیا جائے گا
اعلیٰ حکام نے یہ احکامات جاری کر دیئے ہیں کہ انہیں دیکھتے ہی
لی مار دی جائے"...... کامران نے بیڈ کے ساتھ پڑی ہوئی کرسی پر
ھتے ہوئے کہا۔

"اوہ۔ مجھے وہاں جانا ہو گا"...... عمران نے ہونٹ چباتے ہوئے

"لیکن آپ وہاں جا کر کیا کریں گے۔ وہاں تو ہر طرف فوج
ہوئی ہے"...... کامران نے کہا۔
"کیا کوئی فوجی ہیلی کاپٹر ہاتھ لگ سکتا ہے"...... عمران نے
"ہیلی کاپٹر تو راگو چھاؤنی کے اندر ہو گا۔ وہاں سے کیسے
کیا جا سکتا ہے"...... کامران نے جواب دیا۔
"تم بہرحال مجھے وہاں پہنچاؤ جس قدر جلد ممکن ہو سکے"...
نے کہا۔
"جیپ پر جانا ہو گا اور اس میں بہرحال پوری رات لگ جا
گی"...... کامران نے جواب دیا۔
"اوہ۔ تم ایسا کرو کہ لانگ رینج ٹرانسمیٹر مجھے لا دو۔ جلدی کر
عمران نے کہا۔
"ٹرانسمیٹر۔ مگر"...... کامران نے کچھ کہنا چاہا۔
"جو میں کہہ رہا ہوں وہ کرو"...... عمران نے غراتے ہوئے
میں کہا تو کامران تیزی سے مڑا اور تقریباً دوڑتے ہوئے انداز
کمرے سے باہر چلا گیا۔ عمران نے ہونٹ بھینچے ہوئے تھے اور
کے ذہن میں آندھیاں سی چل رہی تھیں کیونکہ جو کچھ کامران
بتایا تھا اس لحاظ سے اس کے ساتھیوں کا بچ نکلنا تقریباً ناممکن تھا
عمران جانتا تھا کہ اب وہ لوگ انہیں گرفتار کرنے کی بجائے
ایک لمحہ ہچکچائے بغیر گولیوں سے اڑا دیں گے۔ چند لمحوں بعد کا
واپس آیا تو اس کے ہاتھ میں ایک جدید ساخت کا لانگ رینج ٹرا

تھا۔
"راگو چھاؤنی کی فریکونسی معلوم ہے تمہیں"...... عمران نے بے
بے لہجے میں کہا۔
"یس سر"...... کامران نے جواب دیا اور ایک فریکونسی بتا دی تو
نے تیزی سے فریکونسی ایڈجسٹ کرنا شروع کر دی اور پھر
ایڈجسٹ کر کے اس نے بٹن آن کر دیا۔
"ہیلو ہیلو۔ ملٹری سیکرٹری ٹو پریذیڈنٹ کالنگ۔ اوور"۔ عمران
سے بدلی ہوئی آواز نکلی تو کامران بے اختیار اچھل پڑا لیکن
اس کی طرف دیکھے بغیر مسلسل کال دینے میں مصروف رہا۔
"یس۔ جنرل کمانڈنگ آفیسر کرنل پرشاد فرام راگو چھاؤنی
یو۔ اوور"...... چند لمحوں بعد ایک بھاری سی لیکن مؤدبانہ
سنائی دی۔
"پریذیڈنٹ صاحب سے بات کریں۔ اوور"...... عمران نے

"یس سر۔ اوور"...... دوسری طرف سے کرنل پرشاد کی مؤدبانہ
سنائی دی۔
"ہیلو۔ اوور"...... عمران نے اس بار انتہائی باوقار لہجے میں کہا
کامران کے چہرے پر یکلخت مزید حیرت کے تاثرات ابھر آئے لیکن
خاموش رہا۔
"یس۔ کرنل پرشاد بول رہا ہوں سر۔ اوور"...... کرنل پرشاد کی

آواز بھیک مانگنے والوں جیسی ہو گئی تھی۔

"کیا رپورٹ ہے پاکیشیائی ایجنٹوں کے بارے میں۔ اوور" عمران نے کہا۔

"سر۔ وہ پہاڑی میں کہیں چھپے ہوئے ہیں۔ انہیں تلاش کیا جا رہا ہے۔ جلد ہی وہ مل جائیں گے اور آپ کے حکم کے مطابق انہ فوری گولی سے اڑا دیا جائے گا۔ اوور"...... کرنل پرشاد نے کہا۔

"چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس شاگل کیا چھاؤنی میں مو ہیں۔ اوور"...... عمران نے کہا۔

"ان کی طرف سے اطلاع ملی ہے کہ وہ پہنچ رہے ہیں لیکن ا تک وہ نہیں پہنچے سر۔ اوور"...... کرنل پرشاد نے جواب دیتے ہ کہا۔

"سنو۔ چونکہ ان کا لیڈر عمران ابھی تک نہیں مل سکا اس لئے نے احکامات تبدیل کر دیئے ہیں۔ اب ان پاکیشیائی ایجنٹوں کو گرفتار کرنا ہے تاکہ ان سے اس عمران کے بارے میں پوچھ گچھ ک سکے اور شاگل جب چھاؤنی پہنچے تو اسے بھی میرا حکم پہنچا دینا۔ انتہائی ضروری میٹنگ میں جا رہا ہوں اس لئے اب مجھ سے رابطے ضرورت نہیں ہے۔ انہیں کہنا کہ حکم کی تعمیل کریں۔ اوو عمران نے کہا۔

"یس سر۔ اوور"...... کرنل پرشاد نے کہا۔

"اوور اینڈ آل"...... عمران نے اس بار ملٹری سیکرٹری کے

لیا اور اس کے ساتھ ہی ٹرانسمیٹر آف کر دیا۔

"تمہارے پاس میک اپ باکس تو ہو گا"...... عمران نے اس رے مطمئن لہجے میں کہا کیونکہ اسے یقین تھا کہ اب اگر اس اتھی دستیاب بھی ہو گئے تو انہیں فوری ہلاک نہیں کیا جائے گا اگل کے مزاج کو وہ اچھی طرح جانتا تھا کہ کرنل پرشاد کی طرف صدر صاحب کا پیغام ملنے کے بعد وہ رابطہ نہیں کرے گا اور حکم عمیل کرے گا اس طرح کم از کم اس کے ساتھیوں کی فوری کا خطرہ ٹل گیا تھا۔

"جی ہاں"...... کامران نے کہا۔

"لے آؤ۔ جلدی کرو"...... عمران نے کہا اور کامران اٹھا اور تیزی ایک بار پھر واپس چلا گیا۔ عمران نے بے اختیار ایک طویل لیا۔ اسے اپنے ساتھیوں سے دوری بے حد کھل رہی تھی لیکن ب وہ مجبور تھا۔ تھوڑی دیر بعد کامران واپس آیا تو اس کے ہاتھ ایک جدید میک اپ باکس تھا۔

"کافرستانی فوجی یونیفارم بھی چاہئے اور کرنل کے بیجز بھی"۔ نے کہا۔

"لے آتا ہوں جناب۔ لیکن آپ کرنا کیا چاہتے ہیں"...... کامران ت بھرے لہجے میں کہا۔

"ں جو کچھ کہہ رہا ہوں وہ کرو۔ یہ باتیں کرنے کا وقت نہیں عمران نے کہا تو کامران سر ہلاتا ہوا واپس چلا گیا۔ عمران

نے میک اپ باکس کھولا اور پھر اس کے ہاتھ تیزی سے حرکت میں
گئے۔ پھر اس نے جیسے ہی میک اپ مکمل کیا کامران واپس آیا
عمران کو دیکھ کر بے اختیار اچھل پڑا۔

"اوہ۔ اوہ۔ حیرت انگیز۔ آپ واقعی حیرت انگیز صلاحیتوں
مالک ہیں عمران صاحب۔ آپ تو یکسر بدل گئے ہیں۔ آنکھوں
رنگ تک بدل گیا ہے"...... کامران نے بے اختیار ہو کر کہا۔
کے ہاتھ میں ایک بڑا سا پیکٹ تھا۔

"آنکھوں کا رنگ سفید تو نہیں ہوا"...... عمران نے مسکرا
ہوئے کہا تو کامران بے اختیار ہنس پڑا۔ وہ عمران کی بات کا مط
سمجھ گیا تھا۔

"اس پیکٹ میں یونیفارم اور بیجز ہیں"...... کامران نے پیـ
عمران کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا۔

"تم اب جا کر جیپ کا بندوبست کرو۔ تب تک میں یونیفا
پہن لیتا ہوں"...... عمران نے کہا اور کامران سر ہلاتا ہوا واپس
گیا۔ اس کے باہر جاتے ہی عمران نے لباس اتارا اور پھر پیکٹ
یونیفارم نکال کر اس نے پہن لی۔ یونیفارم اس کی ناپ کی تھی
فوجی بوٹ بھی پیکٹ میں موجود تھے اور کرنل کے بیجز بھی۔ چند
بعد عمران کرنل کے روپ میں کھڑا تھا۔ تھوڑی دیر بعد کامران وا
آ گیا۔

"جیپ تیار ہے جناب"...... کامران نے کہا۔

"آؤ چلو"...... عمران نے اثبات میں سر ہلاتے ہوئے کہا اور پھر تیز
قدم اٹھاتا دروازے کی طرف بڑھ گیا۔ کامران اس کے پیچھے تھا۔
ی دیر بعد وہ ایک کھلی جگہ پر پہنچ گئے جہاں ایک فوجی جیپ
ود تھی۔

"یہ جیپ فوجی ہے یا اسے فوجی بنایا گیا ہے"...... عمران نے
ب کو دیکھ کر کہا۔

"فوجی بنایا گیا ہے جناب"...... کامران نے جواب دیا تو عمران
اثبات میں سر ہلا دیا۔

"اب کسی ایسے آدمی کو میرے ساتھ بھیجو جو راگو چھاؤنی کا راستہ
ا ہو اور فوجی یونیفارم میں ہو"...... عمران نے کہا۔

"اس کا بندوبست میں نے پہلے ہی کر دیا ہے۔ میں آپ کی اس
ائی کا مقصد کسی حد تک سمجھ گیا تھا"...... کامران نے
اتے ہوئے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے ہاتھ سے اشارہ کیا
ایک طرف سے ایک نوجوان تیز تیز قدم اٹھاتا جیپ کی طرف بڑھنے
اس کے جسم پر کافرستانی فوج کی یونیفارم تھی لیکن کاندھوں پر
ستارہ نہ تھا۔

"اس کا نام شوکت ہے جناب اور یہ راگو چھاؤنی تک آپ کو
ے پہنچا دے گا"...... کامران نے کہا۔

"سنو شوکت۔ میرا نام کرنل چوپڑا ہے اور میں ماؤنٹین بریگیڈ کا
ہوں اور تم میرے ڈرائیور ہو اور تمہارا نام بشن سنگھ

ہے "....... عمران نے شوکت سے مخاطب ہو کر کہا۔

" یس کرنل "....... شوکت نے باقاعدہ فوجی انداز میں سیلو کرتے ہوئے کہا۔

" گڈ۔ چلو ڈرائیونگ سیٹ پر "....... عمران نے کہا تو شوکت ہلاتا ہوا اچھل کر جیپ کی ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ گیا۔

" اسلحہ رکھوایا ہے جیپ میں "....... عمران نے کامران کی ط مڑتے ہوئے کہا۔

" یس سر۔ لیکن ریوالور اور اس کا میگزین ہے "....... کامران کہا۔

" ٹھیک ہے۔ اوکے خدا حافظ "....... عمران نے کہا اور پھر کی سائیڈ سیٹ پر سوار ہو گیا۔ دوسرے لمحے جیپ ایک جھٹکے آگے بڑھی اور پھر تیزی سے دوڑتی ہوئی آگے بڑھتی چلی گئی۔

ہیلی کاپٹر جیسے ہی راگو چھاؤنی کے ہیلی پیڈ پر اترا شاگل اچھل کر یچے اترا۔ اس کا چہرہ غصے اور جوش سے عتابی ہو رہا تھا اور آنکھوں سے لے نکل رہے تھے۔ ہیلی پیڈ پر راگو چھاؤنی کا کمانڈر جنرل کرنل پرشاد ار ہسپتال کا انچارج ڈاکٹر گوپال دونوں موجود تھے کیونکہ شاگل نے ہاں پہنچنے سے پہلے ہی انہیں بحیثیت چیف آف کافرستان سیکرٹ وس ہیلی پیڈ پر موجود رہنے کا حکم دیا تھا اور چونکہ چیف آف ا ستان سیکرٹ سروس کا عہدہ صدر اور وزیراعظم کے بعد سب سے ا عہدہ سمجھا جاتا تھا اس لئے وہ دونوں اس کے استقبال کے لئے ہاں موجود ہونے پر مجبور تھے۔

" کیا ہوا ہے۔ یہ سب کیا ہوا ہے۔ یہ مجھے کیا بتایا گیا ہے "۔ اگل نے نیچے اترتے ہی تقریباً چیختے ہوئے لہجے میں ان سے مخاطب ہو کہا۔

"جناب کیا بتائیں ہمیں تو خود سمجھ نہیں آ رہی کہ یہ سب کیا ہے"...... کرنل پرشاد نے سہمے سے لہجے میں کہا۔

"تمہیں سمجھ آ ہی نہیں سکتی کرنل پرشاد۔ اگر تمہیں سمجھ ہوتی تم اس وقت مجھے فوجی قواعد و ضوابط نہ بتاتے جب میں نے کہا تھا ان پاکیشیائی ایجنٹوں کو زندہ کیوں رکھا گیا ہے۔ ان کا علاج کیوں کیا گیا ہے۔ اب بتاؤ کیا ہوا ہے اور ڈاکٹر تم بتاؤ۔ تم نے مجھے بتایا تھا کہ وہ شدید زخمی بھی ہیں اور انہیں بے ہوش کرنے والی دوا کا انجکشن بھی لگایا گیا ہے۔ پھر یہ سب کیا ہوا ہے"...... شاگل نے چیخ چیخ کر بولتے ہوئے کہا۔

"جناب آپ آفس میں چلیں۔ وہاں تفصیل سے آپ کو بتائیں گے کہ کیا ہوا ہے"...... ڈاکٹر کرنل گوپال نے بڑے مدبرانہ لہجے میں کہا۔

"وہاں کیا ہے۔ وہاں کیا تم نے نقشہ بنا رکھا ہے۔ ناسنس۔ میں چیختا رہا ہوں کہ یہ انتہائی خطرناک لوگ ہیں لیکن میری کوئی سنتا ہی نہ تھا۔ کہاں ہیں یہ لوگ۔ کیسے وہ اتنی بڑی چھاؤنی اور ہسپتال سے فرار ہو گئے۔ بولو"...... شاگل نے چیختے ہوئے کہا۔

"جناب ایک لڑکی اور تین مرد تھے۔ لڑکی کے بازو اور پیر بیڈ سے کلپ کر دیئے گئے تھے اس لئے وہ تو کسی صورت فرار نہ ہو سکتی تھی اور تینوں مرد شدید زخمی تھے۔ وہ تو حرکت بھی نہ کر سکتے تھے اس

لئے میں نے انہیں خواب آور دوا کے انجکشن لگا دیئے تھے اور میں نے گارڈ اور نرس کے ساتھ راؤنڈ بھی لگایا اور ان کی چیکنگ بھی کی لیکن پھر اچانک اطلاع ملی کہ وہ چاروں ہسپتال کے لباس کی بجائے فوجی یونیفارم میں ملبوس ہسپتال کے اس خصوصی کمرے سے نکل کر باہر آ گئے۔ ان کے پاس اسلحہ بھی تھا۔ انہوں نے ایک جیپ پر سوار ہو کر ہسپتال آنے والے ایک کرنل اور دو میجروں اور ایک جوان ڈرائیور کو کھلے عام گولیاں مار کر ہلاک کر دیا اور جیپ لے کر والی راستے پر چل پڑے۔ پھر وہ ہسپتال کی چیک پوسٹ پر پہنچے۔ انہوں نے وہاں بھی کھلے عام فائرنگ کی اور وہاں سب کو ہلاک کر دیا ان کی اطلاع پر چھاؤنی کے خطرے کے سائرن بجائے گئے"۔ ڈاکٹر گوپال نے کہا۔ وہ اب تینوں ایک دوسرے کے ساتھ چلتے ہوئے مین آفس کی طرف بڑھتے چلے جا رہے تھے۔

"تمہارا مطلب ہے کہ انہوں نے کلپ کھول لئے۔ ان کے زخم ٹھیک ہو گئے۔ انہوں نے ہسپتال کے لباس اتار کر فوجی یونیفارمز پہن لیں اور اسلحہ بھی ان کے پاس آ گیا اور وہ کھلے عام فائرنگ کرتے فوجیوں کو ہلاک کرتے ہوئے آگے بڑھتے چلے گئے۔ کیوں یہی مطلب ہے ناں تمہارا"...... شاگل نے تیز لہجے میں کہا۔

"ہاں جناب۔ ایسا ہی ہوا ہے۔ نجانے یہ لوگ جن تھے یا بھوت۔ انہوں نے ہماری دس جیپیں تباہ کر دی ہیں۔ ڈیڑھ سو فوجی زخمی اور پچاس ہلاک ہوئے ہیں۔ ایک چیک پوسٹ ہمیں خود اپنے

ہیلی کاپٹروں سے تباہ کرانا پڑی لیکن اس کے باوجود وہ ابھی تک ہاتھ نہیں آسکے" ...... کرنل پرشاد نے کہا۔ وہ اس وقت آفس میں پہنچ چکے تھے۔

"وہ ہیں ہی ایسے۔ وہ واقعی انسان نہیں ہیں۔ وہ جن بھوت ہیں وہ سب کچھ کر سکتے ہیں جو ایک انسان نہیں کر سکتا۔ اسی لئے میں کہہ رہا تھا کہ انہیں فوری ہلاک کرا دو۔ ان کا علاج نہ کرو لیکن اب وہ کہاں ہیں" ...... شاگل نے کرسی پر بیٹھتے ہوئے کہا۔ اس بار اس کا لہجہ پہلے سے نرم تھا۔ شاید وہ اپنے فوری اشتعال اور غصے پر قابو پا لینے میں کامیاب ہو چکا تھا۔

"ان کی تلاش جاری ہے جناب۔ پہاڑیوں کے دونوں اطراف میں فوجی انہیں تلاش کر رہے ہیں۔ ایک غار میں ان کی موجودگی کے شواہد ملے ہیں لیکن اس کے بعد وہ غائب ہو چکے ہیں حالانکہ ان میں سے ایک فرد زخمی تھا یا لاش تھی کیونکہ دوسرے نے اسے کاندھے پر اٹھایا ہوا تھا" ...... کرنل پرشاد نے کہا۔

"سر اگر آپ اجازت دیں تو میں چلا جاؤں کیونکہ زخمی فوجیوں کے فوری آپریشن کرنے ہیں" ...... ڈاکٹر گوپال نے کہا۔

"ہاں۔ ٹھیک ہے تم جا سکتے ہو" ...... شاگل نے کہا تو ڈاکٹر سلام کر کے آفس سے باہر چلا گیا۔

"اب مجھے تفصیل سے بتاؤ کیا ہوا ہے۔ کس طرح ہوا ہے" ...... شاگل نے پرشاد سے کہا۔

"جناب۔ جیسا کہ پہلے بتایا گیا ہے۔ وہ لوگ جیپ لے کر جب ال کی چیک پوسٹ سے آگے بڑھے تو چھاؤنی میں خطرے کے ان بجائے گئے اور چار جیپوں نے ان کا پیچھا کیا لیکن یہ پہاڑی پر کے اوپر چیک پوسٹ تھی چڑھ گئے۔ جیپ انہوں نے نیچے چھوڑ ۔ ان کے پاس اسلحہ تھا انہوں نے جیپوں پر فائر کھول دیا جس کی ے جیپیں رکنے پر مجبور ہو گئیں۔ اس کے بعد میں نے اور جیپیں یں۔ ان کا اسلحہ ختم ہو گیا تو فوجی اوپر چڑھنے لگے لیکن اچانک پوسٹ سے فوجیوں پر ہیوی مشین گن سے فائر کھول دیا گیا اور ں پر میزائل فائر کئے گئے جس سے ہم سمجھ گئے کہ انہوں نے پوسٹ پر قبضہ کر لیا ہے۔ چنانچہ ہم نے گن شپ ہیلی کاپٹروں ے اس پر میزائل فائر کر کے یہ چیک پوسٹ مکمل طور پر تباہ ی۔ اس کے بعد فوجیوں نے ان پہاڑیوں کو دونوں اطراف سے ا اور اب ان کو تلاش کیا جا رہا ہے" ...... کرنل پرشاد نے کہا۔

"یہ لوگ اپنے لیڈر کے بغیر اس قدر تیز کام کر رہے ہیں۔ نجانے ان کہاں ہو گا" ...... شاگل نے بڑبڑاتے ہوئے کہا۔

"وہ سر۔ ابھی آپ کے آنے سے تھوڑی دیر پہلے صدر صاحب کی کال آئی تھی۔ انہوں نے بھی اس عمران کے بارے میں بات ی کہ جب تک وہ نہ مل جائے ان پاکیشیائی ایجنٹوں کو ہلاک نہ ے بلکہ زندہ گرفتار کیا جائے۔ چنانچہ میں نے فوجیوں کو ان و گرفتار کرنے کے احکامات دے دیئے ہیں حالانکہ پہلے صدر

صاحب کے حکم پر ان کے فوری ہلاکت کے احکامات دیئے تھے"...... کرنل پرشاد نے کہا۔

"صدر صاحب نے یہاں ٹرانسمیٹر کال کی ہے۔ اوہ۔ کہاں ٹرانسمیٹر میں خود ان سے بات کرتا ہوں"...... شاگل نے چونک کہا۔

"انہوں نے خاص طور پر آپ کے بارے میں پوچھا تھا کہ ا یہاں موجود ہیں یا نہیں۔ جب میں نے انہیں بتایا کہ آپ والے ہیں تو انہوں نے حکم دیا کہ آپ تک بھی ان کے احکامات دیئے جائیں اور ساتھ ہی یہ حکم بھی دیا کہ چونکہ وہ انتہائی ضرو میٹنگ میں جارہے ہیں اس لئے انہیں ڈسٹرب نہ کیا جائے"۔ کرنل پرشاد نے کہا تو شاگل نے بے اختیار ہونٹ بھینچ لئے اور ابھی دونو کی خاموشی کو چند منٹ ہی گزرے تھے کہ اچانک میز پر پڑے ہو فون کی گھنٹی بج اٹھی تو کرنل پرشاد نے چونک کر ہاتھ بڑھایا ا رسیور اٹھالیا۔

"یس"...... کرنل پرشاد نے سخت لہجے میں کہا اور پھر دوسر طرف سے بات سن کر وہ بے اختیار اچھل پڑا۔

"اوہ۔ اوہ۔ ان کی کیا پوزیشن ہے۔ کیا زندہ ہیں یا مردہ"۔ کرنل پرشاد نے تقریباً چیختے ہوئے کہا تو شاگل بے اختیار چونک پڑا۔

"اوہ۔ انہیں ہسپتال پہنچاؤ۔ صدر صاحب کا حکم ہے کہ انہ زندہ رکھا جائے"...... کرنل پرشاد نے کہا اور اس کے ساتھ ہی ا

رسیور رکھ دیا۔

"کیا ہوا ہے"...... شاگل نے کہا۔

"وہ پاکیشیائی ایجنٹ مل گئے ہیں جناب۔ چاروں کی حالت بے خراب ہے اور چونکہ صدر صاحب نے حکم دیا تھا کہ جب تک ان کا د ملے انہیں زندہ رکھا جائے اس لئے میں نے انہیں ہسپتال نے کا کہا ہے۔ میں ڈاکٹر گوپال کو بتا دوں"...... کرنل پرشاد کہا تو شاگل نے بے اختیار ہونٹ بھینچ لئے۔ صدر صاحب کی وجہ وہ بے بس ہو رہا تھا ورنہ اس کا بس نہ چل رہا تھا کہ وہ جا کر اپنے ں سے عمران کے ساتھیوں کے گلے دبا دے لیکن چونکہ اسے م تھا کہ اگر اس نے صدر صاحب کے حکم کی کھلم کھلا خلاف ی کی تو پھر اس کا بھی کورٹ مارشل ہو سکتا ہے اس لئے وہ ے ہونٹ بھینچنے کے اور کچھ نہ کر سکتا تھا۔

"ڈاکٹر گوپال کو کہہ دو کہ جب ان چاروں کی حالت خطرے سے ہ جائے تو وہ مجھے اطلاع دے"...... شاگل نے کہا اور کرنل نے اثبات میں سر ہلا دیا اور پھر اس نے فون پر ڈاکٹر گوپال کو شیائی ایجنٹوں کے بارے میں بتا کر انہیں ان کا علاج کرنے اور اطلاع دینے کے بارے میں کہا اور رسیور رکھ دیا۔

"کہاں سے ملے ہیں یہ لوگ"...... شاگل نے پوچھا۔

"یں معلوم کرتا ہوں جناب"...... کرنل پرشاد نے کہا۔

"بتانے والے کو یہیں بلوا لو"...... شاگل نے کہا اور کرنل

پرشاد نے اثبات میں سر ہلا دیا اور پھر فون کا رسیور اٹھا کر اس کسی کو احکامات دیئے اور رسیور رکھ دیا۔ تھوڑی دیر بعد ایک کی آفس میں داخل ہوا اور اس نے کرنل پرشاد اور شاگل کو فوجی سلی کیا۔

" کیپٹن سریندر۔ کہاں سے ملے ہیں یہ پاکیشیائی ایجنٹ"۔ کر پرشاد نے پوچھا۔

" سر۔ ایک قدرتی کریک کے اندر پڑے ہوئے تھے۔ لڑکی گہرائی میں گری ہوئی تھی جبکہ باقی تینوں اس سے کم گہرائی پڑے تھے اور یہ سب بے ہوش تھے۔ ہم نے پہلے اس کریک چیکنگ کی تھی لیکن یہ وہاں نہ ملے تھے پھر ایک سپاہی نے اچا گہرائی میں جھانکا تو یہ نظر آگئے"...... کیپٹن سریندر نے کہا۔

" کس قسم کی گہرائی"...... شاگل نے چونک کر پوچھا۔

" جناب۔ یہ کریک کافی اندر جا کر ایک جگہ اچانک گھوم جاتا اور اس گھماؤ کے بعد اچانک گہرائی آجاتی ہے۔ وہ لڑکی شاید سب آگے تھی اس لئے وہ اچانک اس گہرائی میں گر گئی۔ گہرائی کچھ زیادہ تھی اس لئے وہ لڑکی نیچے گر گئی جبکہ باقی تینوں افراد شاید سنبھل تھے اس لئے وہ نیچے تو نہ گرے البتہ وہ بھی ڈھلوان سطح پر گھس ہوئے نیچے گئے اور پھر وہاں بے ہوش ہو گئے"...... کیپٹن سریندر کہا۔

" لیکن اس طرح نیچے گرنے سے تو ان کی ہڈیاں ٹوٹ گئی ہو

شاگل نے چونک کر کہا۔

"نو سر۔ اس گہرائی میں اور اس کی ڈھلوان پر پہاڑی جھاڑیاں تھیں کیونکہ وہاں کہیں سے پانی رس رس کر آتا رہتا ہے اور پہاڑی جھاڑیوں کی وجہ سے وہ ٹوٹ پھوٹ سے تو بچ گئے ہیں بے ہوش ہو گئے ہیں کیونکہ ان جھاڑیوں سے ایسی بو نکلتی رہتی ں میں اگر کچھ دیر رہا جائے تو آدمی بے ہوش ہو جاتا ہے"۔ ن سریندر نے جواب دیا۔

ہونہہ۔ نجانے یہ کس قدر خوش قسمت ہیں کہ ہر بار کوئی نہ ہ ان کے بچ جانے کی نکل آتی ہے۔ اس قدر بلندی سے گرنے ھی بچ گئے اور اب یہ جھاڑیاں"...... شاگل نے بڑبڑاتے کہا اور پھر ہاتھ سے اس نے کیپٹن سریندر کو واپس جانے کا دیا اور کیپٹن سریندر سیلوٹ مار کر واپس چلا گیا۔

سر۔ ان کے لیڈر کا کیا ہوا۔ اس کی لاش ملی ہے یا نہیں"۔ کرنل پرشاد نے کہا۔

جانے وہ کہاں غائب ہو گیا ہے۔ نہ اس کی لاش مل رہی ہے ی وہ خود مل رہا ہے۔ یوں لگتا ہے جیسے وہ ہوا میں ہی تحلیل ہو ...... شاگل نے جواب دیتے ہوئے کہا اور کرنل پرشاد ہو گیا۔ پھر تقریباً ایک گھنٹے بعد فون کی گھنٹی بج اٹھی تو پرشاد نے ہاتھ بڑھا کر رسیور اٹھا لیا۔

ں"...... کرنل پرشاد نے کہا۔

"ڈاکٹر گوپال بول رہا ہوں کرنل پرشاد۔ وہ چاروں اب خط
سے باہر ہو چکے ہیں۔ اب کیا حکم ہے"...... دوسری طرف سے ڈ
گوپال کی آواز سنائی دی۔

"کہاں ہیں یہ لوگ"...... کرنل پرشاد نے پوچھا۔

"اسی خصوصی کمرے میں ہیں جہاں پہلے یہ لوگ تھے البتہ
میں نے دو مسلح گارڈز کی وہاں خصوصی طور پر ڈیوٹی لگا دی ہے۔
ڈاکٹر گوپال نے کہا۔

"کیا وہ ہوش میں ہیں"...... کرنل پرشاد نے پوچھا۔

"ہاں۔ لیکن میں نے ان چاروں کے ہاتھ اور پیر بیڈز سے کلپ
دیئے ہیں"...... ڈاکٹر گوپال نے جواب دیا۔

"پہلے بھی تو کلپ کئے تھے۔ نجانے یہ کیسے کھول لیتے ہیں"۔ کرنل
پرشاد نے کہا۔

"اسی لئے تو گارڈز کی مستقل ڈیوٹی لگائی ہے"...... ڈاکٹر گوپال
نے جواب دیا۔

"اوکے"...... کرنل پرشاد نے کہا اور رسیور رکھ دیا۔

"کیا ہوا ہے"...... شاگل نے جو خاموش بیٹھا ہوا تھا پوچھا
کرنل پرشاد نے ڈاکٹر سے ہونے والی گفتگو کی تفصیل بتا دی۔

"آؤ میرے ساتھ۔ میں ان سے عمران کے بارے میں پوچھ
کرنا چاہتا ہوں"...... شاگل نے اٹھتے ہوئے کہا اور کرنل پرشاد
اٹھ کھڑا ہوا اور پھر تھوڑی دیر بعد وہ ہسپتال کے اس خصوصی ک

ہو گئے۔ وہاں چار بیڈز پر ایک عورت اور تین مرد موجود تھے۔
ان کے جسموں پر کمبل تھے اور وہ سیدھے اور بے حس و حرکت
پڑے ہوئے تھے لیکن ان کی آنکھیں کھلی ہوئی تھیں جبکہ کمرے کی
دیوار کے ساتھ پشت لگائے مشین گنوں سے مسلح دو فوجی بھی موجود
تھے۔ کرنل پرشاد اور شاگل کے اندر داخل ہوتے ہی ان دونوں نے
فوجی سیلوٹ کیا۔ کرنل نے ان کے سیلوٹ کا جواب دیا تھا
شاگل اندر داخل ہو کر اس طرح ان چاروں کو دیکھ رہا تھا جیسے
اس کا بس نہ چل رہا ہو کہ وہ انہیں نظروں سے ہی ہلاک کر دے۔

"تم کب تک زندہ بچتے رہو گے۔ آخر کار تمہاری موت میرے
ہاتھوں ہی ہونی ہے"...... شاگل نے انتہائی غصیلے لہجے میں کہا۔

"جب تک ہماری زندگی اللہ تعالیٰ کو مقصود ہے ہمیں کوئی
نہیں مار سکتا"...... ایک آدمی نے بڑے مطمئن سے لہجے میں کہا۔

"تمہارا نام کیا ہے"...... شاگل نے چونک کر پوچھا۔

"کیا کرو گے پوچھ کر۔ ویسے ایک بات بتا دوں کہ عمران صاحب
کی وجہ سے تم زندہ نظر آ رہے ہو ورنہ اب تک نجانے تمہیں ہلاک
ہوئے کتنے برس گزر چکے ہوتے۔ عمران صاحب نے ہمیشہ تمہاری
حمایت کی ہے"...... اس آدمی نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"اب بھول جاؤ عمران کو۔ وہ ختم ہو چکا ہے"...... شاگل نے کہا
تو ان کے جسموں کو جھٹکے سے لگے۔

"کیا مطلب۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے"...... اس بار اس عورت نے

کہا۔

"تمہارا نام جولیا ہے"...... شاگل نے جواب دینے کی بجا
سے مخاطب ہو کر کہا۔

"نہیں۔ میرا نام مارتھا ہے اور میں عمران صاحب کی نئ
ہوں"...... اس عورت نے کہا۔

"ہو گی۔ بہرحال ابھی تک باوجود زبردست تلاش کے ع
زندہ ملا ہے اور نہ ہی اس کی لاش ملی ہے اس لئے مجھے یقین ہ
کہیں مر کھپ گیا ہو گا"...... شاگل نے کہا۔

"اس کے اندر پاکیشیا کے پندرہ کروڑ اور عالم اسلام کے
دل دھڑک رہے ہیں۔ وہ اتنی آسانی سے نہیں مر سکتا"...... جو
بڑے اطمینان بھرے لہجے میں کہا۔

"ہونہہ۔ تمہارا اطمینان بتا رہا ہے کہ تمہیں معلوم ہ
کہاں ہے اور سنو تمہارا علاج اس لئے کیا گیا ہے اور تمہیں ا
زندہ رکھا گیا ہے تاکہ تم سے اس کے بارے میں معلومات حاص
جا سکیں ورنہ اس بار ہم فیصلہ کر چکے تھے کہ تمہیں دیکھتے ہی
دی جائے۔ تم نے بے شمار کافرستانی فوجیوں کو ہلاک کیا
شاگل نے انتہائی غصیلے لہجے میں کہا۔

"ہم نے اپنے دفاع کے لئے انہیں ہلاک کیا ہے۔ کسی
ہوش کر کے، باندھ کر یا بے بس کر کے نہیں مارا۔ لیکن ہمیں
معلوم نہیں ہے کہ عمران کہاں ہے اور کس حالت میں ہے لیک

ے باوجود مجھے یقین ہے کہ وہ جہاں بھی ہے زندہ ہے اور سلامت
"...... جولیا نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"ہونہہ۔ کاش صدر صاحب نے میرے ہاتھ نہ باندھ دیئے
تے۔ بہرحال آؤ چلیں صبح ان سے بات ہو گی"...... شاگل نے کہا
واپس مڑ گیا۔ کرنل پرشاد بھی اس کے ساتھ تھا۔ اب چونکہ رات
ئی تھی اور صبح تک کچھ بھی نہ ہو سکتا تھا اس لئے شاگل کرنل
د کے ساتھ اس کے آفس میں آ گیا اور پھر کرنل پرشاد اسے آرام
نے کے لئے ایک بڑے کمرے میں چھوڑ گیا۔ دوسرے روز صبح
گل نے تیار ہو کر ناشتہ کیا اور پھر وہ خود ہی کرنل پرشاد کے آفس
نچ گیا۔ کرنل پرشاد وہاں پہلے سے موجود تھا۔

"زخمیوں کی کیا پوزیشن ہے"...... شاگل نے پوچھا۔

"میں نے معلوم کیا ہے وہ ویسے ہی کلپڈ حالت میں موجود ہیں"۔
ل پرشاد نے جواب دیا اور یہ سن کر شاگل اطمینان سے ایک
ل پر بیٹھ گیا۔ اسی لمحے میز پر رکھے ہوئے فون کی گھنٹی بج اٹھی تو
ل پرشاد نے ہاتھ بڑھا کر رسیور اٹھا لیا۔

"یس"...... کرنل پرشاد نے کہا۔

"جناب۔ فرسٹ چیک پوسٹ سے سکیورٹی آفیسر کیپٹن راجندر
رہا ہوں سر"۔ دوسری طرف سے ایک مؤدبانہ آواز سنائی دی۔

"اوہ۔ کیا بات ہے۔ کیوں مجھے براہ راست کال کی ہے"۔ کرنل
نے قدرے غصیلے لہجے میں کہا۔

"جناب ماؤنٹین بریگیڈ کے کرنل چوپڑہ صاحب تشریف لا
ہیں۔ وہ فوری طور پر آپ سے ملنا چاہتے ہیں پاکیشیائی ایجنٹوں
سلسلے میں"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"ماؤنٹین بریگیڈ کے کرنل چوپڑہ۔ ٹھیک ہے بھجوا دو انہیں
کرنل پرشاد نے کہا اور رسیور رکھ دیا۔

"کون۔ کرنل چوپڑہ۔ کس کی بات کر رہے ہو"...... شاگل
چونک کر پوچھا۔

"جناب ماؤنٹین بریگیڈ کے کرنل چوپڑہ آئے ہیں۔ وہ شاید
پاکیشیائی ایجنٹوں کی تلاش کے سلسلے میں آئے ہوں گے لیکن اب
یہ ایجنٹ مل چکے ہیں"...... کرنل پرشاد نے کہا۔

"کس نے بھیجا ہے انہیں"...... شاگل نے چونک کر پوچھا۔

"یہ تو وہ خود آ کر ہی بتا سکتے ہیں۔ بہرحال وہ کرنل ہیں
ماؤنٹین بریگیڈ سے ان کا تعلق ہے"...... کرنل پرشاد نے جواب
اور شاگل نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

"میں صدر صاحب سے بات کر لوں اب تک وہ یقیناً آفس
چکے ہوں گے"...... شاگل نے کہا اور ہاتھ بڑھا کر رسیور اٹھایا
تیزی سے نمبر پریس کرنے شروع کر دیئے۔

"یس۔ ملٹری سیکرٹری ٹو پریذیڈنٹ"...... رابطہ قائم ہوتے
ملٹری سیکرٹری کی آواز سنائی دی۔

"چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس شاگل بول رہا ہوں

جاانی سے۔ صدر صاحب سے بات کرائیں"...... شاگل نے کہا۔

"جناب صدر اور جناب وزیراعظم انتہائی اہم میٹنگ میں
صروف ہیں جناب اور ابھی دو تین گھنٹے ان سے کسی صورت بھی
ت نہیں ہو سکتی"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"اوکے"...... شاگل نے ایک طویل سانس لیتے ہوئے کہا اور پھر
یور رکھ دیا۔

"میرا خیال ہے کہ مجھے اس عمران کی تلاش کے لئے دوبارہ پلاسن
ا ہو گا ورنہ میں یہاں بیٹھ کر کیا کروں گا"...... شاگل نے کہا اور
جھٹکے سے اٹھ کھڑا ہوا۔

"یس سر"...... کرنل پرشاد نے بھی اٹھتے ہوئے کہا۔

"صدر صاحب کی کال آئے تو انہیں بتا دینا کہ میں عمران کی
ش کے لئے واپس چلا گیا ہوں کیونکہ میری نظر میں وہ ان سب سے
ہ خطرناک ہے"۔ شاگل نے دروازے کی طرف مڑتے ہوئے کہا۔

یس سر"...... کرنل پرشاد نے بھی اس کے پیچھے چلتے ہوئے کہا۔

خیال رکھنا اگر اس بار یہ پاکیشیائی ایجنٹ فرار ہو گئے تو تمہارا
ٹ مارشل ہو جائے گا"...... شاگل نے کہا۔

اب تو جناب ان کی کڑی نگرانی کی جائے گی"...... کرنل پرشاد
کہا اور شاگل نے اثبات میں سر ہلا دیا اور پھر آفس سے نکل کر وہ
طرف کو بڑھتے چلے گئے جہاں ہیلی پیڈ پر شاگل کا خصوصی ہیلی
موجود تھا۔

مسلسل اور خاصی تیز رفتاری سے سفر کرنے کے باوجود ع
صبح کو راگو چھاؤنی پہنچ سکا۔

"جناب کیا ہم نے چیک پوسٹ پر رکنا ہے یا"...... شوکت
جیپ کو راگو چھاؤنی کی طرف جانے والی سڑک کی طرف مو
ہوئے کہا۔

"ہاں۔ ورنہ تو وہ ہمیں جیپ سمیت اڑا دیں گے"...... ع
نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"یس سر"...... شوکت نے جواب دیا اور پھر جیپ راگو چھاؤ
فرسٹ چیک پوسٹ پر جا کر رکی تو عمران تیزی سے نیچے اترا ا
سائیڈ پر بنے ہوئے کیبن کی طرف بڑھتا چلا گیا۔ ظاہر ہے وہ ا
انداز میں چل رہا تھا۔ کیبن میں ایک کیپٹن موجود تھا جو عمران
اندر داخل ہوتے ہی ایک جھٹکے سے اٹھا اور اس نے عمرا

اده فوجی انداز میں سیلوٹ کیا۔

"کرنل چوپڑہ فرام ماؤنٹین بریگیڈ"...... عمران نے فوجی انداز
سلام کا جواب دیتے ہوئے کہا۔

"یس سر۔ حکم سر"...... کیپٹن نے کہا۔

"کرنل پرشاد ہیں ناں راگو چھاؤنی کے کمانڈر جنرل"...... عمران
رسی پر بیٹھتے ہوئے کہا۔

"یس سر۔ حکم سر"...... کیپٹن نے مؤدبانہ لہجے میں جواب دیا اور
ان کے بیٹھنے کے بعد وہ بھی واپس اپنی کرسی پر بیٹھ گیا تھا۔

"پاکیشیائی ایجنٹوں کے بارے میں مجھے یہاں بھیجا گیا ہے اور
نے کرنل پرشاد سے ملنا ہے"...... عمران نے کہا۔

"یس سر۔ میں بات کرتا ہوں سر"...... کیپٹن نے کہا اور پھر
رکھے ہوئے فون کا رسیور اٹھا کر اس نے یکے بعد دیگرے کئی
یس کر دیئے۔ عمران نے ہاتھ بڑھا کر خود ہی لاؤڈر کا بٹن پریس
یا اور کیپٹن نے سر ہلا دیا۔ دوسری طرف گھنٹی بجنے کی آواز سنائی
ی تھی پھر رسیور اٹھا لیا گیا۔

"یس"...... دوسری طرف سے ایک سخت اور بھاری آواز سنائی

"جناب فرسٹ چیک پوسٹ سے سیکورٹی آفیسر کیپٹن راجندر
رہا ہوں سر"...... کیپٹن راجندر نے مؤدبانہ لہجے میں کہا۔

"اوہ۔ کیا بات ہے۔ کیوں مجھے براہ راست کال کی ہے"۔ دوسری

طرف سے سخت لہجے میں کہا گیا۔

" جناب ماؤنٹین بریگیڈ کے کرنل چوپڑہ صاحب تشریف لائے
وہ فوری طور پر آپ سے ملنا چاہتے ہیں پاکیشیائی ایجنٹوں کے
میں "...... کیپٹن راجندر نے اسی طرح مؤدبانہ لہجے میں جواب
ہوئے کہا۔

" ماؤنٹین بریگیڈ کے کرنل چوپڑہ۔ ٹھیک ہے بھجوا دو انہ
دوسری طرف سے کہا گیا اور اس کے ساتھ ہی رابطہ ختم ہو
کیپٹن راجندر نے رسیور رکھ دیا اور پھر اس نے میز کی دراز کھو
ایک کارڈ نکالا اور اس پر اندراجات کئے، مہر لگائی اور اپنے دستخط
اس نے کارڈ عمران کی طرف بڑھا دیا۔

" تھینک یو کیپٹن۔ یہ بتائیں کہ پاکیشیائی ایجنٹ ملے
نہیں "...... عمران نے اٹھتے ہوئے کہا۔

" یس سر۔ وہ ایک پہاڑی کریک کے اندر گہرائی میں بے
پڑے ہوئے ملے ہیں۔ انہیں ہسپتال میں داخل کیا جا چکا
کیپٹن راجندر نے بھی اٹھ کر کھڑے ہوتے ہوئے کہا۔

" کب ملے ہیں "...... عمران نے پوچھا۔

" جی رات کو ملے تھے "...... کیپٹن نے جواب دیا۔

" اوکے "...... عمران نے کہا اور کارڈ لئے وہ تیزی سے کیبن
باہر آ گیا۔ کیپٹن راجندر بھی اس کے پیچھے باہر آیا اور اس نے
موجود فوجیوں کو راڈ ہٹانے کا اشارہ کر دیا۔ عمران جیپ میں

ڈرائیونگ سیٹ پر موجود شوکت نے جیپ آگے بڑھا دی۔

سر۔ ہم نے کہاں جانا ہے۔ میں تو پہلی بار اس چھاؤنی میں
ہو رہا ہوں "...... جیپ کافی آگے بڑھا کر شوکت نے آہستہ
کہا تو عمران مسکرا دیا۔

گھبراؤ مت۔ میں تمہیں راستہ بتاتا رہوں گا۔ چھاؤنیوں میں
ضوابط کے مطابق ملٹری کوڈ کے بورڈ ہر جگہ لگے ہوئے ہوتے
...... عمران نے مسکراتے ہوئے جواب دیا اور شوکت نے
میں سر ہلا دیا۔ پھر عمران اسے بتاتا رہا اور شوکت جیپ آگے
چلا گیا۔ پھر ایک عمارت کے سامنے بنے ہوئے برآمدے کے
لے جا کر شوکت نے عمران کے اشارے پر جیپ روک دی۔

اب تم جیپ لے کر واپس چلے جاؤ کیونکہ یہاں نجانے کس قسم
حالات پیش آئیں اور میں نہیں چاہتا کہ تم ان حالات کا شکار ہو
...... عمران نے کہا۔

یس سر۔ جو آپ کا حکم "...... شوکت نے جواب دیا لیکن اس
اب سے ہی عمران سمجھ گیا کہ وہ خود بھی واپس جانا چاہتا تھا
بہرحال اسے بھی معلوم تھا کہ وہ چھاؤنی کے اندر انتہائی شدید
میں ہے۔ عمران اس کے جواب پر مسکرایا اور پھر جیپ سے
گیا۔ اس نے چھاؤنی پہنچنے سے پہلے جیپ کی ایک سیٹ کے
بنے ہوئے خفیہ باکس سے خود ہی اسلحہ نکال کر اپنی جیبوں میں
تھا۔ عمران کے نیچے اترتے ہی شوکت نے جیپ موڑی اور پھر

وہ واپس جانے لگا۔ برآمدے میں موجود دو مسلح فوجیوں نے عمران کو سیلوٹ کیا۔

"کرنل پرشاد کہاں ہیں"....... عمران نے فوجی انداز میں سلام کا جواب دیتے ہوئے رعب دار لہجے میں کہا۔

"سر وہ ہیلی پیڈ کی طرف گئے ہیں۔ چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس کو سی آف کرنے۔ ابھی آ جائیں گے آپ آفس میں تشریف رکھیں۔ وہ کہہ گئے ہیں کہ آپ آئیں تو آپ کو آفس میں پہنچا دیا جائے"....... ایک فوجی نے انتہائی مؤدبانہ لہجے میں جواب دیا۔ عمران نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ شاگل کی واپسی کا سن کر اس کے ذہن میں یکلخت خدشات ابھر آئے تھے کیونکہ وہ شاگل کی عادت سے واقف تھا۔ وہ پاکیشیائی ایجنٹوں کو اس طرح چھوڑ کر واپس نہ جا سکتا تھا اس لئے اس کے ذہن میں خدشہ پیدا ہوا کہ کہیں وہ اس کے ساتھیوں کے ساتھ کوئی کارروائی نہ کر گیا ہو لیکن ظاہر ہے وہ فوری طور پر کچھ نہ کر سکتا تھا اور نہ ہی کچھ کہہ سکتا تھا اس لئے وہ اس فوجی کی رہنمائی میں کرنل پرشاد کے آفس میں جا کر بیٹھ گیا۔ تھوڑی دیر بعد دروازہ کھلا اور کرنل پرشاد اندر داخل ہوا۔ عمران اس کے بیجز اور کمانڈر انچیف جنرل کا خصوصی بیج دیکھ کر اسے پہچان گیا تھا اس لئے وہ اٹھ کھڑا ہوا۔

"کرنل چوپڑہ فرام ماؤنٹین بریگیڈ"....... عمران نے مسکراتے ہوئے کہا اور مصافحہ کے لئے ہاتھ بڑھا دیا۔

"کرنل پرشاد کمانڈر جنرل۔ تشریف رکھیں۔ آپ کی آمد اچانک ...ہی ہے"....... کرنل پرشاد نے مسکراتے ہوئے مصافحہ کرتے ...ئے کہا۔

"صدر صاحب کی خصوصی ہدایت کی وجہ سے مجھے اچانک یہاں ...ڑا ہے"....... عمران نے جواب دیا تو کرنل پرشاد جو اب میز کے ...ے اپنی مخصوص کرسی پر بیٹھ چکا تھا عمران کے جواب پر بے اختیار ...ل پڑا۔

"صدر صاحب کی ہدایت پر۔ کیا مطلب۔ میں سمجھا نہیں"۔ ...ل پرشاد نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"صدر صاحب اس پاکیشیائی ٹیم کے لیڈر کو ہر صورت میں تلاش ...ا چاہتے ہیں جس کا نام عمران ہے اور میں نے لاشعوری چیکنگ پر ...ت حاصل کی ہوئی ہے۔ میری یہ مہارت جدید ترین مشینری سے ...یادہ مؤثر ہے۔ اس لئے صدر صاحب نے مجھے کال کر کے حکم دیا ...ہ فوراً راگو چھاؤنی پہنچوں اور وہاں پاکیشیائی ایجنٹوں سے ان ...لیڈر کے بارے میں معلومات حاصل کروں۔ چنانچہ ان کا حکم ملتے ...ی روانہ ہو گیا۔ کیا وہ لوگ زندہ ہیں"۔ عمران نے بڑے سنجیدہ ...یں کہا۔

"ہاں۔ صدر صاحب کے حکم پر ہی انہیں زندہ رکھا گیا ہے اور ان ...سپتال میں علاج بھی کیا گیا ہے ورنہ پہلے صدر صاحب نے ہی حکم ...ھا کہ انہیں دیکھتے ہی گولیوں سے اڑا دیا جائے لیکن پھر ان کی

ٹرانسمیٹر کال آئی کہ انہیں زندہ رکھا جائے اور ان سے ان کے لیڈر کے بارے میں معلوم کیا جائے۔ کیا آپ واقعی ان سے معلوم کر لیں گے"...... کرنل پرشاد نے کہا۔

"ہاں۔ میں نے پہلے بھی حیرت انگیز کارنامے سرانجام دیئے ہیں اسی لئے تو صدر صاحب نے مجھے خصوصی طور پر یہاں بھجوایا ہے"...... عمران نے کہا۔

"چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس ابھی واپس گئے ہیں۔ انہوں نے بھی رات کو ان پاکیشیائی ایجنٹوں سے پوچھنے کی کوشش کی لیکن انہوں نے لاعلمی کا اظہار کر دیا ہے اور چیف صاحب ابھی آپ کے آنے سے چند لمحے پہلے واپس پلاسن گئے ہیں تاکہ اس لیڈر کو وہاں ٹریس کرا سکیں۔ انہیں بھی اس لیڈر کی ہی زیادہ فکر ہے"۔ کرنل پرشاد نے جواب دیا اور عمران بے اختیار مسکرا دیا۔ اب وہ کرنل پرشاد کو کیا بتاتا کہ جس کی تلاش کافرستان کے صدر اور شاگل دونوں کو اس شدت سے ہے وہ اس کے سامنے بیٹھا ہوا ہے۔

"ظاہر ہے جس کی فکر صدر صاحب کو ہے وہ کوئی خاص آدمی ہی ہو گا۔ اگر آپ مجھے ان پاکیشیائی ایجنٹوں تک پہنچا دیں تو میں اپنا کام شروع کر سکوں کیونکہ میں نے جلد از جلد واپس بھی جانا ہے"۔ عمران نے کہا۔

"آیئے"...... کرنل پرشاد نے اٹھتے ہوئے کہا اور عمران بھی اٹھ کھڑا ہوا۔ پھر تھوڑی دیر بعد وہ دونوں ایک دوسرے کے پیچھے چلتے

ئے ہسپتال پہنچ گئے جہاں پہلے وہ ڈاکٹر گوپال کے آفس گئے اور ل پرشاد نے عمران کا اس سے تعارف کرایا اور اس کے آنے کا اصد بتایا۔

ہاں۔ میں نے بھی سنا ہوا ہے کہ ایسا ہو سکتا ہے لیکن بہرحال صرف سنی سنائی بات ہی کر رہا ہوں"...... ڈاکٹر گوپال نے ب دیا۔

آپ بتائیں کہ کیا یہ پاکیشیائی ایجنٹ فرار ہونے کے قابل ہیں ہیں"...... عمران نے ڈاکٹر گوپال سے مخاطب ہو کر کہا تو ڈاکٹر ساتھ ساتھ کرنل پرشاد بھی عمران کی بات سن کر بے اختیار ک پڑا۔

اپ یہ کیوں پوچھ رہے ہیں"...... ڈاکٹر نے حیرت بھرے لہجے کہا۔

ڈاکٹر صاحب چونکہ میں نے کام کرنا ہے۔ اس پر انتہائی سخت محنت کرنا پڑتی ہے اور دوسری بات یہ کہ مقابل کو پرسکون ہونا ہے۔ یہ پاکیشیائی ایجنٹ بے حد خطرناک ہیں اور مجھے بتایا گیا ہے وہ پہلے بھی شدید زخمی حالت میں فرار ہو رہے تھے اور اب بھی اپ نے انہیں قید کر رکھا ہو گا جبکہ میرے کام کے لئے انہیں اور پرسکون ہونا چاہئے اس لئے میں پوچھ رہا ہوں کہ آپ کے کے بعد میں اپنا لائحہ عمل تیار کروں کیونکہ بہرحال میں نے یہ نا ہے"...... عمران نے جواب دیا۔

"وہ زخمی ہیں لیکن بہرحال وہ چل پھر سکتے ہیں اور جس طرح پہلے فرار ہوئے ہیں اب مجھے ان پر اعتبار نہیں رہا۔ یہ سب لوگ انتہائی طاقتور قوت مدافعت کے مالک ہیں۔ ناممکن کو بھی ممکن سکتے ہیں اس لئے میں نے اس بار انہیں کلپ کرنے کے ساتھ ساتھ وہاں دو مسلح گارڈ بھی تعینات کر رکھے ہیں"...... ڈاکٹر گوپال نے جواب دیا۔

"اوکے۔ آئیے کرنل صاحب"...... عمران نے اٹھتے ہوئے کہا، کرنل پرشاد بھی اٹھ کھڑا ہوا۔

"کیا میں بھی ساتھ چلو"...... ڈاکٹر گوپال نے اٹھتے ہوئے کہا۔

"سوری۔ زیادہ آدمیوں کی وجہ سے کام میں ہرج ہو گا۔ یہ انتہائی یکسوئی کا کام ہے"...... عمران نے خشک لہجے میں کہا۔

"ٹھیک ہے آپ جائیں"...... ڈاکٹر گوپال نے کہا تو عمران کرنل پرشاد کے ساتھ چلتا ہوا اس خصوصی کمرے کی طرف بڑھ گیا جہاں اس کے ساتھی موجود تھے۔ وہ اپنے ذہن میں ایک لائحہ عمل ترتیب دے چکا تھا۔

صدر اور وزیراعظم دونوں میٹنگ ہال سے نکل کر ایک مخصوص ...ے میں پہنچے۔ صدر صاحب بڑے تھکے تھکے انداز میں چل رہے تھے۔

"آپ بہت تھک گئے ہیں جناب اس لئے میرا خیال ہے کہ آپ ...ام فرمائیں"...... وزیراعظم نے کمرے میں پہنچتے ہی مؤدبانہ لہجے میں ...۔

"اس طویل میٹنگ نے واقعی مجھے تھکا دیا ہے لیکن مجھے سب سے ...ا فکر پاکیشیائی ایجنٹوں کی ہے اور میں اس سلسلے میں آپ سے ...ہ کرنا چاہتا ہوں"...... صدر نے اپنی مخصوص کرسی پر بیٹھتے ...ے کہا۔

"اوہ۔ یس سر۔ یہ مسئلہ واقعی انتہائی اہم ہے"...... وزیراعظم ...ہ میز کی دوسری طرف کرسی پر بیٹھتے ہوئے کہا۔

"وزیراعظم صاحب مشکبار کی تحریک آزادی کو کچلنے کے لئے ہم

نے جو کارروائی کی اور جس طرح وہ مشین جس میں پوری تحریک آزادی کے بارے میں معلومات موجود تھیں وہ تو ختم ہو گئی کیونکہ مشین اور اڈا دونوں ہی پہاڑی کے ساتھ تباہ ہو گئے لیکن پہلی بار بات ہمارے مفاد میں گئی ہے کہ یہ پاکیشیائی ایجنٹ قابو میں آئے ہیں۔ اب تک یقیناً انہیں ٹریس کر کے ہلاک کر دیا گیا ہو گا لیکن مجھے زیادہ فکر ان کے لیڈر علی عمران کی ہے۔ میں معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ کیا وہ بھی زندہ یا مردہ ٹریس ہو سکا ہے یا نہیں۔ ویسے اگر وہ بھی ختم ہو جائے تو میں سمجھوں گا کہ ہم نقصان میں نہیں رہے"۔ صدر نے کہا اور اس کے ساتھ ہی انہوں نے رسیور اٹھا کر ایک بٹن پریس کر دیا۔

"ملٹری سیکرٹری سے بات کراؤ"...... صدر صاحب نے بھاری لہجے میں کہا اور رسیور رکھ دیا۔

"جناب۔ وہ بھی ہلاک ہو چکا ہو گا"...... وزیراعظم نے کہا۔

"کاش ایسا ہو جائے"...... صدر نے جواب دیا۔ اسی لمحے سامنے پڑے ہوئے مختلف رنگوں کے ٹیلیفون سیٹس میں سے سفید رنگ کے فون کی مترنم گھنٹی بج اٹھی اور صدر نے ہاتھ بڑھا کر رسیور اٹھا لیا۔

"یس"...... صدر نے مخصوص لہجے میں کہا۔

"کرنل شیر سنگھ بول رہا ہوں جناب"...... دوسری طرف سے ملٹری سیکرٹری کی مؤدبانہ آواز سنائی دی۔

"راگو چھاؤنی کے کمانڈر جنرل کرنل پرشاد سے بات کرائیں"۔ صدر نے کہا۔

"یس سر۔ جب آپ میٹنگ میں مصروف تھے تو چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس جناب شاگل صاحب کی کال آئی تھی۔ وہ آپ سے بات کرنا چاہتے تھے لیکن میں نے انہیں بتایا کہ ابھی آپ مصروف ہیں۔ وہ بھی راگو چھاؤنی سے ہی بات کر رہے تھے"۔ ملٹری سیکرٹری نے کہا۔

"تو وہ بھی وہاں پہنچ گئے ہیں۔ ٹھیک ہے بات کراؤ"...... صدر نے کہا اور رسیور رکھ دیا۔

"چیف شاگل بھی راگو چھاؤنی پہنچ گئے ہیں"...... صدر نے سامنے بیٹھے ہوئے وزیراعظم سے بات کرتے ہوئے کہا۔

"لیکن وہ تو اس عمران کو پلاسن میں تلاش کر رہے تھے۔ وہ راگو چھاؤنی کیوں پہنچ گئے"...... وزیراعظم نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"وہ مجھ سے بات کرنا چاہتے تھے لیکن میٹنگ کی وجہ سے بات نہ ہو سکی۔ میرا دل کہہ رہا ہے کہ عمران کے بارے میں کچھ نہ کچھ ہو گیا ہے۔ وہ مردہ یا زندہ مل گیا ہو گا۔ بہرحال ابھی معلوم ہو جائے گا"...... صدر نے جواب دیا اور وزیراعظم نے اثبات میں سرہلا دیا۔ تھوڑی دیر بعد سرخ رنگ کے فون کی گھنٹی بج اٹھی تو صدر نے ہاتھ بڑھا کر رسیور اٹھایا اور ساتھ ہی اس میں موجود لاؤڈر کا بٹن پریس کر دیا تاکہ وزیراعظم بھی خوشخبری سن سکیں۔ انہیں یقین تھا کہ دوسری

طرف سے خوشخبری ہی سننے کو ملے گی۔

"یس"...... صدر صاحب نے مخصوص لہجے میں کہا۔

"کرنل پرشاد بول رہا ہوں سر۔ راگو چھاؤنی سے سر"۔ دوسری طرف سے کرنل پرشاد کی انتہائی مؤدبانہ آواز سنائی دی۔

"کرنل پرشاد پاکیشیائی ایجنٹوں کے بارے میں کیا رپورٹ ہے"۔ صدر نے کہا۔

"سر انہیں رات کو ہی ٹریس کر لیا گیا تھا۔ وہ ایک قدرتی کریک کی گہرائی میں بے ہوش اور زخمی حالت میں پڑے ہوئے تھے۔ انہیں آپ کے حکم کے مطابق زندہ رکھا گیا اور ہسپتال میں داخل کرا گیا اور ڈاکٹر گوپال نے ان کا علاج کیا"...... دوسری طرف سے کرنل پرشاد نے جواب دیا تو صدر کے چہرے پر انتہائی حیرت تاثرات ابھر آئے۔

"میرے حکم پر۔ کیا مطلب۔ میں نے تو حکم دیا تھا کہ انہیں دیکھتے ہی گولی مار دی جائے۔ آپ نے انہیں زندہ رکھا ہوا ہے اور ان کا علاج کر رہے ہیں"...... صدر نے انتہائی تیز لہجے میں کہا۔

"سر۔ آپ نے ٹرانسمیٹر پر مجھے کال کیا اور یہ حکم دیا کہ چونکہ پاکیشیائی ایجنٹوں سے ان کے لیڈر عمران کے بارے میں معلومات حاصل کرنی ہیں اس لئے انہیں زندہ رکھا جائے"...... دوسری طرف سے کرنل پرشاد نے کہا تو صدر کے چہرے پر انتہائی بے چینی تاثرات ابھر آئے۔

"اوہ۔ ویری بیڈ۔ اگر آپ میری آواز نہیں پہچان سکے تو اس کا مطلب ہے کہ یہ کال اس عمران کی ہو گی کیونکہ وہ ایسا ہی آدمی ہے ونکہ میں نے آپ کو کوئی کال نہیں کی تھی۔ اس کا مطلب ہے کہ صرف زندہ ہے بلکہ ٹھیک بھی ہے۔ بہرحال وہ پاکیشیائی ایجنٹ کس پوزیشن میں ہیں"۔ صدر نے کہا۔

"کرنل چوپڑہ ان سے ان کے لیڈر کے بارے میں معلومات صل کر رہے ہیں جناب"...... کرنل پرشاد نے جواب دیا تو صدر چہرے پر ایک بار پھر انتہائی حیرت کے تاثرات ابھر آئے۔

"کرنل چوپڑہ۔ وہ کون ہیں اور چیف شاگل کہاں ہیں۔ مجھے بتایا ہے کہ وہ بھی راگو چھاؤنی میں موجود ہیں"...... صدر نے کہا۔

"چیف شاگل رات کو آئے تھے جناب۔ میں نے آپ کا حکم ں سنا دیا۔ پھر وہ رات یہاں رہے۔ صبح انہوں نے آپ کو کال بھی تھی لیکن ملٹری سیکرٹری صاحب نے بتایا کہ آپ میٹنگ میں روف ہیں اس لئے وہ واپس پلاسن چلے گئے تاکہ وہاں اس لیڈر ن کو ٹریس کرا سکیں۔ وہ ابھی تک ٹریس نہیں ہو سکا اور جناب ل چوپڑہ ماؤنٹین بریگیڈ سے آئے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ وہ لاشعور لیک کر کے معلومات حاصل کرنے کے خصوصی ماہر ہیں اور آپ انہیں یہاں اس مقصد کے لئے بھجوایا ہے"۔ کرنل پرشاد نے ب دیا۔

"یہ سب کیا ہو رہا ہے۔ کون ہے یہ کرنل چوپڑہ۔ میں نے تو

انہیں کال نہیں کیا۔ یہ آخر کیا سلسلہ ہے۔ اوہ۔ اوہ۔ ویری
اوہ۔ اب میں سمجھ گیا۔ اوہ۔ یہ کرنل چوپڑہ یقیناً وہی لیڈر عمران
ہو گا۔ وہ اپنے ساتھیوں کو چھڑوانے آیا ہو گا۔ کہاں ہے وہ ا
وقت"...... صدر نے یکلخت کسی خیال کے تحت پوچھا۔

"وہ پاکیشیائی ایجنٹوں کے کمرے میں ہیں جناب"...... دو
طرف سے کرنل پرشاد نے بوکھلائے ہوئے لہجے میں کہا۔

"اوہ سنو۔ تم فوراً اپنے ساتھ مسلح افراد لے کر جاؤ اور
پاکیشیائی ایجنٹوں اور اس کرنل چوپڑہ پر اچانک فائر کھول دو۔
سب کو ہلاک ہونا چاہئے۔ اٹ از مائی آرڈر۔ اور پھر مجھے رپورٹ،
اور سنو تم نے ایک لمحہ ضائع کئے بغیر ان پر فائر کھولنا ہے ور
لوگ کچھ بھی کر سکتے ہیں"...... صدر نے چیختے ہوئے لہجے میں کہا
غصے اور حالات کی سنگینی کے پیش نظر اپنے عہدے کے وقار کو
بھول چکے تھے۔

"یس سر۔ یس سر"...... دوسری طرف سے بوکھلائے ہوئے
میں کہا گیا۔

"جاؤ اور حکم کی تعمیل کرو۔ جاؤ اور پھر مجھے رپورٹ
فوراً"...... صدر نے پہلے کی طرح چیختے ہوئے لہجے میں کہا اور اس
ساتھ ہی انہوں نے رسیور کریڈل پر پٹخ دیا۔

"یہ لوگ انسان نہیں ہیں۔ نجانے یہ کون سی مخلوق ہے
صدر نے انتہائی بوکھلائے ہوئے لہجے میں کہا۔

"بہرحال جو بھی ہیں اب ان کی موت یقینی ہو چکی ہے"۔
براعظم نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"کاش ایسا ہو جائے"...... صدر نے کہا تو وزیراعظم بے اختیار
ہنس پڑے۔

"کیا آپ کو بھی ان کی موت پر شک ہے جناب۔ اب تو کوئی
سلہ نہیں رہا۔ وہ لوگ تو اس بات سے بے خبر ہوں گے کہ اچانک
ان پر فائر کھولا جا سکتا ہے"...... وزیراعظم نے حیرت بھرے لہجے
میں کہا۔

"میں کیا بتاؤں آپ کو۔ شاید ان کی لاشیں دیکھ کر بھی مجھے ان
موت کا یقین نہ آئے۔ بہرحال ابھی رپورٹ ملے گی تو پھر معلوم ہو
...... صدر نے کہا تو وزیراعظم مسکرا کر خاموش ہو گئے۔ پھر تقریباً
گھنٹے بعد فون کی گھنٹی بج اٹھی تو صدر نے بجلی کی سی تیزی سے
بڑھا کر رسیور اٹھا لیا۔

"یس"...... صدر نے کہا۔

"راگو چھاؤنی کے کمانڈر جنرل کرنل پرشاد بات کرنا چاہتے ہیں
اب"...... دوسری طرف سے ملٹری سیکرٹری کی مؤدبانہ آواز سنائی
ا۔

"اوہ۔ جلدی کراؤ بات"...... صدر نے تیز لہجے میں کہا۔

"سر۔ میں کرنل پرشاد بول رہا ہوں"...... چند لمحوں بعد کرنل
شاد کی آواز سنائی دی۔

"کیا رپورٹ ہے"...... صدر نے انتہائی بے چین لہجے میں کہا۔

"سر حکم کی تعمیل کر دی گئی ہے۔ کرنل چوپڑہ سمیت چاروں پاکیشیائی ایجنٹوں کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا ہے"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"کیسے۔ تفصیل بتائیں"...... صدر نے کہا۔

"جناب میں چار مسلح افراد لے کر ہسپتال گیا اور اس مخصوص کمرے میں اچانک داخل ہوا تو وہ چاروں پاکیشیائی ایجنٹ بیڈ کے ساتھ کلپ ہوئے ویسے ہی بے حس و حرکت پڑے ہوئے تھے جبکہ کرنل چوپڑہ ایک آدمی پر جھکے ہوئے تھے۔ ہماری آہٹ سن کر وہ تیزی سے مڑا لیکن چاروں مسلح افراد نے پلک جھپکنے میں کرنل چوپڑہ اور ان چاروں پر فائر کھول دیئے اس طرح وہ سب ہلاک ہو گئے فائرنگ کی آوازیں سن کر ڈاکٹر گوپال بھی وہاں پہنچ گئے۔ وہ راؤنڈ پر تھے میں نے انہیں آپ کے حکم کے بارے میں بتایا تو وہ خاموش ہو گئے"...... کرنل پرشاد نے تفصیل سے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"آپ کہاں سے بات کر رہے ہیں"...... صدر نے چند لمحوں کی خاموشی کے بعد پوچھا۔

"اپنے آفس سے جناب"...... کرنل پرشاد نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"اور ڈاکٹر گوپال کہاں ہیں"...... صدر نے پوچھا۔

"وہ تو ہسپتال میں ہیں جناب"...... دوسری طرف سے جواب

دیا گیا۔

"انہیں کہیں کہ وہ مجھ سے براہ راست بات کریں"...... صدر نے کہا۔

"یس سر"...... دوسری طرف سے کہا گیا اور صدر نے رسیور رکھ دیا۔

"آپ کو شاید یقین نہیں آ رہا"...... وزیراعظم نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"میں پوری طرح تسلی کر لینا چاہتا ہوں کیونکہ پہلے بھی کئی بار ایسا ہو چکا ہے۔ مجھے یہی بتایا گیا کہ یہ لوگ مر چکے ہیں لیکن بعد میں معلوم ہوا کہ ایسا نہیں ہوا"...... صدر نے کہا۔

"لیکن اب تو یہ لوگ چھاؤنی میں موجود ہیں۔ اب یہ ایسا کیسے کر سکتے ہیں"...... وزیراعظم نے کہا۔

"کر تو نہیں سکتے لیکن"...... صدر نے کہا اور پھر اپنا فقرہ ادھورا چھوڑ کر خاموش ہو گئے۔ تھوڑی دیر بعد فون کی گھنٹی ایک بار پھر بج اٹھی تو صدر نے ہاتھ بڑھا کر رسیور اٹھا لیا۔

"یس"...... صدر نے اپنے مخصوص لہجے میں کہا۔

"راگو چھاؤنی کے ہسپتال کے انچارج ڈاکٹر کرنل گوپال صاحب آپ سے بات کرنا چاہتے ہیں جناب۔ ان کا کہنا ہے کہ آپ نے خود ان سے بات کرنے کا حکم دیا ہے"...... دوسری طرف سے ملٹری سیکرٹری کی آواز سنائی دی۔

"یس۔ کراؤ بات"...... صدر نے کہا۔

"سر۔ میں ڈاکٹر گوپال بول رہا ہوں سر"...... چند لمحوں بعد ایک اور آواز سنائی دی۔ لہجہ بے حد مؤدبانہ تھا۔

"ڈاکٹر گوپال۔ پاکیشیائی ایجنٹوں کی اس وقت کیا پوزیشن ہے"...... صدر نے کہا۔

"سر۔ انہیں کمانڈنگ جنرل کرنل پرشاد نے ہلاک کروا دیا۔ اور ساتھ ہی ماؤنٹین بریگیڈ کے کرنل چوپڑہ بھی ہلاک ہو گئے ہیں کرنل صاحب نے بتایا ہے کہ ایسا آپ کے خصوصی حکم پر کیا ہے"۔ دوسری طرف سے کہا گیا۔

"کیسے ہوا ہے یہ۔ تفصیل بتاؤ"...... صدر نے بارعب لہجے میں کہا۔

"سر۔ میں ہسپتال کے راؤنڈ پر تھا کہ میں نے خصوصی کمرے سے جہاں یہ پاکیشیائی ایجنٹ بیڈز پر کلپڈ ہوئے موجود تھے اچانک فائرنگ کی آوازیں سنیں تو میں بے حد پریشان ہوا۔ میں راؤنڈ ختم کر وہاں پہنچا تو وہاں یہ چاروں پاکیشیائی ایجنٹ بیڈز پر مردہ پڑے ہوئے تھے اور کرنل چوپڑہ کی لاش بھی ایک بیڈ کے ساتھ فرش پڑی ہوئی تھی۔ کرنل پرشاد چار مسلح افراد کے ساتھ وہاں موجود تھے میرے پوچھنے پر انہوں نے بتایا کہ ایسا آپ کے خصوصی حکم پر کیا ہے۔ وہ چونکہ کمانڈنگ جنرل ہیں اس لئے میں سمجھ گیا کہ انہوں آپ کے حکم کی تعمیل کی ہو گی۔ چنانچہ میں اپنے آفس واپس چلا

ابھی کرنل صاحب کا فون آیا کہ آپ نے حکم دیا ہے کہ آپ سے بات کی جائے اور آپ کا خصوصی فون نمبر بھی انہوں نے مجھے بتایا۔ چنانچہ میں نے کال کی اور ملٹری سیکرٹری صاحب نے آپ سے بات کرا دی"...... ڈاکٹر گوپال نے پوری تفصیل بتاتے ہوئے کہا۔

"اوکے ٹھیک ہے"...... صدر نے کہا اور اس کے ساتھ ہی انہوں نے رسیور رکھ دیا۔ اب ان کے چہرے پر اطمینان کے تاثرات نمایاں تھے۔ پھر اس سے پہلے کہ کوئی بات ہوتی انہوں نے دوسرے فون کا رسیور اٹھایا اور اس کا ایک نمبر پریس کر دیا۔

"کرنل پرشاد سے میری بات کراؤ"...... صدر نے دوسری طرف موجود ملٹری سیکرٹری کو حکم دیا اور اس کے ساتھ ہی رسیور رکھ دیا۔ چند لمحوں بعد فون کی گھنٹی بج اٹھی تو صدر نے ہاتھ بڑھا کر رسیور اٹھا لیا۔

"یس"...... صدر نے کہا۔

"کرنل پرشاد صاحب لائن پر ہیں جناب"...... دوسری طرف سے ملٹری سیکرٹری کی آواز سنائی دی۔

"بات کراؤ"...... صدر نے کہا۔

"سر۔ میں کرنل پرشاد بول رہا ہوں سر"...... چند لمحوں بعد کرنل پرشاد کی آواز سنائی دی۔

"کرنل پرشاد آپ پاکیشیائی ایجنٹوں اور کرنل چوپڑہ کی لاشیں اسی کمرے میں رہنے دیں۔ میں جناب شاگل کو حکم دے رہا ہوں وہ

وہاں پہنچ کر ان لاشوں کو میرے حکم کی تعمیل میں ...ارالحکو... پہنچائیں گے"...... صدر نے کہا۔

"یس سر"...... دوسری طرف سے مؤدبانہ لہجے میں کہا گیا اور ... نے رسیور رکھ دیا اور دوسرے فون کا رسیور اٹھا کر اس کا بٹن دبا...

"چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس جناب شاگل سے میری با... کرائیں وہ پلاسن میں ہوں گے"...... صدر نے دوسری طرف ... ملٹری سیکرٹری سے مخاطب ہو کر کہا۔

"یس سر"...... دوسری طرف سے مؤدبانہ لہجے میں جواب دیا ... اور صدر نے رسیور رکھ دیا۔

"میں سمجھا تھا کہ آپ کرنل پرشاد کو لاشیں لانے کا حکم د... گے"...... وزیراعظم نے کہا۔

"پہلے میں نے یہی سوچا تھا لیکن پھر میں نے ارادہ بدل دیا... جناب شاگل ان لوگوں سے زیادہ اچھی طرح واقف ہیں اس لئے ا... کی چیکنگ کے بعد مجھے یقین آ جائے گا"...... صدر نے مسکرات... ہوئے کہا۔

"مجھے یقین ہے کہ یہ لوگ ختم ہو چکے ہیں"...... وزیراعظم نے کہا۔

"ہاں۔ یقین تو مجھے بھی آگیا ہے لیکن پھر بھی میں فائنل رپورٹ لینا چاہتا ہوں"...... صدر نے جواب دیا اور وزیراعظم نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

"سر۔ کیا اب مجھے اجازت ہے"...... وزیراعظم نے کہا۔

"اوہ ہاں۔ اب یہ معاملہ تو ویسے بھی ختم ہو چکا ہے اس لئے اب اس پر مزید گفتگو کی ضرورت نہیں رہی۔ آپ کا شکریہ"...... صدر نے کہا تو وزیراعظم اٹھے۔ انہوں نے صدر کو سلام کیا اور پھر بیرونی دروازے کی طرف بڑھ گئے۔ چند لمحوں بعد فون کی گھنٹی بج اٹھی تو صدر نے ہاتھ بڑھا کر رسیور اٹھا لیا۔

"یس"...... صدر نے مخصوص لہجے میں کہا۔

"جناب شاگل لائن پر ہیں جناب"...... دوسری طرف سے ملٹری سیکرٹری کی آواز سنائی دی۔

"کرائیں بات"...... صدر نے کہا۔

"سر۔ میں شاگل بول رہا ہوں"...... چند لمحوں بعد شاگل کی انتہائی مؤدبانہ آواز سنائی دی۔

"آپ کہاں موجود ہیں"...... صدر نے پوچھا۔

"سر میں پلاسن سے بات کر رہا ہوں"...... شاگل نے جواب دیا۔

"وہاں آپ کیا کر رہے ہیں"...... صدر نے قدرے سخت لہجے میں کہا۔

"سر۔ پاکیشیائی ایجنٹوں کے لیڈر عمران کی لاش کو تلاش کیا جا رہا ہے"...... دوسری طرف سے مؤدبانہ لہجے میں کہا گیا۔

"وہ راگو چھاؤنی پہنچ گیا ہے اور آپ ابھی تک اسے پلاسن میں

تلاش کر رہے ہیں"...... صدر نے تلخ لہجے میں کہا۔

" راگو چھاؤنی ۔ مگر جناب"...... شاگل انتہائی حیرت بھرے
میں کچھ کہتے کہتے رک گیا۔

" آپ راگو چھاؤنی گئے تھے۔ وہاں پاکیشیائی ایجنٹوں سے
تھے"...... صدر نے پوچھا۔

" یس سر۔ میں نے ان سے عمران کے بارے میں پوچھنے
کوشش کی لیکن وہ کچھ نہ جانتے تھے۔ پھر صبح میں نے آپ سے
احکامات لینے کے لئے کال کی تو آپ میٹنگ میں مصروف تھے اس
میں پلاسن آگیا تھا"۔ شاگل نے جواب دیا۔

" مجھے میٹنگ کے بعد اطلاع ملی تھی۔ میں نے راگو چھاؤنی
رابطہ کیا تو وہاں سے مجھے بتایا گیا کہ ماؤنٹین بریگیڈ کا کوئی کر
چوپڑہ یہ کہہ کر وہاں پہنچا ہے کہ اسے میں نے وہاں جانے کا حکم
ہے اور وہ پاکیشیائی ایجنٹوں کے کمرے میں ہے تو میں سمجھ گیا کہ
کرنل چوپڑہ یقیناً عمران ہو گا کیونکہ میں نے کسی کرنل چوپڑہ کو وہا
نہیں بھیجا تھا۔ چنانچہ میں نے کرنل پرشاد کو حکم دیا کہ وہ مسلح ا
لے کر جائے اور ان زخمی پاکیشیائی ایجنٹوں کو کرنل چوپڑہ سمی
ہلاک کر دے۔ چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا۔ میں نے تصدیق ڈا
گوپال سے بھی کرا لی ہے لیکن یہ لوگ عمران کو نہیں جانتے اس
آپ فوری طور پر راگو چھاؤنی پہنچیں اور اس کرنل چوپڑہ کی لا
پہچان کر مجھے کال کریں کہ کیا واقعی یہ پاکیشیائی ایجنٹ عمران ہے

ای اور ہے"...... صدر نے اس بار تحکمانہ لہجے میں کہا۔

" یس سر"...... شاگل نے جواب دیا تو صدر نے اوکے کہہ کر
یور رکھا اور پھر کرسی سے اٹھ کر ریسٹ روم کی طرف بڑھ گئے تاکہ
اں کچھ دیر آرام کر کے میٹنگ کی وجہ سے ہونے والی تھکن اتار
لیں۔

جولیا اور اس کے ساتھیوں کی چونکہ حالت ٹھیک نہ تھی اس لئے رات کو وہ خاموشی سے پڑے سوتے رہے اور صبح کو انہیں محسوس ہوا کہ وہ اب رات کی نسبت زیادہ اچھی حالت میں ہیں البتہ اب وہاں دو نئے مسلح فوجی موجود تھے جو انتہائی چوکنا نظر آرہے تھے۔

"کیا تم مجھے پانی پلوا سکتے ہو"...... جولیا نے اچانک ان دونوں سے مخاطب ہو کر کہا۔

"خاموش رہو ورنہ گولی مار دیں گے"...... ان میں سے ایک نے انتہائی کرخت لہجے میں کہا جبکہ دوسرا خاموش کھڑا رہا تھا۔

"تمہیں گولی مارنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر تم نے پانی نہ پلایا تو ہم سب ایسے ہی ہلاک ہو جائیں گے کیونکہ پوری رات گزر گئی ہے اور ہم نے نہ کچھ کھایا ہے اور نہ پیا ہے اور اگر ایسا ہو گیا تو

پھر تم دونوں کا کورٹ مارشل ہو گا کیونکہ ہمیں صدر کافرستان کے حکم پر زندہ رکھا جا رہا ہے تاکہ ہم سے ہمارے ساتھی کے بارے میں پوچھ گچھ کی جا سکے"...... جولیا نے انتہائی طنزیہ لہجے میں کہا۔

"تم کیسے فوجی ہو کہ بندھے ہوئے لوگوں سے بھی خوفزدہ ہو"۔ اچانک صفدر نے ان دونوں سے مخاطب ہو کر کہا۔

"کرشن جاؤ پانی لے کر آؤ۔ یہ لوگ مر گئے تو واقعی مسئلہ بن جائے گا"...... اس بار اسی سخت جواب دینے والے نے دوسرے خاموش کھڑے رہنے والے ساتھی سے کہا۔

"او کے"...... اس آدمی نے جسے کرشن کہہ کر پکارا گیا تھا ہاتھ میں پکڑی ہوئی مشین گن دیوار کے ساتھ لگا کر زمین پر کھڑی کرتے ہوئے کہا اور پھر مڑ کر تیزی سے کمرے سے باہر نکل گیا۔

"کیا تم نے کلپ کھول لئے ہیں"...... اچانک تنویر نے جولیا سے مخاطب ہو کر کہا۔ اس نے سوئس زبان استعمال کی تھی۔ چونکہ جولیا سوئس نژاد تھی اور سوئس اس کی مادری زبان تھی اس لئے تنویر نے سوئس زبان بڑے شوق سے بولنا سیکھی تھی اور وہ اکثر جولیا سے اس زبان میں بات کرنے کی کوشش کرتا تھا کیونکہ اس نے محسوس کیا تھا کہ سوئس زبان سن کر جولیا کا چہرہ کھل اٹھتا تھا۔

"نہیں۔ ویسے بھی اس کا کوئی فائدہ نہیں ہے کیونکہ دونوں مسلح ابھی یہاں سر پر موجود ہیں۔ مجھے واقعی شدید پیاس محسوس ہو رہی ہے"...... جولیا نے بھی سوئس زبان میں جواب دیتے ہوئے کہا تو

صفدر اور کیپٹن شکیل سوئس زبان سمجھتے ضرور تھے لیکن وہ ا
روانی سے بول نہ سکتے تھے اور چونکہ ان کافرستانی فوجیوں سے با
چیت کو خفیہ رکھنے کے لئے اس زبان کا استعمال ضروری تھا اس
صفدر اور کیپٹن شکیل خاموش پڑے سنتے رہے۔

"میں نے تو دونوں ہاتھ کھول لئے ہیں"...... تنویر نے جوا
دیا۔

"اوہ اچھا۔ لیکن تم کیا کرو گے"...... جولیا نے حیرت بھرے
میں کہا۔

"ابھی دیکھنا کیا ہوتا ہے"...... تنویر نے مسکراتے ہوئے کہا

"سنو تنویر۔ جذباتی ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ ہمیں
رکھنے کے لئے اس وقت تک مجبور ہیں جب تک عمران ان کے
نہیں لگ جاتا ورنہ جس طرح ہم نے یہاں سے فرار ہونے کے
ان کے فوجیوں کو ہلاک اور زخمی کیا ہے یہ ہمیں بھی بے ہوشی
دوران ہی گولی مار دیتے اس لئے کوئی جذباتی حرکت نہ کرنا۔ ا
ہو کہ ہم میں سے کوئی تمہاری اس جذباتیت کی بھینٹ
جائے"...... جولیا نے سخت لہجے میں کہا۔

"جو ہوگا دیکھا جائے گا۔ میں اس طرح بے دست و پا حالت
ان کے سامنے مزید نہیں پڑا رہ سکتا"...... تنویر نے جواب
ہوئے کہا۔

"سنو۔ کوئی کارروائی اس وقت کرنا جب ان کا کوئی بڑا

ے جسے بچانے کے لئے یہ ہم پر فائر کھولنے سے ہچکچائیں۔ یہ میرا حکم
ہے۔ میں بھی ہاتھ کھول سکتی ہوں لیکن جب تک پیروں کے کلپ
نہ کھل جائیں گے یہ ہم پر فائر کھول دیں گے"...... جولیا نے انتہائی
ت لہجے میں کہا۔

"ٹھیک ہے جیسے تم کہو"...... تنویر نے ایک طویل سانس لیتے
ئے کہا۔

"تنویر۔ ہاتھ تو ہم بھی کھول سکتے ہیں لیکن اصل مسئلہ پیروں کے
پ کھولنے کا ہے اور یہ دونوں مسلح محافظ انتہائی چوکنے اور تیز ہیں
ا انہوں نے لامحالہ فائر کھول دینا ہے۔ مس جولیا کی بات درست
ہ کہ ہم میں سے کوئی ایک بہرحال اس فائرنگ کا شکار ہو سکتا
"...... کیپٹن شکیل نے اس بار فرانسیسی زبان میں کہا۔

"میں ایک کو گردن سے پکڑ کر دوسرے پر اچھال دیتا اور جب
یہ سنبھلتے میں پیروں کے کلپ کھول لیتا لیکن اب جولیا بہرحال
ر ہے اس لئے اس کا حکم تو ماننا ہی پڑے گا"...... تنویر نے بھی
انسیسی زبان میں جواب دیتے ہوئے کہا۔

"لیڈر نہ بھی ہوتی تب بھی بہرحال اس کا حکم ماننے پر مجبور
"...... صفدر نے کہا اور تنویر صرف مسکرا کر رہ گیا۔ اسی لمحے
وازہ کھلا اور دوسرا محافظ پانی کی دو بوتلیں اٹھائے اندر داخل ہوا۔

"یہ دونوں بوتلیں یہاں فرش پر رکھ دو۔ یہ غیر ملکی زبانوں میں
تیں کرتے رہے ہیں اس لئے میرا خیال ہے کہ یہ کسی سازش کے

چکر میں ہیں"...... کمرے میں موجود فوجی نے آنے والے سے مخاطب ہو کر کہا۔

"کیسی سازش"...... آنے والے نے چونک کر حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"کچھ نہ کچھ بہرحال ہے کرشن۔ تم بوتلیں زمین پر رکھو اور وہ گھوم کر ان کے عقب میں جاؤ جبکہ میں یہاں سے فائرنگ پوزیشن میں رہوں گا۔ ان کے کلپ چیک کرنے ہیں"...... پہلے آدمی نے کہا۔

"تمہیں خواہ مخواہ وہم ہو گیا ہے راٹھور۔ یہ کلپ کیسے کھول سکتے ہیں"...... آنے والے نے کہا لیکن اس نے بوتلیں زمین پر رکھ دی تھیں۔

"جا کر چیک کرو"...... راٹھور نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے مشین گن کی نال اس طرح جولیا اور اس کے ساتھیوں کی طرف کر دی جیسے وہ ایک لمحہ ہچکچائے بغیر فائر کھول دے گا۔

"اوہ۔ اوہ۔ اس آدمی نے ہاتھوں کے کلپ کھول رکھے ہیں"...... اچانک کرشن نے تنویر کے بیڈ کے عقب میں کھڑے ہو کر چیختے ہوئے کہا اور راٹھور گن اٹھائے تیزی سے قریب آ گیا۔ اس نے تنویر کے پیروں کی طرف کھڑے ہو کر مشین گن کی نال اس کے پیٹ پر رکھ دی۔

"خبردار۔ اگر معمولی سی حرکت بھی کی تو گولی چلا دوں گا"۔

راٹھور نے انتہائی غصیلے لہجے میں کہا اور تنویر نے کوئی جواب نہ دیا وہ خاموش رہا جبکہ کرشن نے ایک ایک کر کے اس کے دونوں بازو دوبارہ کلپڈ کر دیئے۔

"باقی کو بھی چیک کرو"...... راٹھور نے گن پیچھے ہٹاتے ہوئے کہا۔

"میں نے چیک کر لیا ہے۔ صرف اس نے کلپ کھول رکھے تھے"۔ کرشن نے کہا۔

"تم جاؤ اور رسی لے آؤ۔ ان کے ہاتھ اب رسیوں سے بھی ساتھ باندھنے ہوں گے۔ جاؤ"...... راٹھور نے پیچھے ہٹتے ہوئے کہا تو کرشن ہلاتا ہوا مڑا اور تیز تیز قدم اٹھاتا کمرے سے باہر چلا گیا۔

"دیکھی ہے تم نے اس کی تیزی۔ یہ خصوصی تربیت یافتہ ہے۔ جولیا نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"تمہاری وجہ سے خاموش رہا ہوں ورنہ میں اس کرشن کو اٹھا کر اس راٹھور پر پھینکتا اور پھر دیکھتا ان کی تیزی"...... تنویر نے غراتے ہوئے لہجے میں جواب دیتے ہوئے کہا۔

"بہرحال ابھی تم کوئی حرکت نہیں کرو گے۔ میں نہیں چاہتی کہ ہم میں سے کوئی خواہ مخواہ ان کا شکار بن جائے"...... جولیا نے بھی بات بناتے ہوئے جواب دیا۔ تھوڑی دیر بعد کرشن واپس آیا تو اس کے ہاتھ میں رسیوں کے کئی بنڈل موجود تھے پھر راٹھور گن لے کر ان کے سر پر موجود رہا جبکہ کرشن نے باری باری جولیا، تنویر، کیپٹن

شکیل اور صفدر چاروں کے ہاتھ اور پیر پیڈز کے ساتھ رسی کی مدد سے بھی باندھ دیئے۔

"اب تو پانی پلادو"...... جولیا نے کہا تو کرشن اور راٹھور دونوں بے اختیار ہنس پڑے۔

"تم واقعی بے حد صلاحیتوں کے مالک ہو۔ مسلح افراد کی موجودگی میں بھی اس آدمی نے جس طرح بغیر محسوس ہوئے کلپ کھول دیئے ہیں اس پر مجھے واقعی حیرت ہو رہی ہے"۔ راٹھور نے ہنستے ہوئے کہا۔

"ابھی تمہیں نجانے کتنی حیرتوں سے دوچار ہونا پڑے گا"۔ جولیا نے جواب دیا اور پھر راٹھور کے کہنے پر کرشن نے نہ صرف جولیا بلکہ صفدر اور کیپٹن شکیل کو بھی پانی پلایا۔ تنویر نے پینے سے انکار کر دیا تھا۔ اس کے چہرے پر ابھی تک غصے کے تاثرات موجود تھے۔

"کاش تم مجھے نہ روکتیں۔ ویسے اب مجھے اپنے آپ پر غصہ آرہا ہے کہ میں نے تمہاری بات کیوں مانی"...... خاموش پڑے ہوئے تنویر نے اچانک بڑبڑانے والے لہجے میں کہا۔ وہ اب پاکیشیائی زبان میں بات کر رہا تھا۔

"خاموش رہو تنویر۔ ایسا نہ ہو کہ ہماری ہلاکت کے احکامات دے دیئے جائیں"...... اس بار صفدر نے تنویر سے مخاطب ہو کر کہا۔

"تو کیا باقی ساری عمر اسی طرح گزار دو گے۔ ہم سیکرٹ سروس کے رکن ہیں کوئی عام لوگ نہیں ہیں"...... تنویر نے جواب دیا۔

"مس جولیا نے درست سوچا ہے۔ کسی اہم آدمی کو آنے دو"۔ صفدر نے کہا۔

"اب کیسے ہاتھ پیر کھلیں گے۔ اب تو کلپوں کے علاوہ رسیاں بھی باندھ دی گئی ہیں"...... تنویر نے جھلائے ہوئے لہجے میں کہا۔

"رسیاں کھولنی کون سی مشکل ہیں"...... صفدر نے مسکراتے ہوئے کہا اور پھر اس سے پہلے کہ مزید کوئی بات ہوتی اچانک کمرے کا دروازہ کھلا اور کرنل پرشاد اندر داخل ہوا۔ اس کے پیچھے ایک اور کرنل تھا۔ ان دونوں کے اندر داخل ہوتے ہی دونوں مسلح فوجی ...لت اٹن شن ہو گئے۔

"یہ رسیاں کیوں باندھی گئی ہیں"...... کرنل پرشاد نے حیران ہو کر کہا تو راٹھور نے اسے ساری تفصیل بتا دی۔

"اوہ۔ اوہ۔ یہ واقعی انتہائی خطرناک لوگ ہیں۔ تم نے اچھا کیا ورنہ یہ ایک بار پھر فرار ہو جاتے"...... کرنل پرشاد نے کہا اور وہ دوسرے کرنل کی طرف مڑ گیا۔

"کرنل چوپڑہ اب آپ کیا کریں گے"...... کرنل پرشاد نے دوسرے کرنل سے مخاطب ہو کر کہا۔

"ظاہر ہے وہی کام کروں گا جس کے لئے میں یہاں آیا ہوں"۔ دوسرے کرنل نے جسے چوپڑہ کے نام سے پکارا گیا تھا کاندھے اچکاتے ہوئے جواب دیا۔

"ٹھیک ہے۔ شروع کریں کام"...... کرنل پرشاد نے کہا تو

کرنل چوپڑہ بے اختیار ہنس پڑا۔

"تو تمہارا کیا خیال ہے کہ میرے پاس کوئی مشین ہے جس
میں بٹن پریس کروں گا اور یہ سچ بولنا شروع کر دیں گے۔ کر
پرشاد یہ انتہائی ذہنی یکسوئی اور سکون کا کام ہے۔ ایک آدمی سے
معلومات حاصل کرنے میں مجھے کم از کم ایک گھنٹہ لگ جائے گا
اس کے لئے یہ ضروری ہے کہ یہاں ہر طرف سے سکون ہو۔ چونا
سب بندھے ہوئے ہیں اس لئے تم ان محافظوں کو یہاں سے ہٹا
بے شک یہ باہر جا کر پہرہ دیں لیکن انہیں حکم دے دینا کہ یہ
صورت بھی مجھے ڈسٹرب نہ کریں اور تم بھی اپنے آفس میں
بیٹھو۔ جب کام ختم ہو جائے گا تو میں خود تمہارے آفس آکر
تمام معلومات مہیا کر دوں گا اور پھر تم ان معلومات سے صدر صا
کو آگاہ کر دینا"...... کرنل چوپڑہ نے کہا۔

"او کے ٹھیک ہے۔ لیکن خیال رکھنا یہ دنیا کے انتہائی خطر
ترین ایجنٹ ہیں۔ پہلے مجھے بھی شاگل صاحب کی بات پر یقین
تھا لیکن جس طرح انتہائی زخمی ہونے کے باوجود ان لوگوں نے
ہونے کی جدوجہد کی ہے اس سے مجھے یقین آگیا ہے کہ یہ
ناممکن کو ممکن بنا سکتے ہیں"...... کرنل پرشاد نے کہا۔

"تم بے فکر رہو۔ ویسے بھی یہ بندھے ہوئے ہیں۔ میں سب
پہلے ان کے ذہن سے رابطہ کر کے ان کے ذہنوں سے فرار کا
جذبہ ختم کر دوں گا پھر یہ کینچوؤں سے بھی بدتر ہو جائیں گے۔

چوپڑہ نے کہا اور کرنل پرشاد نے اثبات میں سر ہلا دیا اور پھر وہ وہاں
موجود مسلح محافظوں کی طرف مڑ گیا۔

"تم دونوں باہر جاؤ۔ راہداری کے آخر میں پہرہ دو لیکن خیال
رکھنا کرنل صاحب کو ڈسٹرب نہیں کرنا"...... کرنل پرشاد نے ان
مسلح محافظوں سے کہا۔

"یس سر"...... ان دونوں نے مؤدبانہ لہجے میں کہا اور پھر وہ تیزی
سے مڑے اور کمرے سے باہر چلے گئے۔ ان کے پیچھے کرنل پرشاد بھی
کمرے سے نکلا تو کرنل چوپڑہ مڑا اور اس نے جا کر دروازہ اندر سے
لاک کر دیا۔

"کیا تم واقعی اس قدر خطرناک لوگ ہو جس قدر کرنل پرشاد بتا
رہا تھا"...... کرنل چوپڑہ نے دروازہ لاک کر کے مڑتے ہوئے کہا۔

"عمران صاحب آپ۔ سب سے پہلے تو خدا کا شکر ہے کہ آپ بھی
زندہ بچ گئے ہیں لیکن یہ بات میری سمجھ میں نہیں آئی کہ آپ نے
کرنل پرشاد کو کیوں واپس بھیج دیا ہے"...... اچانک کیپٹن شکیل
نے کہا تو نہ صرف باقی ساتھی بلکہ کرنل چوپڑہ بھی بے اختیار اچھل
پڑا۔

"عمران۔ کون عمران۔ کس کی بات کر رہے ہو"...... کرنل
چوپڑہ نے انتہائی حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"اوہ۔ اوہ۔ تم واقعی عمران ہو۔ یا اللہ تیرا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ تو
نے پاکیشیا کے عوام پر مہربانی کر دی ہے"...... اچانک جولیا نے تیز

لہجے میں کہا تو کرنل چوپڑہ نے بے اختیار ایک طویل سانس لیا۔

" اب مجھے واقعی یقین آگیا ہے کہ تم دنیا کے خطرناک سیکرٹ ایجنٹ ہو"....... اس بار کرنل چوپڑہ نے عمران کی آواز میں کہا تو صفدر اور تنویر دونوں کے ستے ہوئے چہرے بے اختیار کھل اٹھے۔

" اوہ خدایا۔ تو واقعی رحیم و کریم ہے"....... صفدر اور تنویر دونوں کے منہ سے بیک وقت نکلا اور عمران بے اختیار مسکرا دیا۔ اس نے جلدی سے آگے بڑھ کر سب سے پہلے تنویر کے بازو کھولنے شروع کر دیئے۔

" تم نے مجھے کیسے پہچان لیا۔ کیا میرا میک اپ چیک کر لیا ہے تم نے"....... عمران نے ہاتھ کھولنے کے ساتھ ساتھ کیپٹن شکیل سے مخاطب ہو کر کہا۔ اس کے لہجے میں حقیقی حیرت تھی کیونکہ کیپٹن شکیل نے جس طرح بغیر کسی شک و شبے کے اسے پہچان کر براہ راست بات کی تھی اس سے عمران واقعی حیران ہوا تھا۔

" آپ کا میک اپ تو مکمل تھا عمران صاحب لیکن آپ کا قدوقامت دیکھنے کے بعد جب آپ نے محافظوں اور کرنل پرشاد کو باہر بھجوایا اس کے ساتھ ہی آپ نے ذہن چیکنگ کی بات کی اور پھر جس طرح آپ نے ان کے جانے کے بعد دروازے کو اندر سے لاک کیا ان سب پوائنٹس نے آپ کو پہچاننے میں مدد دی لیکن سب سے اہم اور وزنی پوائنٹ آپ کی آنکھوں میں ذہانت کی وہ مخصوص چمک تھی جو آپ کے دروازہ لاک کر کے واپس مڑتے ہوئے مجھے نظر آئی

تھی اس لئے مجھے یقین ہو گیا کہ آپ کرنل چوپڑہ نہیں ہیں بلکہ آپ علی عمران ہیں"....... کیپٹن شکیل نے تفصیل سے بات کرتے ہوئے کہا۔

" اور تم نے کیسے پہچان لیا۔ کیپٹن شکیل کی طرف سے تمام سنائی گئی باتوں کے علاوہ اور کوئی پوائنٹ تھا تمہارے ذہن میں"۔ عمران نے جولیا سے مخاطب ہو کر پیچھے ہٹتے ہوئے کہا کیونکہ اس دوران اس نے تنویر کے دونوں بازوؤں کی نہ صرف رسیاں کھول دی تھیں بلکہ کلپ بھی کھول دیئے۔

" جب کیپٹن شکیل نے تمہارا نام لیا اور اس کے جواب میں تم نے جس مخصوص انداز میں اپنے نام کو دو بار دوہرایا اس مخصوص انداز سے مجھے یقین ہو گیا کہ تم واقعی علی عمران ہو"....... جولیا نے جواب دیا تو عمران نے بے اختیار ایک طویل سانس لیا۔ اب وہ صفدر کو آزاد کرانے میں مصروف تھا جبکہ تنویر بیڈ سے اتر کر کیپٹن شکیل کو آزاد کرانے میں مصروف تھا۔

" اچھا۔ یہ بات ہے"....... عمران نے بڑے مایوسانہ لہجے میں کہا تو جولیا بے اختیار چونک پڑی۔

" کیا۔ کیا مطلب۔ یہ تم نے اس قدر مایوسانہ انداز میں بات کیوں کی ہے"....... جولیا نے انتہائی بے چین سے لہجے میں کہا۔

" میں سوچ رہا تھا کہ شاید تم نے دل کی آنکھ سے مجھے پہچان لیا ہے"....... عمران نے مسکراتے ہوئے جواب دیا تو سب بے اختیار

ہنس پڑے۔ جولیا بھی مسکرا دی اور پھر عمران صفدر کو آزاد کر کے جولیا کی طرف بڑھ گیا۔

" بہرحال مجھے یہ دیکھ کر خدشہ ہوا ہے کہ تنویر نے تم پر کیپٹن شکیل کو ترجیح دی ہے حالانکہ میرا خیال تھا کہ آزاد ہوتے ہی وہ سب سے پہلے تمہاری طرف بڑھے گا"...... عمران نے رسیاں کھولتے ہوئے مسکرا کر کہا۔

" تنویر مجھ سے ناراض ہے"...... جولیا نے مسکراتے ہوئے کہا۔

" ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ مس جولیا سے تو میں ناراض ہو ہی نہیں سکتا۔ ویسے مجھے یہ اچھا نہیں لگا کہ میں ساتھ والے بیڈ پر موجود کیپٹن شکیل کو چھوڑ کر جولیا کی طرف جاتا"...... تنویر نے کہا تو عمران بے اختیار مسکرا دیا۔

" عمران صاحب آپ کرنل پرشاد کو آسانی سے بے ہوش کر سکتے تھے ورنہ کسی بھی لمحے اسے شک پڑ سکتا ہے اور ہم پھنس جائیں گے"...... کیپٹن شکیل نے دوبارہ اپنی بات دوہراتے ہوئے کہا۔

" یہ کام تو کسی بھی وقت ہو سکتا ہے۔ میں پہلے تم لوگوں کی درست پوزیشن سمجھ لینا چاہتا تھا۔ تم بتاؤ کہ کیا تم اب جدوجہد کے قابل ہو یا نہیں تاکہ تمہارے جواب کو مدنظر رکھ کر میں یہاں سے فرار ہونے کی منصوبہ بندی کر سکوں"...... عمران نے مسکراتے ہوئے کہا۔

" صرف صفدر صاحب کی ٹانگ زخمی ہے۔ یہ شاید چل یا دوڑ نہ

سکیں۔ باقی ہم بہرحال ٹھیک ہیں"...... کیپٹن شکیل نے کہا۔

" میں بھی چل سکتا ہوں۔ گولی نے زخم ڈالا ہے ہڈی نہیں ٹوٹی"...... صفدر نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

" ہمیں یہاں سے فرار ہونے کے لئے ہیلی کاپٹر کی ضرورت ہو گی ورنہ ہم پیدل یا جیپ پر یہاں سے کسی طرح بھی نہ نکل سکیں گے اس لئے پہلے تو مجھے یہ معلوم کرنا ہو گا کہ ہیلی کاپٹر کہاں موجود ہیں اور باہر موجود فوجیوں کو میں اندر بلواتا ہوں ان میں سے ایک سے پوچھ گچھ ہو جائے گی جبکہ اس طرح دو مشین گنیں بھی تمہیں مل جائیں گی"...... عمران نے کہا اور دروازے کی طرف مڑ گیا۔ اس نے دروازہ کھولا اور باہر نکل گیا۔

" عمران صاحب کی پلاننگ واقعی بے داغ ہوتی ہے۔ وہ اس انداز میں یہاں پہنچے ہیں کہ کسی کو ان پر شک تک نہیں ہوا"۔ صفدر نے کہا۔

" ان معاملات میں اس کا ذہن سپر نیچرل انداز میں کام کرتا ہے"...... تنویر نے جواب دیا اور سب اس کی بات پر بے اختیار مسکرا دیئے۔ چند لمحوں بعد باہر سے قدموں کی آوازیں ابھریں تو وہ سب تیزی سے دروازے کی دونوں اطراف میں دیوار کے ساتھ لگ کر کھڑے ہو گئے لیکن ان کے چہروں پر یہ محسوس کر کے حیرت کے تاثرات ابھر آئے کہ آنے والا ایک آدمی تھا اور یہ لامحالہ عمران کے قدموں کی آواز تھی۔

"میں عمران ہوں"...... عمران نے دروازہ کھول کر اندر داخل ہوتے ہوئے کہا اور پھر اس نے دروازہ بند کر دیا لیکن اسے لاک نہ کیا البتہ اس کے ہاتھ میں ایک مشین گن تھی۔

"ان مسلح افراد کا کیا ہوا ہے"...... جولیا نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"وہاں ایک آدمی تھا اور بے حد ہوشیار اور چوکنا تھا اس لئے مجھے اس کو وہیں ختم کرنا پڑا۔ میں نے اسے ایک الماری میں ڈال کر اوپر لباس ڈال دیئے ہیں۔ اب ہمیں خود ہی باہر جانا ہو گا"...... عمران نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے مشین گن کیپٹن شکیل کی طرف بڑھا دی۔

"مجھے دو گن"...... تنویر نے کہا۔

"نہیں۔ ہم نے جذباتی قدم نہیں اٹھانا ورنہ اس بار معاملات سنبھل نہ سکیں گے۔ پہلے بھی میں نے تحریک آزادی کے اڈے سے ٹرانسمیٹر کال کر کے کرنل پرشاد سے بطور صدر کافرستان بات کی تھی اور اسے حکم دیا تھا کہ تمہیں فوری ہلاک نہ کیا جائے بلکہ تمہیں زندہ رکھا جائے اور تمہارا علاج کیا جائے تاکہ تم سے تمہارے لیڈر کے بارے میں معلومات حاصل کی جائیں اور اس کال سے ہی مجھے پتہ چلا کہ صدر نے پہلے تمہاری فوری ہلاکت کا حکم دیا ہوا ہے۔ اگر میں کال نہ کرتا تو معاملات واقعی خراب ہو جاتے"...... عمران نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"اوہ۔ اگر ایسی بات ہے تو پھر تمہیں کسی صورت اس کرنل پرشاد کو واپس نہیں بھیجنا چاہئے تھا"...... جولیا نے چونک کر کہا۔

"کیوں۔ کیا ہوا"...... عمران نے چونک کر حیرت بھرے لہجے میں کہا۔ باقی ساتھی بھی جولیا کی بات سن کر چونک پڑے تھے۔

"صدر کی اصل کال کسی بھی وقت آ سکتی ہے اور پھر لامحالہ یہ بات سامنے آ جائے گی اور ہمیں پتہ بھی نہ چل سکے گا"...... جولیا نے کہا تو اس بار محاورتاً نہیں بلکہ حقیقتاً عمران بے اختیار اچھل پڑا۔

"اوہ۔ اوہ۔ ویری بیڈ۔ اوہ۔ یہ پوائنٹ تو میرے ذہن میں ہی نہ آیا تھا۔ اوہ۔ اب ہمیں فوری ایکشن میں آنا چاہئے"...... عمران نے کہا لیکن اس سے پہلے کہ مزید کوئی بات ہوتی دروازے کی دوسری طرف راہداری میں سے تیز تیز قدموں کی آوازیں سنائی دینے لگیں اور آوازوں سے ظاہر ہو رہا تھا کہ آنے والے کافی لوگ ہیں اور وہ خاصے جوش بھرے انداز میں آ رہے ہیں۔

"ان کے آنے کا انداز بتا رہا ہے کہ معاملات واقعی بگڑ گئے ہیں۔ میں سب سے پہلے آنے والے کو قابو میں کروں گا جبکہ تم نے باقی افراد کو گولی مارنی ہے"...... عمران نے جیب سے سائیلنسر لگا ایک چھوٹا سا جدید ساخت کا ریوالور نکال کر تنویر کی طرف بڑھاتے ہوئے کہا اور تنویر نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ اس کے چہرے پر یکلخت چمک آ گئی تھی۔ عمران اور اس کے ساتھی ایک بار پھر دروازے کی سائیڈوں میں چوکنے انداز میں کھڑے ہو گئے تھے۔ چند لمحوں بعد

دروازہ ایک دھماکے سے کھلا اور سب سے پہلے کرنل پرشاد اچھل
اندر داخل ہو رہا تھا کہ عمران کسی بھوکے عقاب کی طرح اس پر جھ
اور اسے گھسیٹتا ہوا دروازے کے پٹ کے پیچھے لے گیا۔ اس کا ا
ہاتھ کرنل پرشاد کے منہ پر جما ہوا تھا اور دوسرا ہاتھ اس کے سینے
گرد جما ہوا تھا۔ اسی لمحے چار مسلح آدمی تیزی سے اندر داخل ہوئے
کہ یکلخت تنویر نے پسٹل کا ٹریگر دبا دیا اور پھر اس سے پہلے کہ
سنبھلتے چاروں ہی چیختے ہوئے اچھلے اور نیچے گرتے چلے گئے۔ ایک
پھر تنویر نے ٹریگر دبا دیا اور دوسرے لمحے نیچے گر کر تڑپتے ہوئے
چاروں آدمی ختم ہو گئے جبکہ ان سے ملنے والی مشین گنیں جولیا
صفدر نے جھپٹ لیں۔ کرنل پرشاد ابھی تک عمران کے ہاتھوں
جکڑا ہوا تھا۔ گو اس نے اپنے طور پر خاصی جدوجہد کرنے کی کوشش
کی تھی لیکن ظاہر ہے عمران کی گرفت میں ہونے کے بعد وہ آسانی
سے کہاں نکل سکتا تھا۔

"دروازہ بند کر دو"...... عمران نے کہا تو جولیا نے تیزی سے آ
بڑھ کر دروازہ بند کر دیا تو عمران نے کرنل پرشاد کو آگے کی طرف
دھکیلا اور کرنل پرشاد چند قدم لڑکھڑانے کے بعد جیسے ہی سنبھلا
عمران کے اشارے پر کیپٹن شکیل نے مشین گن کی نال اس
سینے پر رکھ دی۔ کرنل پرشاد کا چہرہ حیرت کی شدت سے بگڑ سا گیا
تھا۔

"سنو کرنل پرشاد۔ مجھے معلوم ہے کہ تمہاری بات صدر سے

اس لئے تم چار مسلح افراد لے کر ہمیں ہلاک کرنے یہاں
لیکن اس کے باوجود میں نہیں چاہتا کہ تم جیسے اچھے آدمی کو
اس لئے تمہاری بہتری اسی میں ہے کہ تمہاری جو بات
اب سے ہوئی ہے وہ تفصیل سے بتا دو"...... عمران نے
لہجے میں کہا۔

تمہیں کیسے معلوم ہوا۔ تم تو یہاں ہو"...... کرنل
انتہائی حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

لئے کہ تم سے صدر کی آواز اور لہجے میں بات کرنے والا میں
تم جس انداز میں آئے ہو اس سے مجھے معلوم ہو گیا ہے۔
اگر تم زندہ رہنا چاہتے ہو تو سب کچھ تفصیل سے بتا دو"۔
کہا۔

تم خود عمران ہو۔ ان کے لیڈر"...... کرنل پرشاد نے
چیختے ہوئے کہا۔

میرا نام علی عمران ہے اور اب سنو میرے پاس مزید
لئے وقت نہیں ہے"...... عمران کا لہجہ انتہائی سرد تھا اور
نے تفصیل سے تمام ہونے والی بات دوہرا دی۔
نے واپس جا کر رپورٹ دینی ہے"...... عمران نے کہا۔
...... کرنل پرشاد نے جواب دیا۔
کاپٹر چھاؤنی میں کہاں موجود ہے"...... عمران نے پوچھا۔
وہ تو"...... کرنل پرشاد کچھ کہتے کہتے رک گیا۔ اس کا انداز

ایسا تھا جیسے وہ تذبذب کا شکار ہو رہا ہو۔

" کیپٹن شکیل۔ میں تین تک گنوں گا اگر تین تک یہ نہ ... ٹریگر دبا دینا۔ ہیلی پیڈ ہم خود تلاش کر لیں گے۔ ایک "... نے سفاک لہجے میں کہا۔

" میں بتاتا ہوں۔ وہ چھاؤنی کے عقبی حصے میں ہیں۔ ان ... علیحدہ ہے "....... کرنل پرشاد نے جلدی سے جواب دیا۔

" اس سیکشن کا انچارج کون ہے "....... عمران نے پوچھا۔

" کرنل شیر سنگھ "....... کرنل پرشاد نے جواب دیا۔

" اوکے ہٹ جاؤ کیپٹن شکیل "....... عمران نے کیپٹن ش... مخاطب ہو کر کہا اور اس کے ساتھ ہی وہ خود بھی آگے بڑھ... کیپٹن شکیل جیسے ہی پیچھے ہٹا عمران کا بازو تیزی سے گھوما ا... پرشاد چیختا ہوا اچھل کر نیچے گرا ہی تھا کہ عمران کی لات حر... آئی اور دوسرے لمحے کرنل پرشاد ایک جھٹکے سے ساکت ہو گیا

" کیپٹن شکیل اس کی یونیفارم اتار کر تم پہن لو "... نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے اپنی یونیفارم کے بٹ... شروع کر دیئے۔

" کیا ہوا۔ کیا تم خود "....... جولیا نے اسے بٹن کھولتے کہا۔

" نہیں میں ماسک میک اپ باکس نکال رہا ہوں "... نے مسکراتے ہوئے کہا اور پھر اس نے اندرونی جیب سے ا...

...ال کر کیپٹن شکیل کی طرف بڑھا دیا۔

" ...یا کرنا ہے "....... اس بار صفدر نے کہا۔

"...ب بھی ماسک میک اپ کر لو۔ باہر کمرے میں یونیفارمز ...ہ پہن لینا کیونکہ ان مردہ فوجیوں کی گولیاں کھانے کے ...ز داغدار ہو چکی ہیں اس کے بعد ہم اس دروازے کو باہر ... کے واپس آفس جائیں گے اور وہاں سے جیپ لے کر ...ٹن کی طرف بڑھ جائیں گے "....... عمران نے کہا تو سب ...یں سر ہلا دیئے۔

" عمران صاحب صدر صاحب تو رپورٹ کے انتظار میں ہوں "... صفدر نے کہا۔

" اس لئے تو میں نے آفس جانے کی بات کی ہے پہلے میں ...ن کروں گا کہ عمران اور اس کے ساتھی ہلاک ہو چکے ہیں ...ڑھیں گے "....... عمران نے جواب دیتے ہوئے کہا اور ...طمئن انداز میں سر ہلا دیا۔

ڈاکٹر گوپال اپنے آفس میں بیٹھا کسی فائل کے مطا
مصروف تھا کہ دروازہ کھلا اور ایک جونیئر ڈاکٹر حواس با
میں اندر داخل ہوا تو ڈاکٹر گوپال بے اختیار چونک پڑا۔

" کیا ہوا ہے۔ کیا کوئی ایمرجنسی ہو گئی ہے "...... ڈاک
نے انتہائی حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

" سر۔ سر۔ ڈریس روم میں ایک فوجی کی لاش پڑی ہوئی
آنے والے نے اسی طرح حواس باختہ سے لہجے میں کہا۔

" فوجی کی لاش اور ڈریس روم میں۔ کیا مطلب۔ کیا تم
ہو"...... ڈاکٹر گوپال نے انتہائی حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

" سر۔ سر۔ میں نے خود دیکھی ہے۔ میں یونیفارم نکا
چیکنگ کے لئے کہ ان کے پیچھے لاش موجود تھی۔ اس کی
ہوئی ہے "...... آنے والے نے کہا۔

" اوہ۔ اوہ۔ ویری بیڈ۔ یہ کیا ہوا ہے۔ آؤ میرے ساتھ "۔ ڈاکٹر گوپال نے گھبرائے ہوئے لہجے میں کہا اور اٹھ کر تیزی سے دروازے کی طرف بڑھ گیا۔ آنے والا جونیئر ڈاکٹر اس کے پیچھے تھا۔

" تم نے کسی اور کو تو نہیں بتایا لاش کے بارے میں ڈاکٹر شکلا "...... تھوڑا سا آگے بڑھتے ہوئے ڈاکٹر گوپال نے گردن موڑ کر پیچھے آنے والے جونیئر ڈاکٹر سے کہا۔

" نہیں جناب۔ میں تو لاش دیکھ کر بوکھلا گیا اور سیدھا آپ کے پاس آیا ہوں "...... ڈاکٹر شکلا نے جواب دیا اور پھر تھوڑی دیر بعد وہ ڈریس روم میں داخل ہوئے۔

" کہاں ہے لاش "...... ڈاکٹر گوپال نے ادھر ادھر دیکھتے ہوئے کہا۔

" ادھر سر۔ اس خانے میں "...... ڈاکٹر شکلا نے آگے بڑھتے ہوئے کہا اور تیزی سے ایک بڑے سے خانے میں پڑی ہوئیں یونیفارمز نکال کر فرش پر پھینکنا شروع کر دیں۔

" اوہ واقعی۔ اسے باہر نکالو "...... ڈاکٹر گوپال نے ہونٹ چباتے ہوئے کہا کیونکہ واقعی ایک فوجی کی لاش اندر موجود تھی۔ ڈاکٹر شکلا نے لاش کھینچ کر باہر نکالی اور فرش پر ڈال دی۔

" اوہ۔ یہ تو کرشن ہے جسے میں نے پاکیشیائی ایجنٹوں کی نگرانی پر تعینات کیا تھا۔ اوہ۔ ویری بیڈ۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ لوگ ایک بار پھر فرار ہو گئے ہیں۔ آؤ میرے ساتھ "...... ڈاکٹر گوپال نے لاش

کو غور سے دیکھتے ہی چیخ کر کہا اور تیزی سے ڈریس روم کے اندرونی دروازے کی طرف بڑھ گیا۔

"سر۔ سر۔ وہاں خطرہ نہ ہو"...... اس کے پیچھے آنے والے ڈاکٹر شکلا نے سہمے ہوئے لہجے میں کہا۔

"لاش کی حالت بتا رہی ہے کہ اسے مرے ہوئے کافی زیادہ وقت گزر چکا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ وہ لوگ کافی دیر پہلے نکل گئے ہوں گے اس لئے اب تو صرف رسمی چیکنگ ہی ہو گی۔ کمرہ یقیناً خالی پڑا ہو گا"...... ڈاکٹر گوپال نے کہا اور تیزی سے آگے بڑھتا چلا گیا۔ پھر راہداری میں سے گزر کر وہ جب اس کمرے کے دروازے پر پہنچے جس میں پاکیشیائی ایجنٹوں کو رکھا گیا تھا تو دروازہ بند تھا۔

"اوہ۔ دروازہ باہر سے لاک کیا گیا ہے"...... ڈاکٹر گوپال نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے ناب کو گھمایا اور دروازہ کھول دیا۔ دوسرے لمحے وہ اچھل کر اندر داخل ہوا۔

"اوہ۔ یہاں تو قتل عام ہوا ہے۔ اوہ۔ اوہ کرنل پرشاد کی لاش اور اس حالت میں"...... ڈاکٹر گوپال نے انتہائی حیرت بھرے انداز میں فرش پر پڑی ہوئی لاشوں کو دیکھتے ہوئے کہا۔

"سر۔ کرنل پرشاد کا لباس اتارا گیا ہے"...... ڈاکٹر شکلا نے بھی حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"ہاں۔ میں دیکھ رہا ہوں۔ اس کا مطلب ہے کہ معاملات بے حد سنگین ہیں۔ ان میں سے کسی نے کرنل پرشاد کی یونیفارم پہن لی

ہے۔ آؤ میرے ساتھ"...... ڈاکٹر گوپال نے کہا اور تیزی سے واپس مڑ گیا۔ تھوڑی دیر بعد وہ دونوں ایک لحاظ سے دوڑتے ہوئے واپس آفس کی طرف بڑھنے لگے۔ آفس میں پہنچتے ہی ڈاکٹر گوپال نے فون کا رسیور اٹھایا اور تیزی سے نمبر پریس کرنے شروع کر دیئے۔

"یس"...... رابطہ قائم ہوتے ہی ایک مردانہ آواز سنائی دی۔

"ہسپتال سے ڈاکٹر گوپال بول رہا ہوں۔ کون بات کر رہا ہے"۔ ڈاکٹر گوپال نے تیز لہجے میں کہا۔

"میجر ٹھاکر بول رہا ہوں ہیڈ کوارٹر آفس سے"...... دوسری طرف سے اس بار مؤدبانہ لہجے میں کہا گیا۔

"کرنل پرشاد کہاں ہیں"...... ڈاکٹر گوپال نے ہونٹ بھینچتے ہوئے کہا۔

"وہ کرنل چوپڑہ کے ساتھ ہیلی کاپٹر سیکشن کے کرنل شیر سنگھ سے ملنے گئے ہیں جناب۔ ابھی دس منٹ پہلے روانہ ہوئے ہیں"۔ دوسری طرف سے جواب دیا گیا اور ڈاکٹر گوپال بے اختیار اچھل پڑا۔

"کیا۔ کیا کہہ رہے ہو۔ کرنل پرشاد زندہ ہیں۔ کیا تم نے انہیں خود دیکھا ہے"...... ڈاکٹر گوپال نے اس بار قدرے بوکھلائے ہوئے لہجہ میں کہا۔

"یس سر۔ یہاں آفس سے انہوں نے صدر صاحب سے فون پر بات کی ہے۔ لیکن آپ کیوں ایسا کہہ رہے ہیں کہ وہ زندہ ہیں۔ کیا مطلب ہوا"...... میجر ٹھاکر نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"کرنل پرشاد کی لاش ہسپتال کے اس خصوصی کمرے میں ہوئی ہے جہاں ان زخمی پاکیشیائی ایجنٹوں کو رکھا گیا تھا۔ ان یونیفارم بھی غائب ہے۔ میں نے خود اپنی آنکھوں سے یہ لاش دیکھی ہے۔ میں کرنل شیر سنگھ سے بات کرتا ہوں۔ ان پاکیشیائی ایجنٹ کو یہاں سے نکلنا نہیں چاہئے"...... ڈاکٹر گوپال نے چیختے ہوئے میں کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے کریڈل دبا کر ہاتھ ہٹایا اور تیزی سے نمبر پریس کرنے شروع کر دیئے۔ چونکہ وہ چھاؤنی ہسپتال کے انچارج تھے اس لئے چھاؤنی کے تمام شعبوں کے انچا صاحبان سے ان کے قریبی تعلقات تھے اور ان کے درمیان اکثر با چیت ہوتی رہتی تھی اس لئے اسے سب کے نمبر معلوم تھے۔

"یس۔ ہیلی کاپٹر سیکشن"...... رابطہ قائم ہوتے ہی ایک تیز مردانہ آواز سنائی دی۔

"میں ڈاکٹر گوپال بول رہا ہوں۔ کرنل شیر سنگھ سے بات کرا جلدی اور فوراً"...... ڈاکٹر گوپال نے تیز لہجے میں کہا۔

"یس سر۔ ویٹ فار ون منٹ"...... دوسری طرف سے مؤ لہجے میں کہا گیا۔

"ہیلو کرنل شیر سنگھ بول رہا ہوں"...... چند لمحوں بعد ا بھاری سی آواز سنائی دی۔

"ڈاکٹر گوپال بول رہا ہوں کرنل شیر سنگھ۔ کیا کرنل تمہارے پاس موجود ہیں"...... ڈاکٹر گوپال نے ہونٹ چبا

دے کہا کیونکہ میجر ٹھاکر نے اسے بتایا تھا کہ کرنل پرشاد آفس میں ہود رہا تھا۔

"وہ ہیلی کاپٹر کی طرف گئے ہیں۔ ان کے ساتھ ماؤنٹین بریگیڈ کے ل چوپڑہ بھی ہیں اور ان کے ساتھ ہی تین ماتحت بھی ہیں۔ وہ ر صاحب کی ہدایت پر کسی خفیہ مشن پر جا رہے ہیں لیکن آپ اں پوچھ رہے ہیں"...... کرنل شیر سنگھ نے حیرت بھرے لہجے یں کہا۔

"کیا وہ پرواز کر گئے ہیں"...... ڈاکٹر گوپال نے پوچھا۔

"ابھی نہیں۔ ابھی کچھ دیر ہے کیونکہ طویل فاصلے کے لئے سپیشل س ون ہیلی کاپٹر تیار کیا جا رہا ہے لیکن مسئلہ کیا ہے ڈاکٹر صاحب۔ آپ کھل کر کیوں نہیں بتاتے۔ آپ کا لہجہ بھی مشکوک سا "...... کرنل شیر سنگھ نے کہا۔

"کرنل شیر سنگھ۔ وہ اصل کرنل پرشاد نہیں ہے۔ کرنل پرشاد لاش ہسپتال کے ایک کمرے میں پڑی ہوئی ہے اور ساتھ ہی چار لح محافظوں کی لاشیں بھی میں نے خود دیکھی ہیں اور وہاں جس ے میں فرار ہو جانے والے پاکیشیائی ایجنٹوں کو رکھا گیا تھا اور نے دو مسلح محافظوں کو وہاں تعینات کیا تھا۔ ان میں سے ایک حافظ کی لاش ڈریس روم سے ملی ہے۔ وہ پاکیشیائی ایجنٹ ہیں اور ل چوپڑہ بھی اصل نہیں ہو سکتے تم انہیں فوراً گرفتار کر لو ورنہ وہ ار ہو جائیں گے"...... ڈاکٹر گوپال نے چیختے ہوئے کہا۔

"کیا۔ کیا کہہ رہے ہیں آپ۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ کرنل پرشاد اصل ہیں۔ میں ان سے خود ملا ہوں"...... کرنل شیر سنگھ نے انتہائی بوکھلائے ہوئے لہجے میں کہا۔

"میں درست کہہ رہا ہوں اور یہ سن لیں کرنل شیر سنگھ اگر یہ لوگ فرار ہو گئے تو پھر تمہیں دنیا کی کوئی طاقت کورٹ مارشل سے نہ بچا سکے گی۔ تم انہیں گرفتار کرو میں صدر صاحب سے خود بات کرتا ہوں"...... ڈاکٹر گوپال نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے تیزی سے کریڈل دبایا اور پھر ہاتھ ہٹا کر اس نے تیزی سے پریذیڈنٹ کے مخصوص نمبر پریس کرنے شروع کر دیئے۔ وہ چونکہ طویل عرصہ سے پریذیڈنٹ ہاؤس میں صدر کا ذاتی معالج رہ چکا تھا اس لئے نہ صرف صدر اسے اچھی طرح جانتے تھے بلکہ اس کے پاس ان کا خصوصی نمبر بھی تھا۔

"ہیلو ملٹری سیکرٹری ٹو پریذیڈنٹ"...... رابطہ قائم ہوتے ہی ملٹری سیکرٹری کی آواز سنائی دی۔

"راگو چھاؤنی سے ڈاکٹر گوپال بول رہا ہوں۔ صدر صاحب سے بات کرائیں اٹ از موسٹ ایمرجنسی"...... ڈاکٹر گوپال نے تیز لہجے میں کہا۔

"اوکے۔ ہولڈ آن کریں۔ میں معلوم کرتا ہوں"۔ دوسری طرف سے کہا گیا۔

"یس"...... چند لمحوں بعد صدر کی بھاری اور باوقار آواز سنائی

دی۔

"سر۔ میں ڈاکٹر گوپال بول رہا ہوں راگو چھاؤنی سے اور سر پاکیشیائی ایجنٹ ایک بار پھر فرار ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کمانڈنگ آفیسر کرنل پرشاد کو ہلاک کر دیا ہے"...... ڈاکٹر گوپال نے تیز تیز لہجے میں کہا۔

"کیا۔ کیا کہہ رہے ہیں آپ۔ کیا آپ اصل ڈاکٹر گوپال ہیں"۔ دوسری طرف سے انتہائی حیرت بھرے لہجے میں کہا گیا۔

"یس سر۔ میں اصل ڈاکٹر گوپال بول رہا ہوں سر"۔ ڈاکٹر گوپال نے انتہائی حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"لیکن پہلے تو آپ نے خود مجھے فون پر بتایا تھا کہ کرنل پرشاد نے ان پاکیشیائی ایجنٹوں اور کرنل چوپڑہ کو جو ان کا لیڈر تھا چار محافظوں کے ساتھ جا کر ہلاک کر دیا ہے اور آپ نے خود ان لاشوں کو دیکھا تھا اور اب آپ کہہ رہے ہیں کہ پاکیشیائی ایجنٹ فرار ہو رہے ہیں اور کرنل پرشاد ہلاک ہو گیا ہے۔ کیا مطلب ہوا اس کا"۔ صدر نے اپنے عہدے اور وقار کے خلاف تقریباً حلق کے بل چیختے ہوئے کہا۔

"سس۔ سر۔ میری تو پہلے آپ سے کوئی بات نہیں ہوئی اور نہ ہی میں نے ان لاشوں کو دیکھا ہے"...... ڈاکٹر گوپال نے انتہائی حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"اوہ۔ اوہ۔ ویری بیڈ۔ جلدی بتائیں کیا ہو رہا ہے۔ جلدی"۔

صدر نے ایک بار پھر چیختے ہوئے لہجے میں کہا تو ڈاکٹر گوپال
جلدی جلدی ساری بات بتا دی۔

"اوہ۔ میں انہیں زندہ کافرستان سے نہیں نکلنے دوں گا"۔ دو
طرف سے چیخ کر کہا گیا اور اس کے ساتھ ہی رابطہ ختم ہو گیا تو ڈا
گوپال نے بے اختیار ایک طویل سانس لیتے ہوئے رسیور رکھ دیا۔

"یہ صدر صاحب کو کیا ہو گیا ہے۔ جب میں نے ان سے بات
نہیں کی تو پھر"...... ڈاکٹر گوپال نے بڑبڑاتے ہوئے کہا۔

"سر ان لاشوں کا کیا کرنا ہے"...... اچانک سامنے بیٹھے ہو
ڈاکٹر شکلا نے کہا تو ڈاکٹر گوپال اس طرح چونک کر اس کی طر
دیکھنے لگا جیسے انہیں اس کی یہاں موجودگی پر حیرت ہو رہی ہو۔

"اوہ۔ پہلے یہ پاکیشیائی ایجنٹ ختم ہو جائیں پھر دیکھیں گے
مجھے خود ہیلی کاپٹر سیکشن جانا ہو گا"...... ڈاکٹر گوپال نے کہا اور ا
کر تیزی سے دروازے کی طرف بڑھتے چلے گئے۔

"سر۔ میں ساتھ چلوں"...... ڈاکٹر شکلا نے بھی پیچھے آتے ہو
کہا۔

"ہاں آؤ"...... ڈاکٹر گوپال نے مڑے بغیر جواب دیا اور پھر آفس
سے باہر نکلتے چلے گئے اور پھر تھوڑی دیر بعد وہ دونوں جیپ میں بیٹھے
تیزی سے ہیلی کاپٹر سیکشن کی طرف بڑھتے چلے جا رہے تھے۔

شاگل کا ہیلی کاپٹر خاصی تیز رفتاری سے راگو چھاؤنی کی طرف اڑا
چلا جا رہا تھا۔ شاگل سائیڈ سیٹ پر بیٹھا ہوا تھا۔ اس کا چہرہ ستا ہوا تھا
اور ہونٹ بھینچے ہوئے تھے۔ اس کے ذہن میں اس وقت سے مسلسل
دھماکے ہو رہے تھے جب سے صدر مملکت نے اسے کال کر کے بتایا
تھا کہ کرنل چوپڑہ کے روپ میں عمران وہاں پہنچا تھا اور صدر نے
کرنل پرشاد سے کہہ کر پاکیشیائی ایجنٹوں اور کرنل چوپڑہ کا خاتمہ کرا
دیا تھا۔ اسے یاد تھا کہ اس کی موجودگی میں فرسٹ چیک پوسٹ سے
کرنل پرشاد کو فون آیا تھا کہ ماؤنٹین بریگیڈ کے کرنل چوپڑہ آئے ہیں
اور انہیں پاکیشیائی ایجنٹوں کے سلسلے میں صدر صاحب نے بھیجا ہے
لیکن اس کے ذہن کے کسی گوشے میں بھی یہ خیال نہ تھا کہ کرنل
چوپڑہ کے روپ میں عمران بھی ہو سکتا ہے۔ وہ اب اپنے آپ پر غصہ
کھا رہا تھا کہ اگر وہ فوراً وہاں سے روانہ نہ ہو جاتا تو وہ خود اس کرنل

چوپڑہ کو چیک کر کے اسے گولی مار دیتا۔ اس طرح نہ صرف عمران کو ختم کرنے کی اس کی دیرینہ حسرت پوری ہو جاتی بلکہ اس کا کریڈٹ بھی اسے ملتا لیکن اب تو ظاہر ہے یہ کریڈٹ کرنل پرشاد نے حاصل کر لیا تھا اور وہ صرف اس کرنل چوپڑہ کی بطور عمران شناخت کرنے وہاں جا رہا تھا۔

"کاش یہ کرنل چوپڑہ عمران نہ ہو"...... اچانک شاگل نے اونچی آواز میں خود کلامی کرتے ہوئے کہا۔

"جی سر"...... پائلٹ نے چونک کر شاگل کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

"خاموش رہو"...... شاگل نے اسے ڈانٹتے ہوئے کہا اور پائلٹ ہونٹ بھینچ کر خاموش ہو گیا۔

"یہ تم ہیلی کاپٹر اڑا رہے ہو یا بیل گاڑی چلا رہے ہو۔ نانسنس۔ کس نانسنس نے تمہیں پائلٹ بنایا ہے۔ رفتار تیز کرو اس کی"۔ شاگل نے اپنا غصہ پائلٹ پر نکالتے ہوئے کہا۔

"یس سر"...... پائلٹ نے جواب دیا کیونکہ وہ بھی شاگل کی فطرت کو سمجھتا تھا اس لئے اس نے کوئی جواب دینے کی بجائے صرف یس سر کہنے پر ہی اکتفا کیا تھا۔ اچانک شاگل کو کوئی خیال آیا تو اس نے ہیلی کاپٹر میں نصب خصوصی ٹرانسمیٹر پر فریکونسی ایڈجسٹ کرنا شروع کر دی اور پھر فریکونسی ایڈجسٹ کر کے اس نے بٹن آن کر دیا۔

"ہیلو ہیلو۔ چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس شاگل کالنگ۔ اوور"...... شاگل نے بار بار کال دیتے ہوئے کہا۔

"میجر ٹھاکر فرام ہیڈ کوارٹر آفس بول رہا ہوں سر۔ اوور"۔ چند لمحوں بعد ایک آواز سنائی دی۔

"کرنل پرشاد سے بات کراؤ نانسنس۔ تمہیں نہیں معلوم کہ چیف صرف بڑے افسر سے بات کرتے ہیں۔ نانسنس۔ اوور"۔ شاگل نے چیختے ہوئے لہجے میں کہا۔

"وہ۔ وہ سر۔ ہلاک کر دیئے گئے ہیں سر۔ اوور"...... دوسری طرف سے متذبذب سے لہجے میں کہا گیا تو شاگل بے اختیار اچھل پڑا۔

"کیا۔ کیا کہہ رہے ہو۔ کیا مطلب۔ کون ہلاک ہوا ہے۔ کس نے ہلاک کیا ہے۔ اوور"...... شاگل نے انتہائی حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"سر۔ ابھی تھوڑی دیر پہلے چھاؤنی کے ہسپتال سے ڈاکٹر کرنل پال کی کال آئی تھی۔ انہوں نے کہا ہے کہ کرنل پرشاد کی لاش ہسپتال کے خصوصی کمرے میں پڑی ہوئی ہے سر۔ اور اس کے ساتھ چار محافظ بھی ہلاک ہو چکے ہیں سر۔ حالانکہ کرنل پرشاد اور کرنل چوپڑہ یہاں آفس میں موجود رہے ہیں سر۔ ان کے ساتھ تین اور نامعلوم فوجی بھی تھے۔ کرنل پرشاد نے آفس سے صدر صاحب کو فون کیا اور کافی دیر تک باتیں کرتے رہے۔ پھر وہ سب ان کی جیپ میں سوار ہو کر ہیلی کاپٹر سیکشن کی طرف بھی گئے لیکن ابھی چند لمحے

پہلے ڈاکٹر گوپال کی کال آئی ہے کہ کرنل پرشاد کی لاش ہسپتال کے خصوصی کمرے میں پڑی ہوئی ہے۔ میں نے انہیں بتایا کہ ایسا نہیں ہو سکتا لیکن انہوں نے میری بات نہ مانی اور رابطہ ختم کر دیا۔ میں نے دو فوجی تصدیق کے لئے بھجوائے ہیں لیکن ابھی تک وہ واپس نہیں آئے اس لئے میں نے آپ کو ڈاکٹر گوپال کی بات بتائی ہے اوور"...... میجر ٹھاکر نے پوری تفصیل بتاتے ہوئے کہا۔

"اوہ۔ اوہ۔ وری سیڈ۔ ڈاکٹر گوپال کے پاس ٹرانسمیٹر ہے اوور"۔ شاگل نے چیختے ہوئے پوچھا۔

"نہیں جناب۔ ان کا فون ہے۔ اوور"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"ہیلی کاپٹر سیکشن کے انچارج کرنل شیر سنگھ کے پاس ٹرانسمیٹر ہے۔ اوور"...... شاگل نے ایک بار پھر چیختے ہوئے پوچھا۔

"نہیں سر۔ وہاں بھی فون ہے سر۔ اوور"...... میجر ٹھاکر نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"میں راگو چھاؤنی پہنچ رہا ہوں۔ میں خود آ کر معلوم کرتا ہوں۔ اوور اینڈ آل"...... شاگل نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے ٹرانسمیٹر آف کر دیا۔

"کتنا فاصلہ رہ گیا ہے"...... شاگل نے انتہائی بے چین سے لہجے میں پائلٹ سے مخاطب ہو کر پوچھا۔

"سر۔ پانچ منٹ بعد ہم راگو چھاؤنی میں پہنچ جائیں گے"۔ پائلٹ

نے مؤدبانہ لہجے میں جواب دیا تو شاگل نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ اسے میجر ٹھاکر کی بات سن کر اس کے دل میں جیسے یکلخت اطمینان اور سکون سا بھر گیا تھا کہ عمران ابھی زندہ ہے اور اب وہ خود اس کے خلاف کارروائی کر کے اس کا کریڈٹ لے گا۔ اسے یقین تھا کہ ڈاکٹر گوپال نے جو کچھ بتایا ہے وہ بہرحال درست ہو گا کیونکہ اگر واقعی وہ کرنل چوپڑہ عمران ہے تو پھر ظاہر ہے کرنل پرشاد جیسے آدمی کے بس کا روگ نہیں تھا۔ گو اسے میجر ٹھاکر نے یہی بتایا تھا کہ عمران اور اس کے ساتھی ہیلی کاپٹر سیکشن کی طرف گئے ہیں اور اسے معلوم تھا کہ وہ یقیناً وہاں سے کوئی ہیلی کاپٹر لے کر باہر نکلنے کی کوشش کریں گے لیکن وہ جانتا تھا کہ راگو چھاؤنی ایسی جگہ پر ہے کہ جہاں سے وہ آسانی سے نہ پاکیشیا پہنچ سکتے ہیں نہ آزاد مشکبار علاقے میں اور نہ ہی نیپال یا کسی اور ملک میں اتنی جلدی داخل ہو سکتے ہیں اس لئے اسے یقین تھا کہ وہ انہیں بہرحال کور کر لینے میں کامیاب ہو جائے گا۔

"رفتار اور تیز کرو"...... شاگل نے ایک بار پھر پائلٹ سے مخاطب ہو کر کہا۔

"یس سر"...... پائلٹ نے جواب دیا۔

"کیا یس سر یس سر لگا رکھی ہے۔ میں کہہ رہا ہوں رفتار تیز کرو اور تم بجائے رفتار تیز کرنے کے صرف یس سر کہہ دیتے ہو۔ نانسنس"۔ شاگل نے غصیلے لہجے میں کہا۔

"یس سر۔ میں نے فل سپیڈ کر دی ہے"...... پائلٹ نے اسی

طرح مؤدبانہ لہجے میں کہا اور شاگل نے اطمینان بھرے انداز میں ہلا دیا اور پھر تھوڑی دیر بعد ہی ہیلی کاپٹر راگو چھاؤنی میں پہنچ گیا۔

"اسے سیدھا ہیلی کاپٹر سیکشن لے چلو"...... شاگل نے کہا لیکن اسی لمحے ٹرانسمیٹر سے کال آنا شروع ہو گئی اور شاگل نے چونک کر اس کا بٹن آن کر دیا۔

"ہیلو ہیلو کرنل شیر سنگھ انچارج ہیلی کاپٹر سیکشن کالنگ۔ اوور"...... ٹرانسمیٹر سے ایک بھاری آواز سنائی دی۔

"یس شاگل چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس اٹنڈنگ یو۔ اوور"۔ شاگل نے باوقار سے لہجے میں کہا۔

"اوہ۔ یس سر۔ میں صرف چیکنگ کرنا چاہتا تھا کیونکہ راگو چھاؤنی میں ایمرجنسی نافذ ہو چکی ہے۔ اوور"...... کرنل شیر سنگھ نے اس بار مؤدبانہ لہجے میں جواب دیتے ہوئے کہا۔

"اوہ۔ وہ پاکیشیائی ایجنٹ کہاں ہیں۔ کیا ہوا ان کا۔ اوور"۔ شاگل نے ایمرجنسی نافذ ہونے کا سن کر چونک کر کہا۔

"سر سپیشل ہیلی کاپٹر ایکس ون لے کر وہ چھاؤنی سے باہر جا چکے تھے پھر صدر صاحب کی کال ملی کہ یہ دشمن ہیں۔ ان کے ہیلی کاپٹر کو فضا میں ہی ہٹ کر دیا جائے۔ چنانچہ فوری طور پر ایمرجنسی نافذ کی گئی ہے اور اس کے ساتھ ہی جنگی طیاروں کا ایک سکوارڈن ان کو واپس لانے کے لئے بھیج دیا گیا ہے۔ اوور"...... کرنل شیر سنگھ نے جواب دیا۔

"واپس لانے کے لئے۔ کیا مطلب۔ اوور"...... شاگل نے حیران ل کر کہا۔

"جناب یہ ہیلی کاپٹر انتہائی قیمتی ہے اس لئے ہم اسے ضائع نہیں ا چاہتے۔ ویسے بھی یہ ریڈیو کنٹرولڈ ہے اس لئے اگر وہ واپس نہ ے تو ہم اس کا انجن کنٹرول کر کے اسے واپس لے آئیں گے۔ ور"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

"ہیلی کاپٹر میں پیراشوٹس موجود ہیں۔ اوور"...... شاگل نے کسی ال کے تحت پوچھا۔

"نہیں جناب۔ پیراشوٹس موجود نہیں ہیں۔ اوور"...... کرنل نگھ نے کہا۔

"میرا ہیلی کاپٹر سیکشن پہنچ رہا ہے پھر میں خود ہی سب کچھ سنبھال ں گا۔ اوور اینڈ آل"...... شاگل نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس ٹرانسمیٹر آف کر دیا۔ اب ہیلی کاپٹر راگو چھاؤنی پر پرواز کر رہا تھا پھر تھوڑی دیر بعد پائلٹ نے اسے ہیلی کاپٹر سیکشن کے خصوصی لی پیڈ پر اتار دیا اور پھر شاگل اچھل کر نیچے اترا۔

"سر کرنل شیر سنگھ ادھر ٹاور پر موجود ہیں سر۔ آئیے سر"۔ ایک ی نے آگے بڑھ کر شاگل کو سیلوٹ کرتے ہوئے کہا اور شاگل نے ات میں سر ہلا دیا۔

سپیشل ہیلی کاپٹر ایکس ون فضا کی بلندیوں پر پرواز کر رہا تھا کافرستانی فوج کا ماہر پائلٹ کیپٹن سورما ہیلی کاپٹر کو پائلٹ کر رہا تھا جبکہ کرنل چوپڑہ کے روپ میں عمران سائیڈ سیٹ پر بیٹھا ہوا تھا کیپٹن شکیل کرنل پرشاد کے روپ میں اور باقی ساتھی بھی ما... میک کیئے ہوئے عقبی سیٹوں پر موجود تھے۔ سب سے آخر میں ... بیٹھی ہوئی تھی کیونکہ کافرستانی فوج کے قواعد و ضوابط کے مطا... خاتون مرد فوجیوں سے پیچھے ہی رہتی تھی بشرطیکہ عہدے میں اس افسر نہ ہو۔ جولیا نے بھی ماسک میک اپ کیا ہوا تھا اور وہ اس ... کافرستانی فوجی خاتون بنی ہوئی تھی۔ عمران نے کرنل شیر سنگھ بتایا تھا کہ یہ خاتون ذہن میں جھانکنے کے لیئے ماحول بنانے کی ... ہے اس لیئے وہ ہمیشہ اسے اپنے ساتھ رکھتا ہے۔ کرنل شیر... کرنل چوپڑہ سے مل کر پہلے تو بے حد حیران ہوا تھا کیونکہ وہ اسے...

...نہیں جانتا تھا حالانکہ کرنل شیر سنگھ کا دعویٰ تھا کہ وہ کافرستان کے تمام اعلیٰ افسروں سے ذاتی طور پر واقف ہے لیکن عمران نے چونکہ کرنل پرشاد کے آفس سے اسے فون کر کے صدر کافرستان کی طرف سے حکم دے دیا تھا کہ کرنل چوپڑہ، کرنل پرشاد اور ان کے تین ماتحتوں کو فوری طور پر ان کی مرضی کا ہیلی کاپٹر مہیا کیا جائے تاکہ وہ کافرستان کا ایک انتہائی اہم مشن پورا کر سکیں اس لیئے کرنل شیر سنگھ نے زیادہ حیل و حجت نہ کی تھی۔ اس نے خود ہی عمران کو ہیلی کاپٹر ایکس ون کے بارے میں بتایا تو عمران نے اسے فوری طور پر تیار کرنے اور اس میں فیول بھروانے کا کہہ دیا تھا اور کرنل شیر سنگھ نے حکم کی تعمیل فوری کر دی جس کے نتیجے میں وہ اب انتہائی اطمینان سے ہیلی کاپٹر میں بیٹھے فضا کی بلندیوں میں پرواز کر رہے تھے۔ عمران نے کیپٹن سورما کو ناپال کے سرحدی شہر میمول پہنچنے کا کہا تھا کیونکہ مقبوضہ مشکبار سے ناپال کا یہ سرحدی شہر سب سے قریب پڑتا تھا اور عمران کو معلوم تھا کہ ایک بار وہ میمول پہنچ گئے تو پھر وہ ہر لحاظ سے محفوظ ہو جائیں گے لیکن انہیں ابھی پرواز شروع کیئے تھوڑی ہی دیر ہوئی تھی کہ ہیلی کاپٹر کا ٹرانسمیٹر آن ہو گیا۔ عمران سمجھا کہ راستے میں آنے والے ایئر چیکنگ سپاٹس کلیئرنس مانگ رہے ہوں گے اور کیپٹن سورما انہیں مطمئن کر دے گا اس لیئے وہ اطمینان بھرے انداز میں بیٹھا ہوا تھا۔

"ہیلو ہیلو کرنل شیر سنگھ کالنگ۔ اوور"...... کیپٹن سورما نے

جیسے ہی ٹرانسمیٹر آن کیا تو کرنل شیر سنگھ کی انتہائی چیختی ہوئی آواز سنائی دی ۔ اور عمران تو کیا ہیلی کاپٹر میں موجود سارے ساتھی بھی بے اختیار اچھل پڑے کیونکہ کرنل شیر سنگھ کا کال کرنے کا انداز بتا رہا تھا کہ وہ انتہائی جوش میں ہے۔ عمران نے بے اختیار ہونٹ بھینچ لئے۔

"یس سر۔ کیپٹن سورما اٹنڈنگ یو سر۔ اوور"۔ کیپٹن سورما نے مؤدبانہ لہجے میں جواب دیتے ہوئے کہا۔

"کیپٹن سورما ہیلی کاپٹر کو فوراً موڑ کر واپس راگو چھاؤنی لے آؤ کیونکہ اعلیٰ حکام نے ہیلی کاپٹر ایکس ون کو چھاؤنی سے باہر لے جانے پر پابندی لگا دی ہے اور میں نے دوسرا ہیلی کاپٹر تیار کروایا ہے تم لوگ اس پر چلے جانا۔ فوراً لے آؤ اسے واپس۔ اوور"۔ کرنل شیر سنگھ نے چیختے ہوئے کہا۔

"یس سر۔ اوور"...... کیپٹن سورما نے مؤدبانہ لہجے میں جواب دیتے ہوئے کہا۔

"جلدی واپس لاؤ۔ اوور اینڈ آل"...... دوسری طرف سے کہا گیا اور اس کے ساتھ ہی ٹرانسمیٹر آف ہو گیا تو کیپٹن سورما نے ٹرانسمیٹر کا بٹن آف کر دیا۔

"کرنل صاحب ہمیں واپس جانا ہو گا"...... کیپٹن سورما نے سائیڈ پر بیٹھے ہوئے عمران سے مخاطب ہو کر کہا۔

"اور اگر نہ جائیں تب"...... عمران نے کہا تو کیپٹن سورما

اختیار اچھل پڑا۔

"یہ۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے جناب۔ ہمیں واپس جانا ہو گا۔ ویسے بھی یہ ریڈیو کنٹرولڈ ہے۔ وہ اسے کنٹرول کر کے بھی واپس لے جا سکتے ہیں"...... کیپٹن سورما نے جواب دیا اور اس کے ساتھ ہی وہ ہیلی کاپٹر موڑنے میں بھی مصروف ہو گیا اور عمران اس کی بات سن کر بے اختیار چونک پڑا۔ ریڈیو کنٹرول ہونے کا اسے واقعی علم نہ تھا اور یہ اس کے نقطہ نظر سے انتہائی تشویشناک بات تھی۔

"کیا حرج ہے کرنل چوپڑہ۔ ہم دوسرے ہیلی کاپٹر میں سفر کر لیں گے"...... عقبی سیٹ پر موجود کیپٹن شکیل نے کہا۔

"پہلے اس کو آف کرو۔ پھر بات ہو گی"...... عمران نے اس بار فرانسیسی زبان میں کیپٹن سورما کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا تو کیپٹن شکیل کا ہاتھ بجلی کی سی تیزی سے گھوما اور اس کی کھڑی ہتھیلی پوری قوت سے کیپٹن سورما کی گردن کے عقبی حصے پر اس زور سے پڑا کہ کیپٹن سورما ہلکی سی چیخ مار کر آگے کی طرف جھکا۔ اس کا جسم یکلخت ڈھیلا پڑ گیا تھا اور پھر اس کے ساتھ ہی ہیلی کاپٹر تیزی سے نیچے جانے لگا لیکن عمران نے پائلٹ سیٹ سنبھال لی اور ہیلی کاپٹر کو کنٹرول کر لیا۔ صفدر اور کیپٹن شکیل نے کیپٹن سورما کے سر پر چڑھا ہوا ٹوپ اتارا اور پھر اسے اٹھا لیا جبکہ اس کی سیٹ عمران نے سنبھال لی تھی۔

"یہ تو ختم ہو چکا ہے"...... صفدر نے کہا۔

" اسے نیچے پہاڑیوں میں پھینک دو"....... عمران نے انتہائی سنجیدہ لہجے میں کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے تیزی سے ہیلی کاپٹر کی بلندی کم کرنا شروع کر دی۔ اسی لمحے ہیلی کاپٹر کا ٹرانسمیٹر جاگ اٹھا اور عمران نے ہاتھ بڑھا کر ٹرانسمیٹر آن کر دیا۔

" ہیلو ہیلو کرنل شیر سنگھ کالنگ۔ یہ کیا ہو رہا ہے۔ ہیلی کاپٹر کو نیچے کیوں لے جا رہے ہو۔ اسے اسی بلندی پر رکھ کر لے آؤ واپس۔ اوور"....... کرنل شیر سنگھ نے چیختے ہوئے لہجے میں کہا۔

" اس کی لائننگ میں معمولی سی گڑبڑ ہو رہی ہے سر۔ اس لئے مجھے اسے ٹھیک کرنا پڑے گا ورنہ گر بھی سکتا ہے۔ میں اسے نیچے مناسب جگہ پر اتار کر ٹھیک کر لیتا ہوں۔ اوور"....... عمران نے کیپٹن سورا کے لہجے میں جواب دیتے ہوئے کہا۔

" نہیں۔ کچھ نہیں ہوتا۔ ہیلی کاپٹر کو واپس لے آؤ۔ میں نے جنگی طیاروں کا سکوارڈن بھیج دیا ہے اگر تم نے اسے واپس نہ موڑا تو پھر اسے فضا میں ہی تباہ کیا جا سکتا ہے۔ اوور"....... کرنل شیر سنگھ نے چیختے ہوئے کہا۔

" میں اسے تباہ نہیں کرنا چاہتا سر۔ اس لئے مجبوری ہے۔ اوور اینڈ آل"....... عمران نے جواب دیا۔ وہ اس دوران ہیلی کاپٹر کو انتہائی تیز رفتاری سے مسلسل کم بلندی پر لے آیا تھا۔

" اب یہ ریڈیو کنٹرول نہ ہو سکے گا"....... عمران نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے اسے ایک لمبا غوطہ دیا۔ وہ جنگی طیاروں کے

سکوارڈن پہنچنے سے پہلے پہلے اسے کسی مناسب جگہ پر اتارنا چاہتا تھا کیونکہ اب اسے تو کیا سب کو معلوم ہو گیا تھا کہ کسی بھی ذریعے سے ان کی شناخت ہو چکی ہے اور وہ ابھی اپنے قیمتی ہیلی کاپٹر کو بچانے کے چکر میں ہیں ورنہ وہ شاید انہیں اطلاع دیئے بغیر ہیلی کاپٹر کو فضا میں ہی میزائل فائر کر کے تباہ کر دیتے اور اس طرح ان کی موت سو فیصد یقینی ہو جاتی اور پھر عمران نے ہیلی کاپٹر کو ایک بڑی سی مسطح چٹان پر اتار دیا۔

" آؤ اب یہاں سے جس قدر جلد ممکن ہو سکے نکل جائیں کیونکہ انہوں نے ہیلی کاپٹر کو یہاں اترتے چیک کر لیا ہو گا اور وہ یہاں ماؤنٹین چھاتہ بردار اتار سکتے ہیں اور قریبی کسی اڈے سے بھی یہاں فوجی دستہ پہنچ سکتا ہے"....... عمران نے ہیلی کاپٹر سے اترتے ہوئے کہا اور عمران کے ساتھی بھی سر ہلاتے ہوئے نیچے اتر آئے۔

" لیکن ہم جائیں گے کہاں۔ یہاں تو مجھے دور دور تک آبادی نظر نہیں آ رہی"....... تنویر نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

" یہاں سے مغرب کی طرف کچھ فاصلے پر میں نے ایک چھوٹا سا پہاڑی گاؤں دیکھا ہے۔ وہاں پہنچ گئے تو شاید تحریک آزادی کے کسی سنٹر تک پہنچ جائیں۔ پھر محفوظ ہو جائیں گے"....... عمران نے کہا اور سب نے اثبات میں سر ہلا دیئے۔ اسی لمحے دور سے جنگی طیاروں کی چیختی ہوئی آوازیں سنائی دینے لگیں۔

" چھپ جاؤ۔ جلدی کرو۔ چٹانوں کی اوٹ لے لو"۔ عمران نے

چیخ کر کہا اور اس کے ساتھ ہی وہ سب تیزی سے چٹانوں کی اوٹ میں ہو گئے ۔ چند لمحوں بعد جنگی طیاروں کا ایک پورا سکواڈرن ان کے سروں سے گزرنے لگا۔ وہ سب اوپر پھیل سے گئے اور انہوں نے اسی جگہ چکر لگانا شروع کر دیا۔ پھر اچانک ایک جنگی طیارے نے غوطہ لگایا اور دوسرے لمحے ایک شعلہ سا ہوا میں تیرتا ہوا سیدھا ہیلی کاپٹر سے ٹکرایا اور اس کے ساتھ ہی ایک خوفناک دھماکے سے ہیلی کاپٹر کے پرزے ہوا میں بکھر گئے اور اس میں سے شعلے سے نکلنے لگے اور چند لمحوں بعد ایک اور خوفناک دھماکہ ہوا اور ہیلی کاپٹر کے فیول ٹینک کسی آتش فشاں کی طرح پھٹ گئے ۔

" آڑ لے کر تیزی سے پھیل جاؤ۔ یہ اب یہاں ارد گرد میزائل فائر کریں گے "...... عمران نے چیخ کر کہا اور اس کے ساتھ ہی وہ سب انتہائی تیزی سے ادھر ادھر ہٹنے لگے لیکن وہ ساتھ ہی کرالنگ بھی کر رہے تھے کہ اوپر چکر کاٹتے ہوئے جنگی طیارے ان کی نقل و حرکت کو مارک نہ کر سکیں اور پھر وہی ہوا۔ چند لمحوں بعد باری باری جنگی طیارے غوطے لگاتے اور میزائل فائر کرتے اور پھر یہ پورا علاقہ جیسے آگ کی زد میں آگیا ہو۔ ہر طرف چٹانیں اور پتھر اس طرح اڑنے لگے جیسے جگہ جگہ انتہائی خوفناک آتش فشاں پھٹ پڑے ہوں۔ عمران ایک کریک میں کافی نیچے جا کر چھپا ہوا تھا لیکن صورت حال دیکھ کر اس کا دل بے اختیار دھڑکنے لگا کیونکہ اس کا کوئی بھی ساتھی اس خوفناک حملے کی زد میں آکر ہلاک ہو سکتا تھا لیکن وہ اس وقت سوائے

ہونٹ بھینچنے کے اور ظاہر ہے کیا کر سکتا تھا۔ کافی دیر تک حملے جاری رہے۔ پھر آہستہ آہستہ خاموشی طاری ہوتی چلی گئی۔ طیاروں کی گونج بھی ختم ہو چکی تھی اور اس کے ساتھ ہی عمران تیزی سے اوپر کی طرف چڑھا۔

" عمران صاحب۔ جولیا شدید زخمی ہو گئی ہے "۔ اچانک دور سے صفدر کی چیختی ہوئی آواز سنائی دی اور عمران اس طرف کو دوڑ پڑا۔ جولیا ایک چٹان کی اوٹ میں پڑی ہوئی تھی اور اس کی دونوں ٹانگوں سے خون بہہ رہا تھا۔ پھر کیپٹن شکیل اور تنویر بھی دوڑتے ہوئے وہاں پہنچ گئے ۔ عمران نے تیزی سے جھک کر جولیا کے زخموں کی چیکنگ شروع کر دی۔

" یہاں قریب کوئی چشمہ تلاش کرو۔ جلدی کرو"۔ عمران نے چیختے ہوئے کہا تو سارے ساتھی ادھر ادھر دوڑ پڑے اور عمران نے اپنی یونیفارم کی قمیض پتلون سے نکال کر اس کو پٹیوں کی صورت میں پھاڑا اور پھر اس نے ایک ایک کر کے جولیا کے زخموں پر باندھنا شروع کر دیا۔ جولیا اس بڑی چٹان کے نیچے چھپی ہوئی تھی لیکن اس چٹان کا عقبی آدھا حصہ اڑ گیا تھا جس کی وجہ سے جولیا اس انداز میں زخمی ہو گئی تھی۔

" عمران صاحب یہاں سے قریب ہی پانی کا چشمہ موجود ہے "۔ چند لمحوں بعد کیپٹن شکیل نے قریب آکر کہا تو عمران نے جولیا کو اٹھا کر کاندھے پر لادا اور پھر کیپٹن شکیل کے پیچھے چلتا ہوا اس چشمے کی

طرف بڑھتا چلا گیا۔ درختوں کے گھنے جھنڈ میں یہ قدرتی چشمہ موجود تھا۔ عمران نے جولیا کے زخم دھوئے اور پھر دوبارہ پٹیاں باندھ دیں۔

" صرف چٹانوں کے ریزے لگنے کی وجہ سے زخم آئے ہیں کوئی فریکچر نہیں ہوا"...... عمران نے مطمئن لہجے میں کہا اور سب ساتھیوں نے بھی اطمینان کا طویل سانس لیا۔

" اللہ تعالیٰ بڑا رحیم و کریم ہے"...... صفدر نے بے اختیار ایک طویل سانس لیتے ہوئے کہا۔

" جو لوگ حق پر ہوتے ہیں اور نیک مقاصد کے لئے جدوجہد کرتے ہیں ان پر واقعی اللہ تعالیٰ کی رحمت ہوتی ہے ورنہ ہم بھی فانی انسان ہیں کسی بھی لمحے موت کا شکار ہو سکتے ہیں"...... عمران نے کہا اور سب ساتھیوں نے اثبات میں سر ہلا دیئے۔ عمران نے جولیا کے حلق میں پانی ڈالا تو جولیا نے کراہتے ہوئے آنکھیں کھول دیں اور عمران پیچھے ہٹ کر درختوں کے جھنڈ سے باہر آ گیا جبکہ باقی ساتھی بھی اس کے پیچھے باہر آ گئے تاکہ جولیا ہوش میں آ کر اپنے آپ کو مطمئن انداز میں سنبھال سکے۔

" بڑی خوفناک بمباری کی ہے ان لوگوں نے"...... صفدر نے کہا۔

" ہاں اور اب یہاں یقیناً چیکنگ کے لئے فوج پہنچیں گے اور ہو سکتا ہے کہ وہ ماؤنٹین چھاتہ بردار ہوں یا پھر کسی قریبی اڈے سے

جیپوں میں آئیں"...... عمران نے جواب دیا۔

" کیا۔ کیا سب بچ گئے ہیں"...... اسی لمحے اچانک عقب سے انہیں جولیا کی آواز سنائی دی تو وہ سب تیزی سے مڑے تو جولیا انہیں اطمینان سے کھڑی نظر آئی۔

" ویری گڈ جولیا۔ ان زخموں کے باوجود اس طرح اپنے پیروں پر نہ صرف کھڑا ہونا بلکہ چل کر آنا یہ واقعی ہمت اور حوصلے کی بات ہے۔ ویری گڈ"...... عمران نے کہا تو جولیا کا ستا ہوا چہرہ عمران کی طرف سے تعریفی فقرہ سن کر بے اختیار کھل اٹھا۔

" شکریہ۔ ویسے اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ میں زندہ بچ گئی ہوں"۔ جولیا نے مسکراتے ہوئے کہا۔

" عمران صاحب۔ پہلی بار جب ہم راگو چھاؤنی سے فرار ہوئے تھے تو جولیا نے ہمیں لیڈ کیا تھا اور واقعی جولیا نے جس انداز میں کام کیا ہم سب حیران رہ گئے"...... صفدر نے مسکراتے ہوئے کہا۔

" تنویر تو خوش نہ ہوا ہو گا"...... عمران نے مسکراتے ہوئے کہا۔

" کیوں۔ میں کیوں نہیں ہوا۔ جولیا نے جس طرح چیک پوسٹ پر قبضہ کر کے ہمیں کور کیا اور کافرستانی فوج اور جیپیں روک لیں میں تو خود اس کی ہمت، حوصلہ اور جرأت پر حیران رہ گیا تھا"۔ تنویر نے فوراً ہی جواب دیتے ہوئے کہا۔

" عمران اب فضول باتوں کی ضرورت نہیں ہے۔ ہمیں یہاں

سے نکلنا ہے"....... جولیا شاید موضوع بدلنے کے لئے عمران کے جواب دینے سے پہلے ہی بول پڑی تھی۔

"کیپٹن شکیل تم جولیا کو کاندھے پر اٹھا لو"....... عمران نے کہا اور کیپٹن شکیل سر ہلاتا ہوا جولیا کی طرف بڑھا۔

"ارے اس کی ضرورت نہیں ہے۔ میں چل سکتی ہوں"۔ جولیا نے کہا۔

"یہ پہاڑی علاقہ ہے اور ہم نے جتنا جلدی ہو سکے یہاں سے دور جانا ہے"....... عمران نے اس بار انتہائی سنجیدہ لہجے میں کہا تو جولیا خاموش ہو گئی اور کیپٹن شکیل نے جولیا کو اٹھا کر کاندھے پر ڈال لیا اور پھر وہ سب تیزی سے عمران کے پیچھے اونچی نیچی چٹانوں کو پھلانگتے ہوئے آگے بڑھتے چلے گئے۔

شاگل بجلی کی سی تیزی سے سیڑھیاں چڑھتا ہوا اوپر پہنچ گیا۔ اس نے اس قدر تیز رفتاری دکھائی تھی جیسے اس کے پیروں میں مشین فٹ ہو گئی ہو اور پھر شاگل جیسے ہی وہاں پہنچا وہاں موجود عملہ اور کرنل شیر سنگھ نے اسے فوجی انداز میں سیلوٹ مارے۔

"کیا ہو رہا ہے۔ کہاں ہیں وہ پاکیشیائی ایجنٹ۔ وہ ہلاک ہوئے ہیں یا نہیں"....... شاگل نے سر ہلاتے ہوئے چیخ کر کہا۔

"سر۔ وہ ہیلی کاپٹر کو نیچے لے جا رہے ہیں اس لئے اب ہم ریڈیو کنٹرول بھی استعمال نہیں کر سکتے"....... کرنل شیر سنگھ نے کہا۔

"اوہ یو نانسنس۔ تم نے انہیں بتا دیا ہو گا کہ ہیلی کاپٹر ریڈیو کنٹرول ہے"....... شاگل نے پیر پٹختے ہوئے کہا۔

"میں نے نہیں بتایا جناب لیکن ہو سکتا ہے کہ پائلٹ نے بتا دیا ہو۔ اب تو وہ کال بھی اٹنڈ نہیں کر رہے"....... کرنل شیر سنگھ نے

مؤدبانہ لہجے میں جواب دیتے ہوئے کہا۔

"وہ جنگی طیارے کہاں ہیں"...... شاگل نے پوچھا۔

"وہ وہاں پہنچنے والے ہیں"...... کرنل شیر سنگھ نے جواب دیا۔

"سر ہیلی کاپٹر کسی چٹان پر اتر گیا ہے"...... اسی لمحے ایک مشینری پر کام کرتے ہوئے آپریٹر نے کہا۔

"ان جنگی طیاروں کو حکم دو کہ ہیلی کاپٹر کو بھی میزائل سے ہٹ کر دیں اور اس کے ساتھ ساتھ ارد گرد کے علاقے میں بھی میزائلوں کی بارش کر دیں۔ وہ یقیناً ہیلی کاپٹر سے اتر کر قریب ہی چٹانوں کی اوٹ میں چھپ جائیں گے"...... شاگل نے کہا۔

"لیکن سر یہ ہیلی کاپٹر تو انتہائی قیمتی ہے"...... کرنل شیر سنگھ نے ہچکچاتے ہوئے کہا۔

"اوہ یو نانسنس۔ اٹ از مائی آرڈر۔ اگر تمہاری یہ پوری چھاؤنی تباہ کرنی پڑے اور یہاں کے ہر فوجی کو موت کے گھاٹ اتارنا پڑے اور اس کے نتیجے میں یہ پاکیشیائی ایجنٹ ختم ہو جائیں تو اعلیٰ حکام یقیناً اسے سراہیں گے۔ نانسنس تمہیں معلوم ہی نہیں ہے کہ یہ کس قدر خطرناک لوگ ہیں۔ ان کی وجہ سے پلاسن کی پوری پہاڑی مع سائنسی اڈے کے تباہ کرنا پڑی ہے۔ جلدی حکم دو"۔ شاگل نے چیختے ہوئے کہا۔

"یس سر"...... کرنل شیر سنگھ نے کہا اور پھر اس نے آپریٹر کو اشارہ کیا تو اس نے سکواڈرن لیڈر سے ٹرانسمیٹر پر کرنل شیر سنگھ کی بات کرا دی اور کرنل شیر سنگھ نے اسے وہی حکم دیا جو شاگل نے دیا تھا اور پھر ٹرانسمیٹر آف کر دیا۔

"کیا یہاں سے یہ چیک کیا جا سکتا ہے کہ یہ لوگ زندہ ہیں یا مر گئے ہیں"...... شاگل نے کہا۔

"یہاں سے کیسے چیک ہو سکتے ہیں جناب۔ یہاں سے تو کافی فاصلہ ہے"...... کرنل شیر سنگھ نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"کتنے ہیلی کاپٹر ہیں تمہارے سیکشن میں"...... شاگل نے چند لمحے خاموش رہنے کے بعد پوچھا۔

"اٹھائیس ہیں جناب"...... کرنل شیر سنگھ نے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"ان سب کو تیار رہنے کا حکم دے دو اور ان میں تربیت یافتہ مسلح افراد سوار کرو۔ میں اپنے ہیلی کاپٹر میں انہیں لیڈ کروں گا اور تمہارا کوئی آدمی میرے ساتھ جائے گا تاکہ مجھے اس علاقے کے بارے میں بتا سکے۔ ہم نے ان کی لاشیں تلاش کرنی ہیں"...... شاگل نے کہا۔

"لیکن سر۔ اگر وہ زندہ ہوئے اور انہوں نے کسی ہیلی کاپٹر پر قبضہ کر لیا تو پھر"...... کرنل شیر سنگھ نے کہا۔

"تو کیا ہوا۔ ستائیں ہیلی کاپٹر انہیں گھیر کر فضا میں ہی ختم کر دیں گے۔ ہم نے بہرحال ان کا خاتمہ کرنا ہے۔ ہر صورت میں۔ اور یہ بتاؤ کہ ان لوگوں نے یہاں اپنی منزل کون سی بتائی تھی"۔

شاگل نے کہا۔

" ناپال کا سرحدی شہر ہے جناب میمول۔ وہاں جانے کے با
میں بتایا تھا"....... کرنل شیر سنگھ نے کہا۔

" ہونہہ۔ وہاں سیکرٹ سروس کا سیٹ اپ ہے۔ میں انہیں
الرٹ کر دوں گا"....... شاگل نے کہا اور کرنل شیر سنگھ نے
طرح اثبات میں سرہلا دیا جیسے شاگل نے اس سے مخاطب ہو کر
بات کی ہو اور پھر تھوڑی دیر بعد سکواڈرن لیڈر کی طرف سے رپو
گئی کہ ہیلی کاپٹر کو بھی تباہ کر دیا گیا ہے اور اردگرد کے علاقے پ
میزائلوں کی خوفناک بارش کر دی گئی ہے۔

" ٹھیک ہے اب اسے کہو کہ یہ لوگ واپس آ جائیں۔ اب
جائیں گے"....... شاگل نے کہا اور تیزی سے واپس مڑ گیا۔ اس
کہہ رہا تھا کہ وہ اس بار عمران اور اس کے ساتھیوں کو ہلاک ک
میں کامیاب ہو جائے گا۔

ران اپنے ساتھیوں سمیت تیزی سے آگے بڑھ رہا تھا لیکن ظاہر
ی کے باوجود ان کی رفتار وہ نہ تھی جو عام حالات میں ہو سکتی
وہ سب زخمی بھی تھے اور انہیں راستوں کا بھی علم نہ تھا لیکن
ے باوجود بہرحال وہ اس طرف کو بڑھے چلے جا رہے تھے جدھر
نے ہیلی کاپٹر نیچے اتارتے ہوئے پہاڑی گاؤں دیکھا تھا۔

مران صاحب اس پہاڑی گاؤں میں پہنچ جانے کے باوجود
تو نہیں کہ ہم محفوظ ہو جائیں"....... صفدر نے کہا۔

ے بھی ضروری نہیں ہوتا صفدر۔ لیکن ہمیں بہرحال امکانات پر
ا ہوتا ہے"....... عمران نے انتہائی سنجیدہ لہجے میں جواب دیا
در نے اثبات میں سرہلا دیا۔ پھر تقریباً ایک گھنٹے کے سفر کے
ہیں پہاڑی گاؤں نظر آنے لگ گیا تو ان کی رفتار بڑھ گئی۔

م سب کافرستانی فوجی یونیفارم میں ہیں اس بات کا سب نے

خیال رکھتا ہے"...... عمران نے مڑ کر کہا اور سب نے اثبات میں ہلا دیئے۔ اچانک انہیں دور سے ہیلی کاپٹروں کی مخصوص آواز سنائی دینے لگیں تو وہ سب تیزی سے مڑے اور پھر انہوں نے ہیلی کاپٹروں کا ایک پورا دستہ اڑتا ہوا اپنی طرف آتے دیکھا۔ یہ گن شپ ہیلی کاپٹر تھے۔

" اوہ۔ یہ تو پوری چھاؤنی کے ہیلی کاپٹر لے آئے ہیں۔ بہرحال اب ہم نے ان میں سے ایک ہیلی کاپٹر حاصل کرنا ہے"۔ عمران نے کہا۔

" لیکن یہ ضروری تو نہیں کہ وہ سب نیچے اتریں"...... صفدر نے کہا۔

" میرا خیال ہے کہ ضروری نہیں تمہارا تکیہ کلام بن چکا ہے" عمران نے مسکراتے ہوئے کہا تو صفدر شرمندہ سا ہو گیا کیونکہ پہلے بھی یہ بات کر چکا تھا۔ ہیلی کاپٹر ان سے کافی پیچھے ہی نیچے اترنے لگ گئے تھے البتہ چند ہیلی کاپٹر فضا میں موجود تھے۔

" یہاں کسی جگہ چھپ جاؤ کیونکہ ہو سکتا ہے کہ یہ زیادہ بڑے دائرے میں چیکنگ کریں۔ تنویر میرے ساتھ آئے گا ہم نے ایک ہیلی کاپٹر حاصل کرنا ہے اس طرح ہم آسانی سے میمول پہنچ جائیں گے"...... عمران نے کہا اور پھر وہ تنویر کو اپنے ساتھ لے کر چٹانوں کی اوٹ لیتا ہوا اس طرف کو واپس جانے لگا جہاں سے وہ ابھی ہو کے آئے تھے۔

" یہ اوپر جو ہیلی کاپٹر موجود ہیں کیا یہ رکاوٹ نہیں بنیں گے"۔ تنویر نے کہا۔

" دیکھو۔ اس بات کا فیصلہ وہاں جا کر کریں گے کہ ہمیں کیا صورت اختیار کرنی چاہئے"...... عمران نے کہا اور تنویر نے اثبات میں سر ہلا دیا اور پھر وہ جیسے ہی کسی حد تک آگے گئے اچانک عمران کو ٹھٹھک کر رکنا پڑا۔

" اوہ۔ شاگل کا ہیلی کاپٹر بھی موجود ہے۔ وہ دیکھو"...... عمران نے کہا اور تنویر نے چٹان کی اوٹ سے نیچے جھانکا تو وہاں واقعی کافرستان سیکرٹ سروس کا ہیلی کاپٹر کھڑا ہوا تھا۔

" اوہ۔ ویری گڈ۔ قدرت واقعی ہماری مدد کر رہی ہے۔ اب سنو۔ ہم نے اس شاگل کو اغوا کر کے اس کے ہیلی کاپٹر پر قبضہ کرنا ہے۔ شاگل کی وجہ سے ہم پر حملہ نہ ہو سکے گا اور پھر میں شاگل کی آواز میں انہیں کنٹرول کر لوں گا"...... عمران نے کہا اور تنویر نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

" لیکن شاگل ہمارے ہاتھ کیسے آئے گا۔ یہاں تو ہر طرف مسلح افراد پھیلے ہوئے ہیں۔ وہ ایک ایک چٹان کی چیکنگ کر رہے ہیں"۔ تنویر نے کہا۔

" شاگل نے اپنی عادت کے مطابق اپنا ہیلی کاپٹر باقی ہیلی کاپٹروں سے دور اور علیحدہ اتارا ہے تاکہ اس کی شان قائم رہے اور وہاں تک ہم چٹانوں کی اوٹ لے کر آسانی سے پہنچ سکتے ہیں اور مجھے یقین ہے

کہ شاگل جہاں کہیں بھی ہوگا بہرحال اپنے ہیلی کاپٹر میں ضرور واپس آئے گا"...... عمران نے کہا۔

"پائلٹ اندر نہ ہو"...... تنویر نے کہا۔

"ہونے کو تو شاگل بھی اندر ہو سکتا ہے۔ آؤ"...... عمران نے کہا اور پھر وہ انتہائی محتاط انداز میں چٹانوں کی اوٹ لیتے ہوئے نیچے اترتے چلے گئے۔ چونکہ چیکنگ کا دائرہ ان سے کافی دور تھا جہاں وہ ایکس ون ہیلی کاپٹر تباہ کیا گیا تھا اس لئے انہیں صرف آسمان پر موجود ہیلی کاپٹروں کی نظر سے بچنا تھا لیکن اس کے باوجود چونکہ ان کے جسموں پر کافرستانی فوجی یونیفارم تھی اس لئے انہیں بھروسہ تھا کہ اگر انہیں اوپر سے چیک بھی کر لیا گیا تو کوئی فوراً ایکشن نہ لیا جائے گا اور پھر تھوڑی دیر بعد وہ شاگل کے ہیلی کاپٹر کے عقب میں پہنچ گئے۔ شاگل کا ہیلی کاپٹر خالی تھا۔

"آؤ اب ہم نے ہیلی کاپٹر کے اندر داخل ہونا ہے۔ ہم رینگتے ہوئے ہیلی کاپٹر کے نیچے جائیں گے اور پھر انتہائی تیز رفتاری سے اندر داخل ہو جائیں گے"...... عمران نے کہا اور تنویر نے اثبات میں سر ہلا دیا اور پھر وہ واقعی انتہائی محتاط انداز میں رینگتے ہوئے آخرکار ہیلی کاپٹر کے نیچے بحفاظت پہنچ گئے اور پھر ایک ایک کر کے وہ دونوں ہیلی کاپٹر کے اندر داخل ہونے میں بھی کامیاب ہو گئے۔ پھر وہ دونوں عقبی حصے میں جا کر دبک گئے تاکہ باہر سے نظر نہ آ سکیں۔ اچانک ہیلی کاپٹر کے ٹرانسمیٹر سے کال آنے کی تیز آواز سنائی دی اور چند لمحوں

بعد انہوں نے قدموں کی آواز سنی اور پھر شاگل تیزی سے اچھل کر سائیڈ سیٹ پر بیٹھ گیا۔ اس نے جلدی سے ٹرانسمیٹر آن کر دیا۔

"ہیلو ہیلو۔ ملٹری سیکرٹری ٹو پریذیڈنٹ کالنگ۔ اوور"۔ صدر کے ملٹری سیکرٹری کی آواز سنائی دی۔

"یس۔ شاگل چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس اٹنڈنگ یو۔ اوور"...... شاگل نے اپنی عادت کے مطابق اپنے نام کے ساتھ اپنا پورا عہدہ بھی دوہراتے ہوئے کہا اور عمران اس کے جواب پر بے اختیار مسکرا دیا۔

"پریذیڈنٹ صاحب سے بات کریں جناب۔ اوور"...... دوسری طرف سے آواز سنائی دی۔

"یس۔ کرائیں بات۔ اوور"...... شاگل نے کہا۔

"ہیلو۔ اوور"...... چند لمحوں بعد کافرستان کے صدر کی مخصوص آواز سنائی دی۔

"یس سر۔ میں شاگل بول رہا ہوں سر۔ اوور"...... شاگل نے اس بار انتہائی مؤدبانہ لہجے میں جواب دیتے ہوئے کہا۔

"مجھے راگو چھاؤنی سے بتایا گیا ہے کہ پاکیشیائی ایجنٹ جس ہیلی کاپٹر میں فرار ہو رہے تھے اسے تباہ کر دیا گیا ہے اور ارد گرد کے علاقے پر بھی میزائلوں کی بارش کی گئی ہے اور اب آپ ہیلی کاپٹروں میں مسلح افراد لے کر ان کی لاشیں تلاش کرنے گئے ہیں۔ کیا پوزیشن ہے۔ اوور"...... صدر نے تیز تیز لہجے میں کہا۔

"سر۔یہاں واقعی میزائلوں کی بارش کی گئی ہے۔ایک جگہ خون کے نشانات بھی ملے ہیں لیکن ابھی ان میں سے کسی کی لاش نہیں مل سکی۔اوور"...... شاگل نے کہا۔

"اوہ۔اس کا مطلب ہے کہ وہ یہاں سے نکل جانے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔انہیں اور وسیع دائرے میں تلاش کرو اور سنو اب انہیں ہر صورت میں ہلاک ہونا چاہئے۔اس بار یہ پہلی بار اپنا مشن مکمل کر لینے کے باوجود پھنسے ہیں اور نکل نہیں پا رہے اس لئے اس بار میں ان کی حتمی ہلاکت چاہتا ہوں۔اوور"...... صدر نے انتہائی تیز لہجے میں کہا۔

"یس سر۔ایسا ہی ہو گا۔میں خود دور دور تک انہیں تلاش کرتا ہوں سر۔اوور"...... شاگل نے مؤدبانہ لہجے میں جواب دیا۔

"بہرحال مجھے کامیابی کی رپورٹ چاہئے۔ہر صورت میں اور ہر قیمت پر۔اوور اینڈ آل"...... صدر نے کہا اور اس کے ساتھ ہی شاگل نے ٹرانسمیٹر آف کر دیا۔پھر وہ تیزی سے نیچے اترا۔

"اب یہ پائلٹ کو بلانے گیا ہے۔مجھے یقین ہے کہ یہ اب ہماری چیکنگ کا کریڈٹ خود لینے کی کوشش کرے گا اس لئے تم نے ہوشیار رہنا ہے"...... عمران نے سرگوشانہ لہجے میں کہا اور تنویر نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

"اور ہاں سنو۔اس پائلٹ کو تم نے ہلاک کرنا ہے لیکن شاگل کو نہیں۔اسے میں زندہ رکھنا چاہتا ہوں"...... عمران نے اچانک

ایک خیال کے تحت کہا تو تنویر بے اختیار مسکرا دیا۔

"کیا فائدہ اسے زندہ رکھنے کا"...... تنویر نے کہا لیکن عمران نے اس کی بات کا کوئی جواب نہ دیا کیونکہ پائلٹ اور شاگل بیک وقت دونوں اطراف سے ہیلی کاپٹر پر سوار ہوئے تھے۔پائلٹ نے تو ہیلمٹ چڑھایا اور بیلٹ باندھنے میں مصروف ہو گیا جبکہ شاگل نے ٹرانسمیٹر پر ایک فریکونسی ایڈجسٹ کی اور پھر ٹرانسمیٹر آن کر دیا۔

"ہیلو ہیلو شاگل چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس کالنگ۔اوور"...... شاگل نے تحکمانہ لہجے میں کہا۔

"یس سر۔کمانڈر سروپ اٹنڈنگ یو۔اوور"...... چند لمحوں بعد ٹرانسمیٹر سے ایک بھاری سی آواز سنائی دی۔

"سنو۔صدر مملکت صاحب کے حکم پر ہم نے وسیع دائرے میں ان پاکیشیائی ایجنٹوں کو تلاش کرنا ہے اس لئے تم سب نیچے اتر جاؤ۔فضا میں تمہارا کوئی ہیلی کاپٹر نہیں ہونا چاہئے۔اوور"۔شاگل نے کہا۔

"لیکن سر اگر آپ حکم دیں تو یہ کام ہم بھی کر سکتے ہیں۔اوور"۔کمانڈر سروپ نے جواب دیا۔

"یو نانسنس۔تمہیں کس نے کمانڈر بنایا ہے۔یہ پاکیشیائی ایجنٹ ہیں۔گن شپ ہیلی کاپٹر جب تک فضا میں رہیں گے یہ اپنی جگہ سے کسی صورت بھی باہر نہیں آئیں گے جبکہ میرا ہیلی کاپٹر گن شپ نہیں ہے اس لئے وہ لامحالہ سامنے آ جائیں گے اور ایک بار وہ

ٹریس ہو گئے تو پھر انہیں آسانی سے گھیرا اور ختم کیا جا سکتا ہے۔ اوور"...... شاگل نے اپنی عادت کے مطابق حلق کے بل چیختے ہوئے کہا۔

"یس سر۔ اوور"...... اس بار دوسری طرف سے مختصر طور پر کہا گیا۔

"اوور اینڈ آل"...... شاگل نے کہا اور ٹرانسمیٹر آف کر دیا۔

"اب جب یہ سب نیچے اتر جائیں تو تم نے ہیلی کاپٹر کو فضا میں لے جانا ہے"...... شاگل نے پائلٹ سے کہا۔

"یس سر"...... پائلٹ نے جواب دیا اور پھر تھوڑی دیر بعد ہیلی کاپٹر فضا میں اٹھتا چلا گیا۔ شاگل نے سامنے لٹکی ہوئی دور بین اتار کر آنکھوں سے لگائی اور چیکنگ شروع کر دی۔

"آؤ"...... عمران نے آہستہ سے کہا اور پھر وہ دونوں آہستہ آہستہ بغیر کوئی آواز نکالے آگے کی طرف رینگتے چلے گئے۔ پائلٹ چونکہ ہیلی کاپٹر اڑانے میں اور شاگل دور بین سے نیچے چیکنگ میں مصروف تھا اور شاید ان کے ذہن کے کسی بعید ترین گوشے میں بھی یہ تصور نہ تھا کہ ان کے ہیلی کاپٹر میں بھی دشمن پہنچ سکتے ہیں اس لئے وہ دونوں بغیر کسی رکاوٹ کے ان کے عقب میں پہنچ گئے۔ عمران نے تنویر کی طرف دیکھا اور تنویر نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ اس کے ساتھ ہی وہ دونوں یکلخت اچھل کر کھڑے ہوئے اور پھر اس سے پہلے کہ پائلٹ اور شاگل دونوں سنبھلتے تنویر کا ہاتھ گھوما اور پائلٹ کی گردن کے

عقبی حصے میں اس کی کھڑی ہتھیلی پوری قوت سے پڑی اور گردن کی ہڈی ٹوٹنے کی آواز کے ساتھ ہی اس کا جسم آگے کی طرف ڈھلک گیا جبکہ عمران کا بازو گھوما تھا اور اس کی مڑی ہوئی انگلی کا ہک شاگل کی کنپٹی پر پوری قوت سے پڑا تھا اور شاگل کے منہ سے ہلکی سی چیخ نکلی اور اس کے ساتھ ہی اس کا جسم بھی ڈھلکتا چلا گیا۔ ہیلی کاپٹر تیزی سے جھٹکا کھا کر نیچے کی طرف جھکا تھا لیکن عمران نے بجلی کی سی تیزی سے دوسرے ہاتھ سے کنٹرول لیول سنبھال لیا تھا۔ تنویر نے پائلٹ کا ہیلمٹ اتارا۔ اس کی بیلٹ کھولی اور اسے گھسیٹ کر عقبی طرف ڈال دیا اور خود وہ تیزی سے پائلٹ سیٹ پر بیٹھ گیا۔ اس نے ہیلمٹ پہن کر ہیلی کاپٹر کا کنٹرول پوری طرح سنبھال لیا تو عمران نے شاگل کو اٹھا کر پیچھے ڈالا اور اس کے سینے پر ہاتھ رکھ دیا۔

"یہ ابھی دو گھنٹے تک ہوش میں نہیں آئے گا"۔ عمران نے مطمئن لہجے میں کہا اور اس کے ساتھ ہی وہ شاگل کی سیٹ پر بیٹھ گیا۔

"تمہیں معلوم ہے ساتھی کہاں ہیں"...... عمران نے تنویر کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

"ہاں"...... تنویر نے جواب دیا۔

"وہاں لے جا کر ہیلی کاپٹر اتار دو۔ میں اس کمانڈر سروپ سے بات کرتا ہوں"...... عمران نے کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے ٹرانسمیٹر کا بٹن آن کر دیا۔

"ہیلو ہیلو شاگل چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس کالنگ۔

کمانڈر سروپ۔ اوور"...... عمران نے شاگل کے لہجے میں بار بار کال دیتے ہوئے کہا۔

"یس سر۔ کمانڈر سروپ اٹنڈنگ یو سر۔ اوور"...... کمانڈر سروپ کی مؤدبانہ آواز سنائی دی۔

"کمانڈر سروپ۔ میں نے ایک جگہ مشکوک نقل و حرکت دیکھی ہے اس لئے ہم ہیلی کاپٹر کو ذرا نیچے لے جا رہے ہیں۔ تم مطمئن رہنا۔ اوور"...... عمران نے کہا۔

"یس سر۔ اوور"...... کمانڈر سروپ نے کہا۔

"اوور اینڈ آل"...... عمران نے کہا اور ٹرانسمیٹر آف کر دیا۔ اسی لمحے تنویر نے ہیلی کاپٹر کو نیچے ایک مسطح چٹان پر اتار دیا۔

"آ جاؤ۔ جلدی آؤ"...... عمران نے گردن باہر نکال کر کہا تو صفدر، کیپٹن شکیل اور جولیا تینوں ہیلی کاپٹر کی طرف بڑھے۔ جولیا کو کیپٹن شکیل نے سہارا دیا ہوا تھا لیکن وہ چل خود رہی تھی اور پھر وہ تینوں ہی ہیلی کاپٹر میں سوار ہو گئے۔

"اوہ۔ یہ شاگل"...... جولیا نے حیرت بھرے لہجے میں کہا۔

"ہاں۔ قدرت نے خود ہماری مدد کی ہے"...... عمران نے کہا اور ساتھ ہی اس نے تنویر کو ہیلی کاپٹر بلندی پر لے جانے کا اشارہ کیا تو تنویر نے ہیلی کاپٹر فضا میں اٹھا دیا۔ جب ہیلی کاپٹر کافی بلندی پر پہنچ گیا تو عمران نے ٹرانسمیٹر کا بٹن آن کر دیا۔

"ہیلو ہیلو۔ شاگل چیف آف کافرستان سیکرٹ سروس کالنگ۔

اوور"...... عمران نے شاگل کی آواز اور لہجے میں کال دیتے ہوئے کہا۔

"یس سر۔ کمانڈر سروپ اٹنڈنگ یو۔ اوور"...... کمانڈر سروپ کی آواز سنائی دی۔

"ہمارا شک غلط تھا اور سنو میں نے فیصلہ کیا ہے کہ ہم فوری طور پر میمول پہنچیں کیونکہ اگر یہ پاکیشیائی ایجنٹ زندہ بھی بچ گئے تو بہرحال یہ کسی نہ کسی طرح میمول پہنچیں گے اور میں اور میرے آدمی انہیں وہاں آسانی سے چھاپ لیں گے اس لئے اب تم نے یہاں اچھی طرح چیکنگ کرنی ہے۔ قریب ہی کوئی پہاڑی گاؤں بھی نظر آ رہا ہے وہاں بھی جا کر چیکنگ کرو۔ اوور"...... عمران نے کہا۔

"یس سر۔ ٹھیک ہے سر۔ ہم چیکنگ کر لیں گے۔ اوور"۔ دوسری طرف سے کہا گیا۔

"جب تک ان کا پتہ نہ چل جائے تم نے مجھے کال نہیں کرنا۔ سمجھے۔ ہاں اگر یہ لوگ مل جائیں تو مجھے فوری رپورٹ دینا۔ اوور"۔ عمران نے کہا۔

"یس سر۔ اوور"...... کمانڈر سروپ نے کہا اور عمران نے اوور اینڈ آل کہہ کر ٹرانسمیٹر آف کر دیا۔

"یا اللہ تیرا لاکھ لاکھ شکر ہے اس بار واقعی تیری خصوصی رحمت کی وجہ سے ہم بچ گئے ہیں"...... عمران نے مسرت بھرے لہجے میں کہا اور سب کے چہرے کھل اٹھے کیونکہ عمران کی بات درست تھی۔ اس بار واقعی مشن مکمل ہو جانے کے بعد وہ بری طرح پھنس گئے تھے۔

عمران جیسے ہی دانش منزل کے آپریشن روم میں داخل ہوا بلیک زیرو مسکراتا ہوا احتراماً اٹھ کھڑا ہوا۔

"بیٹھو"...... سلام دعا کے بعد عمران نے اپنی مخصوص کرسی پر بیٹھتے ہوئے کہا۔

"جولیا نے جو رپورٹ دی ہے عمران صاحب اس کے مطابق تو یہ سب سے ہارڈ مشن ثابت ہوا ہے آپ کے لئے"۔ بلیک زیرو نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"مشن بھی ہارڈ تھا لیکن واپسی اس سے بھی زیادہ ہارڈ تھی۔ اس بار ہمیں لاسٹ مومنٹ تک مسلسل اور جان توڑ جدوجہد کرنا پڑی ہے۔ بہرحال حقیقت یہ ہے کہ اس بار بھی اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت کی ہے کہ ہم سب زندہ واپس آنے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔ بہرحال مجھے اس بات پر خوشی ہے کہ مشکبار تحریک آزادی مکمل طور پر تباہ

ہونے سے بچ گئی ہے اور یہی ہماری اس جدوجہد کا اصل حاصل ہے"۔ عمران نے کہا اور بلیک زیرو نے اثبات میں سر ہلا دیا۔

"میرا خیال ہے کہ ابھی تک وہاں آپ کی تلاش جاری ہو گی"۔ بلیک زیرو نے کہا۔

"اوہ نہیں۔ شاگل کو ہم نے ناپال کے سرحدی شہر میں چھوڑ دیا تھا اور ظاہر ہے اسے ہوش بھی آگیا ہو گا اور وہ بہرحال تمہاری طرح سیکرٹ سروس کا چیف ہے اس لئے ساری بات خود بخود اسے سمجھ میں آگئی ہو گی"...... عمران نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"جبکہ میرا خیال ہے کہ اس نے جان بوجھ کر کسی کو کچھ نہ بتایا ہو گا"...... بلیک زیرو نے کہا تو عمران بے اختیار چونک پڑا۔

"اوہ ہاں۔ ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ وہ دوبارہ ہیلی کاپٹر لے کر واپس چلا گیا ہو۔ بہرحال اب یہاں سے اطمینان سے کافرستان کے صدر سے بات ہو سکتی ہے"...... عمران نے کہا اور رسیور اٹھا لیا۔

"کیا ضرورت ہے۔ مارنے دیں انہیں ٹکریں"...... بلیک زیرو نے کہا۔

"نہیں۔ بے چارے مشکباریوں پر عذاب ٹوٹ رہا ہو گا۔ نجانے وہ کہاں کہاں ہمیں تلاش کر رہے ہوں گے"...... عمران نے کہا اور بلیک زیرو نے اثبات میں سر ہلا دیا۔ پھر عمران نے تیزی سے نمبر ڈائل کرنے شروع کر دیئے۔

"پریذیڈنٹ ہاؤس"...... رابطہ قائم ہوتے ہی ایک نسوانی آواز

سنائی دی۔

" میں علی عمران بول رہا ہوں۔ صدر صاحب تک میرا نام پہنچا دیں اور انہیں کہیں کہ وہ مجھ سے بات کر لیں ورنہ کافرستان کو اپنی تاریخ کا سب سے ہولناک نقصان اٹھانا پڑے گا"...... عمران نے انتہائی سنجیدہ لہجے میں کہا۔

" اوہ۔ اوہ۔ آپ کہاں سے بول رہے ہیں"...... دوسری طرف سے بوکھلائے ہوئے لہجے میں کہا گیا۔

" یہ میں صدر صاحب کو بتا دوں گا"...... عمران نے جواب دیا۔

" ہیلو۔ کیا آپ لائن پر ہیں"...... تھوڑی دیر بعد اسی لڑکی کی آواز سنائی دی۔

" ہاں"...... عمران نے جواب دیا۔

" صدر صاحب سے بات کریں"...... دوسری طرف سے کہا گیا۔

" ہیلو۔ صدر صاحب۔ میں علی عمران ایم ایس سی۔ ڈی ایس سی (آکسن) بول رہا ہوں۔ امید ہے آپ مجھ ناچیز کو جانتے ہوں گے"۔ عمران نے مسکراتے ہوئے کہا۔

" تم کہاں سے بول رہے ہو"...... دوسری طرف سے انتہائی سخت لہجے میں پوچھا گیا۔

" پاکیشیا سے۔ بے شک آپ اپنی مشینری سے چیک کر لیں"۔ عمران نے جواب دیا۔

" اوہ۔ تو تم پاکیشیا پہنچ جانے میں کامیاب ہو گئے ہو۔ ویری بیڈ۔

لیکن یہ سن لو کہ میں نے فیصلہ کر لیا ہے کہ اب تمہیں وہیں پاکیشیا میں ہی ختم کیا جائے گا"...... صدر نے غصیلے لہجے میں کہا۔

" آپ ایک ملک کے صدر ہیں۔ آپ کو تو انتہائی متحمل مزاج اور بردبار ہونا چاہئے لیکن آپ تو شاگل سے بھی زیادہ زود رنج ہیں حالانکہ آپ ہماری سیکرٹ سروس کے چیف جناب ایکسٹو کو دیکھیں تو آپ کو معلوم ہو کہ بردباری اور متحمل مزاجی کسے کہتے ہیں۔ بہرحال میں نے آپ کو کال اس لئے کیا ہے کہ آپ مقبوضہ وادی مشکبار میں ہماری تلاش کے سلسلے میں مزید درندگی نہ پھیلائیں اور جہاں تک آپ کی دھمکی کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں صرف اتنا سن لیں کہ آپ اور آپ کے وزیراعظم پاکیشیا سیکرٹ سروس سے دور نہیں ہیں اس لئے جو بھی فیصلہ کریں اچھی طرح سوچ سمجھ کر کریں"۔ عمران نے بھی انتہائی سخت لہجے میں کہا اور اس کے ساتھ ہی اس نے رسیور رکھ دیا۔ اس کا چہرہ غصے سے سرخ ہو رہا تھا۔

" اسے نجانے کس نے صدر بنا دیا ہے۔ بالکل ہی احمق ہے"۔ عمران نے بڑبڑاتے ہوئے کہا۔

" اب وہ جھلائے بھی نہ"...... بلیک زیرو نے مسکراتے ہوئے کہا اور عمران بلیک زیرو کی بات سن کر بے اختیار ہنس پڑا۔

" واقعی جھلانے کا تو اسے حق ہے۔ بہرحال اس بار ہم بڑے کٹھن مراحل سے گزر کر واپس آئے ہیں اس لئے مجھے اپنے ہاتھ کا بنا ہوا ماندہ پلاؤ پھر ایک بڑا سا چیک دو جسے دیکھ کر آغا سلیمان پاشا

خوش ہو کر اپنے ہاتھ کی بنی ہوئی مخصوص چائے پلانے پر تیار ہو جائے "...... عمران نے کہا تو بلیک زیرو بے اختیار ہنس پڑا۔

" اتنے بڑے چیک کے بعد چائے پینے سے بہتر ہے کہ آپ جوشاندہ ہی پیتے رہیں "...... بلیک زیرو نے اٹھتے ہوئے کہا اور اس کے اس خوبصورت جواب پر عمران بے اختیار کھلکھلا کر ہنس پڑا۔

ختم شد

عمران سیریز میں ایک دلچسپ اور ہنگامہ خیز ناول

سپر ماسٹر گروپ

مکمل ناول

مصنف مظہر کلیم ایم اے

ماسٹر گروپ یورپ کے ایک ملک فان لینڈ کا ایسا گروپ جو غنڈوں پر مشتمل تھا۔

ماسٹر گروپ جو بین الاقوامی سطح کی تنظیم تھی لیکن اس کے بارے میں کوئی کچھ نہ جانتا تھا اور سامنے صرف ماسٹر گروپ ہی رہتا تھا۔

ماسٹر گروپ جس کے حکم پر ماسٹر گروپ نے پاکیشیا کے سائنسدان سرداور کو اغوا کر لیا اور اس کے ساتھ ہی اس گروپ نے پاکیشیائی حکومت کو کھل کر بلیک میل کرنا شروع کر دیا۔ کیسے اور کیوں؟

سرداور جن کی موت اور زندگی صرف چند گھنٹوں تک محدود کر دی گئی اور تاوان میں پاکیشیا سے انتہائی اہم ترین اور خفیہ دفاعی معاہدے کی فائل طلب کی گئی۔

سرداور ان کی موت اور زندگی کے لئے اتنا کم وقت دیا گیا کہ عمران اور پاکیشیا سیکرٹ سروس اس کم وقت میں اس ملک تک پہنچ بھی نہ سکتے تھے کیا سرداور کو ہلاک کر دیا گیا۔

لمحہ جب عمران ماسٹر گروپ سے ٹکرایا اور پھر موت کے حقیقی سائے ان کے گرد منڈلاتے چلے گئے۔ کیا عمران سپر ماسٹر گروپ تک پہنچ بھی سکا یا نہیں؟

کیا عمران اور پاکیشیا سیکرٹ سروس اپنے حیرت انگیز مشن میں کامیاب بھی ہو سکی یا نہیں؟

انتہائی دلچسپ اور ہنگامہ خیز کہانی

یوسف برادرز پاک گیٹ ملتان

عمران سیریز میں ایک دلچسپ اور ہنگامہ خیز ناول

سمارٹ مشن
مکمل ناول

مصنف مظہر کلیم ایم اے

سمارٹ مشن ایک ایسا مشن جو عمران اور اس کے ساتھیوں نے انتہائی مختصر وقت
انتہائی حیرت انگیز انداز میں مکمل کر لیا۔ کیسے؟

ٹی ایم ایک ایسی مشین جو پاکیشیا کے دفاعی نظام میں بنیادی حیثیت رکھتی تھی مگر کافر
ایجنٹوں نے انتہائی حیرت انگیز انداز میں اسے حاصل کر لیا۔ کیسے؟

سمارٹ مشن ایک ایسا مشن جو کافرستان میں مکمل ہونا تھا لیکن عمران اپنے ساتھ
سمیت باچان چلا گیا۔ مگر اس کے باوجود کافرستان میں مشن مکمل کر لیا گیا۔
انتہائی حیرت انگیز سچویشن

انوکھے انداز میں لکھا گیا منفرد انداز کا دلچسپ ناول

آج ہی اپنے قریبی بک سٹال سے طلب فرمائیں

یوسف برادرز پاک گیٹ ملتان

عمران سیریز میں ایک منفرد انداز کا ناول

سی ٹاپ
خاص نمبر

مکمل ناول

مصنف ــــــ مظہر کلیم ایم اے

ا ٹاپ
ایک انتہائی اہم پاکیشیائی سائنسی فارمولا۔ جو یورپ کی ایک مجرم تنظیم کے ہاتھ لگ گیا۔ پھر؟

ا ٹاپ
جس کو خریدنے کے لئے ایکریمیا' اسرائیل سمیت تمام سپر پاورز نے اس مجرم تنظیم سے مذاکرات شروع کر دیئے۔

ا سکو
ایک ایسی مجرم تنظیم جو عام سے غنڈوں اور بدمعاشوں پر مشتمل تھی لیکن اہم سائنسی فارمولا فروخت کر رہی تھی۔ کیوں اور کیسے؟

ٹاپ
جس کے حصول کے مشن میں عمران اور پاکیشیا سیکرٹ سروس کو باقاعدہ سودے بازی کرنا پڑی۔ کیوں؟

ٔیا سیکرٹ سروس
جس نے پاکیشیائی فارمولا کے حصول کے لئے مجرم تنظیموں سے لڑنے کی بجائے انہیں رقم دے کر فارمولا حاصل کرنے کی کوشش کی۔ کیوں؟